سلوک سلیمانی

جلد دوم

مولانا پروفیسر محمد اشرف سلیمانی

دارالمصنفین شبلی اکیڈمی پوسٹ باکس نمبر ۱۹ ۔ اعظم گڈھ (ہند) ۲۷۶۰۰۱

Marfat.com

سلوکِ سلیمانی

یا

شاہراہِ معرفت

جلد دوم

جس میں سید الملۃ شیخ وقت حضرت علامہ سید سلیمان ندوی قدس سرہ خلیفہ مجاز حکیم الامۃ حضرت مولانا اشرف علی تھانوی نور اللہ مرقدہ کی اصلاحی سلوک کی پیش کردہ تعلیمات مرتب کی توضیحات و تعبیرات کے ساتھ پیش کی گئی ہیں

مرتب

حضرت مولانا پروفیسر محمد اشرف خان صاحب سلیمانی
صدر شعبۂ عربی پشاور یونیورسٹی

در مطبع معارف پریس
دار المصنفین شبلی اکیڈمی اعظم گڑھ

Marfat.com

Marfat.com

111969

اِنَّهٗ مِنْ سُلَيْمٰنَ وَ اِنَّهٗ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

○ ○

اِنَّ اللّٰهَ مَعَ الَّذِيْنَ اتَّقَوْا وَّالَّذِيْنَ هُمْ مُّحْسِنُوْنَ

Marfat.com

حدیث دل کسی درویش بے گلیم سے پوچھ
خدا کرے تجھے تیرے مقام سے آگاہ

Marfat.com

انتساب

سید الملۃ استاذ الکل حضرۃ الشیخ

علامہ سید سلیمان ندوی نوراللہ مرقدہ

کے نام

رواقِ منظرِ چشمِ من آشیانۂ تست

کرم نما و فرود آ کہ خانہ خانۂ تست

فقیر بے نوا

محمد اشرف سلیمانی

صدر شعبہ عربی پشاور یونیورسٹی

Marfat.com

Marfat.com

فہرست ابواب

(جلد دویم)

	حرفِ اول از مرتب	۱۲
	چوتھا باب۔	
۱	**اخلاص**	۱۴
۲	اخلاص۔ عمل کی غرض و غایت	۲۰
۳	اخلاص کیسے پیدا ہو	۲۷
۴	قربِ زمانی	۲۹
۵	قربِ تعلق خاص	۳۰
۶	ولایت عامہ و ولایت خاصہ	۳۵
۷	مقربین کی ولایت ولایت خاصہ ہے	۳۵

Marfat.com

٨	مدارج قرب واقربیت	٣٦
٩	طریق قرب واحسان کا حاصل	٣٦
١٠	حسن خاتمہ	٣٧
١١	ذرائع واقسام قرب	٣٨
١٢	طرق قرب خاص متعدد ومختلف ہیں	٣٩
١٣	قرب بالفرائض	٣٩
١٤	قرب بالنوافل	٤١
١٥	قرب ربانی اور کشوف ومواجید کرامات و رؤیاء	٤٧
١٦	مواجید ومکاشفات باطلہ	٤٧
١٧	حکم کرامات	٥٩
١٨	خواب و رویا اور قرب	٦٢
١٩	رویائے نبوی	٦٦
٢٠	قرب ربانی ولذت	٦٩
٢١	استغراق دلیل قرب نہیں	٧٥
٢٢	قرب ربانی اور اختیاری اور غیر اختیاری امور	٧٨

پانچواں باب

معمولات سلوک

	معمولات سلوک	٨٨
٢٣	ذکر تہجد و نوافل وتلاوت قرآن وغیرہ	٨٨

Marfat.com

۲۴	معمولات	۹۱
۲۵	معمولات پر استقامت	۹۳
۲۶	ذکر الٰہی	۹۹
۲۷	نسبت ولون تھانویہ	۱۰۲
۲۸	تشخص سلیمانی	۱۰۳
۲۹	اہمیت ذکر	۱۰۵
۳۰	مقصود ذکر	۱۰۸
۳۱	حقیقت ذکر	۱۱۱
۳۲	شہود آثار ذکر یا وسعت ذکر	۱۱۵
۳۳	ذکر رسمی استحضار صفات سے ذکر حقیقی بن سکتا ہے	۱۱۹
۳۴	طرق وطرز ذکر و منازل اذکار	۱۲۳
۳۵	کثرت وتعدد اوراد و وظائف مفید نہیں	۱۴۰
۳۶	مراتب ذکر	۱۴۷
۳۷	ذکر قلبی	۱۵۵
۳۸	دوام ذکر	۱۵۸
۳۹	پاس انفاس	۱۵۸
۴۰	ذکر ستری	۱۶۰
۴۱	لطائف ستہ	۱۶۸
۴۲	ذکر جہری وخفی اور ذکر دون الجہر	۱۷۱

Marfat.com

۴۳	ذکر جہری میں سستی ہے	۱۸۵
۴۴	ذکر اسماء اللہ تعالیٰ اور ذکر اسم جلالہ	۱۸۶
۴۵	حضرت الشیخ کی کیفیت ذکر	۱۹۱
۴۶	حصول حقیقت ذکر کی معالجانہ تدابیر اور ان کی حیثیت	۱۹۶
۴۷	ذکر و وساوس	۲۰۲
۴۸	ذکر و طمانیت قلبی و نزول سکینہ	۲۰۷
۴۹	نسبت باطنی یا نسبت آلہیہ و نسبت محمدیہ	۲۱۳
۵۰	نسبت محمدیہ	۲۲۰
۵۱	عظمت نبوی ﷺ	۲۲۱
۵۲	محبت نبوی ﷺ	۲۲۱
۵۳	اتباع نبوی ﷺ	۲۲۱
۵۴	نصرت نبوی ﷺ	۲۲۲

چھٹا باب

۵۵	نماز	۲۲۵
۵۶	اقامۃ الصلوٰۃ	۲۲۸
۵۷	قنوت	۲۲۸
۵۸	خشوع	۲۲۹
۵۹	تبتل	۲۴۱

Marfat.com

۶۰	تضرع	۱۴۱
۶۱	اخلاص	۲۴۱
۶۲	ذکر	۲۴۱
۶۳	فہم وتدبر	۲۴۱
۶۴	حقیقت نماز	
۶۵	اہمیت نماز	
۶۶	صحابہ کا اشتغال نماز	
۶۷	عارف رومی کی نماز	
۶۸	خواص اُمت اور اہمیت نماز	
۶۹	حضرت والا اور شغف نماز	
۷۰	ترک نماز کسی حال میں جائز نہیں	۲۶۶
۷۱	قضا نماز	۲۶۸
۷۲	نماز باجماعت	۲۶۹
۷۳	نوافل	۲۷۳
۷۵	نماز تہجد	۲۷۵
۷۶	تہجد بالجماعت	۲۸۳
۰۰	ادعیہ تہجد	۲۸۴
۷۸	تنبیہ	۲۸۹
۷۹	نماز توبہ	۲۹۰

Marfat.com

۸۰	تکمیل تحسین صلوٰۃ	۲۹۵
۸۱	نماز کے باطنی آداب یا حقیقت نماز	۲۹۸
۸۲	نماز میں خشوع	۳۰۲
۸۳	نماز میں وساوس	۳۰۴
۸۴	نماز میں یکسوئی	۳۰۵
۸۵	نماز میں کیفیت حضوری اور اسکے اثرات	۳۰۷
۸۶	نماز میں حضو[illegible]ل کی ترکیب	۳۰۹
۸۷	نماز میں تفاوت حضور	۳۱۳
۸۸	نماز میں استحضار عطیہ الٰہی ہے۔ جسکی طلب وکوشش ضروری ہے۔ حصول ویافت لازم نہیں۔	۳۱۵
۸۹	نماز میں لذت وسرور	۳۱۷
۹۰	مولانا رومی اور اسرار نماز	۳۲۱
۹۱	تلاوت قرآن	۳۲۲
۹۲	دُعاء	۳۲۴
۹۳	اسماء حسنیٰ کے ذریعے دُعاء	۳۲۵
۹۴	دوسروں کیلئے دُعاء	۳۲۷
۱۵	مضطر کی دعاء	۳۲۹
۹۶	دُعاء میں توسل بالذوات	۳۲۹
۹۷	دُعا اور ہمت توجہ	۳۵۲
۹۸	زکوٰۃ و صدقات	۳۵۴

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

حرف اوّل

الحمد للہ العلی العظیم والصلوٰۃ والسلام علی صفوۃ البریۃ محمد النبی الامی المزکی الکریم وبعد

سلوک سلیمانی (شاہراہ معرفت) کے پہلے حصہ کے دیباچہ میں عرض کرچکا ہوں کہ کتاب کے صفحات ایک ہزار کے قریب ہوگئے اتنی ضخیم کتاب کا ایک جلد میں شائع کرنا مناسب نہ سمجھا۔ اس لئے دو حصے کردیئے گئے۔ یہ دوسرا حصہ بھی اہم مباحث پر مشتمل ہے۔ اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ وہ حضرۃ الشیخ الامام نور اللہ مرقدہ کی ان تعلیمات کو حسن قبول نصیب فرمائے اور ان کے درجات کی بلندی اور رفقاء کی صلاح وفلاح ونجاح کا سبب اور اپنے قرب ورضا کا ذریعہ بنائے اور امت کو اس سے زیادہ سے زیادہ مستفید فرمائے۔ آمین

فقط

ہیچمیرز ہیچمدان خاکپائے سلیمانؒ

محمد اشرف سلیمانی

جامعہ پشاور

۷ ذی قعدہ ۱۴۰۱ھ

۷ ستمبر ۱۹۸۱ء

Marfat.com

چوتھا باب

اخلاص

از سلیمانؑ گیر اخلاصِ عمل
واں تو مدری را منزہ از دغل
(حضرت تھانویؒ)

اخلاص جملہ اعمال کی جان، ایمان کی روح، عطر سلوک، مغز تصوف اور حاصل تقویٰ ہے۔ اس وجہ سے حضرت سیدی الشیخ الامام قدس سرہٗ علم تصوف کو علم احسان و اخلاص کے نام سے بھی موسوم فرماتے تھے۔ ایک سالک کو لکھتے ہیں۔

"حضرت (تھانوی) رحمۃ اللہ علیہ کی تصانیف سے تصوف یعنی علم احسانُ اخلاص کا مقصود اور مدعا سمجھ میں آگیا ہوگا یہ اولین چیز ہے۔"

ہم اعمال کے مکلّف ہیں۔ اور جب اخلاص کے ساتھ احسان و حضور کی کیفیت اعمال میں رہتی ہے۔ تو جملہ اعمال زندہ، پرنور، بارونق اور اللہ تعالیٰ کے نزدیک مقبول ہوجاتے ہیں۔ اسلئے ہمیں کوشش کرنی چاہیئے کہ ہمارے جملہ اعمال ان صفات سے مزین ہوں۔ حضرت شیخؒ ایک خط میں تحریر فرماتے ہیں:۔

"اللہ تعالیٰ اپنی توفیقات سے آپ کو بہرہ مند فرمائیں۔ ہر وقت اللہ تعالیٰ کو

Marfat.com

حاضر ناظر جانیں۔ اور ہر کام اخلاص کے ترازو میں تول کر کریں۔ اخلاص کے معنی ہیں محض رضائے الٰہی کی طلب"۔ (اسلئے) ہر بات میں اور ہر حال میں رضائے مولیٰ پر نظر رہے۔"

ایک دوسرے گرامی نامہ میں ارقام فرمایا۔

"اخلاص کے بغیر تو اعمال مردہ ہیں۔ مگر اخلاص و ریا کی حقیقت سمجھ لیں۔ اخلاص نام ہے خالق کی رضا کیلئے کام کرنے کا اور ریا نام ہے مخلوق کی رضا کیلئے کام کرنے کا۔ اب آپ اس روشنی میں اپنے اعمال پر نگاہ رکھیں"....

نفس کا جائزہ لیتے رہیں اور حسن نیت کی کوشش میں لگے رہیں:

ارشاد فرماتے ہیں :۔

"فضائل وہ ہیں جو اللہ تعالیٰ کی رضا کی نیت سے ہوں، اور ایمان کے بعد ہوں۔ یعنی جن کی بنیاد ایمان صحیح پر ہو، اگر ایسا نہیں ہے تو یہ ظاہری فضائل درحقیقت فضائل نہیں"۔۔۔۔ "اصل شے احکام الٰہی کی کلی اطاعت حلال و حرام کا خیال، معاملات میں صفائی، اخلاق کی نزاہت، اتباع نبویؐ کا دھیان اور تمام امور میں رضائے الٰہی کی طلب ہے۔ ان امور کی طرف توجہ فرمائیں۔ کہ یہ اصل اور باقی سب فروع و تدابیر ہیں۔ ذکر کے اثر کا ظہور یہی ہے۔ کہ طاعات و مرضیات الٰہی کا ذوق بڑھے ..... خلق میں شہرت اور مقبولیت کی خواہش اس راہ کا کانٹا ہے۔ اللہ تعالیٰ کی رضا کے سوا عمل کا دوسرا محرک نہ ہو..... عجب، ریا اور کبر رنگ برنگ صورتوں میں ظاہر ہوتے ہیں۔ اور یہ سالک کیلئے سخت خطرناک ہیں۔ اس لئے

Marfat.com

ان سے احتراز کا اہتمام نہایت ضروری ہے۔

مولانا مسعود عالم ندوی مرحوم کو ارقام فرماتے ہیں:۔۔

• بالکل صحیح آپ سمجھے کہ طلب رضا اور ہر عمل میں طلب رضا کا شعور پیدا ہونا ہی اس طریق کا حاصل ہے، اور جب خدا اور بندہ کے درمیان یہ علاقہ استوار ہوجاتا ہے تو صوفیہ کی اصطلاح میں اس کو نسبت کہتے ہیں۔ اور قرآن پاک کی زبان میں اسکی تعبیر یُحِبُّھُمْ وَیُحِبُّوْنَہٗ اور رَضِیَ اللّٰہُ عَنْھُمْ وَرَضُوْا عَنْہُ کے لفظوں میں کیگئی ہے۔ یٰاَیَّتُھَا النَّفْسُ الْمُطْمَئِنَّۃُ ارْجِعِیْ اِلٰی رَبِّکِ رَاضِیَۃً مَّرْضِیَّۃً انہی کے لئے نوید بشارت ہے۔ جزاک اللہ، خوب سمجھے، نام ونمود کی خواہش جسکا شرعی نام ریا وسمعہ ہے بہ حقیقت عمل کی مبطل ہے۔ الرّیا ھو الشرک الخفی۔ کیونکہ اعمال خیر کی حقیقت ابتغاء مرضاۃ اللہ ہے۔ اور جب اس میں شرکت ارضائے مخلوق اور طلب شہرت کی ہوگی تو شرک فی القصد ہوگا۔ اور اللہ تعالیٰ کی نگاہ میں وہ کَسَرَابٍ بِقِیْعَۃٍ یَّحْسَبُہُ الظَّمْاٰنُ مَآءً، اَوْ کَرَمَادِ نِ اشْتَدَّتْ بِہِ الرِّیْحُ ہوگا۔ اس جذبہ ریا وسمعہ کے قلع وقمع کے بغیر اخلاص فی الدین پیدا نہیں ہوسکتا۔ اور مخلصین لہ الدین کے سعادت مند گروہ میں داخلہ ممنوع ہوگا۔ اَفَرَاَیْتَ مَنِ اتَّخَذَ اِلٰھَہٗ ھَوَاہُ، اسی ہویٰ کے روکنے کا نام صوفیوں کی زبان میں مجاہدہ ہے۔ ونھی النفس کا اشارہ ادھر ہی ہے۔"

اسی حقیقت کا اظہار حضرت والاؒ نے اشعار میں بھی فرمایا ہے۔

ہر عبادت نذر بتخانہ ہوئی — دل میں گر میثاقِ خود کام ہے

Marfat.com

علم و دولت جاہ عزت ہیچ ہے　　گر مجھے حاصل ترا انعام ہے
جب مرا مطلوب ہے تیری رضا　　تب مجھے اور اس سے اب کیا کام ہے

ایک سالکِ صادق کو لکھتے ہیں:۔

" اللہ تعالیٰ کے پانے کے معنی اللہ تعالیٰ کی رضا کے حصول کے سوا کچھ اور نہیں بندہ پر رضائے الٰہی کی طلب اور اس کے لئے سعی و محنت فرض ہے۔ لیکن اس کا حصول بندہ کے اختیار میں نہیں۔ اس لئے وہ اس کا مکلف نہیں۔ حضرت مہاجر مکی (حاجی امداد اللہ صاحب) رحمہ اللہ کی زبان میں اس کا ڈھونڈنا شرط ہے۔ اس کا پانا شرط نہیں ہے، فرمایا ؎

ملنے نہ ملنے کا تو وہ مختار آپ ہے　　پر تجھ کو چاہیئے کہ لگا دوگی رہے

احکام الٰہی کی طاعت اور عبادت کئے جائیے۔ یہی آپ کا فرض ہے اسکی فکر نہ کیجئے۔ کہ قبول ہوئی یا نہیں ہوئی۔ گو حضرت مہاجر مکی رحمہ اللہ تعالیٰ کے قول کے مطابق جب ایک وقت کی نماز کے بعد دوسرے وقت کی نماز کی توفیق عطا ہوتی ہے تو یہ پہلے وقت کی نماز کی قبولیت کی علامت ہے۔ اور یہی منشاء وَالَّذِيْنَ اهْتَدَوْا زَادَهُمْ هُدًى کا ہوسکتا ہے۔ (تذکرہ سلیمان ص ۶۲۴ ۔ ص ۶۲۵)

ایک صاحب نے لکھا۔" کسی کی مدد کرتے وقت ذہن میں یہ خیال رہتا ہے کہ آج ہم کسی کی مدد کریں گے۔ تو وہ کل ہمارے کام آئے گا۔ حضرت والا نے جواباً ارقام فرمایا:

" یہ تصور صحیح نہیں۔ سوائے رضائے الٰہی کے کوئی دوسرا اعتقادی تصور

Marfat.com

نہ ہو۔ اسکے حصول کی صورت یہ ہے کہ پہلے زبان سے اس عمل کے کرتے وقت اس نیت کو دہرائیں۔ چند بار کے بعد محض نیت قلبی کر لیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ تھوڑی مشق سے یہ بات پیدا ہو جائے گی۔"

ایک صاحب کو تحریر فرماتے ہیں:۔

"(تبلیغ میں) اِنْ اَجْرِیَ اِلَّا عَلَی اللّٰہِ کے سوا دوسرا مقصد نہ ہو۔"

ایک طالب کو ارشاد فرماتے ہیں :۔

"نفس اوراد کی کثرت غیر ضروری ہے آہستہ چلیئے مگر دوامًا چلئے فائدہ کثرت میں نہیں دوام میں ہے ۔ وانْ قَلَّ مگر اخلاص اور یکسوئی ضروری ہے تاکہ نفع ہو۔ (اوراد و وظائف) میں شرط یہ ہے کہ اخلاص کے سوا نفس کا کوئی داعیہ شامل نہ ہو ورنہ ترک اولیٰ ہے"..... ہر عمل خیر لوجہ اللہ تعالیٰ ہو اصل یہ ہے۔"

ایک طالب جنہوں نے قدیم و جدید طبقے کے بعض اصحاب الرائے حضرات سے بعض اجتماعی دینی کاموں کے چلانے کے سلسلے میں بات چیت کی انہیں ہدایت فرماتے ہیں :۔

"خوشی ہوئی کہ آپ نے اتنی محنت کی اور جدید و قدیم اصحاب الرائے سے گفتگو اور ملاقاتیں کیں اور ان کو متفق کیا ...... آپ کے اخلاص اور حسنِ نیت میں شک نہیں۔ اگر چند مخلصین آپ کو مل گئے ہیں تو خیر، ورنہ ایسے اجتماعی کاموں میں رسوم اصل کام کی جگہ لے لیتے ہیں۔"

اسی سلسلے میں ان کے ایک استفسار کا جواب تحریر فرماتے ہوئے ارشاد فرماتے ہیں :۔

Marfat.com

اگر آپ کے دل میں یہ ہو کہ اگر کوئی دوسرا شخص اس کام کا سنبھالنے والا آپ کو آپ سے بہتر مل جاتے تو بخوشی یہ کام اس کے سپرد کر کے اس کے تابع ہو جائیں گے۔ تو یہ اخلاص ہے ورنہ اس میں کچھ نہ کچھ حصولِ نام کو دخل ہے۔"

حضرت سید الملۃ قدس سرہٗ سیرت النبیؐ میں "اخلاص" کے عنوان پر کیا خوب تحریر فرماتے ہیں

"مذہب کا سب سے بڑا امتیاز یہ ہے کہ وہ انسان کے دل کو مخاطب کرتا ہے۔ اس کا سارا کاروبار صرف اسی ایک مضغۂ گوشت سے وابستہ ہے۔ عقائد ہوں یا عبادات، اخلاق ہوں یا معاملات، انسانی اعمال کے ہر گوشہ میں اسکی نظر اسی ایک آئینہ پر رہتی ہے۔ اسی حقیقت کو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک مشہور حدیث میں یوں ظاہر فرمایا ہے۔"

الا وانّ فی الجسد مضغۃ اذا صلحت صلح الجسد کلہ واذا فسدت فسد الجسد کلہ الا وھی القلب (صحیح بخاری باب من استبرأ لدینہ وصحیح مسلم باب اخذ الحلال وترک الشبہات)

ہشیار رہو کہ بدن میں گوشت کا ایک ٹکڑا ہے جب وہ درست ہو تو سارا بدن درست ہوتا ہے اور وہ خراب ہو تو سارا بدن خراب ہو جاتا ہے۔ ہشیار رہو کہ وہ دل ہے

دل ہی کی تحریک انسان کے ہر اچھے اور برے فعل کی بنیاد اور اساس ہے اس لئے مذہب کی ہر عمارت اسی بنیاد پر کھڑی ہوتی ہے۔ اسلام کی تعلیم یہ ہے کہ جو نیک کام بھی کیا جاتے، اس کا محرک کوئی دنیاوی غرض نہ ہو، بلکہ صرف اللہ تعالیٰ کے حکم کی بجا آوری اور خوشنودی ہو۔ اسی کا نام اخلاص ہے۔

Marfat.com

رسول (صلی اللہ علیہ وسلم) کو حکم ہوتا ہے

فَاعْبُدِ اللّٰهَ مُخْلِصًا لَّهُ الدِّيْنَ، تو اللہ کی عبادت کر خالص کرتے ہوئے

اَلَا لِلّٰهِ الدِّيْنُ الْخَالِصُ (زمر-۱) اطاعت گذاری کو اسی کے لئے، ہشیار

کہ اللہ ہی کیلئے ہے خالص اطاعت گذاری۔

مقصود یہ ہے۔ کہ خدا کی اطاعت گذاری میں، خدا کے سوا کسی اور چیز کو

اس کا شریک نہ بنایا جائے، وہ چیز خواہ پتھر یا مٹی کی مورت، یا آسمان و زمین

کی کوئی مخلوق یا دل کا تراشا ہوا کوئی باطل مقصود ہو۔ اسی لئے قرآن پاک نے

انسانی اعمال کی نفسانی غرض وغایت کو بھی بت پرستی قرار دیا ہے۔ فرمایا۔

اَرَءَيْتَ مَنِ اتَّخَذَ اِلٰهَهٗ کیا تو نے اس کو دیکھا جس نے اپنی نفسانی

هَوٰىهُ (فرقان-۴) خواہش کو اپنا خدا بنالیا ہے۔

چنانچہ اسلام کی یہ اہم ترین تعلیم ہے کہ انسان کا کام ہر قسم کی ظاہری و باطنی

بت پرستی سے پاک ہو ....

..... قرآن پاک کے سات موقعوں پر یہ آیت ہے

مُخْلِصِيْنَ لَهُ الدِّيْنَ اطاعت گذاری کو خدا کیلئے خالص کر کے

اس سے معلوم ہوا۔ کہ ہر عبادت اور عمل کا پہلا رکن یہ ہے۔ کہ وہ خالص

خدا کیلئے ہو یعنی اس میں کسی ظاہری و باطنی بت پرستی اور خواہشِ نفسانی

کو دخل نہ ہو، اِلَّا ابْتِغَآءَ وَجْهِ رَبِّهِ الْاَعْلٰى (لیل-۱) یعنی خدائے

برتر کی خوشنودی کے سوا کوئی اور غرض نہ ہو،

انبیاء علیہم السلام نے اپنی دعوت اور تبلیغ کے سلسلے میں ہمیشہ یہ اعلان کیا ہے

Marfat.com

کہ ہم جو کچھ کر رہے ہیں۔ اس میں ہم کو کوئی دنیاوی مزد، اور ذاتی معاوضہ مطلوب نہیں۔

وَمَا أَسْئَلُكُمْ عَلَيْهِ مِنْ أَجْرٍ ج	اور میں اس پر کوئی مزدوری تم سے نہیں
إِنْ أَجْرِيَ إِلَّا عَلَىٰ رَبِّ الْعَالَمِينَ ط	چاہتا میری مزدوری تو اسی پر ہے جو
(شعرا ۱۰۶-۱۰۷-۱۰۸-۱۰۹)	ساری دنیا کا پروردگار ہے۔

...... دنیا میں بھی اخلاص ہی کامیابی کی اصل بنیاد ہے کوئی بظاہر نیکی کا کتنا ہی بڑا کام کرے، لیکن اس کی نسبت یہ معلوم ہو جاتے کہ اسکا مقصد اس کام سے کوئی ذاتی غرض یا محض دکھاوا اور نمائش تھا، تو اس کام کی قدر وقیمت خود نگاہوں سے گر جائیگی۔ اسی طرح روحانی عالم میں بھی خدا کی نگاہ میں اس چیز کوئی قدر نہیں۔ جو اس کی بارگاہِ بےنیاز کے علاوہ کسی اور کیلئے پیش کی گئی ہو۔ مقصود اس سے یہ ہے کہ نیکی کا ہر کام دنیاوی لحاظ سے بے غرض و بے منت اور بلا خیال مزد و اجرت اور تحسین و شہرت کی طلب سے بالاتر ہو۔ یہ تحسین و شہرت کا معاوضہ بھی تو دین تو الگ رہا دنیا بھی اُن ہی کو ادا کرتی ہے۔ جس کی نسبت اس کو یقین ہوتا ہے۔ کہ انہوں نے اپنا کام ان ہی شرائط کے ساتھ انجام دیا ہے۔

ہم جو کام بھی کرتے ہیں۔ اس کی دو شکلیں ہوتی ہیں۔ ایک مادی جو ہمارے ظاہری جسمانی اعضاء کی حرکت و جنبش سے پیدا ہوتی ہے، دوسری روحانی جس کا ہیولیٰ ہمارے دل کے ارادہ و نیت اور کام کی اندرونی غرض و

Marfat.com

غایت سے تیار ہوتا ہے۔ کام کی تقادبرکت دین اور دنیا دونوں میں اسی روحانی پیکر کے حسن و قبح اور ضعف و قوت کی بنا پر ہوتی ہے۔ انسانی اعمال کی پوری تاریخ اس دعویٰ کے ثبوت میں ہے۔ اس لئے اس اخلاص کے بغیر اسلام میں نہ تو عبادت قبول ہوتی ہے اور نہ اخلاق و معاملات عبادت کا درجہ پاتے ہیں۔ اس لئے ضرورت ہے کہ ہر کام کے شروع کرتے وقت ہم اپنی نیت کو ہر غیر مخلصانہ غرض و غایت سے بالا اور ہر دنیاوی مزد و اجرت سے پاک رکھیں ....

متقی بھی وہی ہوتے ہیں۔ جو دل کے اخلاص کے ساتھ رب کی خوشنودی کیلئے کام کرتے ہیں۔ ان ہی کا کام قبول ہوتا ہے۔ اور ان کو دین و دنیا میں فوز و فلاح بخشا جاتا ہے۔ ان کو خدا کے یہاں محبوبیت کا درجہ حاصل ہوتا ہے اور دنیا میں ان کو ہر دلعزیزی ملتی ہے۔ ان کے کاموں کو شہرت نصیب ہوتی ہے۔ اور ان کے کاموں سے نسلاً بعد نسلٍ فیضیاب ہوتے ہیں۔ اور ان کے لئے رحمت کی دعائیں مانگتے ہیں ....

غرض عمل کا اصلی پیکر وہی ہے۔ جو دل کے کارخانہ میں تیار ہوتا ہے۔ اسی لئے اس بات کی ضرورت ہے۔ کہ ہر کام سے پہلے دل کی نیت کا جائزہ لے لیا جائے، اس مسئلہ کو اچھی طرح سمجھ لینے کے بعد یہ نکتہ خود بخود حل ہو جائے گا۔ کہ اسلام نے ہر عبادت کے صحیح ہونے کے لئے ارادہ اور نیت کو کیوں ضروری قرار دیا ہے۔"

(سیرۃ النبی پنجم ص۲۲۵ تا ص۲۳۱ بحذف)

111935

Marfat.com

اخلاص تام کیلئے ریا کا قلع قمع ضروری ہے عام طور پر سمجھا جاتا ہے کہ ریا دکھلاوے کے عمل کا نام ہے۔ ہمارے حضرت والا رحمہ اللہ تعالیٰ فرماتے تھے کہ "دکھلانے کیلئے عمل ریا بھی ہے اور شرک بھی۔ مگر کسی کے دیکھنے سے بچنے کیلئے نیک عمل کا ترک کرنا بھی ریا ہے۔ کہ مخلوق کا خوف ترک عمل کا سبب بنا، اس لئے غیر اللہ کی خاطر کسی عمل کا ترک بھی ریا ہے۔ (میں نے شیخ کا مفہوم و منشا لکھا ہے) اور ریا کا یہ مادہ اس وقت تک نہیں جا سکتا۔ جب تک ماسوا سے تعلق اور اس کی محبت دل سے نہ نکل جائے' جب غیر کا دھیان جاتا رہے گا۔ تو ریا و سمعہ کا جذبہ خود بخود ماند پڑ جائے گا۔ جب تک دوئی باقی ہے۔ دوسرے کا دھیان آ ہی جاتا ہے۔ کامل خلوص کامل فنا کے بغیر ممکن نہیں۔ حضرت شیخ فرماتے ہیں

سما جا مرے دل میں ارمان ہو کر دوئی دور کر دے مری جان ہو کر
بتوں کا ہے بندہ خدا کا نہیں خدا کا نہ ہو جو مسلمان ہو کر

حضرت ندیم اللہ رحمہ اللہ تعالیٰ اسلامی اخلاق کی بحث میں ارشاد فرماتے ہیں۔

"آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی تعلیمات میں نیت یعنی قلبی ارادہ اور انسان کی اندرونی غرض و غایت کو ہر اچھے برے کام کی بنیاد قرار دیا ہے بلکہ حقیقت میں روحانی حیثیت سے کوئی کام اپنے نتیجہ کے لحاظ سے اتنا اچھا برا نہیں ہوتا، جتنا قلب کی کیفیت اور اس کی اندرونی نیت کے لحاظ سے ہوتا ہے .... نماز سے بڑھ کر کونی نیک کام کیا ہو سکتا ہے، لیکن اگر وہ بھی فخر نمائش ریا اور دکھاوے کی خاطر سے کیا جاتے تو وہ ثواب کی بجائے الٹا عذاب کا باعث ہوگا۔ اسی طرح آپ اگر کسی معذور

Marfat.com

کی امداد اس لئے کریں۔ کہ لوگ آپ کی تعریف کریں گے۔ تو اسلام کی نگاہ میں یہ نیکی کا کام شمار نہ ہوگا۔ سورۂ ال عمران میں ہے۔

وَمَنْ يُّرِدْ ثَوَابَ الدُّنْيَا	اور جو دنیا کا بدلہ چاہے گا۔ اس کو
نُؤْتِهٖ مِنْهَا ۚ وَمَنْ يُّرِدْ	وہ دیں گے اور جو آخرت کا بدلہ
ثَوَابَ الْاٰخِرَةِ نُؤْتِهٖ مِنْهَا	چاہے گا۔ اس کو وہ دیں گے۔

ایک اور آیت میں اس کی تصریح کر دی گئی ہے کہ جس کام کا مقصد صرف نمائش اور دکھاوا ہو۔ اس کی حقیقت سراب سے زیادہ نہیں، فرمایا۔

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تُبْطِلُوْا	اے ایمان والو! تم اپنی خیراتوں کو
صَدَقٰتِكُمْ بِالْمَنِّ وَالْاَذٰى	احسان رکھکر اور ستا کر برباد نہ کرو جس
كَالَّذِيْ يُنْفِقُ مَالَهٗ رِئَآءَ	طرح وہ اپنے ال کو برباد کرتا ہے
النَّاسِ وَلَا يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ	جو لوگوں کے دکھاوے کیلئے خرچ کرتا ہے
الْاٰخِرِ (بقرہ -- ۲)	اور خدا اور قیامت پر یقین نہیں رکھتا۔

اسی قسم کی بہت سی آیتیں ہیں جن کی تفسیر میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ مختصر لیکن جامع و مانع الفاظ فرماتے ہیں۔

انما الاعمال بالنیات (صحیح بخاری باب اول)	انسان کے اعمال اسکی نیت پر موقوف ہیں

اور اس کی مزید تصریح کیلئے یہ الفاظ ارشاد فرمائے۔

ولکل امرئٍ مانوی فمن کانت	ہر شخص کے لئے وہی ہے جسکی وہ
هجرته الی الله ورسوله فهجرته	نیت کرے تو جس کی ہجرت خدا اور
الی الله ورسوله ومن کانت	رسول کی طرف ہے تو اسکی ہجرت

Marfat.com

هجرته الی دنیا یصیبها او امرءۃ یتزوجها فهجرته الی ما هاجر الیه۔ (صحیح بخاری جلد اول باب۔ ماجاء ان العمل بالنیۃ)

خدا اور رسول کی طرف ہے اور جس کی ہجرت کی غرض دنیا کمانا ہو، یا کسی عورت کو پانا ہو کہ اس سے نکاح کرے تو اس کی ہجرت اسی کی طرف ہے جس کی غرض سے اس نے ہجرت کی۔

الغرض عمل کا نیک و بد ہونا تمام تر نیت اور ارادہ پر موقوف ہے۔۔۔۔۔ حسنِ نیت نہ ہو تو جملہ عبادات و اعمال کی بربادی کی طرح (م۔۱) اخلاق کا بڑا سا بڑا کام بھی حسنِ خلق کے دائرہ سے خارج، دنیاوی تعریف و ستائش کے حدود سے باہر اور روحانی خیر و برکت اور ثواب سے محروم رہ جاتا ہے۔" (سیرت النبی ص۲۸۴ تا ص۲۸۵ ج۶ بحذف)

• چونکہ اسلام میں اخلاق بھی دوسری مذہبی چیزوں کی طرح عبادت ہے اس لئے اسکی غرض و غایت بھی ہر قسم کی دنیاوی، نفسانی اور ذاتی اغراض سے پاک ہونی چاہیئے۔ اگر ایسا نہیں ہے تو ان کاموں میں کوئی نیکی اور ثواب نہیں۔ اور نہ ان کی حیثیت عبادت کی باقی رہے گی۔ مذہبی کاموں کو چھوڑ کر، دنیاوی کاموں پر بھی نظر ڈالیئے تو معلوم ہوگا کہ ہمارے کام میں جسقدر اخلاص کا حصہ شامل ہوتا ہے۔ اسی قدر وہ قابلِ قدر ہوتا ہے۔ ہم کسی مہمان کی کتنی ہی خاطر کریں۔ اور اس کے نام کتنے ہی الوانِ نعمت چن دیں۔ لیکن اگر اس کو یہ معلوم ہو جائے۔ کہ اس خاطر داری کی تہ میں ذاتی نفع یا ریاکاری یا نمائش یا خوشامد یا کرنے والے کی کوئی ذاتی غرض ہے۔

Marfat.com

تو ہماری یہ تمام خاطر تواضع اور تعظیم و تکریم اس کی نگاہ میں بے قیمت ہو جاتی ہے۔ لیکن اگر ہم کسی کے سامنے اخلاص و بے غرضی کے ساتھ نان و نمک ہی رکھ دیں۔ تو اسکی وقعت و قیمت کی کوئی انتہا نہ رہے گی۔ تو جب دنیاوی کاموں میں اخلاص اور عدم اخلاص کے یہ اثرات ہیں تو روحانی عالم میں ان کے نتائج کہاں تک ہوں گے۔ (سیرت ششم ص۴۹۴ ج-۶)

اخلاص ـــــ عمل کی غرض و غایت

" آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی شریعتِ کاملہ میں نفس عمل مطلوب نہیں، بلکہ وہ عمل مطلوب ہے جسکی غرض و غایت صحیح ہو، عمل قالب ہے صحیح غرض و غایت اسکی روح ہے۔ روح نہیں تو بے جان قالب کس کام آسکتا ہے (سیرت ششم ص۵۰) ......

(اسلئے) اسلام میں ہر قسم کے نیک کاموں کی غرض و غایت صرف ایک ہی قرار دی گئی ہے۔ اور وہ اللہ تعالیٰ کی خوشنودی اور رضامندی ہے۔ ایک سچے مسلمان کو صرف اسی کی خاطر کام کرنا چاہیئے۔ اور اس کے سوا کسی دوسری غرض کو اپنے کام کی بنیاد نہیں بنانا چاہیئے " (سیرۃ النبی ص۵۹ ج۶)

" اگر ہمارے اخلاق و اعمال کی غایت خودغرضی اور کسی نہ کسی طرح کی ذاتی منفعت ہے تو وہ ثواب کی روح سے خالی ہے۔ اور اسلام کی اخلاقی تعلیم اس پستی سے بہت بلند ہے۔ بلکہ ایک مقام اسکا وہ بھی ہے جہاں اسکی منزل رضائے الٰہی نہیں بلکہ خود ذات الٰہی ہو جاتی ہے۔

وَمَا تُنْفِقُوْنَ اِلَّا ابْتِغَآءَ وَجْہِ اللّٰہِ (بقرہ-۳۷) اور تم خرچ نہیں کرتے مگر اللہ کی ذات کو چاہ کر۔

Marfat.com

وَالَّذِیْنَ صَبَرُوا ابْتِغَآءَ وَجْہِ رَبِّھِمْ (رعد - ۳)
اور جنہوں نے اپنے پروردگار کی طلب کے لئے صبر کیا۔

وَمَا لِاَحَدٍ عِنْدَہٗ مِنْ نِّعْمَۃٍ تُجْزٰٓی، اِلَّا ابْتِغَآءَ وَجْہِ رَبِّہِ الْاَعْلٰی - (لیل - ۱)
اور جو کسی کے احسان کا بدلہ آتارنے کیلئے نہیں۔ بلکہ اپنے برتر پروردگار کی طلب کیلئے کرتا ہے

(سیرت ص۱۶۴ - ج ۶)

اخلاص کیسے پیدا ہو!

جب یہ ظاہر ہو چکا۔ کہ (اسلامی اعمال و) اخلاق کی تمام تر بنا ارادہ و نیت یعنی قلب کے عمل پر ہے۔ تو قلب کی اندرونی کیفیت اور حالت کی درستی کیلئے یہ اعتقاد ضروری ہے۔ کہ کوئی ہستی ہے۔ جو ہمارے دل کے ہر گوشہ کو ہر طرف سے جھانک رہی ہے۔ ہم مجمع میں ہوں یا تنہائی میں، اندھیرے میں ہوں یا روشنی میں تاہم کوئی ہے۔ جس کی آنکھیں اُس کے دل کی تہ کو ہزار پردوں میں بھی دیکھ رہی ہیں دنیا کی تمام قوتیں صرف جسم پر حکمران ہیں۔ مگر ایک قدرت والا ہے جو دل پر حکمران ہے پھر یہ اعتقاد بھی ضروری ہے۔ کہ ہم کو اس ہستی کے آگے اپنے تمام کاموں کا جوابدہ ہونا ہے۔ اور ایک دن آئے گا۔ جب ہم کو اپنے اعمال کی جزا یا سزا ملے گی۔ جب تک یہ دو خیال دل و دماغ میں جاگزیں نہ ہو سکے۔ اچھے اعمال کا اچھے ارادہ سے وجود قطعی محال ہے۔ اس لئے وحی محمدیؐ نے خدا اور قیامت پر ایمان لانا، ہر نیک عمل کی بنیاد قرار دی ہے۔ کہ بے اس کے ہر کام محض ریا اور نمائش

Marfat.com

بن جاتا ہے

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لَا تُبْطِلُوا صَدَقَاتِكُم بِالْمَنِّ وَالْأَذَىٰ كَالَّذِي يُنفِقُ مَالَهُ رِئَاءَ النَّاسِ وَلَا يُؤْمِنُ بِاللَّهِ وَالْيَوْمِ الْآخِرِ (بقرہ ۲۶۰)	اے ایمان والو! اپنی خیراتوں کو جتا کر یا ستا کر برباد نہ کرو، جس طرح وہ برباد کرتا ہے۔ جو اپنے مال کو لوگوں کے دکھانے کو خرچ کرتا ہے۔ اور خدا اور آخری دن پر یقین نہیں رکھتا۔

یہی ایمان صحیح جس سے حسنِ نیت پیدا ہوتا ہے۔ آبِ حیات کا وہ سرچشمہ جو نہ ہو تو ہمارے اعمال سراب سے زیادہ بے حقیقت ہیں...... یہی وہ مشعل ہے جو ہماری تیرہ و تار زندگی کی روشنی ہے۔ یہ نہ ہو تو ہم کو ہر طرف اندھیرا ہی اندھیرا نظر آئے اور اپنے کسی کام کی کوئی غایت معلوم نہ ہو...... (کہ) جب تک کسی واقفِ اسرار، عالم الغیب، دانائے راز اور دل کی ہر جنبش اور حرکت سے باخبر ہستی کا اور اس کے سامنے عمل کے مواخذہ، بازپرس اور جوابدہی کا یقین نہ ہوگا۔ دل میں اخلاص اور نفس میں دنیاوی اغراض سے پاکی پیدا نہیں ہو سکتی۔ اور نہ بے غرضانہ بلند پایہ اخلاق (اور نیک اعمال م-ا) کا وجود ہو سکتا ہے۔ سیرۃ النبی ص ۴۹، حصہ ۵ ملخصاً

Marfat.com

قربِ ربانی

سلوک قربِ ربانی کی راہ ہے۔ اس طریق کا ہر راہی قرب الٰہی ہی کا طالب اور اس کی رضا کا متلاشی ہوتا ہے۔ اللہ تعالیٰ کی ذاتِ عالی انسان کی شاہرگ سے زیادہ نزدیک اور اس سے اس کی جان سے بھی زیادہ قریب ہے ارشادِ الٰہی ہے۔

نَحْنُ اَقْرَبُ اِلَیْہِ مِنْ حَبْلِ الْوَرِیْدِ۔ (قٓ - ۲)

اور ہم انسان کے (اسقدر قریب ہیں کہ) اسکی رگ گردن (یا رگ جان) سے بھی زیادہ نزدیک ہیں۔

اللہ تعالیٰ حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم کے ذریعہ اپنی قربت کا مژدہ کن کیف آگین الفاظ میں سناتے ہیں۔

اِذَا سَاَلَکَ عِبَادِیْ عَنِّیْ فَاِنِّیْ قَرِیْبٌ (البقرہ - ۲۴)

جب آپ سے میرے بندے میرے متعلق دریافت کریں تو (آپ میری طرف سے فرما دیجئے) میں قریب ہی ہوں

عطارؒ نے کیا خوب کہا ہے

جاں نہاں در جسم د او در جاں نہاں
اے نہاں اندر جاں اے جانِ جاں

Marfat.com

اللہ تعالیٰ کی اس قربت و نزدیکی کے باوجود بے بصیرت انسان غفلت میں گم قرب الٰہی سے غافل اور دنیا میں اس طرح شاغل رہتا ہے۔ کہ اللہ تبارک و تعالیٰ کو نہ جانتا ہے نہ پاتا ہے، بقول عارف رومی۔

یار را بامن نظر شد دوختہ   حیف من دراین وآں دل سوختہ

تاہم کریم و رحیم پروردگار خود بندہ کا طالب ہے۔ اور اسے اپنی قربت کی راہیں بتاتا اور اپنی بے پایاں عنایات کا مژدہ سناتا ہے۔ ایک حدیث قدسی میں ارشاد باری عزاسمہ ہے۔

مَنْ تَقَرَّبَ اِلَیَّ شِبْرًا تَقَرَّبْتُ اِلَیْہِ ذِرَاعًا وَمَنْ تَقَرَّبَ اِلَیَّ ذِرَاعًا تَقَرَّبْتُ اِلَیْہِ بَاعًا وَمَنْ اَتَانِیْ یَمْشِیْ اَتَیْتُہٗ ھَرْوَلَۃً	جو شخص میری طرف ایک بالشت آتا ہے میں اسکی طرف (راضی ہوکر) ایک ہاتھ قریب ہوتا ہوں۔ اور جو میری طرف ایک ہاتھ چلتا ہے۔ میں اسکی طرف کھلے ہوئے

دو ہاتھ آتا ہوں۔ اور جو میری طرف چل کر آتا ہے میں اسکی طرف دوڑ کر آتا ہوں۔

قرب تعلق خاص | سالکین جس قرب کے طالب ہیں۔ اس سے مراد یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کا بندہ کے ساتھ " رضا و عطا والا تعلق " قائم ہو جائے اور بندہ کو اللہ تعالیٰ کے ساتھ ' طاعت دائمہ و ذکر پیہم والا قرب " میسر آجائے۔ جسے ہم " قربِ تعلقِ خاص " بھی کہہ سکتے ہیں۔ کہ بقول حکیم الامۃ امام تھانوی نور اللہ مرقدہٗ

" ایک قرب تو حقیقی ہے۔ جس کا ترجمہ مل جانے سے کرلو یا ادراکِ حقیقت سے یا اسی کے ہم معنیٰ جس لفظ سے چاہو کرلو، سو قرب حقیقی تو کسی کو حق تعالیٰ کے ساتھ نہیں ہو سکتا۔ کیونکہ حق تعالیٰ جسم اور مکان

Marfat.com

سے پاک ہیں۔ تو مل جانے کے تو کوئی معنی ہی نہیں ہو سکتے اور ادراکِ حقیقت بھی نہیں ہو سکتا۔ کیونکہ ادراک احاطہ کو چاہتا ہے۔ اور بندہ ممکن ہے اور حق تعالیٰ واجب، اور ممکن متناہی ہوتا ہے۔ اور واجب لامتناہی پھر لامتناہی کو متناہی کیسے محیط ہو سکتا ہے اس لئے قرب باین معنی تو ہو ہی نہیں سکتا کہ اتصال ہو جائے یا ادراکِ حقیقت ہو جاوے۔ اور ایک (اور قرب) قربِ مجازی ہے۔ جس کا حاصل رفع یا تقلیل حجب (معرفت)[شرف] ہے۔"

ایک قرب علمی ہے۔ جو خدا تعالیٰ کے ساتھ ہر چیز کو حاصل ہے۔ چنانچہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے:۔

نَحْنُ اَقْرَبُ اِلَیْہِ مِنْکُمْ وَلٰکِنْ لَّا تُبْصِرُوْنَ ۔	ہم اس مرنے والے شخص سے تم سے بھی زیادہ نزدیک ہوتے ہیں لیکن تم نہیں دیکھتے
یا نَحْنُ اَقْرَبُ اِلَیْہِ مِنْ حَبْلِ الْوَرِیْدِ ۔	ہم انسان سے اس کی رگ گردن سے بھی زیادہ قریب ہیں۔

ایک دوسرا قرب قربِ تعلق خصوصیت ہے جیسے اردو میں ہم کبھی یوں کہتے ہیں "میں پاس ہوں کہو کیا کہتے ہو۔" یعنی سن رہا ہوں، اس میں تو پاس ہونے سے قربِ علمی و قربِ سماع کا بیان مقصود ہے۔ اور کبھی ہم یوں کہتے ہیں۔" کہ فلاں تو ہمارا قریب ہے" یعنی اس کو ہم سے خاص تعلق ہے، نیز کہتے ہیں کہ "تم تو دور رہ کر بھی پاس ہی ہو" یعنی تم سے ہمارے دل کو خاص تعلق ہے[۱]"

(شریعت و طریقت ص۲۴۴، ۲۴۵ بحوالہ الاسلام التحقیقی و تصوف سلوک)

---

[۱] معرفت اللہ تعالیٰ شرف کے مشاہدات حقیقت الٰہی کی تحقیق میں لکھے گئے ہیں۔ ان کا اطلاق قرب ثانی پر

غرض قربِ الٰہی سے مراد" اللہ کے ساتھ بندہ کا وہ تعلق خاص ہے۔ جو اللہ تعالیٰ کی طرف سے رضامندی حق اور انعاماتِ دائمہ کی صورت میں اور بندہ کی طرف سے ایمان کامل اور طاعات پر سبقت و مداومت" کے رنگ میں ظاہر ہوتا ہے۔ کہ قرب و تعلق الٰہی کا راستہ صرف ایمان و طاعات کا راستہ ہے۔ جتنا ایمان و اعمال صالح بڑھتے جائیں گے۔ قرب حق میں زیادتی ہوگی۔ ارشاد ربانی ہے۔

وَمَآ اَمْوَالُكُمْ وَلَآ اَوْلَادُكُمْ بِالَّتِیْ تُقَرِّبُكُمْ عِنْدَنَا زُلْفٰٓی اِلَّا مَنْ اٰمَنَ وَعَمِلَ صَالِحًا فَاُولٰٓئِكَ لَهُمْ جَزَآءُ الضِّعْفِ بِمَا عَمِلُوْا وَهُمْ فِی الْغُرُفٰتِ اٰمِنُوْنَ

(سبا-۵)

اور تمہارے اموال و اولاد ایسی چیز نہیں جو تم کو ہمارا مقرب بنا دے، ہاں مگر جو ایمان لاوے اور اچھے کام کرے (یہ دونوں چیزیں البتہ سبب قرب ہیں) سو ایسے لوگوں کے لئے ان کے نیک عمل کا دونا صلہ ہے اور بہشت کے بالاخانہ میں چین سے ہوں گے۔

ایمان کے ساتھ طاعات و اعمال صالحہ میں سبقت و کوشش قربِ الٰہی کا زینہ ہے۔ قرب میں ترقی 'طاعات' میں زیادت پر موقوف ہے کہ قرب و اقربیت کے درجات طاعات کے تفاوت سے طے ہوتے ہیں۔ اسلئے اعمال صالحہ و طاعات کا کمال تکمیل ایمان و دین کا ذریعہ اور قرب خاص الخاص کا سبب ہے۔ ارشاد ربانی ہے

وَالسّٰبِقُوْنَ السّٰبِقُوْنَ اُولٰٓئِكَ الْمُقَرَّبُوْنَ (الواقعہ-۵۶)

اور نیکی اور طاعات میں) آگے نکل جانیوالے تو اعلیٰ ہی درجے کے ہیں۔ اور (وہ خدا تعالیٰ

بھی ہوسکتا ہے اس لئے اسکا مطالعہ کرلیا جائے۔ (م-ا)

Marfat.com

کے ساتھ) خاص قرب رکھنے والے ہیں (الواقعہ - ۵۶)

پس سالک قلبی و جسمانی اعمالِ صالحہ کی جس قدر پابندی و کوشش ظاہری و باطنی آداب و احکام کی رعایت، اخلاص کے اہتمام اور احسان کی کیفیت کے ساتھ کریگا۔ اسی قدر قرب الٰہی کی منازل طے ہوں گی۔ اور خاصانِ خدا او رمقربین بارگاہ رحمانی میں بار پائے گا۔ حضرت والا قدس سرہٗ تحریر فرماتے ہیں:۔

" سورۂ واقعہ پڑھیئے۔ اللہ تعالیٰ نے تین گروہوں کے نام لئے ہیں۔ وَكُنْتُمْ اَزْوَاجًا ثَلٰثَةً ـــ اس کی تفسیر آگے ہے اول مقربین اُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُقَرَّبُوْنَ ، دوم اصحاب الیمین اور سوم اصحاب الشمال تیسرا گروہ اہل نار کا ہے۔ دوسرا گروہ عامۂ مسلین کا اور پہلا خواصِ امت کا

فَاَمَّآ اِنْ كَانَ مِنَ الْمُقَرَّبِيْنَ	پھر (جب قیامت واقع ہوگی تو)
فَرَوْحٌ وَّرَيْحَانٌ وَّجَنَّتُ نَعِيْمٍ	جو شخص مقربین میں سے ہوگا۔ اسکے
وَاَمَّآ اِنْ كَانَ مِنْ اَصْحٰبِ	لئے تو راحت ہے اور (فراغت
الْيَمِيْنِ فَسَلٰمٌ لَّكَ مِنْ اَصْحٰبِ	کی) غذائیں ہیں اور آرام کی جنت ہے
الْيَمِيْنِ وَاَمَّآ اِنْ كَانَ مِنَ	اور جو شخص داہنے والوں میں سے
الْمُكَذِّبِيْنَ الضَّآلِّيْنَ فَنُزُلٌ	ہوگا۔ تو اس سے کہا جائیگا کہ تیرے لئے امن
مِّنْ حَمِيْمٍ وَّتَصْلِيَةُ جَحِيْمٍ	امان ہے کہ تو داہنے والوں میں سے ہے
(الواقعہ - ۳)	اور جو شخص جھٹلانے والوں (اور) گمراہوں

---

[1] ترجمہ حضرت والا نے نہیں لکھا تھا - (م - ا)

Marfat.com

میں سے ہوگا۔ تو کھولتے ہوئے پانی سے اسکی دعوت ہوگی اور دوزخ میں داخل ہونا ہوگا۔ (ترجمہ تھانویؒ)

Marfat.com

ولایت عامہ ولایت خاصہ

مقربین کی ولایت ولایت خاصہ ہے اہل فن عام مسلمانوں کی کیفیت کو ولایت عامہ اور مقربین کی ولایت کو ولایتِ خاصہ کہتے ہیں۔ ولایتِ عامہ جو واللّٰہُ وَلِیُّ الْمُؤْمِنِیْنَ (آل عمران) کا منشاء ہے ہر مسلمان کو حاصل ہے۔ اور اس کا منشاء نجاۃ من النار اور دخول فی الجنۃ ولو بعد برھۃ من العذاب ہے اور ولایتِ خاصہ جو وَاللّٰہُ وَلِیُّ الْمُتَّقِیْنَ (جاثیہ) کا منشاء ہے وہ بُعد من النار بفضلِ اللّٰہِ دائماً اور دخولِ جنت فی الفور مع رضوان اللہ تعالیٰ — رَضِیَ اللّٰہُ عَنْھُمْ وَرَضُوْا عَنْہُ — اب معلوم ہوا کہ احسان کا درجہ ایمان سے اونچا ہے اور اس کے بے انتہا مدارج ہیں۔

مدارج قرب و اقربیت مدارج قرب و اقربیت کما لایخفی جس طرح ایمان کا حصول شہادت پر مبنی ہے۔ احسان کا قرب کمال ایمان وتقوی پر ہے۔ اسی سے ان حدیثوں کا معنی مفہوم ہوں گے جن میں یہ آتا ہے۔ لا یومن احدکم حتی یکون کذا' اور ایمان کی ستر شاخیں ہیں۔ الغرض ہمارے علمائے ظاہر نے صرف اس ایمان پر توجہ فرمائی ہے جو کفر کے بالمقابل ہے اور علمائے باطن نے اس کے بعد کی منزل کی رہبری کی اور درجات و مدارج قرب کی نشان دہی فرمائی۔

Marfat.com

طریق قرب و احسان کا حاصل ...... بالکل صحیح آپ سمجھے کہ طلبِ رضا
اور اپنے ہر عمل میں طلبِ رضا کا شعور پیدا ہونا ہی اس طریق کا حاصل ہے۔ اور جب خدا اور بندہ کے درمیان یہ علاقہ استوار ہو جاتا ہے۔ تو صوفیہ کی اصطلاح میں اسکو نسبت کہتے ہیں، اور قرآن پاک کی زبان میں اس کی تعبیر یُحِبُّهُمْ وَيُحِبُّونَهُ اور رَضِيَ اللهُ عَنْهُمْ وَرَضُوا عَنْهُ کے لفظوں میں کی گئی ہے۔ يَا أَيَّتُهَا النَّفْسُ الْمُطْمَئِنَّةُ ارْجِعِي إِلَىٰ رَبِّكِ رَاضِيَةً مَّرْضِيَّةً ان ہی کے لئے نوید بشارت ہے"

(مکاتیب سلیمان ص۱۱ تا ص۱۲)

اس اقتباس سے معلوم ہوا کہ ولایتِ خاصہ کے حاملین کا گروہ "مقربین" کا طبقہ ہے اور اس قربِ رضا اور تعلقِ خاص کے بھی بے انتہا مدارج ہیں۔ بقول عارف رومی

اے برادر بے نہایت درگہیست ، اے کہ بر وئے می رسی بر و مالیست

فقیر کو ارشاد ہوا "علم و عمل کے جس مقام پر پہنچ جاؤ یوں سمجھو کہ اب ابتدا ہے۔" — ظاہر ہے کہ ایک عاشق صادق قرب کے کسی ادنیٰ درجہ پر اکتفا نہیں کر سکتا، بلکہ اس کی آتش شوق ہر منزل پر "ھل من مزید" کی طالب ہوتی ہے۔

نہ گویم کہ بر آب قادر نیند ، کہ بر ساحل نیل مستسقی اند

حضرت والا کے اشعار ہیں :-

چلا چل تو منزل بہ منزل یونہی ، ٹھہرنے کی منزل ابھی دور ہے
ابھی قطع کر اور راہ طلب ، مقام محبت بہت دور ہے

اس لئے سالک کی "سیرِ قرب" آخری سانس تک رہتی ہے اور "دم واپسیں" قرب کی انتہائی منزل" اور شوق و لقائے ربانی کے جذبہ کا معراج ہوتا ہے۔ بقول حافظ :-

Marfat.com

خرم آں روز کزیں منزل ویراں بروم | راحت جاں طلبم و سوئے جاناں بروم

حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم سے ماثورہ دعاؤں میں ناسوتی زندگی کی انتہا پر نہایت قرب' و حسن خاتمہ کی طلب ان الفاظ میں کی گئی ہے۔

۱۔ واجعل خیر عمری اٰخرہ وخیر عملی خواتیمہ و خیر ایامی یوم القاك فیہ (احمد۔ طبرانی)	اور اے اللہ میری عمر کے آخری حصہ کو زندگی کا بہترین حصہ کر دے اور میرے آخری عمل کو بہترین کر دے اور میرے دنوں میں بہترین دن وہ جس میں تجھ سے ملوں
۲۔ واختم لی بخیر عملی واجعل ثوابہ الجنّة۔	اے اللہ میرا خاتمہ میرے سب سے اچھے عمل پر کر اور اسکا ثواب جنت کو بنا دے۔

حسنِ خاتمہ حضرت والا رحمہ اللہ تعالیٰ ایک طالب کو ارقام فرماتے ہیں:۔

"...... اللہ تعالیٰ استقامت عطا فرمائیں۔ کہ جو قدم صحیح سمت میں اٹھ چکے ہیں وہ پھر اس وقت تک نہ رکیں۔ جب تک مرحلہ حیات ختم نہ ہو جائے۔ اسی کا نام حسن خاتمہ ہے۔ جس کی تمنا اور دعاء انبیاء علیہم السلام تک نے کی ہے حضرت یعقوب علیہم السلام نے اپنے بیٹوں کو مرتے وقت وصیت فرمائی :۔

وَلَا تَمُوْتُنَّ اِلَّا وَ اَنْتُمْ مُّسْلِمُوْنَ ۔

حضرت یوسف علیہ السلام نے سلطنت کے کاروبار میں حصہ پانے کے بعد دعاء کی:۔

فَاطِرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ اَنْتَ وَلِیّٖ فِی الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَةِ تَوَفَّنِیْ مُسْلِمًا وَّاَلْحِقْنِیْ بِالصّٰلِحِیْنَ ۔

یہ دعاء حسنِ خاتمہ کے لئے پڑھنی چاہیئے۔

Marfat.com

غرض بقول سیدی قدس سرہٗ۔

"(اس قرب و رضا کی گھاٹی میں) آخری سانس تک تراش خراش لگی رہے

(تاکہ قرب خاص کی دائمی نعمت اور رضائے حق کا ابدی ثمرہ میسر آئے)

اندریں رہ می تراش و می خراش   تا دم آخر دم فارغ مباش"

مبارک ہیں وہ لوگ جو خیر و طاعات کی مسابقت میں بازی لے گئے، اور "مقربین" کے زمرہ میں شامل ہو گئے کہ وہی حقیقتاً خصوصی نوازشات ربانی اور "مقام قرب" کے مستحق ہیں۔

وَفِیْ ذَالِكَ فَلْیَتَنَافَسِ الْمُتَنَافِسُوْنَ ، وَ ذَالِكَ هُوَالْفَوْزُ الْعَظِیْمُ

ذرائع و اقسام قرب گذر چکا کہ قرب ربانی کا حصول "ایمان و اعمال صالحہ" پر مبنی ہے۔ طاعات کا جسقدر اہتمام، منہیات سے جسقدر پرہیز اوامر الٰہیہ کی جسقدر پابندی اور سنت نبویہ کا جسقدر اتباع ہوگا۔ اسی قدر قرب ربانی کی منازل طے ہوں گی" مدارج قرب ایمان و اعمال صالحہ کے نتائج و ثمرات ہیں۔ اس لئے مدارج قرب کا تفاوت "اعمال" کے فرق پر عادتاً موقوف ہے۔ اس وجہ سے اعمال کی کمی و بیشی اور اس کا ظاہری و باطنی حسن و قبح، مدارج قرب کی کثرت و رنگارنگی پر منتج ہوتا ہے۔ اور یہی تفاوت نسبتوں کے اختلاف اور تعدد و تنوع کا سبب ہے

ہر عمل خیر، قرب الٰہی کی ایک مستقل منزل و درجہ ہے۔ ع

منزل مقصود ہے راہ طلب کا ہر قدم

وہ سر منزل ہے جو ابھی رہ منزل میں ہے

Marfat.com

اسلئے جسقدر "اعمال خیر" کی کثرت ہوگی "اعمال" کی قیمت کے بقدر درجات میں ترقی ہوگی۔ 'قرب عام' و 'ولایت عامہ' کے بعد 'قرب خاص' اور ولایت خاصہ کی منازل بھی "اعمال خیر" ہی کے ذریعہ طے ہوں گے۔ کہ اوامر الٰہیہ کا امتثال اور اعمال صالحہ قرب الٰہی کے مستقل ذرائع ہیں۔ جب سالک احکام الٰہی کی پابندی اور منہیات سے پرہیز کرتا ہے۔ تو اس کے قلب پر ہدایت رّبانی کا ایک خاص ترشح ہوتا ہے، جس سے اسکا سینہ اسلام اور مامورات الٰہیہ کیلئے کھل جاتا ہے۔ اور اسے اعمال خیر سے ایک طبعی مناسبت اور برائیوں سے نفرت ہوجاتی ہے۔ 'ولایت عامہ' کے اس مقام پر پہنچ کر سالک مزید ترقیات کا طالب ہوتا ہے اور قرب خاص (جسے ہم ولایت خاصہ بھی کہہ سکتے ہیں) کیلئے کوشاں ہوتا ہے۔ اور "اعمال خیر" کی کثرت و بجاآوری میں کماً و کیفاً اضافہ کرتا جاتا ہے۔ اور ہر آن اپنی ترقی کی منازل کو شعوری یا غیر شعوری طور پر طے کرتا ہے۔ یہاں تک کہ 'قرب خاص' کی وادی کا یہ جادہ پیما، 'قرب و رضا' کی محنت میں اپنی جان شیریں جان آفریں کے سپرد کردیتا ہے۔ اور بزبان حال پکارتا ہے ؎

حاصل عمر نثار رہ یارے کردم
شادم از زندگی خویش کہ کارے کردم

طرق قرب خاص متعدد و مختلف ہیں "قرب خاص" کے طرق حدود شرعیہ کے اندر طبائع و امزجہ کے اختلاف، ذوق و طلب کے تفاوت اور استعدادوں کے تعدد کی وجہ سے متعدد ہیں۔ جنکی اصولی تقسیم دو بڑی قسموں میں کی جاسکتی ہے۔

قرب بالفرائض سالک مامور بہا امور اور سنن نبویہ کی ظاہری باطنی پابندی

Marfat.com

کے بعد جب ان اعمال کا خصوصی اہتمام کرتا ہے جو دینی فرائض و واجبات سے متعلق ہیں۔ تو اس پر ایک خاص تجلی الٰہی کا فیضان ہوتا ہے۔ جس سے اس کا ارادہ مضمحل ہو کر ارادۂ الٰہی میں فنا ہو جاتا ہے۔ اور وہ نائب حق اور آلہ ربانی بن کر عالم میں ظاہر ہوتا ہے۔ اور نقشِ حق عالم میں مرتسم کرنے کے بنوی فرائض و واجبات کو بروئے کار لاتا ہے اور انبیاء علیہم السلام خصوصاً نبی اکرم حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا تشابہ اور "الوان نبویہ" کا انصباغ اس کے ظاہر و باطن اور قلب و روح کی رونق و روشنی بن جاتا ہے۔ یہ 'نسبت' کیونکہ فرائض و واجبات کے اہتمام سے میسر آتی ہے۔ اس لئے اسے قرب بالفرائض کہتے ہیں۔

فرائض و واجبات کی پابندی میں انسانی چاہت کو دخل نہیں۔ کہ وہ حکم الٰہی کی عظمت سے متاثر ہو کر طوعاً و کرہاً ان اعمال کو بجا لاتا ہے۔ اس وجہ سے عبدیت کی شان اور اپنے ارادہ کا اضمحلال و فنا فرائض کی ادائیگی میں نوافل اور تطوعات۔ (پسندیدہ غیر لازمی اعمال خیر) کی نسبت زیادہ ہوتا ہے۔ اور چونکہ عبدیت ہی مقصود ہے اس لئے یہ اعمال (فرائض و واجبات) قربِ ربانی کا اقرب ذریعہ ہیں۔ اس لئے اس قرب کو اعلیٰ و اول درجہ کا قرب کہا جا سکتا ہے۔ اس قرب میں نسبت محمدیہ سے مناسبت تامہ ہوتی ہے اور "الوان نبویہ" کا غلبہ ہوتا ہے۔ اسلئے اسے ہم "سلوک بطرز نبوت" بھی کہہ سکتے ہیں۔ اس 'سلوک' کے آثار بھی خاص ہوتے ہیں۔ اور "قدمِ نبوت" کے نیچے آکر ان سالکین پر عموماً صحو اور حبِ عقلی کا غلبہ ہوتا ہے شریعت مطہرہ کا انتہائی اہتمام، افادۂ خلق اور فرائضِ نیابت نبوت کی ادائیگی کا فکر اور حدود و قیود الٰہی کی پابندی اور اسباب پر مدار نہ سمجھتے ہوئے حکمت الٰہیہ کی معرفت و

Marfat.com

قدردانی کی بنا پر انکا اختیار کرنا انکا معمول ہوتا ہے۔ عبدیت کاملہ اور عبودیت "مطلقہ" تواضع وفقر تام ان کا حال اور امر الٰہی کی ہیبت وعظمت ان کے اعمال کا منشاء ہوتی ہے۔ "نبوت" کے فیض کامل سے وہ بہرہ مند ہوتے ہیں اور ان کا 'نزول' ان کے 'عروج' کا پردہ ہوتا ہے۔ اور ان کی کیفیاتِ باطنیہ ضبط کی وجہ سے عموماً ظاہر نہیں ہوتیں۔ غرض قرب الٰہی کے خاص مقام پر فائز ہونے سے شریعت مطہرہ ان کا مزاج اور طریقہ نبویہ ان کی طبیعت بن جاتی ہے۔

۲۔ قرب بالنوافل | سالک جب احکام الٰہیہ اور سنن نبویہ کے اتباع سے اپنے ظاہر وباطن کو رنگ لیتا ہے۔ تو بعض سالکین کا طبعی میلان "نفلی عبادات واعمال" کی کثرت کی طرف ہو جاتا ہے۔ اور وہ اپنے اوقات کو اپنی پسند کے 'اعمال نافلہ' میں گذار کر قرب کے منازل طے کرتے ہیں "نفلی عبادت" کے اختیار کرنے میں ایک گونہ بندہ کی پسند اور چاہت کو دخل ہے۔ اسلئے "بندگی" کی وہ سرافگندگی اور "ترک اختیار و چاہت" کا وہ "لون" جو فرائض کی ادائیگی میں میسر آتا ہے۔ نوافل میں نہیں مل سکتا۔ اسلئے نوافل کا درجہ فرائض سے کم ہے۔ اور جو قرب اس راہ سے میسر آئے گا۔ وہ 'قرب بالفرائض' سے کم اور دوسرے درجہ کا ہوگا۔ تاہم چونکہ بندہ قرب ورضا حق کی نیت سے اعمال خیر کی ایک قسم پر عمل پیرا ہوتا ہے۔ اسلئے اسے بھی قربِ حق ملتا ہی رہتا ہے۔ لیکن یہ قرب قرب بالفرائض کے برابر نہیں ہوتا۔

اس 'قرب' میں چونکہ بندہ اختیار نوافل میں ایک گونہ اپنے اختیار کو استعمال کرتا ہے۔ اسلئے ارادہ کی کلی فنائیت جو قرب بالفرائض کا خاصہ ہے۔ اسے میسر نہیں آتی۔ بلکہ جب توحید کے غلبہ سے فاعلیت حقہ کا استحضار وحال اسے نصیب ہوتا ہے

Marfat.com

اس وقت بھی ذات باری تعالیٰ کو وہ اپنے پر اس طرح چھایا ہوا نہیں پاتا۔ کہ اپنے کو "آلہ حق" سمجھے۔ بلکہ اس کے برعکس "فاعلیت حقہ کا ظہور" اسے اپنی ذات سے ہوتا ہوا محسوس ہوتا ہے۔ اور اللہ تعالیٰ سبحانہ تقدس کی فاعلیت اس پر "آلہ عبد" کی حیثیت سے کھلتی ہے۔ جو پہلی حالت سے ادنیٰ ہے۔ (واللہ اعلم بالصواب) ؎

اے بروں از وہم و قال و قیل من خاک بر فرق من و تمثیل من

حضورِ انور حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک حدیث قدسی میں ان دونوں راہوں (قرب بالفرائض اور قرب بالنوافل) کا تذکرہ فرمایا ہے چنانچہ بخاری شریف کی روایت ہے :-

ما تقرب الی عبدی بشیءٍ	میرا بندہ میرا کسی ایسے ذریعہ سے قرب
احب الی مما افترضت علیہ و	حاصل نہیں کرتا۔ جو میرے نزدیک
ما یزال عبدی یتقرب الیّ	ادائے فرائض سے زیادہ محبوب ہو
بالنوافل حتّٰی احبہ فاذا	اور میرا بندہ برابر مجھ سے بذریعہ نوافل
احببتہ کنت سمعہ الذی	قرب حاصل کرتا رہتا ہے۔ یہاں تک
یسمع بہ وبصرہ الذی یبصر بہ	کہ میں اس کو اپنا محبوب بنا لیتا ہوں
ویدہ التی یبطش بھا و	تو میں اسکا کان ہو جاتا ہوں جس سے وہ سنتا
رجلہ التی یمشی بھا وان سألنی	ہے اور اسکی آنکھ ہو جاتا ہوں جس سے وہ
لاعطینہ ولئن استعاذنی لا	دیکھتا ہے اور اسکا ہاتھ ہو جاتا ہوں جس سے
عیذنہ (مشکوٰۃ صفحہ ۱۹۷)	وہ پکڑتا ہے اور اسکا پاؤں ہو جاتا ہوں جس سے

وہ چلتا ہے۔ اور اگر وہ مجھ سے سوال کرے تو میں اسے ضرور دونگا۔ اور اگر کسی چیز سے

Marfat.com

پناہ چاہے تو میں اسے ضرور بچاؤں گا (مشکوٰۃ صفحہ ۱۹۷)

شیخ الکل حکیم الامۃ تھانوی قدس سرہٗ "قرب فرائض" اور "قرب نوافل" کی تشریح کرتے ہوئے مسائل المثنوی[1] (التکشف عن مہمات التصوف حصہ سوم صفحہ ۸۳، صفحہ ۸۴) میں ارقام فرماتے ہیں۔

"جاننا چاہیئے۔ کہ جب بندہ ریاضت و مجاہدہ کرتا ہے۔ تو اس کی صفات رذیلہ دواعی شہوت و غضب زائل ہو جاتے ہیں۔ اور اس کے نفس میں ایک ملکۂ راسخہ حب مرضیات حق و بغض نامرضیات حق کا پیدا ہو جاتا ہے جس سے بلا تکلف اعمالِ حسنہ و افعال محمودہ صادر ہوتے ہیں۔ اور اعمال قبیحہ و افعال ذمیمہ قریب قریب معدوم ہو جاتے ہیں۔ ایسے شخص کی نسبت حدیث میں آیا ہے۔

فاذا احببته کنت سمعه الذی یسمع به وبصره الذی یبصر به ویده التی یبطش بها ورجله التی یمشی بها۔

(رواہ البخاری عن ابی ہریرۃ رضی اللہ عنہ)"

---

[1] حضرت سیدی قدس سرہٗ مخدومی الکرم حضرت شاہ عبدالباری صاحب ندوی مدظلہ کو ایک مکتوب میں تحریر فرماتے ہیں۔ "آپ کے پیش نظر دیوان حافظ اور شرح مثنوی نہیں ہے۔ ان میں مسائل پر زیادہ مفصل مباحث ہیں۔ قرب نوافل اور قرب فرائض کی حقیقت شرح دیوان حافظ میں جو ہے۔ وہ مجھے بہت پسند آئی تھی۔ آپ کے یہاں بڑا اختصار ہے" ۔ حضرت والا کی اس تنبیہ کا لحاظ کرتے ہوئے مذکورہ عبارت نقل کرتا ہوں (م-ا) ۔ حضرت والا کو تسامح ہو گیا۔ یہ عنوان و حقیقت التکشف میں شرح دیوان حافظ میں نہیں۔ بلکہ مسائل المثنوی ہے (م-ا)

Marfat.com

یعنی اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں۔ کہ میں اس کے کان اور آنکھ اور ہاتھ اور پاؤں بن جاتا ہوں، اس کے ظاہری معنی مراد نہیں ہیں کہ عقلاً و شرعاً محال ہے۔ بلکہ مطلب یہ ہے کہ چونکہ اس کے اعضاء و جوارح سے سب افعال میری مرضی کے موافق سرزد ہوتے ہیں۔ پس گویا میں ہی اس کے اعضاء بن جاتا ہوں۔ پس کلام تشبیہ و تمثیل پر محمول ہے چونکہ مجازاً اس حدیث میں حق تعالیٰ کو آلہ اور عبد کو فاعل کہا گیا ہے۔ کہ یسمع و یبصر وغیرہ کی اسناد عبد کی طرف ہے۔ صوفیہ کرام نے اسی اطلاق کا اتباع کر کے یہ عنوان مقرر کیا ہے۔ کہ بندہ فاعل اور حق تعالیٰ آلہ بن جائے۔ اور چونکہ حدیث میں اس مرتبہ کا حصول تکثیر نوافل پر وارد ہے۔ چنانچہ حدیث مذکور میں عبارت مذکورہ سے پہلے یہ جملہ ہے۔

ومایزال عبدی یتقرب اِلیّ بالنوافل حتی احببتهٗ فاذا احببتهٗ الخ

اور مجاہدہ و ریاضت میں تکثیرِ نوافل لازم ہے۔ خواہ نماز ہو یا روزہ یا کثرتِ مراقبات یا تقلیل شہوات اسلئے صوفیہ اتباعاً للحدیث اس مرتبہ کو قرب نوافل کہتے ہیں۔ اور چونکہ اس میں صفات و افعال رذیلہ کا ازالہ ہوا ہے۔ اس لئے فناءِ صفات سے بھی تعبیر کرتے ہیں۔ دوسرا قرب اعلیٰ درجہ کا ہے۔ یعنی عبد کی ہستی ایسی مضمحل ہو جاوے کہ اپنی قدرت و ارادہ کو قدرت و ارادہ حق کے روبرو ذوقی طور پر کالفانی و کالعدم جاننے لگے۔ اور افعال و اعمال میں بمنزلہ آلہ محضہ کے ہو جاوے اور حق تعالیٰ کی مؤثریتِ مستقلہ پیش نظر ہو جاوے۔ اس مرتبہ کو اس عنوان سے تعبیر کرتے ہیں کہ حق فاعل ہو جاوے اور عبد آلہ بن جاوے۔ اور چونکہ یہ اول سے اعلیٰ ہے۔ کیونکہ اول میں صرف فناءِ رذائل تھا، فنائے اختیار نہ تھا۔ اور اس میں فنائے اختیار ہے۔ اس لئے اس سے

Marfat.com

اعلیٰ ہوا۔ اور حدیث میں تقرب بالفرائض کو تقرب بالنوافل سے اعلیٰ وافضل کہا گیا ہے
چنانچہ اسی حدیث کا سب سے اول جزو یہ ہے۔

"وما تقرب الیّ عبدی بشیء احب الی مما افترضت علیہ"

اس لئے موافقۃً للحدیث صوفیہ اس کو قرب فرائض کہتے ہیں۔ اور چونکہ اس میں سالک کو اپنی صفات ذاتیہ قدرت واختیار پر بھی نظر نہیں رہی۔ اسلئے اس کو فنا تے فات سے بھی تعبیر کرتے ہیں۔"

اس حال "فنائے اختیار" کے بارے میں ایک طالب نے حضرت سیدی قدس سرہٗ کو لکھا :۔

"بندہ کی عجیب حالت ہے۔ ایسا معلوم ہوتا ہے۔ ارادے ختم کرائے جا رہے ہیں۔ بے قصد وارادہ جو چاہتے ہیں کرا دیتے ہیں۔ اپنے اختیار میں کچھ معلوم نہیں ہوتا۔ بلکہ اگر ارادہ کرتا ہوں۔ تو اس کے فسخ کی اضطراری صورتیں پیدا ہو جاتی ہیں۔ جو چاہتے ہیں کر رہے ہیں۔ ہیچ محض یونہی بے اختیار مختار کل کے ہاتھوں میں ہے۔"

حضرت والاؒ نے جواباً ارقام فرمایا :۔

"جی ہاں تسلیم ورضا کا یہی مقام ہے خدا کرے یہ حال آپکا مقام بن جائے

کارساز ما بساز کار ما فکر ما در کار ما آزار ما"

ایک دوسرے عریضہ میں طالب مذکور نے تحریر کیا :۔

"اب اپنی حالت کچھ ایسی ہو گئی ہے۔ کہ جو کچھ بھی اللہ تعالیٰ کی طرف سے پیش آتا ہے اس کے انتظار میں ہوتا ہوں۔ اپنا ارادہ نہیں ہوتا۔ جو وہ چاہتے ہیں۔ کرائے چلے جاتے ہیں۔ یہ خاص ارادہ کا فقدان اور اپنے ارادہ کو ان کے ارادہ کے سامنے فنا کرنا

Marfat.com

اخلاص کے منافی تو نہیں۔ کہ جب ارادہ نہ رہا تو ارادہ پر ثواب کا ترتب کیسے ہوگا۔ لیکن میری حالت خود بخود ایسی ہوگئی۔ ہے کہ ارادہ کرنے کی ہمت نہیں ہوتی۔ جو چیز پیش آتی ہے ان کی طرف سے سمجھ کر راضی برضا ہوں، اگر اللہ چاہیں تو کر دیا جاتا بندہ ان کے ہاتھ میں آلہ بے ارادہ ہے۔ اس حال کی اچھائی و برائی کی وضاحت چاہتا ہوں

حضرت والا رحمہ اللہ تعالیٰ نے کیا حکیمانہ جواب ارقام فرمایا :-

" ارادہ کی یہ فنائیت اخلاص کے خلاف نہیں۔ ارادہ کی فنائیت یہ ہے کہ بندہ اپنے ارادہ کو مؤثر نہ جانے۔ بلکہ مؤثر صرف مشیت الٰہی کو سمجھے، باقی ارادہ تو فنا نہیں ہوتا۔ جب تک انسان ارادہ نہ کرے کوئی فعل ہی نہیں ہو سکتا۔ "

حضرت سیدی قدس سرہٗ اللہ کی اس توضیح سے یہ بات واضح ہوگئی کہ بندہ کا ارادہ کلیتاً فنا نہیں ہوتا بلکہ تاثیر الٰہی کا غلبہ اس قدر ہو جاتا ہے کہ اپنی فاعلیت " فاعلیت حقہ " میں گم و محجوب ہو کر رہ جاتی ہے۔ اور مشیت ربانی کی تاثیر اس طرح مستحضر اور غالب ہو جاتی ہے کہ اپنی مشیت ارادہ ربانی کی حالاً و مآلاً تابع اور اسکا اثر و نتیجہ نظر آتی ہے اور یہ آیت کریمہ :-

وَمَا تَشَاءُوْنَ اِلَّا اَنْ يَّشَاءَ اللّٰهُ رَبُّ الْعٰلَمِيْنَ

اور تم بغیر اس کے چاہ بھی تو نہیں سکتے کہ اللہ پروردگار عالم چاہ لے

کی حقیقت اس کا حال بن جاتا ہے

Marfat.com

قربِ ربّانی

اور

کشوف و مواجید، کرامات و رویاء

قربِ ربّانی پر جو مباحث گذر چکے ہیں۔ ان سے یہ بات واضح ہے کہ قربِ الٰہی صرف ایمان و اعمالِ صالحہ کا نتیجہ ہے۔ اور قرب کی منازل صرف عقائدِ حقہ کی تحسین کے ساتھ اعمالِ صالحہ کی تعمیل و تکمیل سے طے ہوتی ہیں چونکہ انسان صرف امورِ اختیاریہ کا مکلّف ہے۔ اس لئے اس کی ترقیات بھی اختیاری اعمال پر منحصر ہیں۔ غیر اختیاری امور اور انفعالات کا قربِ الٰہی و ترقیِ روحانی کے حصول میں قطعاً کوئی دخل نہیں۔ یہی وجہ ہے کہ جملہ ائمہ سلوک اور محقق صوفیہ اس بات پر متفق ہیں کہ کشوف و مواجید الہام و کرامات منامات و رویاء اور لذت و سرور۔ قربِ ربّانی کی یافت کا قطعاً ذریعہ و نشان نہیں کہ یہ سب امورِ غیر اختیاری، مجاہدات کے ثمرات عاجلہ، انفعالات اور محض راہ کے تماشے ہیں۔ جن سے بقول مجدد سرہندیؒ اطفالِ سلوک کو بہلایا جاتا ہے مقاصدِ تصوف سے ان کا کوئی تعلق نہیں۔ اگر یہ چیزیں کتاب و سنت کے مطابق ہوں تو محمود اور موہبتِ الٰہی ہیں لیکن مقصود ہرگز نہیں کہ اصل مقصود رضائے حق ہے۔

Marfat.com

جو صرف عقائدِ حقہ اور ایمانِ صالحہ کا ثمرہ [1] ہے

یہ چیزیں بسا اوقات مانع طریق اور تنزلِ کا سبب بن جاتی ہیں کہ سالک ان بزرگانہ اوہام" "نورانی حجابات" اور پاکیزہ شعبدوں" میں اس طرح الجھ کر رہ جاتا ہے۔ کہ اصل مقصد بلکہ راستے ہی کو گم کر دیتا ہے۔ اور تمام عمر ان ہی شعبدہ بازیوں میں سرگرداں رہتا ہے اور ان کو حق کا نشان اور رضائے الٰہی کا ثمرہ و انعام سمجھ کر گمراہی اور جہل مرکب میں مبتلا رہتا ہے۔ کیا عجیب بات ہے کہ متصوفین کی بے راہ روی اور عوام کی اعجوبہ پرستی نے اصل مقاصد و عناصر سلوک سے اغماض برت کر انہیں اشیاء (کشف و کرامات وغیرہ) کو ہی اصل تصوف اور سلوک کا مقصد قرار دیدیا ہے

رہا نہ حلقۂ صوفی میں سوز مشتاقی

فسانہ ہائے کرامات رہ گئے باقی

حضرت سیدی نور اللہ مرقدہ نے اسی حقیقت کے متعلق تعبیر سے ارشاد فرمایا۔

---

[1] علامہ السید محمود الآلوسی البغدادیؒ نے روح المعانی میں حضرت خضرؑ کے قصہ کے ضمن میں ان امور پر قابل دید بحث کی ہے اور محقق صوفیہ کے اقوال نقل کر دیئے ہیں۔ جن کا حاصل اُن ہی کے الفاظ یہ ہے۔ ان تلک الغیوب و المکاشفات بل سائر ما یحصل للصوفیۃ من التجلیات لیست من المقاصد بالذات و لا یقف عندما الکامل و لا یلتفت الیہا

روح المعانی ج ۵ ص ۱۲۳

یہ تمام غیبی باتوں کی اطلاع اور مکاشفات بلکہ وہ تمام چیزیں جو کہ صوفیہ کو (باطنی) تجلیات کے ذریعہ حاصل ہوتی ہیں۔ اصلاً مقاصد میں سے نہیں اور نہ سالک کامل ان چیزوں کا دھیان و پرواہ کرتا ہے۔

Marfat.com

...... ہر حالت میں اور ہر وقت اپنی خواہشات کو ترک کر کے مطابق عمل کرنا اپنا ریاض ہے۔ ضابطہ نفس ہو، اللہ تعالیٰ کے اوامر کا ہر حال میں پابند ہو۔ یہی اصل مقصد اور یہی تصوّف ہے۔ آنکھیں بند کر کے سبز و زرد نور دیکھنا یا کچھ نظر آنا یہ تو کچھ بھی نہیں۔ اگرچہ حضرت حاجی (امداللہ صاحب) رحمۃ اللہ علیہ نے ان کا تذکرہ کیا ہے۔ مگر اس کی حیثیت ایسی ہے جیسے بچوں کو کھلایا اور بہلایا جاتا ہے اور بادلوں کو دکھا کر کہا جاتا ہے۔ کہ وہ دیکھو ہاتھی لڑ رہے ہیں۔ لیکن ہاتھیوں کا کوئی وجود نہیں ہوتا۔ اسی طرح یہ بچوں کے بہلانے کی چیزیں ہیں۔ مولانا عیسیٰؒ خلیفہ مجاز حضرت تھانویؒ سے ایک شخص نے شکایت کی کہ اب کچھ نظر نہیں آتا، فرمایا تمہارے بل چوہے نظر نہیں آتے، حضرت حاجی صاحب رحمۃ اللہ علیہ فرماتے تھے۔ حجابات ظلمانی سے حجابات نورانی زیادہ خطرناک ہیں۔ اسے مقصد سمجھ لیا جاتا ہے اور ان ہی قصوں اور بھول بھلیوں میں سالک اٹک کر رہ جاتا ہے۔ بات یہ ہے کہ کیفیات کشف و انوار کو مقصد سمجھ لیا جاتا ہے۔ حالانکہ یہ سب کچھ (اکثر) اپنے دماغ کی پیداوار ہوتی ہے آنکھیں بند کر لیں اور کچھ دماغی اوہام نظر آنے لگے، اور سمجھ لیا کہ اللہ سبحانہٗ تعالیٰ کا نور دیکھ رہے ہیں۔ جس طرح عام لوگوں کے وساوس اور اوہام ہوتے ہیں اسی طرح یہ "بزرگانہ اوہام" ہیں

وہ تو ہر چیز سے وراء الوراء ہیں

ہمارا ریاض تو بس یہی ہے کہ سونے چاندی، زر و جواہر کے ڈھیر اور تھیلیاں پڑی ہوں اور ادھر نگاہ تک نہ ڈالی جائے۔ کمال حسن و جمال موجود ہو، تنہائی ہو، قدرت ہو، لیکن ادھر اللہ تعالیٰ کے تعلق کی بنا پر قطعاً توجہ نہ کی جائے۔ یہ کیا ہے کہ بارہ سال

Marfat.com

جنگل میں روٹی نہیں کھائی۔ اُلٹے لٹکے ہے یہ تو جوگی بھی کر لیتے ہیں"

ایک دفعہ فرمایا" جو آتا ہے یہی کہتا ہے کہ چودہ طبق روشن کر دو۔ کوئی نہیں کہتا کہ دل روشن کر دو۔ حضرت الشیخؒ کی مراد یہ تھی کہ ہر ایک کشفِ کونیات کے درپے ہے۔ کم لوگ ہی خالص معرفت الٰہی کے طالب ہیں۔

حضرت الشیخ قدس سرہٗ اپنے متعلقین کو ان حقائق سے ہمیشہ آگاہ و متنبہ فرماتے رہتے تھے۔ چنانچہ مختلف مکتوبات میں ارقام فرماتے ہیں۔

(۱) کیفیات آتی جاتی ہیں، کشف و الہام کو قرب میں کوئی دخل نہیں۔

(۲) یہ بھی ذہن میں رہے کہ کشف و الہام وغیرہ محض محمود ہیں مقصود نہیں۔ ان باتوں کو قربِ الٰہی میں کوئی دخل نہیں۔ قربِ الٰہی صرف ایمان و عمل صالحہ کا نتیجہ ہے اس لئے دوامِ ذکر اور کثرتِ اعمالِ صالحہ کی فکر میں رہنا چاہیئے۔

(۳) "کیفیات و احوال کی طرف توجہ نہ کیجئے۔ اور صرف حسن عمل اور کثرتِ ذکر کی طرف توجہ رکھے"۔

(۴) ایک طالب پر انوارات غیبیہ اور مکاشفات کا غلبہ ہوگیا تھا ان کو حضرت والاؒ نے تحریر فرمایا۔

" میں نے آپکے یہ حالات پڑھے ان چیزوں کی طرف التفات نہ کیا جائے۔ نہ اس کا حقیقی ہونا ضروری ہے اور نہ وہ مقبولیت کی نشانی ہے۔ بلکہ یہ حجاباتِ نورانی حجابات ظلمانی سے اشد ہیں۔ جیسا کہ حضرت تھانویؒ نے حضرت حاجی صاحب رحمۃ اللہ علیہ کا ملفوظ نقل فرمایا ہے۔ اصل شئے ایک ہی ہے اور وہ احوال مع اللہ تعالیٰ ہیں۔ علاقۂ الٰہی میں ترقی ہو جس کی علامت عقیدۃً اور عملاً احکام الٰہی کا کامل اتباع ہے باقی

Marfat.com

کیفیات و حالات سفر کے تماشے اور مناظر ہیں۔ جیسے کوئی پٹنہ سے بمبئی جائے تو راہ کے مناظر، کھیت، درخت، پہاڑ، چشمے جو کچھ نظر آئے وہ مقصود نہیں، مقصود تو بمبئی پہنچنا ہے۔ اب اگر کوئی مسافر ان مناظر کے حسن میں پھنس کر رہ جاتے تو مقصود سے محروم رہے گا"۔۔۔۔۔۔

ایک خادم نے لکھا تھا کہ "نماز میں اسرار وغیرہ منکشف کر دیئے جاتے ہیں اور واردات صحیحہ کا بعض اوقات بہت زیادہ نزول ہوتا ہے" اس کے جواب میں حضرت سیدی رح نے عتاباً تحریر فرمایا:

" نماز کشفِ اسرار اور وارداتِ صحیحہ کا محل نہیں، یہ صرف عبودیت و عبدیت و تواضع و حضور کی کیفیت کا محل ہے آپ ان شعبدوں کی طرف التفات نہ کریں۔ یہ امور قربِ الٰہی میں کچھ دخل نہیں رکھتے اور نہ ان سے حصول شے ہوتا ہے کیا دل میں راستہ کے مناظر پر نظر منزلِ مقصود کو غیب کر دیتا ہے؟ کیا یہ خیال حماقت نہیں"

ایک مرید کو لکھتے ہیں:۔

۔۔۔۔۔۔۔ یہ خیال رہے کہ قرب و ولایت کی راہ صرف عقائدِ صحیحہ اور اعمالِ صالحہ ہیں بقیہ جذب وشوق و انوار و دیدار وغیرہ محمود ہیں مگر مقصود نہیں اس لئے ان سے دل نہ لگائیں اس کو راستہ کی سیر کا تماشا جانیں"۔۔۔۔۔۔۔۔

ایک طالب نے لکھا۔ کہ کتاب وسنت کے مطابق جو علوم و اسرار قلب میں ڈالے جاتے ہیں ان کے متعلق بھی یہ خیال ہو گیا ہے کہ یہ سب ظنی اور ناقابلِ التفات چیزیں ہیں۔ اصل چیز کتاب وسنت کی پیروی ہے" حضرت سیدی قدس سرہ نے جواباً تحریر فرمایا:۔

Marfat.com

" یہ علوم و اسرار کتاب و سنت کے مطابق ہوں تو بہتر ہیں اور اگر مطابق نہ ہوں۔ تو قابلِ رد ہیں "۔ .... آپ کی استقامت و اصلاح و احوال کے لئے دُعا کرتا ہوں، اصل معاملہ عمل کا ہے۔ اس سے ترقی و تنزل کا اندازہ ہوتا ہے۔ معمولات اور احکام الٰہی کی اطاعت اور گناہ سے پرہیز ہی اصل چیز ہے۔ اللہ تعالےٰ میرے اور آپ کے گناہوں کو معاف فرمائیں "۔

انہیں کو ایک دوسرے خط میں لکھتے ہیں :۔ " اصل نظر اپنے احوال قلب اور اعمال پر رہنی چاہیئے، کہ صراط مستقیم سے کسی حال میں لغزش نہ ہو ..... " نجات تو صرف فضل الٰہی کا کرشمہ ہے۔ عقائد و اعمال کی صحت بمنزلہ شرط کے ہے۔ بس اس میں مصروف رہنا چاہیئے تاکہ اس کے فضل میں حصہ مل سکے "۔ ..... " یہ سب احوال مبارک ہیں۔ مگر اصل شے اتباعِ احکامِ الٰہی کا اہتمام ہے "

کسی طالب نے تحریر کیا " الحمد للہ کیفیات و احوال کی طرف توجہ نہیں رہی بلکہ ابتداء میں کشف وغیرہ کا جو عموم تھا۔ اب نہیں ہے اور نہ ہی اس کی طرف رغبت ہے " اس کے جواب میں حضرت شیخ رحؒ نے ارقام فرمایا:۔

" بحمد اللہ تعالیٰ کہ آپ نے اس گھاٹی کو پار کر لیا " اسی طالب کو ایک دوسرے مکتوب نامے میں تحریر فرمایا ہے :۔

اب جو یہ صورتِ حال تواضع اور افتادگی کی پائی جاتی ہے۔ اس حال سے بہتر ہے جو آپ کی کشف و واردات کی تھی۔ وہ راہ خطرناک تھی، کہ اس میں کبر و غرور کا شائبہ پیدا ہو جاتا ہے اور وہ مانع ترقی ہے "۔

ایک سالک کو تحریر فرمایا :۔

Marfat.com

" یہ بھی لکھیں کہ دل پر کیا احوال وارد ہوتے ہیں۔ ورُودِ احوال ضروری نہیں مگر اگر وُرود ہو تو لکھیں۔ لیکن نہ اس ورود احوال کی کوشش کریں۔ کہ یہ مقصود نہیں اور نہ اس غرض سے اس کی طرف توجہ کریں کہ یہ فسادِ نیت کا باعث ہوگا۔"

حضرت والا رحمۃ اللہ تعالیٰ کے ایک مسترشد خاص نے لکھا "جہاں تک ذکر و فکر حق تعالیٰ کی تجلیات کے محسوس کرنے کا تعلق ہے۔ یہ سب باتیں اور وارد شدہ کیفیات سب تصوری، اور ذہنی معلوم ہوتی ہیں ...."

حضرت والا رح نے ایک تفصیلی جواب مرحمت فرمایا جس کا حاصل یہ ہے :-

" یہ شبہ بالکل صحیح ہے اس لئے یہ انوار و تجلیات جن کو عام طور پر انوار و تجلیات کا نام دیا جاتا ہے۔ وہ نفسانی افکار ہیں ...... اس طریق میں عموماً جو مشاہدات ہوتے ہیں۔ وہ ذہنی ہی افکار ہوتے ہیں۔ جیسا کہ (حضرت نقشبند خواجہ بہاؤالدین نقشبند قدس سرہ) کا یہ فقرہ اس پر دلالت کرتا ہے۔

"آنچہ دیدہ شود و دانستہ شود ھمہ غیر خدا است"

بحمد اللہ تعالیٰ کہ یہ حقیقت آپ پر ظاہر ہو گی غرض اصلاً یہ مشاہدات و تصورات مطلوب نہیں یہ تو بطور تدبیر ہیں۔ اصل ان کے نتائج ہیں یعنی صحت"

(تذکرہ سلیمان صـ ۶۱۵، ۶۱۶)

بعض طالبین مجاہدات کی کثرت کی وجہ سے دماغی خشکی اور ذہنی پراگندگی میں مبتلا ہو جاتے ہیں۔ ایسی حالت میں گاہے خواب و بیداری میں انہیں کچھ دکھائی دینے لگتا ہے یا پراگندہ اوہام ان کے دل و دماغ پر چھا جاتے ہیں اور وہ بجائے انہیں بھی انوارِ غیبی اور الہامات الٰہیہ سمجھنے لگتے ہیں۔ ایسی حالت میں طالبین کے دماغی

Marfat.com

توازن و جسمانی صحت کی فکر کرنا محقق مشائخ کا طریقہ ہے۔ حضرت والا ایک طالب کو تحریر فرماتے ہیں۔

"ان باتوں (انوار و تجلیات) کی طرف توجہ نہ کی جائے، سونے کے اوقات پورے کریں۔ چھ سات گھنٹے روزانہ سے کم نہ ہو۔ پھر کھانے پینے کا بھی اہتمام کیجئے، زیادہ مشقت دماغی یا عملی نہ کیجئے۔"

عوام کی اعجوبہ پرستی اور متصوفین کی بے راہ روی نے نہ صرف کشوف و مواجید الہام و کرامات کو مقاصد و غایات کا درجہ دے دیا۔ بلکہ مکاشفات الہٰیہ و الہامات ربانی کی حقیقت نہ جاننے اور حق و باطل کے امتیاز کے نہ ہونے کی وجہ سے "ہر کشف" اور نام نہاد واردات باطنی، کو حجت قرار دے دیا، اس وجہ سے امت میں طرح طرح کے مفاسد اور غلط عقائد در آئے، یہاں تک کہ بعض مفترین و مغترین نے اسی راہ سے حریم نبوت میں دخول کے باطل دعوے کر دیئے ان ہی مفاسد کے پیش نظر محقق صوفیہ نے ہمیشہ کشف و الہام اور رویا کی صداقت و صحت کا معیار شریعت مطہرہ اور کتاب و سنت کی واضح تعلیمات کو قرار دیا کہ جو مکاشفات و مواجید اسی ربانی کسوٹی پر پورے اتریں، اور تعلیمات نبویہ کے عین مطابق ہوں۔ انہیں موہبت الٰہیہ، عطائے رب اور محمود سمجھا جائے گا۔ اور جو کشوف و وجدانیات نبوی ہدایات سے سر مو متجاوز ہوں انہیں شیطان کا دھوکہ، نفس کا فریب اور قطعاً مردود گردانا جائے گا اگر کوئی متبع شریعت شخص بھی ایسی کوئی بات دیکھے یا سنے یا پائے تو اسے باطل اور غوائل شیطانیہ سمجھا جائیگا کہ شریعت کے دائرہ کے باہر حقانیت کے نور کی کوئی کرن اصلاً موجود نہیں۔

اسی طرح اگر اہل باطل اور غیر متشرع اشخاص سے کسی خرق عادت کا ظہور ہو تو

وہ نری شعبدہ بازی، استدراج و امہال ہے جو کبھی بھی مقبولیت الٰہی اور قرب ربانی کا نشان نہیں ہو سکتا، حضرت الشیخ قدس سرہ کا اسی کے متعلق ارشاد ہے ؎

شعلے اٹھیں گے ہزار تجلی مگر کہاں

یہ آگ ہے ضرور مگر طور کی نہیں

کو احکام الٰہی اور سنت نبوی کی صریح خلاف ورزی، بدعقیدگی اور فسق و فجور کے ساتھ ان چیزوں کو ولایت کی نشانی قرار دینا نری جہالت، دعوے باطل اور نظام تشریعی و تکوینی کے حقائق سے بے خبری کی دلیل ہے۔

ایک شخص نے حضرت مجدد سرہندی رحمہ اللہ تعالیٰ کے مکتوب دوصد و ہم کو اپنے زعم باطل میں بنیاد بنا کر چند غلط دعوے کئے تھے۔ ایک مستفسر نے سید صاحب رحمہ اللہ تعالیٰ سے اس کے متعلق استفسار کیا، حضرت سیدی قدس سرہ نے اس کا جواب ایک طویل مکتوب میں دیا جس میں کشف و الہام وغیرہ کے بارے میں بعض اہم حقائق واضح فرما دے اس لئے متعلقہ اقتباسات پیش کرتا ہوں۔ حضرت والا تحریر فرماتے ہیں۔

" امر اول یعنی شخص مذکور کے ہفوات تو وہ تمامتر ضلالت اور کفر کی باتیں ہیں۔ ان سے ہر مسلمان کو توبہ کرنا چاہیئے۔ کہ اس کے ان باطل خیالات کو حضرت امام ربانیؒ کے مکتوب سے اصلاً تعلق نہیں ہے .... وہ امام ربانی کے قول کو بالکل نہیں سمجھا ہے۔ اور اس کی بنیاد پر اس نے جو دعوے کیا ہے وہ تمام تر باطل ہے... .... امام ربانی کے اس مکتوب پر بنیاد رکھ کر شخص مذکور کا یہ کہنا کہ اس وقت نہ نماز ہے نہ روزہ ہے نہ زکوٰۃ ہے۔ قول باطل ہے احکام قرآنی کی کتنا ہی بڑا

ولی ہو نسخ نہیں کر سکتا۔ نہ اولیاء کے کشف و الہام سے انبیاء علیہم السلام کے لائے ہوئے احکام منسوخ ہو سکتے ہیں۔ ایسے کشف و الہام جو وحی نبوت کے خلاف ہوں باطل اور وسوسہ شیطانی ہیں۔

شخص مذکور کو چاہیئے کہ وہ اپنے اس عقیدہ باطل سے توبہ کرے۔ اور پھر سے کلمۂ اسلام پڑھ کر دوبارہ مسلمان ہو۔

امام ربانی رحمۃ اللہ علیہ نے ایک بات اصول کے طور پر خود ہی فرمادی ہے۔ کہ ذوقی علوم و معارف بلکہ کشوف و الہامات جب ہی قابل تسلیم ہوتے ہیں جب وہ کتاب و سنت اور عقائدِ حقہ کے مطابق ہوں ورنہ وہ قابلِ رد ہیں۔ اور یہ وہ حقیقت ہے جس کو امام ربانی نے مکتوبات شریف میں جابجا لکھا ہے۔ چنانچہ اسی مکتوب دوصد و نہم کے آخر میں فرماتے ہیں:۔

"انبیاء اولوالعزم کے ایک دوسرے سے افضل ہونے کے بارے میں جو کچھ کہا گیا ہے۔ وہ چونکہ کشف و الہام پر مبنی ہے۔ جو ظنی ہیں اس لئے اس کے لکھنے اور حقیقت میں تقریر کرنے سے توبہ کرتا ہے۔ کیونکہ قطعی دلیل کے سوا اس میں گفتگو کرنا جائز نہیں"

اس سے معلوم ہوا۔ کہ صرف کشف و الہام سے قطعیات کے بغیر گفتگو کرنا توبہ کے قابل ہے اسی حقیقت کو مکتوب چہل و یکم میں یوں ظاہر فرماتے ہیں:۔

" فرق درمیان علم کہ وحی است و علم ولی کہ بطریقِ الہام است۔ اینست کہ در وحی قطع و یقین است و در الہام ظن و تخمین۔ چراکہ وحی بواسطہ ملک است و ملائکہ معصوم اند از خطا و الہام اگرچہ محلِ عالی دارد و آن قلب است کہ از عالمِ امر

Marfat.com

است، اما قلب را با عقل و نفس نحوے از تعلق متحقق است، پس خطا را درون موطن مجال پیدا شد"

اس عبارت سے ظاہر ہے کہ اولیا کے الہامات ممکن الخطاء ہیں۔ اور انبیاء علیہم السلام کی وحی خطا سے خالی ہے۔ اس نے ممکن الخطاء سے ناممکن الخطاء وحی منسوخ نہیں ہوسکتی۔ بلکہ حضرت امام ربانیؒ کا قول ہے۔ کہ الہام کی صحت کا معیار یہ ہے کہ وہ علمائے اہل سنت کے قول کے مطابق ہو۔ اور اگر ذرا بھی اس سے مخالف ہو۔ تو وہ دائرہ صواب سے خارج ہے مکتوب صد و دوازدہ میں فرماتے ہیں:۔

"مصداق صحت کشف و الہام مطابقت با علمائے اہل السنۃ واگر سر مو مخالفت است از دائرہ صواب بیروں است ہذا ہو العلم الصحیح والحق الصریح فماذا بعد الحق الا الضلال" جو لوگ صوفی بن کر اس قسم کی باتیں کرتے ہیں۔ جن سے نماز، روزہ وغیرہ کا مقصود نہ ہونا ثابت ہو۔ وہ گمراہ ہیں۔ چنانچہ مکتوب چہل و سوم میں فرماتے ہیں:۔

"اکثر ابنائے ایں زماں بعضے بہ تقلید و بعضے بمجرد علم، و بعض دیگر بعلم ممتزج بدون و بعضے بالحاد و زندقہ دست بدامن توحید وجودی زدہ اند وھم را از حق میدانند و نگر دینہائے خود را از ربقہ تکلیف شرعی بایں حیلہ می کشایند و مداہنات در احکام شرعیہ می نمایند، و بایں معاملہ خوش وقت و خورسندی شوند وانیاں اوامر شرعیہ را بگر اعتراف دارند طفیلی می دانند و مقصود اصلی ورائے شریعت خیال می کنند حاشا و کلا نعوذ باللہ من ھذا الاعتقاد السوء"

مکتوب صد ملا حسن کشمیریؒ کے جواب میں جنہوں نے لکھا تھا۔ کہ شیخ یحییٰ منیری ایک بزرگ کا قول ہے کہ حق تعالےٰ جزئیات کا علم نہیں رکھتے" فرماتے ہیں۔

Marfat.com

"مخدوما! فقیر را تابِ استماع امثالِ ایں سخنان اصلا نیست، بے اختیار رگ فاروقیم در حرکت می آید و فرصت تاویل و توجیہ آن نمی دہد، قائل ایں سخن شیخ کبیر یمنیؒ باشد یا شیخ اکبر شامیؒ، کلام محمد عربی علیہ و آلہ الصلوۃ والسلام درکار است نہ کلام محی الدین عربیؒ و صدر الدین قونویؒ، مارا بنص کار است نہ بافص، فتوحاتِ مدنیہ از فتوحات مکیہ مستغنی ساختہ است"

پس جس پیمانہ سے حضرت امام ربانی مجدد الف ثانی رحمہ اللہ تعالیٰ رحمۃ واسعۃ نے دوسرے اولیاء اور بزرگوں کے اقوال اور ان کے الہامات اور کشوف کو ناپا ہے اس پیمانہ سے حضرت کے اقوال و الہامات و کشوف کو ناپا جائے گا اور اس لئے حضرت امام ربانی رحمہ اللہ تعالیٰ کا کوئی کشف و الہام یا ذوق و وجدان ہرگز ظاہر شریعت کے خلاف تسلیم نہیں ہو سکتا ہے اور نہ اس کا ایسا مطلب لیا جا سکتا ہے۔ جو تمام تر خلاف شرع ہو۔ اس بناء پر شخص مذکور کا قول تمام تر ملحدانہ اور زندیقانہ ہے اور حضرت امام ربانی کے قول کا جو مطلب سمجھا ہے۔ وہ حضرت امام ربانیؒ پر افتراء و بہتان[1] ہے"

---

[1] یہاں کشوف و مواجید کے متعلق حضرت امام ربانی مجدد سرہندیؒ کا مکتوب نقل کرنا مناسب معلوم ہوتا ہے مکتوب سی و ششم میں ارقام فرماتے ہیں:۔

"شریعت را سہ جزو است علم، عمل، اخلاص
تا ایں ہر سہ جزو متحقق نشوند، شریعت متحقق نشود،
چوں شریعت متحقق شد رضائے حق سبحانہ و تعالیٰ
حاصل گشت کہ فوق جمیع سعادات دنیویہ و اخرویہ

شریعت کے تین جزو ہیں۔ علم و عمل اور اخلاص
جب تک یہ تینوں جزو متحقق نہ ہوں۔ شریعت
متحقق نہیں ہوتی۔ جب شریعت متحقق ہو و حاصل
ہوگئی تو اللہ تعالیٰ کی رضا میسر آجاتی ہے جو دنیا و

بقیہ حاشیہ صفحہ آئندہ

Marfat.com

کرامات ممیزہ کے بارے میں ایک مستفسر کو تحریر فرماتے ہیں: "کرامات کا صدور صحابہ کرام رضی اللہ عنہم سے بھی ہوا ہے۔ یہ سب بہ تبعیت کریم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم

است - و رضوان من اللہ اکبر، پس شریعت متکفل
جمیع سعادات دنیویہ و اخرویہ آمد و مطلبی نماند کہ
بماورائے شریعت دراں مطلب احتیاج افتد،
طریقت و حقیقت کہ صوفیہ بآں ممتاز گشتہ اند ہر دو
خادم شریعت اند در تکمیل جزو ثالث کہ
اخلاص است، پس مقصود از تحصیل آں
ہر دو تکمیل شریعت است نہ امر دیگر
ورائے شریعت، احوال و مواجید و علوم
معارف کہ صوفیہ در اثناء راہ دست میدہند
نہ از مقاصد اند بلکہ اوہامٌ و خیالاتٌ
تُربّیٰ بہا اطفال الطریقۃ،
از جمیع اینہا گذشتہ بمقام رضا باید رسید
کہ نہایت مقام سلوک و جذبہ است چہ
مقصود از طی منازل طریقت و حقیقت
ماورائے تحصیل اخلاص نیست کہ مستلزم
مقام رضا است از تجلیات سہ گانہ ۔

آخرت کی تمام سعادتوں سے بڑھ کر ہے - اور
اللہ تعالیٰ کی رضا سب سے بڑھکر ہے۔ (قرآن)
پس شریعت دنیا و آخرت کی تمام سعادتوں کی
ضامن ہے۔ اور کوئی ایسا مطلب باقی نہیں جس کے
حاصل کرنے کیلئے شریعت کے سوا کسی اور چیز
کی حاجت پڑے طریقت اور حقیقت جن سے صوفیہ
ممتاز ہیں۔ تیسرے جزو یعنی اخلاص کے کامل کرنے
میں شریعت کے خادم ہیں (یہاں یہ بات ذہن میں رہے
کہ طریقت و حقیقت شریعت کے طرق و اس کی حقائق
یابی کے عنوانات ہیں شریعت سے علیحدہ ان کا کوئی وجود
نہیں جیسا کہ مجدد صاحب نے معارف لدنیہ میں تصریح
کی ہے م-ا) پس ان دونوں (طریقت و حقیقت)
کی تحصیل سے مقصود شریعت کی تکمیل ہے شریعت
کے علاوہ اور کوئی چیز مقصود نہیں۔ احوال و مواجید
اور علوم و معارف جو صوفیہ کو سلوک کی راہ میں حاصل
ہوتے ہیں۔ مقاصد میں سے نہیں۔ بلکہ وہم و خیالات
ہیں۔ جن سے طریقت کے بچوں کا دل لگا کر تربیت
کی جاتی ہے۔ اصل مقصود ان سب سے گذر کر مقام رضا تک پہنچنا ہے

(بقیہ حاشیہ صفحہ آئندہ)

Marfat.com

ہوا ہے جس طرح حکومت کے چپراسیوں اور ادنے ملازموں تک کے احکام آپ مانتے ہیں یا آپ احترام کرتے ہیں مگر یہ ان کا شخصی نہیں۔ بلکہ امیرِ وقت یا حکومت کے احترام کے تحت میں ہے۔ گو بہت سے کرامات کے قصے گھڑے ہوتے بھی ہیں مگر ان کے صحیح ماننے یا نہ ماننے کو ایمان میں کوئی دخل نہیں۔ قبروں کو سجدہ کرنا غیر خدا سے دعائیں مانگنا اور اس قبیل کی چیزیں بے شبہ مشرکانہ رسوم ہیں۔ اللہ تعالیٰ محفوظ رکھے۔"

مشاہدات عارفانہ گذارندہ از ہزاراں یکے را بدولت اخلاص و مقام رضا میرسانند، کوتہ اندیشاں احوال و مواجید را از مقاصد می شمرند و مشاہدات و تجلیات را از مطالب می انگارند لاجرم گرفتار زندانِ وہم و خیال میمانند و از کمالات شریعت محروم میگردند۔ کَبُرَ عَلَى الْمُشْرِكِيْنَ مَا تَدْعُوْهُمْ اِلَيْهِ، اَللّٰهُ يَجْتَبِيْ اِلَيْهِ مَنْ يَّشَاۗءُ وَيَهْدِيْ اِلَيْهِ مَنْ يُّنِيْبُ۔ آرے حصول مقام اخلاص و وصول بمرتبہ رضا منوط بطی ایں احوال و مواجید است و مربوط بہ تحقق ایں علوم

جو کہ مقام رضا سلوک و جذبہ کا انتہائی مقام ہے کہ طریقت و حقیقت کی منازل طے کرنے سے مقصود صرف تحصیل اخلاص ہے۔ اور اخلاص مقام رضا کا حصول لازماً کرا دیتا ہے۔ (افعالی ذاتی و صفاتی) تین قسم کی تجلیات اور عارفانہ مشاہدات سے گذار کر ہزاروں میں سے کسی ایک کو اخلاص اور مقام رضا کی دولت تک پہنچاتے ہیں نا سمجھ اشخاص احوال و مواجید کو ہی اصل مقاصد کر لیتے ہیں اور مشاہدات اور تجلیات کو اصل مطلب جانتے ہیں۔ حقیقتاً یہ لوگ وہم و خیال کے قید خانہ میں گرفتار رہتے ہیں اور شریعت کے کمالات سے محروم ہو جاتے ہیں۔ مشرکین کو وہ

(بقیہ حاشیہ صفحہ آئندہ)

Marfat.com

(بقیہ حاشیہ)

و معارف ، پس اینہا معدات مطلوب باشند و مقدمات مقصود ، حقیقت ایں معنی بصدقہ حبیب اللہ علیہ و آلہ الصلوات و التسلیمات برایں فقیر بعد از دہ سال کامل دریں راہ بوضوح انجامید و شاہد شریعت کما ینبغی جلوہ گر گشت ، ہر چند از اول گرفتاری احوال و مواجید نداشت و غیر از تحقق بحقیقت شریعت مطلبے در نظر نہ بود ۔ لیکن بعد از عشرۂ کاملہ حقیقت امر کماہو بظہور آمد ۔

الحمد للہ علیٰ ذالک حمدا کثیرا مبارکا فیہ

(م ۔ ل)

وہ بہت بڑی بھاری اور مشکل معلوم ہوتی ہے جس کی طرف تو ان کو بلاتا ہے اور اللہ تعالیٰ جس کو چاہتا ہے ، اپنے لئے چن لیتا ہے اور جو اس کی طرف انابت و رجوع اختیار کرتا ہے ۔ اسے ہدایت دیتا ہے ۔ ہاں بمقام اخلاص کا حصول اور مرتبہ رضا تک رسائی (ذریعہ و تربیت کے درجہ میں) ان احوال و مواجید کے طے کرنے پر موقوف اور ان علوم و معارف کے ثابت ہونے کے ساتھ وابستہ ہے پس یہ سب باتیں مطلوب حاصل کرنے کے اسباب اور مقصود تک پہنچنے کے مقدمات و وسائل ہیں (یعنی ذریعہ مقصد میں اپنی ذات میں مقصود نہیں) مذکورہ حقیقت بندہ پر حبیب اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے صدقے میں اس فقیر پر پورے دس سال میں کھلی اور شریعت کا محبوب کما حقہ ، جلوہ گر ہوا ۔ اگرچہ ابتدا ہی سے احوال و مواجید کی گرفتاری نہ رکھتا تھا اور شریعت کی حقیقت متحقق ہونے کے بغیر اور کوئی مطلب مد نظر نہ تھا لیکن دس سال بعد اصل حقیقت کما حقہ ظاہر ہوئی ، الحمد للہ علیٰ ذالک حمدا کثیرا مبارکا فیہ

(م ۔ ل)

Marfat.com

خواب و رؤیا اور قرب

کشوف و مواجید کی طرح رؤیا اور خوابوں کو حدود سے متجاوز اہمیت دے دی گئی ہے۔ حالانکہ خواب محض بشارت ہیں۔ سچے خواب ولایت کا نشان کیا ہوتے ہیں کافر و مومن کی بھی تخصیص نہیں۔ جیسا کہ عزیز مصر کے قرآنی قصہ سے ثابت ہے۔ اس

لئے اسے قرب الٰہی کا نتیجہ سمجھنا یا خوابوں پر نرا اعتبار کر لینا ناواقفیت اور حقیقت ناآشنائی کی دلیل ہے بعض طبائع کو رؤیا کے ساتھ فطرتی مناسبت ہوتی ہے۔ اس لئے وہ خواب زیادہ دیکھتے ہیں۔ مزید برآں ہر خواب رؤیا صادقہ اور ربانی بشارت نہیں ہوتا بلکہ طبعی تخیلات ذہنی خیالات اور شیطانی تاثیرات بھی اکثر خوابوں کا سبب ہوتی ہیں۔ اس لئے ہماشما کے خوابوں پر نہ تو (بغیر قرآن وسنت کے دلائل کے) اعتبار کیا جا سکتا ہے اور نہ تو ان پر کسی معاملہ کا مدار ہے اور نہ تو خواب کی وجہ سے کسی مشروع و درست بات کو معلق یا مؤخر کیا جا سکتا ہے۔ غیر انبیاء کے اچھے خوابوں کی حیثیت الٰہی خوش خبری کی ہے جس سے بشارت و ہمت افزائی مقصود ہے۔ اس لئے خواب سبب فرحت اور محمود تو ہیں لیکن مقصود اور مدار احکام و شرائع نہیں۔ اس لئے ان کی وجہ سے بیداری کے معمولات شرعیہ اور احکام الٰہیہ میں قطع و برید زیادت و کمی قطعاً ناجائز و جہالت ہے

Marfat.com

غرض خواب خواب ہیں۔ اور کسی عمل کا موقوف علیہ نہیں، اور بیداری کے جملہ اعمال و معاملات کا مدار، بناؤ اور سنوار شریعت مطہرہ کے احکام و اوامر پر ہے۔ اس لئے ہر خواب سے قطع نظر ہر حال میں احکام الہیہ اور تعلیمات نبویہ کی پیروی ہی کامیابی کی کلید اور نجات کا ذریعہ ہے۔ حضرت والا رحمہ اللہ تعالیٰ ایک طالب کو رقم فرماتے ہیں

"خواب اور رویاء کے پیچھے نہ پڑیئے۔ یہ گو بشارت ہو مگر مقصود نہیں۔

مقصود بذریعہ اعمال حصولِ رضا و قرب ہے، رویائے صادقہ بشارت ہیں اور بس"

ایک دوسرے طالب کو تحریر فرماتے ہیں:۔

"خواب کی حیثیت محض مبشرات کی ہے۔ اس سے زیادہ نہیں۔ بیداری کے معاملات کی طرف توجہ فرمائیے۔ اسی کا سوال اور اس کا مواخذہ ہے۔ باقی رویاء اور خواب مبشرات سے زیادہ نہیں۔ دھن کے ساتھ اپنے کام میں لگے رہیئے اور ظاہر و باطن کی تہذیب و درستگی میں لگے رہیئے (خواب و ندا وغیرہ) ناقابل التفات امور ہیں۔ اپنے کام میں لگے رہیئے"

مولانا مسعود عالم ندویؒ کو لکھتے ہیں:۔

"خوابوں پر اعتبار مبشرات کی حد تک ہے۔ جیسا کہ احادیث میں آیا ہے۔ اور لَهُمُ الْبُشْرَىٰ فِي الْحَيَاةِ الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ کی تفسیر میں وارد ہے۔ اس کے علاوہ خوابوں پر کوئی بھروسہ نہیں۔ ہمارے حضرتؒ فرمایا کرتے تھے ؎

نہ شبم نہ شب پرستم کہ حدیثِ خواب گویم
چوں غلام آفتابم ہمہ ز آفتاب گویم (مکاتیب سلیمان ص۱۳۱)

Marfat.com

ایک مسترشدِ خاص کو ارشاد فرماتے ہیں:۔

"خواب کو اہمیت نہ دیجئے۔ بس یوں سمجھیں کہ رحمت الٰہی متوجہ ہے اور اس سے فائدہ اٹھائیے .... خواب کی اہمیت اس قدر ہے۔ کہ اگر رویائے صادقہ ہے تو مبشرات میں سے ہے (تذکرہ سلیمان صفحہ ۲۰۴)

ایک خط میں ہے "خواب کی حیثیت جیسا کہ آپ جانتے ہیں بشارت ہے"

ایک خواب کی تعبیر دیتے ہوئے ایک سالک کو ارقام فرمایا:۔

..... خواب کی حیثیت صرف بشارت کی ہے اور اس ہیچمدان کو دیکھنا اس بات کی علامت ہے کہ آپ مجھ سے محبت رکھتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ کے ہاتھ میں ساری توفیقات ہیں وہ جب چاہتے ہیں تو کسی بندہ کو خواب یا بیداری میں تنبیہہ یا توفیق ارزانی فرماتے ہیں اور اس کے لئے کبھی کبھی "اوقع فی النفس ہونے کے لئے اس کی شکل وصورت کو وہ بمنزلہ جارحہ وآلہ بناتے ہیں جس سے صاحب معاملہ کو مناسبت اور محبت اور عقیدت ہوتی ہے۔ وَ ذٰلِکَ فَضْلُ اللّٰہِ یُؤْتِیْہِ مَنْ یَّشَاءُ ..... (بہر حال) خواب کی کوئی اہمیت نہیں۔ اس بات کا شکر کیجئے کہ اللہ تعالیٰ آپ کی تربیت اس طرح فرماتے ہیں ..... (لیکن) خواب کی طرف توجہ نہ کیا کریں (کہ) رویا (محض) بشارت ہیں۔ ان کے سوا ان کی اور کوئی حیثیت نہیں نہ یہ ذریعہ قرب ہیں اور نہ ان پر اتکال مفید طریق، البتہ خوش ہونا چاہیئے:

انہیں کے نام دوسرے مکتوبات میں ارشاد ہوتا ہے:۔

"یہ سب (خواب) بشارت ہیں اور معلوم ہوتا ہے۔ کہ وہ کیفیت عطا ہوئی ہے۔ جس کا بیان ہے۔

Marfat.com

قلبہ معلق بالصلوٰۃ او بالمسجد فہنیئاً لکم .....

"خواب کی حیثیت شرع میں صرف بشارت کی ہے۔ اللہ تعالیٰ اس اظہار بشارت کے لئے کبھی ان شکلوں کو منتخب فرماتے ہیں جن سے خواب دیکھنے والوں کو مناسبت ہوتی ہے۔ اس میں خواب میں نظر آنے والے بزرگوں کا کوئی دخل نہیں ہوتا بجز اس کے کہ اللہ تعالیٰ نے اظہار بشارت میں (انہیں) اپنا آلہ اپنے فضل سے بنالیا۔ وللہ الحمد۔ رویا میں غلیظ و نجاست دیکھنا دنیا طلبی اور حب مال دنیا کی تمثیل ہے۔ ظاہری نجاست نہیں۔ اس باطنی نجاست سے اپنے کو پاک کیجیے۔ اور مشتبہات مال سے پرہیز کیجیے"

ایک ندوی فاضل کو لکھتے ہیں:۔

"آپ کا خواب مبارک ہے۔ اور اس میں اس کی بشارت ہے۔ کہ آپ کو سلسلہ اشرفیہ و امدادیہ سے طبعی مناسبت ہے۔ اللہ تعالیٰ مزید عنایت فرمائیں۔ مگر یہ خیال رہے کہ قرب و ولایت کی راہ صرف عقائد صحیحہ اور اعمال صالحہ ہیں۔ بقیہ جذب و شوق وندا اور رویا، وغیرہ محمود ہیں۔ مگر مقصود نہیں۔ اس لئے ان سے دل نہ لگائیں۔ اس کو راستہ کی سیر کا تماشا جانیں۔ انہیں کے دو دیگر خوابوں کے متعلق تحریر فرماتے ہیں "آپ کے یہ خواب مبارک ہیں پہلے خواب کا منشا۔ تو یہ معلوم ہوتا ہے۔ کہ آپ کے سیر سلوک میں میرے مشورے مفید و معاون ثابت ہوں گے۔ دوسرا خواب بھی ادھر ہی ہدایت کرتا ہے۔ چونکہ محبت کا اخفائے حال اور کیفیات و جذبات پر عقل کو غالب کرنا اور عقل پر حکم شرع کو غالب کرنا اصل دین ہے۔ اس لئے پولیس نے آپ کو اس بے قابو ہونے اور مدہوشی (؟) سے روکا۔ میرا یہ منہ کہاں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ اتحاد کا دعویٰ کروں مگر آپ کا خواب آپ کو یہی بتاتا ہے کہ میری تعلیم میں سنت

نبویؐ کا اتباع ہے۔ بہرحال خواب محض بشارت ہے۔ ان پر اعتماد کرکے اپنی حالت سے غافل نہیں ہونا چاہیئے۔(الخ) دو باتوں کا خاص لحاظ رکھا جائے۔ اول فرائض کی ادائیگی کا پورا پورا اہتمام دوم نوافل مسنونہ اور اذکار کی کثرت، ان کے علاوہ ہر قسم کے گناہوں سے احتراز کا اہتمام رکھا جائے کہ دل میں تقویٰ کی کیفیت پیدا ہو۔"

ایک اور مکتوب میں ہے،" آپ کا خواب مبارک ہے اور اس سلسلے میں آپ کی مقبولیت کی دلیل ہے۔ اللّٰھم زد فزد"

ایک صاحب نے لکھا کہ" موجودہ بیماری سے پیشتر خواب میں مرض کے بارے میں مطلع کر دیا گیا تھا۔ معلوم ہوتا ہے کہ بزرگوں کے ساتھ یہی صورت ہوتی ہے اور یہ علو مدارج کا ذریعہ ہے"۔ حضرت والاؒ نے جواب میں عتاباً تحریر فرمایا :-

" خواب سے مطلع کیا جاسکتا ہے۔ مگر اس سے اپنی بزرگی کا زعم نہ ہو، کہ ایسے خواب فاسق بھی دیکھ سکتے ہیں۔

رویائے نبوی

رویائے نبویؐ بہت بڑی نعمت اور اللہ تعالیٰ کا فضل خاص ہے۔ لیکن یہ نعمت بھی نہ تو بزرگی کی دلیل ہے نہ تو حجت شرعی، محض عنایتِ رب اور بشارت عالیہ ہے۔ اس لئے وجہ مسرت و محمود ضرور ہے۔ لیکن عقائد و اعمال کا مبنیٰ ہرگز نہیں۔ اس بارے میں یہ بات پیش نظر رہے کہ ہم جیسوں کا کیا مقام کہ حضور انور سید الانبیاء والمرسلین صلوات اللہ علیہ و آلہ وسلم کی رویتِ منامی کا حوصلہ و حرص کریں۔ کہ وہ جمال جہاں آراء استحقاقاً ہر کہ و مہ کو مشرف نہیں کر سکتا۔ جیسا کہ حضرت والا رحمہ اللہ تعالیٰ نے ایک طالب کی ایسی ہی تمنا پہ ارقام فرمایا تھا کہ

"یہ تو بڑی ہمت کی آرزو ہے۔ ہم کس لائق ہیں۔ کہ اس دربار میں رسائی کی آرزو کریں"

ایک اور مسترشد کو تحریر فرمایا:۔ "بے شک یہ بڑی جرأت کی بات تھی تاہم کثرتِ درود سے یہ نعمت حاصل ہوتی ہے":

مزید برآں اگر اللہ تعالیٰ کسی کو آپؐ کی زیارتِ منامی سے مشرف فرما بھی دے تو اس کا حق حقوقِ نبویؐ (عظمت و محبت، اتباع و نصرتِ نبوی) کے ذریعہ ادا کرنا موکد ہو جاتا ہے ورنہ سلبِ نعمت کا خطرہ رہتا ہے۔

ایک خادم جس نے چار پانچ مرتبہ حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم کو خواب میں دیکھا تھا۔ اپنے خوابوں سے حضرت والاؒ کو مطلع فرمایا۔ حضرت الشیخ قدس سرہٗ نے جواباً تحریر فرمایا:۔

"بے شبہ رویائے نبویؐ موجبِ خیر و برکت اور باعثِ بشارت ہیں لیکن اس کا شکریہ بھی اتباعِ نبویؐ کے ذریعہ ادا کرنا ضروری ہے۔ ورنہ سلبِ نعمت کا خوف ہے"

حضرتِ والا نور اللہ مرقدہٗ کے ایک مسترشد خاص حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارتِ منامی سے مشرف ہوئے اور خواب میں حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم کے سینہ سے لپٹ گئے اور دہن مبارک کو چوما۔ انہوں نے حضرت والاؒ کو اپنے خواب کی اطلاع دی حضرت والاؒ نے اس رویا کے متعلق تحریر فرمایا۔

"اللہ تعالیٰ نے اپنی ایک بڑی نعمت سے سرفراز فرمایا۔ اور ہر نعمت کی قدر واجب ہے تاکہ مزید عطا ہو۔ اور کوئی مرتکب عدمِ شکر ہو۔ تو نہ صرف سلبِ نعمت کا خوف ہے بلکہ ابتلاء کا بھی، اس نعمت کی قدر یہ ہے کہ معمولات میں درود شریف کی ایک تعداد بھی داخل کریں جس کو باسانی پورا کر سکیں اگر ہر روز نہ ہو سکے تو جمعہ کو تو ضرور اہتمام کیجئے خواہ

Marfat.com

میں کمی ہو جاتے"

دوسرا اہتمام یہ ہے کہ اب اس سینہ کو برائیوں سے پاک اور اس منہ کو ہر خلاف شرع قول (غیبت و کذب وغیرہ) سے محفوظ رکھتے[1]..... میری دعا ہے کہ اتباع سنت کی مزید توفیق ہو"

---

[1] حضرت سیدی قدس سرہٗ کو تعبیر خواب کے ملکہ یوسفی سے بہرہ وافر عطا ہوا تھا۔ اور اس کا پورا اندازہ تو سالکین کے نام تربیتی مکتوبات سے ہوگا۔ نمونۃً ایک خواب اور اس کی تعبیر پیش کی جاتی ہے۔ حضرت مولانا محمد اویس ندوی نگرامی مدظلہ نے خواب دیکھا کہ ریل کے ڈبہ جیسی ایک موٹر ہے اگلی سیٹ پر حضرت موسیٰ علیہ السلام تشریف فرما ہیں۔ مگر پیر مبارک میں چوٹ ہے اور پچھلی سیٹ پر حضرت نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی لاش مبارک ہے۔ سید صاحبؒ نے جسد مبارک سے قلب اقدس کو لے کر انہیں دیا۔ انہوں نے اس کو بوسہ دیا اور آنکھوں سے لگایا اور سید صاحبؒ نے پھر اس کو جسد اطہر میں رکھ دیا" حضرت والا قدس سرہ کو انہوں نے اپنے خواب سے مطلع کیا اور سید صاحب نے اس خواب کی کیا عجیب تعبیر دی۔ ملاحظہ فرمائیے سید صاحب ارقام فرماتے ہیں "حضرت موسیٰ علیہ السلام جو اگلی سیٹ میں ہیں وہ توراۃ سے عبارت ہے، پائے مبارک کو صدمہ توراۃ کی تحریف کی طرف اشارہ ہے۔ حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم کی لاش مبارک اسلام سے عبارت ہے اس کا قلب اقدس قرآن پاک ہے جو میرے واسطے سے آپ تک پہنچا۔ خود سیرۃ نبوی کی تالیف میں شرکت بھی میری ہی ذات کے واسطے سے ہے۔ بہرحال اللہ تعالیٰ کی نوازش اور لطف و کرم محض ہے۔ جو اپنی غفاری و ستاری سے ایسے رویائے بشارت سے سرفراز فرماتے ہیں"۔

Marfat.com

اسی طرح بقول حضرت الشیخؒ صالحین کو دیکھنا بھی بشارت و برکت ہے۔
تاہم نرے خوابوں پر تکیہ و اتکال کسی صورت مفید طریق اور ذریعہ قرب و رضا نہیں محض خوش خبری اور بشارت ہیں جن سے فرحت و انبساط حاصل کر کے مزید ہمت و عزیمت کے ساتھ اعمال خیر میں مشغول ہو جانا چاہیئے۔ کہ نعمت کا شکریہ ادا ہو سکے کہ اس بارے میں علماء اور محققین کا یہی طریق رہا ہے۔

قرب ربّانی و لذّت

سالکین کو اس راہ میں ایک اور گھاٹی یہ پیش آتی ہے کہ وہ مختلف اذکار، احوال کی لذت کی طلب میں مبتلا ہو جاتے ہیں۔ اور اس کے حاصل نہ ہونے پر ناکامی کا گمان کر بیٹھتے ہیں۔ حضرت سیدی و مولائی نور اللہ مرقدہ اس لذت طلبی کو سالکین کے حق میں انتہائی خطرناک سمجھتے تھے۔ ایک طالب سے جو اذکار و نماز وغیرہ میں لذت نہ ملنے پر رنجیدہ تھے [illegible] میں فرمایا۔ لذت کو قرب میں کوئی دخل نہیں یہ دو دھاری تلوار ہے اور بڑے خطرے کی چیز ہے، طالب نے عرض کیا "بغیر لطف و لذت کے عمل مشکل ہو جاتا ہے" فرمایا: یہ تو اظہار مشکل لذت کے لئے ہو گیا۔ اللہ تعالیٰ کے لئے نہیں ہوا ممکن ہے۔ ایسا شخص لذت کے لئے نماز پڑھ رہا ہو۔ اللہ تبارک و تعالیٰ کے لئے نہ پڑھ رہا ہو" پھر فرمایا۔ یہ عامیانہ تصوف کہاں سے سیکھ لیا، یہ تو گویا کہ لئے نماز پڑھنا ہو گیا۔ پھر اپنے چند اشعار پڑھے۔

تیرے نام ہی میں حلاوت ملے — جو ذوق محبت کی لذت ملے
جو تیری رضا کی بشارت ملے — تو دونوں جہانوں کی راحت ملے
محبت تو اے دل بڑی بات ہے — یہ کیا کم ہے اس کی جو حسرت ملے
بہرحال بندے پہ ہے بندگی — [illegible] عبادت ملے

ترے عشق سے غم کی دولت ملے — تو سارے غموں سے فراغت ملے

اور فرمایا:۔ "بس طالب مولیٰ بنیئے، طالب لذت نہ بنیئے۔ دوا سے صحت مقصود ہو۔ دوا کی لذت مقصود نہ ہو۔ حکیم کو منتخب کیا جائے تو اس سے یہ نہ کہا جائے کہ خمیرہ گاؤزبان لکھ دیجئے۔ اگر وہ چرائتہ لکھ دے تو آپ کو یہ حق نہیں کہ اس سے منع کریں۔

بدرد وصاف ترا حکم نیست دم درکش
کہ ہر کہ ساقی ما ریخت عین الطاف است

ایک دوسرے صاحب نے ایک موقع پر فقیر کی موجودگی میں عرض کیا "حضرت بعض اوقات ذکر شوق و ذوق سے نہیں ہوتا ہے۔ اور بعض اوقات دل پتھر سا معلوم ہوتا کچھ اثر معلوم نہیں ہوتا۔" فرمایا:۔

" یہ احوال ہیں۔ جو بدلتے رہتے ہیں۔ ان کی فکر کی ضرورت نہیں۔ اصل چیز تو مقامات ہیں۔ معلوم ہوتا ہے۔ ابھی تک آپ ان کیفیات ولذت وغیرہ کے چکر سے نہیں نکلے۔ ان ہی میں پڑے ہوئے ہیں۔ کشف ولذت کچھ نظر آنا۔ یہ چیزیں التفات کے قابل نہیں مقامات کو حاصل کرنے کی کوشش کیجئے۔ صبر وشکر، رضا وغیرہ، توجہ وکوشش کے قابل تو یہ چیزیں ہیں۔ غیر اختیاری امور کے پیچھے نہ پڑنا چاہیئے۔ جب تک ان چیزوں سے نہ نکلا جائے مقصود کا پتہ نہیں چلتا۔ غیر مقصود کو مقصود سمجھ لینا سب سے بڑی غلطی ہے"

ایک گرامی نامہ میں ارقام فرمایا۔

" ذکر میں لذت کی تلاش اور اس کے نہ ملنے پر مردودیت کا شبہ اس راہ کا سخت پتھر ہے اگر اس ذوق کا جاتا رہنا گناہ کے سبب سے نہ ہو تو مضر نہیں۔ اور یوں بھی "کل جدید لذیذ" کے اصول سے ایک مدت کے بعد اس کا مزہ باقی نہیں رہتا۔ جیسا کہ اغذیہ

Marfat.com

مادی کا حال ہے۔ لیکن ظاہر ہے کہ لذت ملنے نہ ملنے پر تولید خون موقوف نہیں۔ وہ صرف ہضم ہونے والی غذاؤں سے بنتا ہے۔ آپ اپنی طرف سے کوشش کر کے غذا کھاتے جائیں اور نتیجہ کو اللہ تعالیٰ پر چھوڑ دیں:

ایک دوسرے مکتوب میں ہے:۔

" خوشی کی بات ہے کہ آپ تہجد پڑھتے ہیں۔ پہلے جو کبھی تہجد کا موقع ملتا تھا۔ اس وقت دعا اور گریہ جو ہوتا تھا۔ وہ کبھی کبھی پڑھنے کی وجہ سے تھا۔ اب مداومت سے پڑھنے پر جو وہ کیفیت روزانہ نہیں ہوتی تو اس میں کوئی حرج نہیں۔

یہ ایسی ہی ہے کہ جس کو کبھی کبھی پلاؤ کھانے کو ملتا ہے تو اسکو اسمیں بہت مزہ ملتا ہے۔ لیکن جب وہ ہی غذا کسی کو روزانہ ملنے لگے تو وہ مزہ اس کو نہیں ملتا، مساوات ہو جاتی ہے۔ پھر گریہ سے تہجد کی مداومت ہزار درجہ بہتر ہے اور شکر کے قابل ہے "

ایک خط میں تحریر فرمایا ۔

" لذت گو نعمت ضرور ہے۔ لیکن اس کو قرب الہٰی میں کوئی دخل نہیں "

ایک مرید کو لکھتے ہیں:۔

" سالک کو بڑا دھوکا ذوق و شوق اور لذت کا ہوتا ہے۔ سو اس کو پوری طرح سمجھ لیجئے۔ کہ یہ چیزیں آثار محمودہ ضرور ہیں۔ مگر مقصود نہیں۔ ان کا منشاء اسی قدر ہے کہ کام میں جی لگتا ہے اور آسانی ہو جاتی ہے۔ مگر اس کو قرب و رضا اور حصول ثواب میں کوئی دخل نہیں کیونکہ یہ امور غیر اختیاریہ میں ہیں اور امور غیر اختیاریہ نہ مطلوب ہیں نہ مقصود، دوا کا اصلی مقصود صحت بخشی ہے۔ خوش ذائقگی اور لذت نہیں۔ جب انسان کے بدن میں صحت آتی ہے۔ تو طاقت اور کھانے کی لذت خود آجاتی ہے۔ اس کے لئے کوئی الگ دوا کی حاجت نہیں۔

Marfat.com

ایک سالک کو ارقام فرمایا:۔

"ابتدائی جوش و شوق میں کمی فطری ہے۔ یہ مرحلہ زندگی میں پیش آتا ہے۔ یہ کوئی افسوس کی چیز نہیں۔ جوش و شوق ہو یا نہ ہو، عمل میں کوتاہی نہ ہونے پائے۔ جس طرح آغاز شباب میں عروسِ نو کے ساتھ جو شوق و جوشِ طبع کا مظاہرہ ہوتا ہے۔ وہ رفتہ رفتہ تمکین سے بدل جاتا ہے اور بجائے بوالہوسی کے دیرینہ محبت اور باہمی وفاداری اس کی جگہ لے لیتی ہے میرا ایک شعر ہے۔

دیکھئے ملتی ہے کب دولت سکون عشق کی۔
ہائے وہ جوش تو ہنگامہ آغاز ہے۔"

اپنے ایک مسترشد خاص کو ارشاد فرماتے ہیں:۔

"اگر آپ کو اپنے اعمالِ حسنہ کے متعلق ایسا معلوم ہوتا ہے کہ وہ سراب ہیں تو ایسا سمجھنا اس بنا پر ہے کہ آپ کو ان میں چمک دمک اور لطف و تڑپ نہیں محسوس ہوتی جو نتیجہ ہے محبت طبعی اور محبت عقلی میں فرق نہ کرنے کا، محبت طبعی بہیمی چیز ہے جس کے آثار ظاہرہ حیوانات تک میں محسوس ہوتے ہیں لیکن محبت عقلی میں کمال سادگی ہوتی ہے اور اس کا منشا صرف طلب رضائے دوست اور اس کے حکم کی تعمیل ہے۔ (تذکرہ سلیمان ص ۲۴۲)

ایک صاحب کو ارشاد فرماتے ہیں: "یہ انبساط و انشراح مبارک ہو۔ گو یہ انشراح و انقباض آتا جاتا رہتا ہے اس کی پرواہ نہ کیجئے۔ ہر حال میں اللہ تعالیٰ سے نیک امید رکھئے اور اپنے کام میں لگے رہئیے۔"

دوسرے مکتوب میں ہے!

"اس راہ میں ایسا ہوتا رہتا ہے (کہ سرور و لذت نہیں ملتا)۔ اس کی فکر نہ کیجئے۔ یہ

Marfat.com

سرور و لذت وغیرہ آپ کے اختیار کی چیز نہیں۔ ان کے درپے نہ ہوئیے آپ کا معصیت، صحبت ناجنس اور غفلت نہ ہو۔ اس کا علاج استغفار کی کثرت ہے اور بہت نافع ہے" (تذکرہ ص۲۰۲)

ذکر ہر حال میں کرنا چاہیئے۔ اگر لذت ملے تو نعمت ورنہ ادائے فرض کی نعمت تو بہر حال ہے۔

بہرحال بندہ یہ ہے بندگی۔ کرم ہے جو ذوق عبادت ملے۔۔۔۔

۔۔۔۔کیا دوا کے استعمال سے غرض طلب صحت ہے یا لذت کام و دہن؟ اگر یہ میسر آجائے تو بہتر۔ ورنہ دوا سے انکار تو نہیں کیا جائے گا (تذکرہ ص۲۲۳۔ ۲۲۴)

"یہ احوال پیش آتے رہتے ہیں مگر کیفیات قائم نہیں رہتیں جیسے کوئی ہر وقت ہنستا، روتا، یا غصہ میں نہیں رہ سکتا۔ مگر طاعت میں علی کل حال لگا رہنا چاہیئے۔ اس سے کبھی غفلت نہ ہو۔ بلکہ لطف و کیفیت کے نہ ہونے پر بھی جو عبادت کی جاتی ہے۔ اس میں مجاہدہ کا ثواب زیادہ ہے کہ بندہ باوجود حظ و لذت سے محرومی کے کام میں لگا ہے۔ غلام کو خواہ آقا کی خدمت میں لذت آئے یا نہ آئے خدمت میں لگا رہنا ہی ہے۔ ورنہ وہ آقا کی راحت کا نہیں بلکہ اپنی لذت کا طالب ہے۔ جو شرط وفا کے خلاف ہے۔ غرض اس راہ میں قبض یا بسط جو کچھ پیش آئے اس پر راضی رہنا چاہیئے۔ آقا کی مرضی وہ جس حال میں رکھے۔"

سالکین کے لئے اس اقتباس کا ایک ایک حرف حرزِ جان بنانے کے لائق ہے کہ لذت طلبی کے بارے میں حقائق کی عجیب عقدہ کشائی فرمادی ہے۔ رحمہ اللہ رحمۃ واسعۃ حضرت الشیخ قدس سرہ کے ان ارشادات سے لذت کی غیر مقصودیت واضح اور

Marfat.com

میسر ہو جاتی ہے تاہم اگر لذت بے طلب خود سے میسر آئے تو اللہ تعالیٰ کی نعمت محمود اور قابل شکر ہے. چنانچہ ارشاد فرماتے ہیں۔

"حصول لذت محمود ہے مگر مقصود نہیں اس کے درپے نہ ہونا چاہیئے وہ خود سے آئے گی ..... (ایسے) حلاوت ایمان ذکر کی کثرت اور اطاعت الٰہی کی مداومت سے حاصل ہوتی ہے۔"

....." یہ لذت و فرحت مبارک ہے جو گو بالذات مقصود نہیں لیکن محمود ہے۔ فالحمد للہ۔ اس پر خدا کا شکر ادا کیجیے۔ یہ بڑی نعمت ہے۔"

ان مباحث سے یہ بات ظاہر ہوئی کہ لذت و ذوق و شوق کو قربِ الٰہی میں بالذات کوئی دخل نہیں۔ اس لئے ذکر و عبادات کو لطف و لذت وغیرہ کے جذبات سے خالی ہو کر صرف رضائے الٰہی کے لئے کرنا چاہیئے کہ خلوت خانہ دل میں اس کے سوا کچھ بھی نہیں ہونا چاہیئے لذت تو صرف اس میں ہے کہ صرف اس کے لئے اس میں شاغل ہو کر اسی کے جلووں سے لطف اندوز ہو اور اس کی رضا و عطا پر سب کچھ قربان کر دے۔ لذت ملی تو کیا نہ ملی تو کیا ؎

فراق و وصل چہ باشد رضائے دوست طلب
کہ حیف باشد ازو غیر او تمنائے

استغراق دلیلِ قرب نہیں

بعض حضرات حبِّ الٰہی اور عبادات میں مدہوشی و استغراق کو علامتِ کمال اور دلیلِ قرب سمجھتے ہیں۔ حالانکہ بقولِ امام الطریقہ حضرت تھانوی قدس سرہٗ "اللہ تعالیٰ کا نام ہوش بڑھانے کے لئے لیا جاتا ہے نہ کہ ہوش کھونے کے لئے"۔

ہمارے حضرت والا رحمہ اللہ تعالیٰ اتباعِ احکام اور سیر سلوک کی جملہ منازل میں ہوشیاری و بیداری، تیقظ و ہوش کو باعثِ ترقی اور دلیلِ کمال سمجھتے تھے اور نری بے خبری و دیوانہ پن، استغراق و انہماک کو نہ تو نشانِ قرب قرار دیتے تھے نہ تو مفید طریق نہ ذریعہ ترقی روحانی،

چنانچہ ایک خادم کو لکھتے ہیں۔

"باقی جو آپ کی تمنا ہے کہ آپ کو عشقِ الٰہی اور عشقِ رسول (صلی اللہ علیہ وسلم) ملے اور اس میں استغراق ہو جائے تو جہاں تک تمنا کا تعلق ہے۔ مناسب ہے لیکن یہ سمجھنا کہ آپ کو عشقِ الٰہی اور عشقِ رسول صلی اللہ علیہ وسلم حاصل نہیں۔ صحیح نہیں۔ ہر مومن کو اس کا مرتبہ کچھ نہ کچھ حاصل ہے۔ اور آپ کی یہ صورتِ تمنا اس کی دلیل ہے۔ البتہ اس میں ترقی اعمالِ خیر میں ترقی ہی سے ممکن ہے۔ جس قدر اعمال میں ترقی ہوگی۔ اور محبوبِ حقیقی کے احکام کی تعمیل میں ترقی ہوگی۔ اس قدر اس مرتبہ میں ترقی ہوگی۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔ باقی استغراق و انہماک کی طلب تو یہ ناسمجھی سے ہے۔ استغراق و انہماک کمال نہیں ہے۔ چنانچہ حضرات

Marfat.com

انبیا علیہم السلام اور اُن کے صحابہ رضی اللہ عنہم اس سے پاک تھے۔ آپ غور کریں۔ کہ کسی محبوب کے احکام کی تعمیل میں دیوانہ پن اور بے خبری دلیل کمال ہے یا ہشیاری اور بیداری کمال کی دلیل ہے۔ سنا ہے کہ انگریز سپاہی شراب میں مست ہو کر لڑتا ہے اور پٹھان پوری ہوشیاری اور بیداری سے بتائیے ان دونوں میں شجاعت اور بہادری کا اعلیٰ نمونہ کس میں ہے"

ایک سالک نے لکھا، "ذکر کے وقت اکثر "حضور" حاصل نہیں ہوتا ..... گو ذکر کے ناغہ پر بے چینی رہتی ہے ..... پھر بھی اس کا رنج ضرور ہے کہ ذکر میں جو استغراق پیدا ہونا چاہیئے بالکل حاصل نہیں" (ملخصاً)

حضرت الشیخ قدس سرہ نے جواباً ارقام فرمایا۔

"ابھی تک آپ کی سمجھ میں ذکر کی حقیقت نہیں آئی، اس سے مقصود محبت الٰہی کی ترقی ہے۔" استغراق" اور "حضور" دو (الگ الگ) چیزیں ہیں" استغراق" تو اس کا نام ہے کہ انسان کا شعور باطل ہو جائے، بوجہ شدت انہماک کے تو یہ مطلوب و ممدوح نہیں۔ البتہ "حضور" مطلوب و ممدوح ہے۔ وہ اس کا نام ہے کہ فی الجملہ ذکر میں مذکور (یعنی اللہ تعالیٰ) کا استحضار ہو یا قلب کی طرف توجہ یا خود ذکر کی طرف دھیان ہو۔ ان میں سے جو بات جس وقت اور جتنی بھی حاصل ہو جائے وہ شکر کے قابل ہے کیونکہ وہ عطائے الٰہی ہے اختیاری نہیں۔

ان اقتباسات سے ظاہر ہو گیا ہے کہ استغراق و بے خبری مطلوب و دلیل قرب و کمال نہیں۔ اس لئے اس کے درپے نہ ہونا چاہیئے اور جملہ اعمال شریعت مطہرہ کے احکام (ظاہری و باطنی) کے مطابق پوش و توجہ سے بجا لانا چاہیئے۔

Marfat.com

حضرت والا رحمہ اللہ تعالیٰ کا ملفوظ ہے۔

"کیفیات وجذبات اور جوش پر عقل کو غالب کرنا اور عقل پر حکمِ شرع کو غالب کرنا اصل دین ہے"

Marfat.com

قربِ ربّانی اور اختیاری وغیر اختیاری امور

انسان اختیاری امور کا مکلّف ہے اور اسے غیر اختیاری امور و اعمال کی تکلیف نہیں دی گئی۔ سورہ بقرہ میں ارشادِ ربانی ہے۔

لَا يُكَلِّفُ اللّٰهُ نَفْسًا اِلَّا وُسْعَهَا — خدا کسی کو اس کی گنجائش سے زیادہ کی تکلیف (البقرة - ۴۰) احکم نہیں دیتا۔

دوسرے مقام پر ہے۔

لَا يُكَلِّفُ اللّٰهُ نَفْسًا اِلَّا مَا اٰتٰهَا — اللہ تعالیٰ کسی پر اس سے زیادہ بار نہیں ڈالتا (الطلاق - ۱) چاہتا جتنا اسے دیا ہے

یہ اس وجہ سے ہے کہ اللہ تعالیٰ نے دین میں کوئی تنگی نہیں رکھی۔

وَمَا جَعَلَ عَلَيْكُمْ فِي الدِّيْنِ مِنْ حَرَجٍ — اور (اللہ تعالیٰ نے) تمہارے لئے دین میں (حج - ۱) کوئی تنگی نہیں رکھی۔

بلکہ اللہ تعالیٰ کا فضل و رحمت انسانوں کے لئے آسانی چاہتا ہے۔

يُرِيْدُ اللّٰهُ بِكُمُ الْيُسْرَ وَلَا يُرِيْدُ بِكُمُ الْعُسْرَ (بقرہ - ۲۳) — خدا تمہارے ساتھ آسانی چاہتا ہے سختی نہیں

اس قسم کی آیتوں کی مزید وضاحت حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشادات گرامی سے ہو جاتی ہے۔

Marfat.com

فرمایا:-

إنّ ھذا الدین یسرولن یشاق الدین احدٌ الاّ غلبہ (کنزالاعمال بحوالہ بخاری ونسائی جلد ۲ صفحہ ۹ ۔ سیرۃ النبی بحوالہ جمع الفوائد جلد ۵ صفحہ ۳۵)

یہ دین آسان ہے جو کوئی شخص دین سے سختی میں مقابلہ کرے گا۔ تو دین اس کو مغلوب کر دے گا۔

اور فرمایا:-

لا تشدّدوا علی انفسکم فیشدّدُ علیکم فان قوماً شددوا علی انفسھم فشدد اللہ علیھم فتلک بقایاھم فی الصوامع والدّیارات رُھبانیۃً ابتدعُوھا ما کتبنٰھا علیھم

(کنز العمال جلد ۲ صفحہ ۹ بحوالہ ابو داؤد)

اپنی جانوں کے اوپر سختی نہ کرو کہ تم پر سختی کی جائے۔ پس ایک قوم نے اپنی جانوں پر (دین) کے بارے میں سختی کی پس اللہ تعالیٰ نے ان پر (ان کی زیادتی کی وجہ سے) سختی کی پس یہ کلیساؤں اور کنیساؤں میں اپنی (دین میں تشدد کرنے والوں کے) بچے ہوئے افراد ہیں (جنہوں نے بزعم خود خدا کی خوشنودی حاصل کرنے کے لئے بقول قرآن پاک) رہبانیت کو اپنے لئے (خود) ایجاد کر لیا تھا اور ہم نے اسے ان پر واجب نہیں کیا تھا

ایک اور روایت میں ہے۔-

یا ایھا الناس علیکم من الاعمال ما تطیقون فان اللہ لا یملُّ حتّٰی تملوا (کنز العمال جلد ۲ صفحہ ۸ بحوالہ صحیح بخاری وصحیح مسلم)

اے لوگو! اعمال میں اتنے ہی کاموں کو اختیار کرو جتنا برداشت کر سکو کیونکہ جب تک تم نہ اکتا جاؤ اللہ تعالیٰ نہیں اکتاتا۔

Marfat.com

اس مفہوم کی متعدد روایات کتب حدیث میں نقل کی گئی ہیں (دیکھئے کنز العمال ج ۲ ص ۱۲۰ و سیرۃ النبی ج ۵ ص ۳، ۴۴)

ان نصوص سے ثابت ہوتا ہے کہ انسان کو صرف انہیں اعمال کا مکلف بنایا گیا ہے جو اس کے اختیار و طاقت میں ہیں اسے تکلیف مالا یطاق نہیں دی گئی اور نہ اس پر غیر اختیاری امور کا بار ڈالا گیا ہے۔ اسی سبب سے تمام "احکام الٰہیہ" اور جملہ "اوامر شرعیہ" انسانی استطاعت و اختیار اور بنی آدم کی "فطری وسعت و قوت" کے مطابق شروع کئے گئے ہیں اور ہر شخص سے ان احکام کی بجا آوری کا مطالبہ اس کی "شرعی استطاعت و وسعت" کے بقدر ہے۔ اس لئے اسلامی سلوک کی جملہ گھاٹیاں اور قرب ربانی کی جملہ منازل صرف مامور بہا اختیاری امور پر عمل کرنے سے طے ہوتی ہیں۔ اس سے یہ بات بھی واضح ہو گئی کہ اس راہ میں غیر اختیاری اعمال مقصود نہیں اس لئے ان کے درپے ہونے کی ضرورت نہیں بلکہ ان امور سے قطع نظر کرتے ہوئے اپنی پوری ہمت و عزیمت سے اختیاری اعمال میں محنت و کوشش کرنا ہی کلید کامیابی ہے کہ طریق میں مامور بہا اختیاری احکام و اعمال میں تساہل و سہل انگاری کی گنجائش و اجازت نہیں۔ حضرت والا رحمہ اللہ تعالیٰ ایک طالب کو ارقام فرماتے ہیں۔

" آپ اپنی طرف سے امور اختیاری میں تساہل نہ فرمائیں۔ اللہ تعالیٰ کا وعدہ ہے کہ جو ہماری راہ میں محنت کرے گا ہم اس کو راہ دکھائیں گے ...... یہ راہ ہمت و عزیمت کے بغیر طے نہیں ہوتی۔ اسی کا نام مجاہدہ ہے۔

وَجَاهِدُوا فِي اللّٰهِ حَقَّ جِهَادِهٖ۔ اللہ کی راہ میں پورا پورا مجاہدہ کرو۔

مجاہدہ یہی ہے کہ نفس کی باطل خواہشوں سے اعراض برت کر مقصد حق کو پورا

Marfat.com

کیا جائے اور اسی پر دین و دنیا دونوں کی کامیابی کا انحصار ہے"۔

ایک دوسرے سالک کو لکھتے ہیں:۔

" ایک اصول نہایت اہم سمجھ لیجئے۔ امورِ اختیاریہ میں بندہ کمی نہ کرے اور امورِ غیر اختیاریہ کے درپے نہ ہو ..... تمنا ہو تو صاحبِ تمنا کے پیش کیا کیجئے۔ وہ جو چاہیں گے اور جب چاہیں گے دیں گے اور اگر مدت تک بھی نہ ملے تو اس کے لئے تشویش نہ کیجئے ؎

کہ خواجہ خود روشِ بندہ پروری داند'

.... پراگندگی خاطر کی کوئی بات نہیں اعمال سب معلوم ہے۔ ضرورت عمل کی ہے اور حصولِ تقویٰ اور رضائے الٰہی کی، ساری کوشش اسی کی چاہیئے، باقی سب فلسفہ ہے"

اس سے معلوم ہوا کہ مقصود صرف اختیاری اعمالِ صالحہ ہیں اور وہ جملہ امور جو انسان کی استطاعت و وسعت سے باہر ہیں یا اس کے دائرہ اختیار میں نہیں۔ انسان ان کا قطعاً مکلف نہیں، نہ وہ مقصود ہیں نہ ان کے درپے ہونا مفید و معین سلوک ہے یہاں یہ بات واضح کر دینی ضروری ہے کہ جملہ کیفیات و احوال، مواجید و مکاشفات، رویا و ندا، وغیرہ اعمال کے ثمراتِ عاجلہ ہیں جو انسانی دائرہ اختیار سے خارج اور جو محض عطائے رب ہیں۔ اس لئے یہ غیر اختیاری امور محمود تو ضرور ہیں لیکن مقصود ہرگز نہیں اور نہ ان پر رضائے الٰہی اور قربتِ ربانی کا مدار و انحصار ہے اس لئے سالکین کو ابتدا ہی میں اچھی طرح یہ بات سمجھ لینی چاہیئے کہ اس قسم کے غیر اختیاری امور کے درپے ہونا رہزنِ طریق ہے پس امور اختیاری میں کمی نہ کی جائے اور غیر اختیاری امور کو نہ مقصد گردانا جائے نہ اس کے درپے ہوا جائے مقصود صرف عقائدِ صحیحہ اور اعمالِ صالحہ ہیں باقی تمام چیزیں ان کے نتائج و ثمراتِ عاجلہ ہیں

Marfat.com

مربی حقیقی کی حکمتِ بالغہ جیسے اور جیسا مناسب سمجھتی ہے۔ ان نتائج و ثمرات کو مرتب فرماتی ہے۔ کہ بقول حضرت سیدی قدس سرہ احوال جلیلہ گو غیر اختیاری ہیں۔ مگر اللہ تعالیٰ نے ان کے بھی قواعد مبنی بر حکمت رکھے ہیں۔ اس لئے جب ان قواعد کی پابندی کی جاتی ہے تو عادتاً حکمت ربانی طالب کے مناسب احوال و کوائف کا ترتب فرما دیتی ہے۔

تاہم اعمال و طاعات پر ان احوال و ثمرات کا ترتب اگر عمر بھر بھی نہ ہو اور سالک اخلاصِ تام کے ساتھ مرضیاتِ حق میں مشغول ہو، تو اس کی ترقی روحانی میں ذرہ برابر کمی واقع نہیں ہوگی کہ رضاء و قربِ ربانی کے حصول میں ان آثار کا عدمِ ظہور قطعاً خارج نہیں۔ بلکہ ممکن ہے کہ ثمرات عاجلہ کا استغنا مجاہدہ کی زیادتی کی وجہ سے مزید ترقی کا سبب ہو۔ اس لئے سالک کو ان چیزوں کے فقدان پر رنجیدہ و پریشان نہیں ہونا چاہیئے۔ کہ مربی حقیقی کا معاملہ سالکین کے ساتھ انتہائی حکمت و شفقت پر مبنی ہے اس کا ہر تصرف عینِ لطف و عطا ہے اس لئے اختیاری امور کی بکمال عزیمت و اخلاص پابندی اور "غیر اختیاری" امور میں تفویض و سپردگی ہی ذریعہ قرب و رضا ہے کہ ؎

بدُرد و صاف ترا حکم نیست دم درکش
کہ ہرچہ ساقیِ ما ریخت عینِ الطاف است

بہرحال اختیاری و غیر اختیاری امور میں تمیز، اور اختیاری امور کا بکمال ہمت و اخلاص اختیار اور غیر اختیاری امور کا ترک (بقول مرشد تھانوی) نصف سلوک ہے۔ بلکہ اس عظیم اصول کا کامل ادراک و تتبع اور اس پر کمال عزیمت و اخلاص سے عمل پورے سلوک کا خلاصہ ہے جس سے جملہ مراحل و منازل بفضلہ تعالیٰ طے ہو جاتے ہیں اور طالب کشا کشی ہے

رنگا رنگ سے چھوٹ کر سلوک کی سیدھی اور مسنون راہ پر گامزن ہو جاتا ہے اور رضائے الٰہی کی دولت سے ہمکنار ہو جاتا ہے کہ سالک کا کام تو صرف اخلاص کے ساتھ سنت نبویؐ کے مطابق سعی و محنت ہے۔ منزل تک رسائی تو محض اللہ تعالیٰ کے فضل کا کرشمہ ہے۔

ہمارے حضرت والا رحمہ اللہ تعالیٰ کا ملفوظ ہے۔ "ہم تو صرف طلب و کوشش کے مکلف ہیں۔ وصول کے مکلف نہیں" سالک کے لئے امور اختیاریہ میں ہمت کر کے اپنی پوری سعی و کوشش کر لینا ہی کافی ہے۔ طالب صادق کو رحمت الٰہی کبھی محروم نہیں رکھتی کہ طریق کا ہر درست قدم راہ بھی ہے اور منزل بھی، ذریعہ بھی ہے اور مقصد بھی کہ بکمال اتباع سنت نبویہ کے مطابق جو قدم بھی اٹھایا جائے گا۔ وہ رضائے رب کا مورد، اور قرب الٰہی کا سبب ہو گا اس طرح اس راہ کا ہر قدم "وصول" کا حکم رکھے گا۔ کہ مقصودِ طریق رضائے دوست ہے و بس

غرض طلب و کوشش اور اختیاری امور کا اہتمام شرطِ وصول ہے۔ رحمت و فضل الٰہی اس کا ثمرہ جب چاہے گا مرتب فرما دے گا ؎

آہی جائیگا کبھی اس تک بھی ساقی دورِ جام
منتظر بیٹھا ہوا جو بھی تیری محفل میں ہے

اختیاری و غیر اختیاری امور میں تمیز، مقصودہ و غیر مقصودہ اعمال میں امتیاز، مقاصد و ذرائع میں تفریق طریق کا بنیادی پتھر ہے۔ ان چیزوں میں فرق نہ کرنے کی وجہ سے طالب سلوک کی گھاٹیوں میں بھٹک کر رہ جاتا ہے اور سلوک کی صاف اور سیدھی نبویؐ شاہراہ پا نہیں سکتا۔ اس لئے محقق اور صاحب بصیرت مشائخ طالب کو اس راہ کے جملہ مراحل و عقبات

Marfat.com

اور ناکسوں سے آگاہ کرتے رہتے ہیں اور اس پر خطرناک راہ کو گلگزارِ جنت کی سیر

بنا دیتے ہیں کہ ع

ساقی یا ئے پھول تو کا نٹا نکال کے

ہمارے حضرت والا قدس سرہ تو اس راہ کے دقیقہ رس رہبر راہی ورہنما تھے۔ چنانچہ

اپنے مسترشدین کو ہر ہر قدم پر ان حقائق سے آگاہ فرماتے رہتے تھے۔ حضرت الشیخ رحمہ کے

تربیتی مکتوبات اس پر شاہد عدل ہیں ایک مسترشد نے شکایت کی کہ "نماز میں وہ سرور وہ کیفیت

نہیں پائی جاتی جو پہلے حاصل تھی ..... یکسوئی سے بھی (باوجود کوشش کے) محروم رہتا ہوں"

حضرت شیخ رحمہ نے جواباً ارقام فرمایا:

" اس راہ میں ایسا ہوتا رہتا ہے اس کی کچھ فکر نہ کیجئے، یہ سرور ولذت ہمارے آپ کے

اختیار کی چیز نہیں اور جو امور اختیاری نہیں اُن کے درپے نہ ہونا چاہئے، ارتکاب معصیت،

صحبت ناجنس اور غفلت نہ ہو، اس کا علاج استغفار کی کثرت ہے اور بہت نافع ہے" (تذکرہ ص۱۴۴)

ایک دوسرے مکتوب میں اسی سالک کو لکھتے ہیں۔

" نماز میں دل لگنا یا نہ لگنا اپنے اختیار کی بات نہیں۔ اور جو چیز بندہ کی اختیاری نہیں

وہ اس کا مامور بھی نہیں۔ بندہ پر اپنی طرف سے دل لگانے کی کوشش ہے جو اختیاری ہے

جس طرح مریض کا کام دوا پینا ہے جو اس کے اختیار میں ہے۔ شفا کا حصول نہیں جو

اس کے اختیار سے باہر ہے۔ نماز میں استحضار اور خشوع وخضوع کے لئے کوشش چاہیے

اور اس کے لئے دو باتیں ضروری ہیں۔ ایک یہ کہ معانی ادعیہ وسورۂ قرآنی جو پڑھے ان پہ نظر رہے

اور ہر لفظ ارادہ سے نکلے۔ دوسری بات یہ ہے کہ بتوجہ کثرت ذکر کا اہتمام رہے، اس سے

انشاء اللہ مطلوب حاصل ہوگا۔ یعنی یہ نسخہ ہے جس سے شفا کی امید ہے۔ مگر شفا کا ہو جانا یہ

Marfat.com

اللہ تعالیٰ کے اختیار اور بخشش کی بات ہے۔ مگر جس طرح عادت الٰہی جاری ہے کہ عموماً صحیح نسخہ کے استعمال کے بعد وہ شفا عنایت فرماتے ہیں۔ ایسے ہی اس طریقہ سے نماز میں استحضار و خشوع بفضلہ حاصل ہو جاتا ہے اور اگر کوشش کے بعد بھی حاصل نہ ہو تو بندہ کے لئے یہ محرومی ان شاء اللہ مضر نہیں، طمانیت رکھیں۔ "لَا يُكَلِّفُ اللّٰهُ نَفْسًا اِلَّا وُسْعَهَا" (تذکرہ ص ۲۹)

ایک دوسرے گرامی نامہ میں انہیں تحریر فرماتے ہیں

"لطف مطلوب نہیں۔ اگر دل نہ چاہے اور پھر عبادت کی جائے تو مجاہدہ کا مزید ثواب ہے۔ لطف اختیاری چیز نہیں اور غیر اختیاری چیزیں عطیہ الٰہی ہیں۔۔۔۔۔ (سجدہ میں لطف کی) یہ کیفیت محمود ہے مگر اس میں کوئی قرب نہیں۔ قرب اطاعت محض میں ہے (تذکرہ ص ۴۳)

حضرت والا رحمہ اللہ تعالیٰ کے ان ارشادات سے یہ بات واضح ہو گئی کہ انسان صرف اختیاری امور کا مکلف ہے اور یہی اختیاری طاعات و اعمال انسان کے لئے قرب ربانی کے ذرائع اور وسائل ہیں۔ غیر اختیاری اعمال گو محمود ہیں مگر مقصود نہیں اس لئے ان کا قرب میں کوئی دخل نہیں۔ پس سالک کے لئے اتنا ہی کافی ہے کہ اختیاری اعمال میں کوتاہی نہ ہو اور غیر اختیاری امور و احوال و کیفیات کے درپے نہ ہو۔ حکمت ربانی جس وقت جس چیز سے نوازے اسی کو عین حکمت اور عطائے رب سمجھے۔ اگر ان چند باتوں کا اہتمام رہے تو سلوک کے بارے میں بے شمار الجھنوں سے خلاصی میسر آ سکتی ہے اور سلوک کی راہ کمال آسانی کے ساتھ طے ہو سکتی ہے۔

Marfat.com

Marfat.com

پانچواں باب

Marfat.com

معمولاتِ سلوک

ذکر و تہجد و نوافل و تلاوتِ قرآن وغیرہ

طریقِ محبت کے راہی چونکہ مجلس نشینِ ازل کے شیدائی ہوتے ہیں۔ اس لئے ان سوختہ سامانوں کا زادِ راہ یادِ حبیب اور توشہ درد و سوز ہوتا ہے۔ محبوب کی یاد میں ہر دم مگن، اس کے نام سے ان کی زبانیں تر، اس کے دھیان سے ان کے قلوب شاداں اور روحیں منور ہوتی ہیں۔ منشائے حبیب پر وہ جانیں قربان کرتے ہیں اور اس کے اشاروں پر ان کی ہر حرکت موقوف ہوتی ہے۔ ان کی زندگی میں اس کے اوامر سے ہی جان آتی ہے اور اس کے مشاہدہ سے ہی وہ قرار پاتے ہیں اس لئے ان محبینِ صادقین کی راہ پر جو گامزن ہونا چاہے اس کے لئے بھی ضروری ہے کہ ان کا طریق اختیار کرے یادِ الٰہی سے اپنا ہر سانس اور قیام و سجود سے اپنی ہر رات زندہ رکھے۔ عبدیتِ کاملہ اس کا مشغلہ ہو، اور فنائے تام اس کا حال، کہ الٰہی رنگ بندگی کے کمال سے ہی حاصل ہوتا ہے۔ صِبْغَةَ اللّٰهِ وَمَنْ اَحْسَنُ مِنَ اللّٰهِ صِبْغَةً وَّنَحْنُ لَهٗ عٰبِدُوْنَ میں اسی طرف اشارہ پایا جاتا ہے۔

عبدیت کے فرائض و واجبات کی ہر حال میں ادائیگی اور سننِ جزیہ و مستحبات دینیہ کی پابندی و استقامت اور آخری سانس تک انہیں فضائل و مزایا کے حصول کی تگ و دو ان کی زندگی کا حاصل ہوتا ہے کسی نے کیا خوب کہا ہے ؎

حاصلِ عمر نثارِ رہِ یارے کردم
شادم از زندگیِ خویش کہ کارے کردم

Marfat.com

رہرواں را خستگی راہ نیست
عشق خود راہ ہست وہم منزل است

معمولات

دینی معمولات کا اہتمام اور ان کی پابندی سالک کے لئے ترقیات کا زینہ، کامیابی کا ذریعہ، حصول مقصد کی کلید اور قطع منازل کا کامیاب وسیلہ ہے۔ سلوک کے جملہ احوال و مقامات حقیقتاً مامور بہ اعمال کا ثمرہ اور معمولات شرعیہ کا نتیجہ ہوتے ہیں۔ "معمولات" و اعمال اصلاً وہ شجرۂ طیبہ ہے جس کے برگ و بار کوائف و معارف سلوک ہیں۔ موجودہ دنیا میں "حیات طیبہ" اور قرب و رضا" اس کا پھل اور آخرت میں جنت و رضوان اور انعامات خاصہ اس کا ثمر ہوگا۔ آخری سانس تک معمولات اور اعمال صالحہ کے اشتغال و استقامت کے اس پاکیزہ درخت کی آبیاری ہوتی رہتی ہے اور ہر عالم میں اس عالم کے مطابق اس کے پھل اور ثمرات مرتب ہوتے رہتے ہیں۔ تُؤْتِیْ اُکُلَہَا کُلَّ حِیْنٍ بِاِذْنِ رَبِّہَا۔ حضرت سید الملۃ نور اللہ مرقدہٗ دینی معمولات کی اسی اہمیت کے پیش نظر ہمیشہ طالبین کو معمولات کے اہتمام و پابندی کی تلقین فرماتے رہتے تھے۔ مختلف سالکین کو اس بارے میں حضرت والا رحمہ اللہ تعالیٰ نے جو ارشادات رقم فرمائے ہیں وہ ہر راہی طریق کے لئے سرمۂ بینش اور دلیل راہ ہیں۔

مختلف مکتوبات میں طالبین کو ہدایت فرماتے ہوئے ارقام فرماتے ہیں:۔

"معمولات پر استقامت ضروری ہے اگر کسی عذر شرعی سے ناغہ ہو جائے تو حرج نہیں۔ مگر جیسے ہی موقع ملے۔ پھر اپنے کام میں لگ جانا چاہئے۔"

"معمولات پر استقامت اور اپنی اصلاح کی فکر میں لگے رہنا کامیابی کی بڑی دلیل ہے..... (مواعظ و ملفوظات کے مطالعہ کی مداومت ہر مرض کے لئے اکسیر ہے اور

Marfat.com

روحانی ترقی کی کامیاب تدبیر،

" استقامت اور مداومت حصول مقصد کا سب سے کارگر ذریعہ ہے"

"معمولات میں رخنہ پڑنا ترک ہونے کی تمہید ہے۔ اگر حضرت والا (مولانا تھانوی) رحمۃ اللہ تعالیٰ کے رسائل روزانہ مطالعہ میں رہتے تو یہ کیفیت نہ ہوتی، نماز، نوافل، ذکر، تلاوت اور اخلاق و معاملات کی نگرانی یہ چند امور ہیں۔ جو لحاظ کے قابل ہیں ان پہ نظر رہے تو روح مفلوج نہ ہوگی ...... " ہمیشہ کے لئے یہی نصیحت ہے کہ اللہ تعالیٰ کی یاد سے غفلت نہ ہو۔ تہجد اور ذکر کا اہتمام رہے۔ حضرت والاؒ کی تصانیف کا مطالعہ انشاء اللہ تعالیٰ ہر بے راہ روی سے آپ کو بچائے گا اور آپ کے قلب کو اللہ تعالیٰ سے وابستہ رکھے گا۔"

"امید ہے کہ آپ بخیر ہوں گے اور اپنے معمولات کی بجاآوری میں مصروف ہوں گے ... معمولات میں اتفاقی کوتاہی کا تو کچھ حرج نہیں۔ مگر مسلسل کوتاہی قلبی احوال کے تنزل کا ذریعہ ہوتا ہے اور پھر وہ دوری بڑھتی جاتی ہے یہاں تک کہ محرومی تک پہنچا دیتی ہے یہ راہ ہمت اور عزیمت کے بغیر طے نہیں ہوتی، اسی کا نام مجاہدہ ہے 'وَجَاهِدُوا فِي اللَّهِ حَقَّ جِهَادِهِ'۔ اللہ کی راہ میں پورا پورا مجاہدہ کرو۔ مجاہدہ یہی ہے کہ نفس کی باطل خواہشوں سے اعراض برت کر مقصد حق کو پورا کیا جائے اور اسی پر دین و دنیا دونوں کی کامیابی منحصر ہے۔"

"آپ کے حالات سے واقف ہو کر اور معمولات کی پابندی کی خبر سے خوشی ہوئی... آپ کے عراق جانے سے آپ کے متعلق خطرہ تھا کہ آپ ماحول سے متاثر نہ ہو جائیں۔ اللہ تعالیٰ توفیق بخشنے والے اور محافظ ہیں ...... بڑی نعمت اس دنیا میں ایمان

Marfat.com

دِ عمل صالح کے ساتھ رخصت ہونے کی ہے جس کا نام حسنِ خاتمہ ہے ...... انسان کو ہر حال میں اپنے سے چوکنا رہنا چاہیئے۔ کہ اس کا نفس اُس کو فریب میں مبتلا نہ کرے معاملات میں ہمیشہ صفائی اور ایمانداری اور سچائی پیش نظر رکھے"

" امید ہے کہ اب آپ اپنے معمولات پر قادر ہو گئے ہوں گے۔ سب سے بڑی چیز فرائض کے بعد اخلاقِ رذیلہ سے نجات حاصل کرنا ہے، جس کے لئے دعا کے علاوہ کوشش کرنا بھی ہے ...... اللہ تعالیٰ آپ کی باطنی حالت کو آراستہ کرے اور باطنی احوال میں ترقی عنایت فرمائے ہر بات میں اور ہر حال میں رضائے مولیٰ پر نظر ہے"

" بحمد اللہ کوئی شکایت کے قابل تبدیلی نہیں ہوتی۔ معمولات قائم رہیں، اور منہیات سے احتراز رہے۔ پھر عارضی قلت مضر نہیں .... تعلیم کے مشغلہ کی نسبت یہ خیال کریں کہ یہ حصول رزق کی کوشش ہے اس نسبت سے یہ تعلیمی جد و جہد بھی عبادت ہی میں شمار ہوگی۔ باایں ہمہ اوقات نماز و نوافل و ذکر کو قائم رکھیں .... انشاء اللہ تعالیٰ یہ (دوام ذکر کی) نعمت آپ کو حاصل رہے گی"

چند مبتدی طالبین کو تحریر فرماتے ہیں۔

اپنے حالات کی درستی اور معمولات کی پابندی میں لگے رہیئے۔ اور غیر ضروری افکار و خیالات کو دل سے نکال دیجئے۔ وقت کی پابندی کے بغیر معمولات۔ معمولات کی تکمیل کی کوشش میں لگے رہیئے۔

ناغہ ہوتے ہیں۔ اس لئے وقت کی پابندی کی ضرورت ہے (ذکر) رات کو نہ ہو سکے ظہر کے بعد سہی، تہجد میں اٹھنا نہ ہو سکے، تو اس کی دو تدبیریں ہیں، ایک یہ ہے کہ عشاء کی نماز و سنت پڑھنے کے بعد لیکن وتر سے پہلے دو دو رکعت کر کے چند رکعتیں صلوٰۃ اللیل

Marfat.com

کی نیت سے پڑھ لیں، پھر وتر پڑھیں، دوسری یہ کہ اشراق و چاشت کے وقت تہجد کی قضا پڑھیں"

"معمولات کی ادائیگی اور تہجد کی پابندی ہو جاتی ہے تو بڑی بات ہے"

ایک طالب کی معمولات کی عدم پابندی پر ارشاد فرمایا۔

" یہ (جماعت سے نماز کا نہ ہونا اور معمولات میں کوتاہی وغیرہ) امور کیوں پیش آئے صرف اپنی سستی کے سبب سے ایسا نہ کیجئے۔ معمولات تو رات یا صبح کو انجام پاتے ہیں وہ کام کے اوقات نہیں ..... معمولات نماز و تلاوت و دعا میں سستی نہ کریں ..... نفع کے لئے (معمولات پر) مداومت شرط ہے۔ اگر کسی عذر شرعی سے ناغہ ہو جائے تو کچھ حرج نہیں۔ مگر اہتمام یہ ہو کہ ناغہ نہ ہونے پائے۔

"معمولات کی پابندی کے لئے ہمت کیجئے۔ ہمت سے دین اور دنیا دونوں کے کام ہوتے ہیں .... ان امور (یعنی معمولات) کا فائدہ نفس کی اصلاح اور قلبی ترقی ہے کیفیات پر نظر نہ رکھنی چاہیئے۔ یہ اعمال مثل دوا کے ہیں۔ دوا اگر خوش مزہ نہ بھی ہو اور جی بھی اس کے کھانے کو نہ چاہتا ہو اور پھر بھی کھاتے رہیں تو انشاء اللہ تعالیٰ اس کا فائدہ ضرور ہو گا"

ایک طالب نے لکھا: "کبھی کبھی دن رات میں شیطانی و نفسانی خیالات کا غلبہ محسوس ہوتا ہے اس وقت یہ بھی محسوس ہوتا ہے کہ جب یہ چیزیں خیالات کو مکدر کر دیتی ہیں تو اپنی نماز و ذکر و تلاوت وغیرہ معمولات کا کیا فائدہ"۔

حضرت الشیخ قدس سرہ نے حکیمانہ انداز میں ارشاد فرمایا۔

" تقاضائے طبیعت کو تو مٹایا نہیں جا سکتا۔ البتہ اس کے اقتضا پر عمل نہ کیا

Marfat.com

جائے۔ یہی مجاہدہ ہے اور اسی کا ثواب ہے۔ تقاضائے طبیعت کے ظہور سے پریشان نہیں ہونا چاہیئے۔ یہ تقاضا نہ ہو پھر گناہ سے بچنا کیا مشکل ہے۔ پھر انسان بھی دیوار کی طرح ہے اگر اس میں کوئی تقاضا نہیں تو پھر اس کے لئے یہ کمال بھی نہیں"

ایک طالب کی معمولات میں کوتاہی پر تحریر فرمایا:۔

"یہ حالت تو سخت قابلِ اصلاح ہے اور عزیمت کے سوا اس کا کوئی علاج نہیں اس حالت سے مرض شروع ہوتا ہے اس لئے آپ کو سخت تنبیہ کی ضرورت ہے"۔

انہیں کو ایک دوسرے خط میں لکھا۔

"معمولات میں کوتاہی اگر کسی عذر کے سبب ہو تو خیر، ورنہ بظاہر اس کمی کا سبب تو اپنے ارادہ اور عزیمت کو کام میں نہ لانا ہے۔ پھر ندامت کس سے ہے۔ مجھ سے تو ہو نہیں سکتی کہ میرے کام میں تو نقص ہوا نہیں، ظاہر ہے کہ اللہ تعالیٰ سے ندامت ہے۔ مگر ایسی ندامت جس کے ساتھ آئندہ کی عزیمت نہ ہو بیکار ہے اور رسمی ہے۔ ضروری اشغال میں غفلت کا علاج وقتاً فوقتاً قلب کو اللہ تعالیٰ کی طرف مشغول کرلینا ہے"

سفر میں معمولات کے بارے میں ارشاد فرمایا:۔

"ضرورۃً سفر درپیش ہونے میں حرج نہیں حتی الوسع معمولات کا اہتمام چاہیئے"

ایک طالب نے لکھا "سفر میں معمولات وغیرہ چھوٹ جاتے ہیں۔

حضرت والا رحمہ اللہ تعالیٰ نے تنبیہ فرمائی "معمولات تو خیر، فرائض میں تو سستی نہ کی جائے اس لئے بضرورت سفر کیا جائے"

معمولات پر استقامت

دوسرے مکتوبات میں ارقام فرماتے ہیں۔

"طبیعت کی افسردگی کا اثر معمولات پر پڑے

Marfat.com

افسردگی و خوش طبعی کا نشیب و فراز تو دنیا میں ہوتا ہی رہتا ہے اس کی فکر نہ کریں۔

"مبارک کہ معمولات پر پابندی سفر میں نصیب ہو رہی ہے۔ سبب کچھ ہو نتیجہ اچھا ہے"

"آپ کے حالات معلوم کر کے خوشی ہوئی اس پر قائم رہیے۔ استقامت اسی کا نام ہے اس کی دعا مانگیے کہ اس پر حسن خاتمہ ہو" (تذکرہ سلیمان ص ۵۹۹ - ۶۰۰)

"یہ معمولات کافی ہیں۔ کسی معمول کو نہ کرنا یعنی اپنے معمول میں داخل نہ کرنا اتنا برا نہیں ہے جتنا اس کو معمول مان کر اس سے غفلت کرنا" (تذکرہ ص ۶۰۰)

"آپ کے معمولات اور احوال کو معلوم کر کے خوشی ہوئی۔ اسی طرح چلے چلئے ؎

چلا چل تو منزل بہ منزل یونہی

ٹھہرنے کی منزل ابھی دور ہے"

"معمولات کی پابندی استقامت کی دلیل ہے۔ اس کے آثار اعمال، معاملات اور اخلاق میں نمایاں ہونے چاہئیں ...... کیفیات و احوال کی طرف توجہ نہ کیجئے اور صرف حسن عمل اور کثرت ذکر کی طرف توجہ رکھئے۔

"بحمد اللہ تعالیٰ کہ آپ نے اپنے جو حالات پہلے لکھے تھے ان میں تبدیلی نہیں ہوئی معمولات پر پابند ہیں۔ ہر کام میں اللہ تعالیٰ کی رضا جوئی پر نظر رہتی ہے"

"یہ کیا کم احسان ہے کہ معمولات پورے کرا دیئے جاتے ہیں۔ مقام شکر ہے"

"یہ نشیب و فراز اور تلون عالم کی ہر چیز میں ہے۔ انسان بھی اسی عالم میں ہے۔ اس سے گھبرانا نہ چاہئیے بلکہ اور زیادہ استقامت کے ساتھ اپنے کام میں مصروف رہنا چاہئیے حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم کی یہ دعا اسی موقع کی ہے اس کو پڑھا کیجئے۔ یا مقلب القلوب ثبت قلبی علی دینک"

Marfat.com

"بحمد اللہ کہ معمولات پورے ہوتے رہتے ہیں۔ تغیر و تبدل اور نشیب و فراز تو اس عالم کی ہر چیز میں ہے .... (آپ نے) طبیعت کے نشیب و فراز اور عدم استقلال کا جو حال لکھا ہے وہ کوئی نئی بات نہیں اور سب کو اسی طرح پیش آتی ہے۔ اس کی فکر نہ کیجئے اور اپنے کام میں لگے رہیئے..... آپ کی استقامت و اصلاح احوال کے لئے دعا کرتا ہوں۔ اصل معاملہ عمل کا ہے اس سے ترقی و تنزّل کا اندازہ ہوتا ہے۔ معمولات (کی پابندی) اور احکام الٰہی کی اطاعت اور گناہ سے پرہیز ہی اصل چیز ہے۔"

".... اپنے کام میں تا آخر دم استقامت کے ساتھ لگے رہیئے۔ یہی بڑی دولت ہے"

"(آپ کو معمولات کی) استقامت پر مبارکباد دیتا ہوں اب تو زندگی کے آخیر لمحہ تک یہ استقامت قائم رکھنا ہے۔ تَوَفَّنِیْ مُسْلِمًا وَّاَلْحِقْنِیْ بِالصّٰلِحِیْنَ کی دعا چاہیئے..... دھن کے ساتھ اپنا کام کئے جائیے۔ اور ظاہر و باطن کی تہذیب و درستی میں لگے رہیئے"

"(معمولات میں) جو کچھ ہو رہا ہے اس پر شکر کیجئے اور جو نہیں ہو رہا اس کے لئے ہمت کیجئے"

"بارک اللہ تعالیٰ، (معمولات پر استقامت) بے شبہ شکر کا مقام ہے ...... اضطراری عذر کے سبب اگر کسی معمول میں کمی ہو جائے تو ان شاء اللہ تعالیٰ ہماری نیت کے مطابق حق تعالیٰ اس کی جزا عنایت فرمائیں گے۔ یہ اُن کی شان رحیمی و کریمی ہے .... الحمد للہ تعالیٰ کہ آپ اب اچھے ہیں۔ اگر دوران علالت میں معمولات بعذر ضعف و مرض انجام نہ پاسکے اور ارادہ یہی تھا کہ اگر یہ مانع نہ ہوتا تو آپ ضرور معمولات پورا کرتے تو ان شاء اللہ تعالے اس کا اجر بھی ملے گا۔"

الحمد للہ کہ آپ معمولات کے پابند ہیں۔ اللہ تعالے جلد منزل مقصود تک پہنچائے..

Marfat.com

".... دوامِ عمل اور صحت فکر و نظر ہی کامیابی کی کنجی ہے"

"اس سے بہت خوشی ہوئی کہ آپ کے معمولات جاری ہیں"

"اُمید ہے کہ آپ کے معمولات قائم و جاری ہوں گے اور اپنے نفس کے احتساب میں معروف ہوں گے"

"آپ کا خط ملا، حالات معلوم ہوئے آپکے احوال پابندیِ معمول و استقامت علی الدین کو معلوم کر کے مسرت ہوئی اللھم زد فزد۔

"ایک طالب کے اظہار ارادت و عزم استقامت پر ارشاد فرماتے ہیں:۔

"یہ کیفیات محبت کے ہیں۔ اور محمود ہیں۔ اللہ تعالیٰ استقامت نصیب فرمائیں۔ کہ جو قدم صحیح سمت میں اٹھ چکے ہیں۔ وہ پھر اس وقت تک نہ رکیں، جب تک مرحلہ حیات ختم نہ ہو جائے، اسی کا نام حسن خاتمہ ہے جس کی تمنا اور دعا، انبیاء علیہم السلام تک نے کی ہے حضرت یعقوب علیہ السلام نے اپنے بیٹوں کو مرتے وقت وصیت فرمائی۔ وَلَا تَمُوْتُنَّ اِلَّا وَ اَنْتُمْ مُسْلِمُوْنَ۔ حضرت یوسف علیہ السلام نے سلطنت کے کاروبار میں حصہ لینے کے بعد دعا کی۔ فَاطِرَ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ اَنْتَ وَلِیّٖ فِی الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَۃِ تَوَفَّنِیْ مُسْلِماً وَّاَلْحِقْنِیْ بِالصّٰلِحِیْنَ، یہ دعا حسن خاتمہ کے لئے پڑھنی چاہیئے۔ حضور صلعم فرماتے ہیں:۔ قُلْ رَبِّیَ اللّٰہ ثم استقم،

ایک سالک کو حضرت والا رحمہ اللہ تعالےٰ نے معمولات کے بارے میں جو ارشاد فرمایا ہے اس کی تفصیل افادہ کے لئے نقل کرتا ہوں

"آپ کسی وقت دو رکعت نفل باخلاص و خضوع پڑھ کر استغفار کیجئے اور اسی وقت سے کام شروع کیجئے اور پوری توبہ گذشتہ تقصیروں پر کر کے آگے کے لئے اطاعت کامل کا

Marfat.com

عزم کیجئے۔ اللہ تعالیٰ پورا فرمادیں گے۔ وَمَنْ یَّتَوَکَّلْ عَلَی اللّٰہِ فَھُوَ حَسْبُہٗ،،

۱:- نماز پنجگانہ کے علاوہ حسب ذیل نمازوں پر حتی الامکان مداومت کیجئے۔

نماز تہجد:- بعد مغرب ۶ رکعات نفل، طلوع آفتاب کے کچھ دیر بعد ۲ یا چار رکعات نفل۔ چاشت چار، نماز پنجگانہ کے بعد نوافل مسنونہ، نوافل اگر بعذر کبھی چھوٹ جائیں تو حرج نہیں۔

۲:- تمام منہیات سے توبہ کرکے ان سے بچنے کا اہتمام کرنا چاہیئے۔

۳:- اس (اوامر و منہیات کے علم) کے لئے حضرت والا رحمۃ اللہ علیہ کی اصلاح الرسوم اور بہشتی زیور مطالعہ کیجئے اور ان کے مطابق عمل کیجئے۔

۴:- تہجد کی نماز کے بعد درود کے ساتھ بارگاہ الٰہی میں ہر شب بالحاح تام اپنے لئے دعا کیجئے۔ دعا میں خضوع ہونا چاہیئے۔ عصر اور صبح کی نمازوں کے بعد بھی دعا خوب کیجئے اور مانگئے۔ جو آپ کے لئے مناسب ہو، انشاء اللہ ملے گا اس در سے کوئی محروم نہیں ہوا ہے۔ اُدْعُوْنِیْٓ اَسْتَجِبْ لَکُمْ اس کا اعلان عام ہے۔ الدعاء مخ العبادۃ

۵:- نماز میں اعتدال ارکان اور حضور قلب کی کوشش ہو۔

اب اس کے بعد اپنے احوال سے اطلاع دیتے رہیں۔۔۔۔ جس قدر مکاتبت کا سلسلہ رہے گا۔ انشاء اللہ نافع ہوگا۔ جو حال اس راہ میں ہو اس سے اطلاع دیں۔ اس راہ میں ضرور ہے کہ مربی کے ہاتھ میں اس طرح دیدیں جس طرح مریض طبیب کے ہاتھ میں اپنے کو دیدیتا ہے

دوسرے مکتوب میں انہیں کو تحریر فرماتے ہیں "اب ضرورت اس بات کی ہے کہ بعد فرائض وسنن ونوافل کی پابندی علی مراتب الوجوب والاستحباب کے منہیات شرعیہ سے احتراز کا لزوم کیا جائے اور ہمیشہ نظر اپنے احوال پر رہے اور جو عیب اس

Marfat.com

سے زیادہ ابھرا ہوا علی العیان معلوم ہو۔ اس کے دفعیہ کی کوشش کیجئے۔ مثلاً کبر عجب، ریا، حسد وغیرہ، آپ اس عیب کی حقیقت پہلے دریافت کریں، اگر معلوم نہ ہو، اور پھر اس کا علاج دریافت کریں .....

آپ کے لئے عالم مشغول کے اعمال کی تجویز تھی۔ اس سے آگے بڑھنے میں جلدی نہ کیجئے۔ اس (قصد السبیل) میں جو کچھ لکھا ہے۔ اس کی تعلیم کیجئے اس کتاب قصد السبیل کے آخر میں منہیات و اوامر کی تصریح ہے۔ وہ پیش نظر رہے۔ مقصود حصول تقویٰ ہے کہ قرآن پاک ھُدًى لِّلْمُتَّقِينَ ہے اور عبادت کا منشا ربجا آوری کے بعد حصول تقویٰ ہے۔ لَعَلَّكُمْ تَتَّقُونَ ؕ

Marfat.com

ذکرِ الٰہی

ذکرِ حق پاک است چوں پاکی رسید
رخت بر بندد، بروں آید پلید
چوں در آید نام پاک اندر دہاں
نے پلیدی ماند و نے آن دہاں (رومیؒ)

بادۂ الست کے میگسار عشقِ الٰہی سے سرشار ہوتے ہیں۔
"قرب بے غیبت" ان کا حال اور تصورِ جاناں" ان کا شعار ہوتا ہے

قرب بے غیبت نماز عاشقاں
فی صلوٰۃ دائمون آرزوست ؛ (مسیا الملتہؒ)

"یادِ حبیب" سے ان کے دل پر انوار اور ان کی خلوت و جلوت میں بہار ہوتی ہے ان کے ظاہر و باطن کا نکھار اللہ تبارک و تعالیٰ کے دائمی دھیان و استحضار سے ہوتا ہے۔ حبِ الٰہی کی طرح "یادِ حق" ان کے ریشے ریشے میں سرایت کر جاتی ہے۔ ان کا ہر بنِ مو "آوازِ دوست" سے پر شور ہو جاتا ہے اور ہر رگِ جاں ذکر کی دلنواز صدا بن جاتی ہے۔ تہلیل و تسبیح ان کا مشغلہ، حمد و ثنا ان کا معمول اور ہمہ وقت دھیان اللہ ان کا شیوہ ہوتا ہے۔ وہ اس عالم میں "یادِ الٰہی" کے "زندہ نشان" اور ذکرِ الٰہی

Marfat.com

کی ایسی حجابیاں ہوتی ہیں۔ جن کے دیکھے سے غفلت کے قفل کھل جاتے ہیں۔ غافلوں تک کو بے اختیار اللہ تبارک و تعالیٰ یاد آجاتے ہیں۔ حُبِّ الٰہی کا غلبہ انہیں ہر آن حق تعالےٰ جلّ شانہ میں شاغل رکھتا ہے اور "یادِ محبوب" کا دوام ان کے دلوں کو غیر سے فارغ کر دیتا ہے کہ جب ذکر کی حقیقت قلوب پر چھا جاتی ہے اور ذکر دل کے اندر پیوست و راسخ ہو جاتا ہے۔ تو ماسوا کا فکر و دھیان قلب سے کلیتہً خارج ہو جاتا ہے اور سالک پر آیۂ کریمہ " وَاذْكُرِ اسْمَ رَبِّكَ وَتَبَتَّلْ إِلَيْهِ تَبْتِيلًا " کی حقیقت جلوہ گر ہو کر اسے غیر اللہ " سے منقطع اور ذات ربانی میں ہمہ تن مشغول کر دیتی ہے۔ ذکر سے دل انوار الٰہیہ سے معمور اور تجلیات ربانیہ کا محل بن جاتا ہے۔ شئون و صفاتِ الٰہیہ کی جلوہ سامانیاں، اور ذاتِ حق کی بارگاہِ قدس میں اس کا ذکر اسے ملاء اعلیٰ کی توجہات و فیضان کا مورد بنا دیتا ہے، الفاظِ ذکر سے حقیقتِ ذکر تک رسائی اسے ذکر سے "مذکور" تک پہنچا دیتی ہے۔ سلوک کی ابتداء الفاظ ذکر سے ہوتی ہے اور اس کی انتہا "مذکور" کی "صفات" کی معرفت، اشتغال اور ذات متعال کے بے چوں و بے چگوں" دھیان حضوری کی کیف انگیزیوں میں ہوتی ہے۔ کیفیتِ احسانی "کی ایک پرسکون، نادیدہ تجلی" ہر آن اس کے قلب کو مستوی ازل کے دھیان میں مشغول رکھتی ہے۔

"ذکر" "ذاکر" کے دل کو روشن، نرم، منقاد، رذائل سے پاک اور فضائل سے

۱۔ حدیث نبویؐ ہے۔ ان من الناس مفاتیح لذکر اللّٰہ اذا رؤا ذکر اللّٰہ
کنز العمال ج ۱ ص ۱۰۶ بحوالہ مسند کبیر طبرانی عن ابن مسعود)

Marfat.com

رفتہ رفتہ آراستہ کر دیتا ہے۔ "تجلیاتِ ذکر" سے ذاکر کو "مذکور" یعنی اللہ تعالیٰ کے ساتھ ایک خاص "لگن"، "رابطہ" اور "نسبت" میسر آجاتی ہے اور وہ "محبوبِ حقیقی" کے رضا و قرب کو اپنا مقصد بنا لیتا ہے اس لئے احکامِ الٰہی کی بے چون و چرا تعمیل اور نواہی سے پرہیز اس کی عادتِ ثانیہ بن جاتی ہے۔ "ذکر" کی "قوتِ محرکہ" ذاکر کو ہر آن تحسینِ اعمال اور اللہ تعالیٰ کے قرب و رضا کے حصول میں سرگرم رکھتی ہے۔ گویا "ذکر" کا لازمہ "احکامِ ربانی" کی پابندی اور منکرات و فواحش سے کلی پرہیز ہے۔ معاصی کے صدور کے ساتھ ذکرِ حقیقی کا اقتران محض دجل و تلبیس ہے وہ ذکر ذکر ہی نہیں جو ذاکر کو گناہوں سے نہ روک دے اور اسے احکامِ الٰہی کا پابند نہ کر دے۔ "ذاکرین" بارگاہ قدس جل جلالہ و عم نوالہ کی رضا و قرب اور اس کی عطایا و نوازشات کے طالب ہوتے ہیں اور اس کی بارگاہ عالی تک رسائی کے لئے معاصی سے اجتناب اوامرِ الٰہیہ کی پابندی اور اتباعِ سنت کا اہتمام شرط کا درجہ رکھتا ہے۔ گویا "ذاکر" وہی ہوگا۔ جو "مذکور" کے رنگ میں اپنے کو رنگ دے اور اس کے احکام کی کامل اطاعت اپنا معمول، گناہوں سے بچنے کا اہتمام و التزام اپنا شعار اور اتباعِ سنت کو اپنا حال بنا لے۔ ورنہ "صورتِ ذکر" ہوگی۔ حقیقتِ ذکر کا تحقق و وجود نہیں ہوگا۔

ذکر کی اسی حقیقت و اہمیت کی وجہ سے سلوک و ذکر لازم و ملزوم ہیں۔ یادِ حق سے غافل ہو کر اس راہ کا ایک قدم بھی نہیں اٹھایا جا سکتا۔ طریق کا مقصد شریعتِ مطہرہ کے کامل ظاہری و باطنی اتباع سے اللہ تعالیٰ کی رضائے تام کو حاصل کرنا ہے اور چونکہ اصلاح کا سارا مدار قلب کی درستگی، تصحیحِ نیت اور اعمالِ قلبیہ کے سنورنے پر ہے اس لئے مشائخ کرام شریعت کے ظاہری احکام کی پابندی، سنتِ نبویہ کے اتباع و

Marfat.com

اہتمام کے ساتھ قلب کی پاکی اور صفائی پر زیادہ توجہ کرتے ہیں کہ "دل" بن جانے سے انسان بن جاتا ہے اور دل کے بگاڑ سے انسان کا بگاڑ ہے۔ ظاہری اعمال عبادات و اخلاق ہوں یا معاملات و معاشرت ان کی خرابی کی اصل جڑ قلب کے کسی گوشہ میں ہی ہوتی ہے۔ ہدایت و اصلاح کے سب سے بڑے رمز آشنا سیدنا حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد گرامی ہے

"ہشیار رہو کہ بدن میں گوشت کا ایک ٹکڑا ہے۔ جب وہ درست ہو تو سارا بدن درست ہوتا ہے اور وہ خراب ہو۔ تو سارا بدن خراب ہو جاتا ہے، ہشیار رہو کہ وہ دل ہے (بخاری مسلم)

اس دل کی جلا اور پاکی ذکر الٰہی سے میسر آتی ہے۔ حدیث شریف میں ہے۔

"لکل شیء صقالۃ ہر چیز کا صیقل (چمکانے والا) ہوتا ہے اور
وصقالۃ القلوب ذکر اللہ دلوں کا صیقل اللہ تعالٰی کا ذکر ہے۔

(مشکوٰۃ ص۱۹۹ بحوالہ البیہقی)

حضرت سید الملۃ قدس سرہ اس حقیقت کا اظہار اپنے اشعار میں فرماتے ہیں۔

ذکر حق سے صیقل کامل ہوا
محو دل سے نقش ہر باطل ہوا
چار جانب بارش انوار ہے
جلوہ فرما وہ مہ کامل ہوا
دولت کونین سے محروم ہے
جو بھی تیری یاد سے غافل ہوا

قلب کے "تخلیہ" اور "تجلیہ" کے لئے ذکر کی کثرت اکسیر کا حکم رکھتی ہے اسلئے

Marfat.com

جو مشائخ طریق سالکین کو ذکر کے مختلف طرق بتا کر ان کے قلب کو "غیر اللہ" سے فارغ اور ذات حق میں شاغل بنا کر استحضارِ ربانی کے ساتھ احکامِ الٰہی اور سنتِ مطہرہ کا پابند بنانے کی کوشش کرتے ہیں کہ جب دل غیر اللہ کا جویا نہ رہا۔ اور اس میں ایک اللہ جل جلالہٗ عم نوالہٗ سما گیا تو انسان ہر چیز سے کٹ کر اس کا ہو جاتا ہے۔ اور اس کی زندگی اِنَّ صَلٰوتِیْ وَنُسُکِیْ وَمَحْیَایَ وَمَمَاتِیْ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ کا مظہر بن جاتی ہے۔

نسبت دلونِ تھانویہؒ

حضرت والا رحمہ اللہ تعالیٰ مشائخ سے جس سلسلۃ الذہب کی سنہری کڑی تھے، اس میں ہندستان میں رائج چاروں سلاسل چشتیہ، نقشبندیہ، قادریہ، سہروردیہ ایک ہی سلسلہ میں مجتمع ہو گئے تھے حضرت والا رحمہ اللہ تعالیٰ کے مرشدِ روحانی شیخ الکل حضرت تھانوی نور اللہ مرقدہٗ چاروں سلسلوں میں بیعت لیتے تھے لیکن ان کی نسبت غالبہ چشتی ذوق و شوق اور نقشبندی وقار و سکون کا مجمع البحرین تھی۔ قادری اور سہروردی نسبتیں اپنے الوانِ مختلفہ اور اذواقِ طیبہ کے ساتھ اسی نسبتِ غالبہ میں مدغم ہو گئیں تھیں۔ سلوک میں حضرت تھانوی قدس سرہ کی عبقریت و مجددیت نے انھیں اپنا ایک خاص رنگ عطا فرمایا تھا جو اپنی جامعیت میں جملہ سلاسل کی نسبتوں کا خلاصہ تھا۔ آپ کی تجدیدی شان نے اذکار و اوراد کے انتخاب کو بھی نیا رنگ اور رونق بخشی، جو اس عہد کے سالکین کے احوال کے عین مناسب تھے

تشخص سلیمانیؒ

ہمارے حضرت والا قدس سرہ جب اس سلکِ عالی سے منسلک ہوئے تو شیخ میں "فنائیت" کے کمال کے ساتھ اپنے گوناگوں فضائل و کمالات کی بنا پر "مشیخت" میں اپنی انفرادیت اور تربیت میں اجتہادی شان کو قائم رکھا۔ علم و فضل میں تمام عمر شبلی مرحوم سے عقیدت و تلمذ کے والہانہ رشتہ کو باقی

Marfat.com

دیکھنے کے باوجود سید صاحبؒ کا اپنا ایک خاص تشخص تھا۔ جو شبلیؒ اور سلیمانؒ میں امتیاز پیدا کر دیتا ہے۔ اسی طرح حضرت والا رحمہ اللہ تعالیٰ کی شخصیت شیخ کامل میں فنا ہو کر بھی اپنے کمالات و فضائل کی امتیازی حیثیت برقرار رکھ سکی۔ اس درازنفسی سے مدعا یہ ہے کہ حضرت والا قدس سرہ گو حضرت تھانوی رحمہ اللہ تعالیٰ کے سلسلہ کے اذکار و اوراد سے استفادہ و افادہ فرماتے رہے تاہم ایک شیخ کامل اور محقق مربی کی طرح اذکار و اشغال کی تلقین میں آپ نے اپنی اجتہادی صوابدید کو برقرار رکھا اور سالکین کو ان کے حسب حال اذکار تلقین فرما کر ان کا تعلق اللہ سبحانہ و تقدس سے جوڑتے رہے اذکار کی مثال اغذیہ روحانی کی ہے۔ جیسے جسمانی غذائیں ہر انسان کی طبیعت و مزاج کے مطابق ہی مفید ثابت ہوتی ہیں اور تولید خون کا سبب بنتی ہیں۔ اسی طرح اذکار بھی سالکین کے مزاج، استعداد اور قوت قلبی کے مطابق ہی فائدہ مند ثابت ہو کر روحانی فضائل و مزایا کا سبب بنتے ہیں۔ اذکار کا تنوع، تعداد اور قلت و کثرت سب سالک کی قوت طبعی و قلبی کو دیکھ کر متعین کی جاتی ہے۔ یہی وہ مقام ہے جہاں ایک شیخ حاذق اور عطائی پیر میں نمایاں فرق ظاہر ہو جاتا ہے اور حافظؔ کا یہ پرحکمت شعر حقیقت بن کر سامنے آجاتا ہے ؎

ہزار نکتۂ باریک تر ز مو اینجا است
نہ ہر کہ سر بتراشد قلندری داند

غرض معمولات ذکر کا تنوع، کمی بیشی، اوقات کا تعین، شیخ کامل کی رہنمائی کے بغیر سالک کو سخت نقصان پہنچا سکتا ہے اور اسے "سالک" سے "مجذوب" بلکہ "مجنون" تک بنا سکتا ہے حالانکہ بقول حکیم الامت نور اللہ مرقدہ اللہ تعالیٰ کا نام

Marfat.com

ہوش بڑھانے کے لئے لیا جاتا ہے نہ کہ ہوش کھونے کے لئے"

ہمارے حضرت والا رحمہ اللہ تعالیٰ حذاقتِ فن، مہارتِ طریق، دقتِ نظر، شفقت علی الطالبین و اشرافِ خواطر کے جس مقام پر فائز تھے اس کا اندازہ حضرت والا رحمہ اللہ تعالیٰ کے تربیتی نہج اور تلقین کردہ اذکار کے ایک ایک حرف و شوشہ سے نمایاں ہے۔ آئندہ سطور میں اسی اجمال کی کچھ تفصیل ہے۔

اہمیتِ ذکر

حضرت سیّد صاحب قدس سرہ ذکر کی اہمیت کی وضاحت فرماتے ہوئے ایک طالب کو ارشاد فرماتے ہیں:۔

"دو باتوں کا خاص لحاظ رکھا جائے، اول فرائض کی ادائیگی کا پورا پورا اہتمام دوم نوافل مسنونہ اور اذکار کی کثرت" ان کے علاوہ ہر قسم کے گناہوں سے احتراز کا اہتمام رکھا جائے کہ دل میں تقویٰ کی کیفیت پیدا ہو"۔

ایک خط میں تحریر فرماتے ہیں

"ہمیشہ کے لئے یہی نصیحت ہے کہ اللہ تعالیٰ کی یاد سے غفلت نہ ہو، تہجد اور ذکر کا اہتمام رہے"۔

ایک دوسرے مکتوب میں ہے۔

"تہجد اور ذکر یہ دونوں اس طریق کی ضروری چیزیں ہیں۔ ان پر مداومت رکھئے"

ایک پریشان حال طالب کو کس مشفقانہ انداز میں ذکر کی طرف متوجہ فرماتے ہیں

"زندگی میں چین کہاں؟ یوں ہی گذر جائے گی، چین کا انتظار کیوں میں ذکر کرنا چاہیے۔ اللہ تعالیٰ کی یاد اور اطاعت میں لگے رہئے اور اسی سے اپنی مشکلوں کے حل کے لئے دعا مانگا کیجئے۔ وہی آپ کی سب مشکلوں کو حل فرمائیں گے۔ دل کو اللہ تعالیٰ ہی سے

Marfat.com

لگائے رہئے"۔

ایک دوسرے طالب کو تلقین فرماتے ہیں:۔

" اللہ کے ذکر سے اطمینان ہوتا ہے ..... ذکر آپ زبان ہی سے کئے جائیے ۔ انشاء اللہ تعالیٰ دل تک اثر کریگا ۔ ضروری اشغال میں غفلت کا علاج وقتاً فوقتاً قلب کو اللہ تعالیٰ کی طرف مشغول کر لینا ہے"

ایک اور جگہ ارشاد ہے

" دل چاہے تو ذکر ضرور کیجئے ۔ ذکر مفرد کیجئے ۔ "اللہ اللہ" دو تین ہزار ..... نماز پنجگانہ باجماعت' تلاوت اور تہجد اور ذکر کا اہتمام چاہئے"

ایک نو شادی شدہ طالب کو ارقام فرماتے ہیں:۔

" شادی کے بعد آپ کی طبیعت میں جو سکون ہوا' اس کو ذکر خدا اور فکر آخرت میں خرچ کیجئے صرف یہ خیال رہے کہ بد دینوں کی صحبت سے احتراز ہونا چاہئے ۔ ذکر الٰہی سے دل کو تازہ رکھا جائے ۔ اور اللہ تعالیٰ کو حاضر و ناظر سمجھا جائے ...... اللہ تعالیٰ پابندی سے ذکر کی توفیق بخشیں ۔ وَلَذِكْرُ اللّٰهِ أَكْبَرُ ..... بس، یاد الٰہی سے غفلت نہ ہو ۔ ذکر کا مقصود یہی ہے ۔

ایک مسترشد خاص کو ارقام فرماتے ہیں ۔

اختلاط مع الانام بے شبہ تعلق باللہ میں حارج ہے : گو اپنی نیت صحیح ہو جس کا ثواب ملے گا مگر نجاستوں کی پلیدی سے تو چارہ نہیں ۔ اگر کوئی کوٹھے کے گرد و غبار کو حسن نیت سے صاف کرے تو ثواب تو ملے گا ۔ مگر ہاتھوں اور کپڑوں میں سیاہی لگنا بھی ممکن ہے ..... اسی دنیا میں

Marfat.com

سکوں صرف تعلق باللہ اور ترکِ علائق غیر میں ہے ؎

نہیں جمع دل جمع اسباب سے
وہ جمع دل ذکر اللہ ہے

(تذکرہ سلیمان)

Marfat.com

مقصود ذکر

وَاذْكُرُوا اللّٰهَ كَثِيْرًا لَّعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ اور اللہ کو بکثرت یاد کرتے رہو تاکہ تم فلاح پاؤ۔
(الجمعہ ۲)

وَلَذِكْرُ اللّٰهِ اَكْبَرُ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ مَا تَصْنَعُوْنَ اللہ کی یاد بہت بڑی چیز ہے اور اللہ تعالیٰ تمہارے سب کاموں کو جانتا ہے
(العنکبوت ۔ ۵)

ذکر الٰہی کی اہمیت و تاکید سے قرآن حکیم اور احادیث نبویہ کا صفحہ صفحہ روشن ہے ذکر فریضۂ عبدیت ۔ لازمہ محبت ، موجب رضائے الٰہی جاذب رحمت رحمانی اور جالب توجہات ربانی ہے ۔ ایمان کا تقاضا غایت حب الٰہی ہے قرآن کریم کا ارشاد ہے۔

وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا اَشَدُّ حُبًّا لِّلّٰهِ ۭ اور وہ لوگ جو ایمان والے ہیں اللہ تعالیٰ کی محبت انتہائی درجہ کی رکھتے ہیں۔
(البقرہ ۔ ۲۰)

اور ایمان و اعمال صالحہ ۔ محبت کی نشو و نما کا بڑا ذریعہ ہیں

اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ سَيَجْعَلُ لَهُمُ الرَّحْمٰنُ وُدًّا جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے نیک عمل کئے ۔ رحمٰن (خدا) ان کے لئے محبت پیدا کر دے گا۔
(مریم ۔ ۶)

محبت کا منطقی نتیجہ یادِ محبوب ہے ۔ کہ محبت خود "یاد" کا سب سے بڑا سبب ہے اس لئے "عقل و ہوش" رکھنے والا حقیقت میں "محبین" کا دہی گروہ ہے جو آیاتِ الٰہیہ میں غور و فکر کے ساتھ ہر حال میں یادِ الٰہی میں مشغول رہتا ہے

اَلَّذِيْنَ يَذْكُرُوْنَ اللّٰهَ قِيَامًا وَّ وہ لوگ جو اللہ تعالیٰ کو کھڑے بیٹھے

Marfat.com

قُعُوْدًا وَّعَلٰی جُنُوْبِهِمْ الآیۃ   لیٹے (ہر حال میں) یاد کرتے ہیں ....
(آل عمران - ۲۰)   الآیۃ

یہ وہی طبقہ ہے جسے معاش کے مشاغل یادِ حق سے غافل نہیں کرتے۔
رِجَالٌ لَّا تُلْهِيهِمْ تِجَارَةٌ وَّلَا   ایسے لوگ جنہیں تجارت اور خرید وفروخت
بَيْعٌ عَنْ ذِكْرِ اللّٰهِ   (النور - ۵)   یادِ الٰہی سے غافل نہیں کرتی۔

"صادقین ومخلصین" کا یہ گروہ "یادِ حق" محض امرِ الٰہی سمجھ کر رضائے ربّانی کے لئے کرتا ہے کہ ان کی محبت بھی حکمِ ربانی سے ناشی ہوتی ہے اور محبت کا تقاضا بھی اپنی چاہت کا پورا کرنا نہیں بلکہ رضائے دوست کے لئے مرٹنا ہے

فراق ووصل چہ باشد رضائے دوست طلب
کہ حیف باشد ازو غیر او تمنائے

بے شک "داعیہ محبت" "یادِ حبیب" ہے اور ثمراتِ ذکر کا شمار نہیں لیکن اصلاً مقصودِ ذکر فقط ادائیگیٔ فرض اور حصولِ رضائے رب ہے، عاشقِ صادق کی نگاہ اپنے پر نہیں ہوتی۔ بلکہ اس کی نگاہ ہر آن منشائے محبوب کی تلاش وجستجو میں اور اس کے اشاروں پر دل وجان سے عمل کرنے میں گذرتی ہے

عاشقی چیست بگو بندہ جاناں بودن
دل بدست دگرے دادن وحیران بودن

مدعا یہ ہے کہ ذکر کا اصل منشاء اور حقیقی داعیہ امرِ الٰہی کی عظمت اور رضائے ربانی کی رغبت ہو اور حبِ طبعی کے تقاضے اس عظمت ورغبت میں اس طرح مندمج ہو چکے ہوں کہ نیّتِ ذکر میں صرف امتثالِ امرِ الٰہی اور رغبتِ حصول

Marfat.com

رضا کا جذبۂ صادقہ کار فرما ہو۔ دیگر سب ہیچ،

حضرت الشیخ الامام نور اللہ مرقدہ اپنے ایک مسترشد خاص کو ارقام فرماتے ہیں

" ذکر ہر حال میں کرنا چاہیئے۔ اگر لذت ملے تو نعمت، ورنہ ادائے فرض کی نعمت تو بہرحال ہے ؎

بہرحال بندہ پہ ہے بندگی

کرم ہے جو ذوق عبادت ملے

ذکر کا خاصہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کے ارشاد کے مطابق " اُذْكُرُونِیْ أَذْكُرْكُمْ ـــ تم مجھے یاد کرو میں تمہیں یاد کروں گا۔ اس سے بڑھ کر نعمت کیا ہو سکتی ہے کہ ذاکر کو بوقت ذکر خود حق تعالیٰ یاد کرتے ہیں ذرا اس کا تصور تو کیجئے اور جب "اللہ" کہیئے تو تصور کے کان سے سنئے کہ "عبدی" کی آواز آتی ہے ؎

اس سے بڑھ کر اور کیا میرے لئے انعام ہے

آپ خود سنتے ہیں آ کر جو میرا پیغام ہے

(تذکرہ سلیمان صفحہ ۲۳۴)

Marfat.com

حقیقتِ ذکر

'ذکر' کی حقیقت اس کے مفہوم ہی سے واضح ہے۔ 'ذکر' لغتہً 'یاد کرنے' یا 'یاد رکھنے' کے معنیٰ میں آتا ہے۔ اور یہ بات ظاہر ہے۔ کہ محلِ ذکر' یا 'ذاکر' صرف 'دل' ہے۔ کہ جب کسی کی یاد آئے گی یا کسی کو یاد کیا جائے گا۔ تو زبان سے اس کا 'ذکر' یا نام لینا ضروری نہیں ہوگا۔ بلکہ دل ہی میں 'مذکور' کا 'خیال و دھیان' آئے گا اور دل ہی اصلاً ادھر متوجہ ہوگا۔ گویا حقیقتِ ذکر' کا تحقق [1] دل ہی میں ہوگا۔ پس دل سے کسی کی طرف متوجہ یا ملتفت ہونا۔ یا دل میں کسی کی یاد و دھیان' آجانے کا نام ذکر ہے۔ الفاظِ ذکر اسی مدلول پر دال اور اسی حقیقت کا زبانی اظہار ہیں۔ گویا 'قلبی یاد' حقیقتِ ذکر ہے اور الفاظِ ذکر صورتِ ذکر۔ قلبی یاد کو اصلاً الفاظِ ذکر کی ضرورت نہیں۔ لیکن الفاظِ ذکر اپنی حقیقت و معنی کے تحقق کیلئے سراسر یادِ قلبی کے محتاج ہیں

اِس تشریح کو ذہن میں رکھتے ہوئے ذکر کی شرعی و صوفیانہ اصطلاح کے

---

[1] یہ افادہ حضرت مولوی شاہ عبدالباری ندوی مدظلہٗ کا ہے۔ دیکھو تجدیدِ تصوف و سلوک

Marfat.com

معنی بھی متحقق و واضح ہو جاتے ہیں، شریعت و سلوک میں ،ذکر، سے مراد ،یاد الہٰی، ہے گویا ،یاد الہٰی، سے مراد حقیقتاً ،دل، سے اللہ تبارک وتعالیٰ کا یاد کرنا اسے دل میں بسانا، اسکا دھیان جمانا اور اسکا فکر و استحضار ہے۔ حضرت والا ایک سالک کو ارقام فرماتے ہیں:۔

"اللہ معی کا تصور کہ ہر وقت وہ ہمارے ساتھ ہے اور ہمارے قریب ہے۔ اور ہمارے ہر فعل و خیال کا حاضر و ناظر ہے اسکے مضمون پر غور کیا جائے اور اس کے مناسب آیات کا استحضار رہے جیسے۔ وَاِذَا سَاَلَكَ عِبَادِیْ عَنِّیْ فَاِنِّیْ قَرِیْبٌ، وَهُوَ مَعَكُمْ اَیْنَمَا كُنْتُمْ، یا وَهُوَ عَلِیْمٌ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ اور وَلَا تَخْفٰی عَلَیْهِ خَافِیَةٌ وَنَحْنُ اَقْرَبُ اِلَیْهِ مِنْ حَبْلِ الْوَرِیْدِ نَحْنُ اَقْرَبُ اِلَیْهِ مِنْكُمْ وَلٰكِنْ لَّا تُبْصِرُوْنَ اور اَلَا یَعْلَمُ مَنْ خَلَقَ اور اَلَمْ یَعْلَمْ بِاَنَّ اللّٰهَ یَرٰی۔ اسی کیفیت کا رسوخ اصل روح ہے۔ جسکا طریقہ ذکر و شغل ہے۔"

اگر کسی خوش نصیب کو کسی وقت بغیر ادائیگی الفاظ کے ذکر کی یہ دولت میسر آجائے اور ایسی حالت میں وہ الفاظ ذکر ادا نہیں کرے تو حرج نہیں۔ ایک طالب نے حضرۃ سیدی قدس سرہٗ کی خدمت میں لکھا:۔

"قلب کو سکون صرف توجہ الی اللہ سے ملتا ہے اور اس وقت الفاظ ذکر بھی منقطع کر دینے پڑتے ہیں۔ صرف توجہ سے دل کی سیاہی مٹتی محسوس ہوتی ہے۔"

Marfat.com

حضرت الشیخ رحمۃ اللہ تعالیٰ نے ارقام فرمایا

"ذات کی طرف توجہ اصل ہے۔ اگر اس حالت میں معانی و الفاظ کا استحضار نہ رہے تو کوئی حرج نہیں۔ اصل توجہ مذکور کی طرف ہونی چاہیئے یہ نہ ہو تو ذکر کی طرف۔"

عارفِ رومی نے اس مقام کی طرف اشارہ اپنے شعر

مست ولایعقل نہ از جامِ ہو ۔۔۔ اے زہو قانع شدہ بر نامِ ہو

کے پہلے مصرع میں فرمایا ہے۔ مولانا کی مراد یہ ہے کہ ایک طبقہ "احسان" کی اس کیفیت کا حامل ہونا چاہیئے جہاں حسنِ ازل باوجود 'مستور' ہونے کے 'تجلیات شہود' سے قلب عارف کو اپنے میں مشغول و مسرور رکھتا ہے۔ اور "انوارِ ماہ کی تابانی"[1] سے سالک کا دل منور ہو کر ان کی "بے حرف و صوت یاد"[2] میں شاغل ہو جاتا ہے، "جام ہو" کے سرشاروں کا یہ طبقہ استحضارِ سرمدی میں مخمور رہتا ہے۔ ان کا دھیان ہی اصل ذکر ہے۔ حضرت سیدی نور اللہ مرقدہٗ کے یہ اشعار بھی غالباً اسی طرف اشارہ کرتے ہیں۔

حاصل ہے کیفیت ہر وقت حضوری کی ۔۔۔ آ دل میں میرے چھپ جائے صورت جاناں

---

[1] مولانا کا شعر ہے

قلب را تاباں کن از انوار ماہ ۔۔۔ زانکہ از آسیب ذنب شد دل سیاہ

[2] مولانا فرماتے ہیں:

اے خدا بنما جان را آں مقام ۔۔۔ کاندرو بے حرف می روید کلام

Marfat.com

غرض ذکر سے اصل مقصود اللہ تعالیٰ کا دھیان و یادداشت قلبی ہے۔

حضرت والا رحمہ اللہ تعالیٰ ایک سالک کے استفسار پر کہ "ذکر سے اصل مقصود قلب کو مشغول رکھنا ہے یا محض زبان کو یا دونوں کو" تحریر فرماتے ہیں۔

"ذکر سے اصل مقصود تو مذکور یعنی 'اللہ' کا استحضار ہے۔ یہ نہ ہو تو 'ذکر' کا بھی نہ ہو تو 'ذاکر' یعنی 'قلب' کا (تذکرہ سلیمان ص ۵۸۲)

مباحث بالا کا حاصل یہ ہے کہ 'ذکر' کا اصل تعلق دل سے ہے اور "یاد قلبی" ہی حقیقی ذکر ہے

Marfat.com

ظہورِ آثارِ ذکر

یا

وسعتِ ذکر

حقیقتِ ذکر کی اس تشریح سے واضح ہوگیا۔ کہ غایتِ 'ذکر' دل میں "یاد و دھیانِ حق" کا ایسا بسانا ہے کہ 'علائق غیر' اشتغال قلبی اور مشغولیت حق' میں دراندازاور حارج نہ ہوسکیں۔ اور خلوت و جلوت 'تماشائے جمال' کیلئے یکساں ہوجائے۔ ظاہر ہے کہ اللہ تعالیٰ جل شانہ کا آشنا گہرا تعلق و استحضار سالک کی پوری زندگی پر اثرانداز ہوگا کہ انسان کا ظاہر و باطن اور تمام جسم 'دل' کا تابع ہے۔ 'دل' کی لگن پورے جسم کو اسی راہ پر لگا دیتی ہے۔ جس 'راستے' 'دل' گامزن ہوتا ہے۔ خصوصاً عشق و محبت کی تاثیر تو جسم کو بھی 'دل' کے حکم میں لے آتی ہے۔ کسی عرب شاعر نے کیا خوب کہا ہے۔

لیس الفواد محلّ عشقك وحدہٗ

کل الجوارح فی ھواك فواد

(یعنی صرف میرا دل ہی تیرے عشق کا مقام نہیں۔ بلکہ سارے اعضا تیرے عشق میں دل بن چکے ہیں) اس لئے ذکرِ حقیقی جب 'قلب' ذاکر کی وسعتوں پر چھاتا ہے۔ تو اس کی

Marfat.com

تاثیر اس کے رگ و پے اور ریشے ریشے میں سرایت کر جاتی ہے۔ اور سالک کے تمام اعضا و جوارح اور ظاہر و باطن کو محبوب حقیقی کے رنگ میں رنگ دیتی ہے۔ ے

آدمی کے ریشے ریشے میں سما جاتا ہے عشق
جیسے شاخِ گل میں بادِ سحر گاہی کا نم

ذکر کے 'انوار' 'قلب' سے نکل کر پورے 'قالب' کو متجلّٰی و نورانی اور عظمت الٰہی سے متاثر اور منقاد بنا کر کلیتہً احکامِ ربّانی کا تابع بنا دیتے ہیں۔ اور ذاکر جملہ اوامرِ الٰہیہ کا پابند اور تمام معاصی سے مجتنب ہو جاتا ہے۔

ذکر کا کمال یہی ہے۔ کہ 'ذاکر' یادِ الٰہی کے دائمی اشتغال و استحضار کے ساتھ ہر حال میں گناہوں سے بچتا رہے اور احکام ربّانی کی پابندی اس کا شعار ہو کہ 'ذکر' کی حقیقتِ شرعی اسی طرح میسر آسکتی ہے۔ ورنہ اطاعتِ ربانی سے گریز اور معاصی کی آلودگی کے ساتھ 'ذکرِ حقیقی' کا تحقق نہیں ہو سکتا۔ جو ذکرِ لسانی' یا 'موہوم ذکرِ قلبی' احکامِ الٰہیہ کی پابندی اور معاصی سے اجتناب نہیں سکھاتا۔ اسے ناقص اور رسمی ذکر' یا "قشرِ صورتِ ذکر" تو کہا جاسکتا ہے۔ لیکن اس پر 'ذکرِ مطلوب و کامل' کا اطلاق نہیں کیا جاسکتا۔ حضرت والاؒ کو ایک سالک نے لکھا :-

"اسم ذات کا ورد و ذکر تو روزانہ ہے۔ مگر کسی خاص کیفیت کا ظہور ہنوز نہیں ہوا ہے۔ عنایت خاص کی ضرورت ہے۔"

Marfat.com

حضرۃ الشیخ قدس سرہٗ نے عجب حکیمانہ و محققانہ جواب دیا ہے فرماتے ہیں۔
" ذکر سے کیفیات مقصود نہیں بلکہ اصل شیٔ احکام الٰہی کی کلی اطاعت، حلال و حرام کا خیال، معاملات کی صفائی، اخلاق کی نزاہت، اتباع نبوی کا دھیان اور تمام امور میں رضائے الٰہی کی طلب ہے۔ ان امور کی طرف توجہ فرمائیں کہ یہ اصل ہیں۔ باقی سب فروع و تدابیر۔
ذکر کے اثر کا ظہور یہی ہے کہ طاعات و مرضیات الٰہی کے اتباع کا ذوق بڑھے اور اللہ تعالیٰ کی یاد ہر حال میں ہو، باقی کیفیات تو آتی جاتی رہتی ہیں۔ اگر روز پلاؤ ملے تو پلاؤ کا مزہ بھول جائے۔

از دستِ ہجرِ یار شکایت نمی کنم
اگر نیست غیبتے ندہد لذت حضور،

اپنے کام میں تا آخر دم استقامت کیساتھ لگے رہیئے یہی بڑی دولت ہے؛

تا دم آخر دمے فارغ مباش"

ایک طالب نے اثرات ذکر کا تذکرہ کرتے ہوئے لکھا کہ:۔
" اب جب بھی فکر کروں اللہ تعالیٰ کی قربت یوں محسوس ہوتی ہے گویا وہ میرے سانس کے ساتھ ہیں۔ لیکن بے کیف و بے چگوں بلکہ مجھ سے میری ذات سے بھی زیادہ قریب معلوم ہوتے ہیں۔ باوجود اس کے اعمال صالحہ میں کوتاہی ہوجاتی ہے۔"
حضرت الشیخ رحمۃ اللہ علیہ نے تحریر فرمایا:۔
" جب انسان اللہ تعالیٰ کو ایسا حاضر و ناظر یقین کرتا ہے۔ تو اس

Marfat.com

سے ضروری اعمال صالحہ کی بجا آوری میں سستی کیوں کر ہو سکتی ہے،

وہ جب یقین کرے کہ ہر حال میں اللہ تعالیٰ ہم کو دیکھ رہے ہیں۔ اور ہم سے ایسے قریب ہیں۔ تو اس کو شرمندہ ہونا چاہیئے کہ اس حالت اور اس عنایت کے باوجود اعمال صالحہ میں کوتاہی کیوں ہو۔ اگر پھر بھی حالت نہ بدلے تو موت کو پیش نظر رکھنا چاہیئے۔ اور یہ سوچنا چاہیئے۔ کہ ایک دن خدا کے سامنے حاضر ہونا اور ایک ایک بات کا جواب دینا ہے۔ اسوقت بندہ اس کوتاہی کا کیا جواب دے گا۔ اور پھر دنیا کی دولت و ثروت جس کی محبت میں انسان گرفتار ہے۔ کیا کام آئے گی۔ اس وقت صرف اعمال صالحہ کام دیں گے اس سے خدا کا خوف پیدا ہوگا انشاء اللہ تعالیٰ۔"

یہ تحریریں تو ہر ذاکر کیلئے مفید ہے۔ لیکن اُن "متصوفین" کی خاص توجہ کے لائق ہے۔ جو" موہوم ذکر قلبی" (جسے وہ اپنی اصطلاح میں 'قلب کا جاری ہونا کہتے ہیں) کے زعم باطل میں فرائض الٰہیہ تک سے غفلت برت جاتے ہیں۔ اور پھر گمان کرتے ہیں کہ "ہمیں اب ان اعمال کی کیا ضرورت ہے۔ ہمیں تو ہر وقت قرب۔ وصال نصیب ہے" یاد رکھنا چاہیئے کہ ذکر وہی مطلوب و مقصود ہے جو ہمیں ہر حال میں احکام الٰہیہ کا کامل پابند بنا دے اور گناہوں سے کلیتہً بچا دے۔ بلکہ فقیر سمجھتا ہے۔ کہ "ذکر شرعی" وہی ہے جو شریعت مطہرہ کی ظاہری و باطنی پابندی کے ساتھ مقترن ہو۔ ورنہ رسم ذکر ہے۔ ذکر کا تحقق نہیں۔ اور نہ ایسا ذکر غایتاً مامور و مقصود ہے۔

Marfat.com

ذکرِ رسمی استحضارِ صفات سے ذکرِ حقیقی بن سکتا ہے

اس لئے اگر "نام نہاد ذکر دُ قربت" کا 'واہمہ' انفسانی فریب اور شیطانی دجل سے ہمیں احکامِ الٰہیہ کا پابند نہ ہونے دے۔ تو اسکا علاج مذکورؔ کی صفات جلالی کا استحضار اور 'احکم الحاکمین مالک یوم الدین کی پیشی کا اعماقِ قلب سے دھیان ہے۔ کہ خشیت ربانی پیدا ہو جو ہمیں حقیقت ذکر سے ہمکنار اوامر کا پابند اور گناہوں سے رُک سکے چونکہ بعض اوقات" عظمت الٰہیہ اور صفاتِ ربانی سے معرا ذکر کی کثرت سے بھی مطلوب نتائج مرتب نہیں ہوتے۔ اس لیے 'مذکور کی صفات کا دھیان و استحضار حقیقت ذکر میں شامل ہے۔ کہ جلالی صفات کا لازمہ عظمت و خشیت ربانی اور جمالی صفات کا نتیجہ حب و اشتیاق ربانی ہے جس سے رغبت و محبت پیدا ہوتی ہے جو اعمال صالحہ کے شوق اور گناہوں سے نفرت پر منتج ہوتی ہے۔ اس طرح ذاکر ذکر کامل سے بہرہ مند ہوکر قلباً ذات حق میں شاغل اور قالباً اعمال صالح و احکام الٰہی کی فرمانبرداری میں مشغول ہو جاتا ہے۔ اور ذکرِ مطلوب کا ثمرہ میسر آجاتا ہے۔ پس 'ذاکر' کیلئے ضروری ہے کہ ذکر، صفات الٰہی کے دھیان اور عظمت ربانی کے استحضار کے ساتھ کرے تاکہ 'حقیقت ذکر' سے ہمکنار ہوسکے۔ ہمارے حضرت والا رحمہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے۔

"اللہ تعالیٰ اس ذات کا نام ہے۔ جو تمام صفات حسنیٰ کی جامع ہے۔ اللہ کہتے ہوئے اللہ تعالیٰ کا دھیان اس کی تمام صفات حسنہ

کے ساتھ ہونا چاہیئے، غالباً مولانا رومؒ نے مثال کے طور پر بتایا ہے کہ جس طرح سو کے عدد میں ایک دو تین کے عدد شامل ہوتے ہیں اسی طرح اللہ تعالیٰ کی ذات میں تمام صفات حسنیٰ جمع ہیں جب انسان "اللہ" کہے تو یقین ہو کہ "لا خالق الا اللہ"، "لا مالک الا اللہ"، لا قادر الا اللہ، لا رب الا اللہ، لا فاعل الا اللہ لا موثر الا اللہ، لا سمیع الا اللہ، لا بصیر الا اللہ، لا رازق الا اللہ، لا معطی الا اللہ، لا مانع الا اللہ، لا نافع الا اللہ، لا ضار الا اللہ ....

اللہ تبارک وتعالیٰ کے سوا ہر چیز سے ان جملہ صفات کی نفی ہو۔ اور اللہ تعالیٰ ہی میں تمام صفات کو سمجھا جائے .....

جب جملہ صفات کے استحضار کے ساتھ ذکر کیا جائے گا تو تقاضائے صفات یعنی احکام الٰہیہ، عبدیت وعبودیت اور اس کے لوازم، حساب و کتاب حشر نشر دوزخ وجنت، ترغیبات و ترہیبات، جزا وسزا، مغفرت و عذاب، جزاءِ اعمال ایک ایک چیز مستحضر ہو جائے گی۔ اور یہ ذکر حب ربانی و خشیت الٰہی کے دوگونہ جذبات پیدا کر کے ہر وقت ذاکر کو عنایات الٰہیہ کا راجی ومتمنی اور اپنے اعمال کی پاداش سے خائف وترساں رکھے گا اسکی زندگی کے ظاہر و باطن میں نامور بہ انقلاب آئے گا۔ اب وہ ہر قدم حکم الٰہی کو دیکھ کر رضاء و رحمت ربانی کی طلب میں اپنے عجز وکمزوری کوتاہی و نارسائی پر نظر رکھتے ہوئے رغبۃً ورہبۃً شریعت مطہرہ اور سنت نبویہ کے مطابق

Marfat.com

اٹھائے گا۔ اس طرح اسکی "زندگی" ذکر کا محل' بن جائیگی۔ وہ خالق' ہی کا ہوکر رہ جائے گا کہ جو سب کچھ رب العلمین' ہی دیکھتا ہے اور جس پر اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ" کی حقیقت کھل جاتی ہے۔ اس کی زندگی اِنَّ صَلٰوتِیْ وَنُسُکِیْ وَمَحْیَایَ وَمَمَاتِیْ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ کا حقیقی مظہر بن جائیگی۔ وہ ہر ایک سے بے نیاز ہوکر 'ایک' کا 'نیازمند' اسی کا طالب اسی سے لینے والا بن جاتا ہے وہ "الحمد" یعنی جملہ محامد وصفات کو جب "اللہ" ہی کیلئے واجداناً وایقاناً خاص سمجھنے لگتا ہے تو 'العلمین' کی بے نوائی وفقر اس پر کھل جاتا ہے۔ اور وہ اسی کے در کا فقیر بن کر "رَبِّ اِنِّیْ لِمَآ اَنْزَلْتَ اِلَیَّ مِنْ خَیْرٍ فَقِیْرٌ" اس کا حال بن جاتا ہے۔ اپنی جملوں حاجتوں کو اس کی ذات سے متعلق کردیتا ہے اور عبدیت وعبودیت، عجز ودرماندگی، حاجت وضرورت اسکی جملہ عبادات ومعاملات نماز وقربانی، زندگی وموت کو صرف اللہ تعالیٰ کیلئے کردیتی ہے۔ اور وہ اپنی زندگی کے ہر ہر فکر وعمل، قول وفعل اور حرکت وسکون سے 'مُخْلِصِیْنَ لَهُ الدِّیْنَ' کا منظر پیش کرتا ہے۔ تفویض کامل وتوکل تام اس کا مقام بن جاتا ہے۔ اور تجرید وتفرید کے اس مقام پر فائز ہوجاتا ہے۔ جہاں اللہ تعالیٰ کی تجلیات اور اس کی صفات وشئون کی نیرنگیوں کے سوا کچھ نہیں دکھائی دیتا۔ "مخلوق وکائنات" کے جملہ احوال وامور میں تصرفات الٰہیہ ہر آن کا لعین مشاہد ہوتے ہیں۔ اور قلب ہر 'غیر' سے پاک وفارغ ہوکر معرفت ربانی سے پرنور اور حب رحمانی وخشیت الٰہی سے معمور ہوجاتا ہے۔ اور اس کی زندگی کا "مشغلہ" طلب رضائے دوست 'پابندی احکام محبوب، اطاعت حق

Marfat.com

اور اتباع نبوی بن جاتا ہے۔ اور تسلیم و رضا، با ہمہ بے ہمہ، اس کا حال ہو جاتا ہے۔ حقیقت ایمانیہ۔ اس کے جذر قلب میں راسخ ہو کر طاعت و اعمال ایمانیہ کو اس کے لئے محبوب اور کفر اور اعمال کفریہ فسوق و عصیان کو مبغوض و ناپسندیدہ بنا دیتی ہے۔ حضرت سیدی نور اللہ مرقدہٗ کا ارشاد ہے

ہر حالت میں اور ہر وقت اپنی خواہشات کو روک کر اللہ تعالیٰ کے احکام کے مطابق عمل کرنا اپنا ریاض ہے یہی اصلی مقصد اور یہی تصوف ہے۔

حضرت سیدی الشیخ نور اللہ مرقدہٗ کے ان ارشادات سے "ذکر کے اثرات" کی وسعت و حقیقت کا اندازہ ہو جاتا ہے۔ مدعاء یہ ہے کہ 'ذکر' صرف ایک 'نصاب' اذکار و اوراد' کے رسمی طور پر پورا کر دینے کا نام نہیں بلکہ 'ذکر' اپنی وسعت میں پوری زندگی پر محیط ہے

Marfat.com

طرق و طرزِ ذکر و منازلِ اذکار

ذکر کی سلوک میں اہمیت کے پیشِ نظر حضرت الشیخ نور اللہ مرقدہٗ مختلف طالبین و مسترشدین کو ان کی صلاحیت و استعداد کے مطابق ذکر کی تلقین و تاکید فرماتے تھے۔ طالب کے "حسبِ حال" ذکر کا تعین اور پھر ذکر کی مختلف "منازل" میں "احوالِ ذکر" کے مطابق وقتاً فوقتاً حکیمانہ اور تیر بہدف رہنمائی حضرت والا رحمہ اللہ تعالیٰ کا خاص امتیاز و کمال تھا ہر طالب کو ایک ہی تعداد اور طرز یا نصابِ ذکر نہیں بتاتے تھے۔ بلکہ اپنی فراستِ کاملہ بصیرتِ تامہ و تربیتِ باطنی کے خداداد ملکۂ راسخہ سے جس کے مناسب حال جو ذکر خاطرِ عاطر پر القا ہوتا تھا۔ وہی بتا دیتے تھے اور طالب ... اگر اس ذکر کو حقیقتاً اپنا معمول بنالیتا تھا تو اثرات و آثارِ ذکر کا تعین مشاہدہ ہوتا ... تھے حضرت والا قدس سرہٗ "مراحلِ ذکر" کو تدریجاً طے کراتے تھے اور "عقباتِ ذکر" میں "حقیقت" و "صورت" اوہامِ باطلہ اور حقائقِ صادقہ میں تفریق کی ایسی لکیر کھینچتے چلے جاتے تھے کہ حضرت کی پُر حکمت، ... و مشفقانہ رہبری

ذاکر کو کیفیاتِ ذکر کی "پُرپیچ گھاٹیوں" میں سے اس آسانی سے نکال لیتی تھی کہ نہ تو اسے 'راہ کے تماشے' اپنے میں الجھاتے تھے، نہ اسے وساوسِ شیطانی و اہوائے نفسانی اپنے میں پھنساتے بلکہ حضرت والا رحمہ اللہ تعالیٰ کی تحریر و ارشاد ہی 'پریشان حال راہی' اور متحیر سالک کو قلبی پریشانی اور 'ورطِ حیرت' سے نجات دلا دیتی تھی اور وہ بے اختیار پکار اٹھتا تھا: ؎

تیرے اک چھینٹے سے اے ابرِ بہاری ان دنوں
سبز ہے شاداب ہے سیراب ہے گلزارِ دل
دور ہوتی جا رہی ہے ہر کھٹک جو دل میں تھی
تیرے سوزن سے نکلتے جا رہے ہیں خارِ دل

حکیم شیخ کا پُرشفقت اندازِ تربیت "اذکار و اوراد"، اشغال و مراقبات' کے بارے میں بھی راہی کو مقصود و غیر مقصود، مقاصد و ذرائع کی حقیقتوں سے شناسا کرتا جاتا تھا۔ کہ بیشتر ذاکرین ان کے فرق کو نہ جاننے کی وجہ سے سلوک کی گھاٹیوں" میں بھٹک کر رہ جاتے ہیں۔ اور عمر بھر کی محنت منزلِ مقصود تک نہیں پہنچاتی۔ بلکہ غیر مقصودہ 'انوار و لذات، کیفیات و احوال' بزرگانہ ادہام و لاطائل خیالات، کشوفِ کونیہ و مواجید" ہی ان کا مقصد بن جاتے ہیں اور اس "بھول بھلیاں" میں زندگی بسر ہو جاتی ہے۔ کہ بدایت 'ذکر' سے حقیقت ذکر اور پھر مذکور تک رسائی، اور قلب کا ہر غیر سے فراغ اور ذات متعال میں اشتغال عادتاً فی الفور نہیں ہو جاتا، بلکہ راہ کی گھاٹیاں پُرپیچ و دشوار خارزار ہیں جن سے کسی آبلہ پا کا صحیح و سالم نکل جانا توفیقِ رب اور خاصانِ حق کی

Marfat.com

عنایت و رہبری سے ہی ہو سکتا ہے۔

غرض ہمارے شیخِ محققؒ اپنے زیرِ تربیت "ذاکرین و سالکین" کو راہ کی نزاکتوں، خطرات اور باریکیوں سے بھی آگاہ فرماتے رہتے تھے۔ تاکہ ہر راہی اپنے مقصد کو سامنے رکھ کر "عقباتِ ذکر" کو پار کر لے کہ شیخِ کامل کا کمال ہی یہی ہوتا ہے کہ اس کی برکت سے خارگل اور سرکہ شراب ؟ بن جاتا ہے مشکلات آسان ہو جاتی ہیں اور بیابان وصحرا گل کدہ جنت دکھائی دیتا ہے۔ ؏

ساقی پلائے پھول تو کانٹا نکال کے

حضرت والا نور اللہ مرقدہٗ کی یہی حذاقتِ فن اور بصیرتِ باطنی اور کمالِ تربیت وبرکت تھی جس کی وجہ سے ہر ذی استعداد سالک "سلوک کی زہرہ گداز گھاٹیوں" کو طمانیت وانشراح، انبساط و مسرت کے ساتھ علیٰ وجہ البصیرۃ طے کر لیتا تھا اور جادۂ حبیب کی بادیہ پیمائیاں گلگشت کی حیثیت اختیار کر لیتی تھی۔ اور سلوکِ اشرفی کی یہ "شاہی راہ" سلیمانی آئینہ میں انسانیت کی شاہراہ معرفت دکھائی دیتی تھی۔ جو ہر خاص و عام کو صلائے عام دے رہی تھی کہ ؎

وہ چشمِ محبت تو جو پلائے محبت ہے
دیکھے تو ذرا کرکے اس سے کوئی یارانہ

اور اس راہ کا ہر راہی بہانگ دہل پکار رہا تھا۔

جان کی قیمت دیارِ عشق میں ہے کوئے دوست
اس نوید جانفزا سے سرد بال دوش ہے

غرض سلیمانی رہنمائی، سالکین و ذاکرین کو نہ صرف "الفاظِ ذکر" سے آگاہ کرتی تھی

Marfat.com

بلکہ حقیقت ذکر کا شناسا بنا کر بادۂ الست کے ان میگساروں کو مستور ازل کا والہ و شیدا بنا کر اسی کی ذات میں مگن، اس کی یاد میں شاغل، اسکی مرضیات کا طالب اسکے احکام کا متبع اور اس کے حبیب پاک صلی اللہ علیہ وسلم کا شیدائی وفرمانبردار بنا دیتی تھی۔ جن کی خلوت وجلوت، ظاہر و باطن تجلیات ربانی سے پر انوار اور اذکار الٰہی سے روشن ہوتا تھا، قرب بے غیبت اور "حضوری قلب" سے ان کا دل متجلی کیفیت احسان وحقیقت ذکر سے ان کا باطن آئینہ اور تحسین اعمال سے انکی پیشانیاں نورانی ہوتی تھیں۔" سلیمانی تلقین ذکر کے کچھ نمونے آئندہ سطور میں دیکھنے والوں کو نظر آئیں گے۔"

ایک مرید کو مختلف خطوط میں وقتاً فوقتاً اور تدریجاً 'ذکر' کی تلقین و رہنمائی فرماتے ہیں۔ ان اقتباسات کا بنظر غائر مطالعہ جہاں " طالب کے تدریجی مدارج ذکر کو نمایاں کرتا ہے۔ وہاں شیخِ حاذق وکامل کے کمالِ تربیت وشفقت اور دقت رسی اور فن دانی پر بھی شاہد ناطق ہے۔ ابتداً ذکر کی تلقین کرتے ہوئے تحریر فرماتے ہیں :۔

" آپ پندرہ منٹ مراقبہ کیلئے وقت نکال لیتے ہیں۔ اگر کچھ وقت اور ملے، جیسے صبح کی نماز کے وقت یا تہجد میں یا کسی اور وقت تو ایک ہزار دفعہ " اللہ اللہ " ذرا ہلکے نغمہ سے اس حد تک کہیں کہ آپ کے کان میں آواز آئے۔ تسبیح پر گن کر ذکر کر لیا کیجئے۔ آنکھیں بند ہوں۔ اور یہ تصور رہے کہ اللہ کا کلمہ نورانی حروف میں آپ کے سینے پر لکھا ہے۔ اگر آپ تعلیم یا کسی اور کام میں مصروف ہوں تو اس میں

Marfat.com

نقصان نہ ہو۔ ہر کام میں خدا کی رضا کی نیت رہے۔ انشاءاللہ تعالیٰ آپ کے لئے دین کا راستہ کھلے گا۔"

دوسرے والانامہ میں تحریر فرمایا :-

"اللہ تعالیٰ آپ کو برکت عنایت فرمائیں۔ اسی طرح وقت اور فرصت کے ساتھ ساتھ اس ذکر کی تعداد کو بڑھاتے جائیے بشرطیکہ کسی دوسرے کام میں حرج نہ ہو"

ایک اور مکتوب میں ان ہی کو لکھتے ہیں :-

"ہر وقت ذکر کی مصروفیت یعنی دوامِ ذکر قلب بڑی نعمت ہے جو آپ کو مل رہی ہے۔ اس کو جاری رکھیئے۔"

دوامِ ذکر اور کثرتِ اعمالِ صالحہ کی طرف توجہ دلاتے ہوئے رقم فرماتے ہیں :-

"یہ بھی ذہن میں رہے۔ کہ کشف والہام وغیرہ محض محمود ہیں مقصود نہیں ان باتوں کو قربِ الٰہی میں کوئی دخل نہیں ۔ قربِ الٰہی صرف ایمان اور عملِ صالح کا نتیجہ ہے اس لئے دوامِ ذکر اور کثرتِ اعمالِ صالحہ کی فکر میں رہنا چاہیئے۔"

اِن ہی کو تاکید کرتے ہیں :-

"کیفیات واحوال کی طرف توجہ نہ کیجئے اور صرف حسنِ اعمال اور کثرتِ ذکر کی طرف توجہ رکھیئے"

ایک اور گرامی نامہ میں تسلی دیتے ہوئے رقم فرماتے ہیں :

تعلیم کے مشغلہ کی نسبت یہ خیال کریں کہ یہ حصولِ رزق کی کوشش ہے

اس نیت سے یہ تعلیمی جدوجہد بھی عبادت میں شمار ہو گی۔ بایں ہمہ اوقات
نماز و نوافل و ذکر قائم رکھیں۔ انشاءاللہ تعالیٰ یہ نعمت (یعنی دوام ذکر)
آپ کو حاصل رہے گی"
ہر جملہ بلکہ ہر ہر لفظ و نکتہ شفقت و حذاقت فن میں اپنی مثال آپ ہے
ہائے کیا دن تھے ؎

حیف در چشم زدن صحبتِ گل آخر شد
روئے گل سیر ندیدیم بہار آخر شد

ایک دوسرے طالب کو مختلف مکتوبات میں ارشاد فرماتے ہیں:

"عصر اور فجر کی نمازوں کے بعد تسبیح فاطمہ یعنی ۳۳ مرتبہ سبحان اللہ
۳۳ دفعہ الحمد للہ اور ۳۴ مرتبہ اللہ اکبر پڑھا کریں اور
چلتے پھرتے اور سوتے وقت استغفار ــــــ
" اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ رَبِّیْ مِنْ کُلِّ ذَنْبٍ وَّاَتُوْبُ اِلَیْهِ "
پڑھا کریں۔ سوتے وقت ستر دفعہ پڑھا کریں اور سوتے جاگتے وقت
کی دعائیں یاد کریں۔"

"اگر آپ ذکر کرتے ہوں تو اس کی تعداد بڑھا دیں اور آپ بکثرت
تسبیح " سبحان اللہ ، الحمد اللہ، اللہ اکبر، لا الٰہ الا اللہ "
اکثر زبان سے پڑھا کریں۔ ذکر نہ کرتے ہوں تو ذکر کی صورت
مجھ سے سمجھ لیں۔"

ان ہی کو دوسرے مکتوب میں ارقام فرماتے ہیں:

Marfat.com

"آپ کو میں نے کل ذکر کی زبانی اجازت دی تھی، اب تحریری دیتا ہوں، بعد تہجد پہلے گیارہ دفعہ " اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ رَبِّي مِنْ كُلِّ ذَنْبٍ وَّ اَتُوْبُ اِلَيْهِ پھر ۱۱ دفعہ اللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدِ النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ پڑھ کر تین دفعہ یہ دعا پڑھیں:۔

اللّٰهُمَّ نَوِّرْ قَلْبِيْ بِاَنْوَارِ مَعْرِفَتِكَ وَطَهِّرْ قَلْبِيْ عَمَّا سِوَاكَ،

پھر ڈھائی ہزار دفعہ اللّٰہ ذرا ہلکی آواز سے پڑھیں۔ ضرب کے ساتھ یا بلا ضرب (مگر یہ سمجھیں کہ ضرب کوئی دینی امر نہیں ہے بلکہ محض علاج کے طور پر ہے۔ کہ موثر ہو) اس کے بعد درود مذکور پڑھ کر ختم کر دیں۔

ذکر کے وقت یہ تصور کریں، کہ عرش سے نور آپ کے قلب پر پڑ رہا ہے (یہ تصور بھی دینی امر نہیں بلکہ بطور معالجہ کے ہے) تاکہ یکسوئی ہو....."

اسی طالب کو ایک دوسرے گرامی نامہ میں شفیق و محقق شیخ تحریر فرماتے ہیں

" استقامت اور مداومت حصول مقصد کا سب سے کارگر ذریعہ ہے۔ اگر نیند کا غلبہ ہو تو نوافل تہجد کی جگہ پر دن کو بعد اشراق پڑھیں یا نماز عشاء کے بعد وتر سے پہلے پڑھ لیں۔ ذکر کا وقت دن کو کسی سکون کے وقت مقرر کر لیں۔

نور کے تصور کا استحضار نہیں ہوتا تو کوئی حرج نہیں، یہ تصور مقصود نہیں ہے مقصود تو یکسوئی ہے۔ توجہ ذکر کی طرف رہے ..... شکریہ۔

Marfat.com

یعنی اللہ تعالیٰ کی طرف ہو۔ ورنہ ذاکر یعنی قلب کی طرف ہو،
ورنہ ذکر کی طرف ہو۔"

ان اقتباسات سے یہ بات مبرھن ہو جاتی ہے کہ حضرت الشیخ قدس سرہٗ ابتدا ہی میں طالب پر 'اصول و مقاصد' اور "ذرائع و آلات" کا امتیاز و فرق واضح فرما دیتے تھے۔ تاکہ راہی کا کوئی قدم 'غلط سمت' کی طرف نہ اٹھے اور 'ذرائع' کو 'مقاصد' قرار دے کر طریق کی "صراطِ مستقیم" سے بھٹک نہ جائے اور 'موصل' کو 'اصل' سمجھ کر اپنے اوقات کے ضیاع میں مبتلا نہ ہو جائے۔ آج ایک کثیر طبقہ انہیں اغلاط کے بھنور میں مبتلا ہو کر "سلوک" کو عقدۂ لاینحل" اور "بھول بھلیاں" بنا چکا ہے۔ واللہ یقول الحق وھو یھدی السبیل

ایک عالم نے (جو پہلے حضرت تھانوی و حضرت مولوی محمد عیسیٰ رحمہما اللہ سے کچھ تعلق رکھ چکے تھے) حضرت والا رحمہ اللہ تعالیٰ سے رجوع کیا۔ حضرت الشیخ قدس سرہٗ نے ان کے قدیم تعلق کے بنا پر ان کی تربیت کا نہج اور ذکر کی تلقین بالکل "اشرفی طریق" کے مطابق رکھی۔ کہ سالک جب کسی ربانی شیخ کے زیر تربیت رہ چکا ہوتا ہے۔ اور اذکار کو ایک خاص طرز کے مطابق کر چکا ہوتا ہے۔ تو اس کی طبیعت اس طریقِ تربیت اور نصاب ذکر سے انسیت و موافقت اختیار کر لیتی ہے۔ اور اس کے باطنی ملکات کی نشو و نما اس نہج پر ہونے لگتی ہے۔ اس لئے حکیم و محقق شیخ حتی الوسع اس کے معمولات میں تغیر نہیں کرتا۔ ہاں ضروری تراش خراش اور مزید تربیت اپنی صوابدید کے مطابق سالک کے مناسب حال کرتا رہتا ہے۔ اور یہ عالم مذکور تو حضرت والا رحمہ اللہ تعالیٰ کے اپنے شیخ نور اللہ مرقدہٗ

Marfat.com

سے ہی تعلق رکھتے ہوتے تھے۔ بہرحال ان کے نام حضرت والاؒ کے خطوط کے اقتباسات افادۂ عام کے لئے نقل کرتا ہوں۔

اولاً حضرت والا قدس سرہٗ نے ان سے استفسار فرمایا۔

"حضرت (تھانوی) رحمۃ اللہ علیہ کی تصانیف سے تصوف یعنی علم احسان و اخلاص کا مقصود و مدعا تو سمجھ میں آگیا ہوگا۔ یہ اولین چیز ہے بالفعل آپ کے معمولات کیا ہیں؟ آپ نے قصد السبیل[1] ملاحظہ فرمائی ہے۔ آپ اپنے کو چار قسموں میں سے کس قسم میں داخل کرتے ہیں[2]۔"

---

[1] قصد السبیل حضرت تھانوی نوراللہ مرقدہٗ کا ایک مختصر لیکن سلوک و تصوف کی تعلیمات پر نہایت اہم اور جامع و مانع رسالہ ہے۔ شیخؒ نے سمندر کو کوزہ میں حقیقتاً بند کر دیا ہے۔ حضرت سید قدس سرہٗ اس رسالہ کے متعلق تحریر فرماتے ہیں۔

"قصد السبیل جو پچاس ساٹھ صفحوں کا مختصر رسالہ ہے۔ لیکن اس کوزہ میں دریا بند ہے فن سلوک کے تمام حقائق و تعلیمات جو سالہاسال میں معلوم ہو سکے ہیں۔ اور جن کے نہ جاننے سے سالکین و طالبین غلط راستوں پر پڑ کر منزلِ مقصود کو گم کر دیتے ہیں۔ اس میں لکھ دیئے گئے ہیں۔ اگر کوئی طالب صادق صرف اسی ایک رسالہ کی تعمیل و تکمیل میں عمر صرف کر دے تو اس کے لئے انشاء اللہ کافی و وافی ہے" (رسالہ معارف اعظم گڑھ ص۱۰۱ ج ۵۲)

[2] حضرت تھانوی نوراللہ مرقدہٗ نے سالکین کی سہولت کیلئے مذکورۃ الصدر رسالہ میں طالبین کی چار قسمیں قرار دی ہیں؛

(۱) عامی مشغول۔ (۲) عامی فارغ۔ (۳) عالم مشغول۔ (۴) عالم فارغ

(بقیہ حاشیہ صفحہ آئندہ پر)

Marfat.com

... موصوف کا جوابی خط آیا جس میں انہوں نے حضرت تھانویؒ کی تقسیم کے مطابق اپنے کو "مشغول" "عالم مشغول" کے زمرے میں شمار کیا تھا۔ حضرت والاؒ نے جواباً ارقام فرمایا:۔

۱؎ ان چار قسموں کے جداگانہ معمولات (دستور العمل) مقرر فرماتے ہیں۔ حضرت سیدی رحمہ اللہ تعالیٰ کا اشارہ ان ہی چار قسموں کی طرف ہے۔ یہاں حضرت تھانویؒ کے الفاظ میں طالبین کی اس "چہارگانہ تقسیم" کا بعینہ نقل کرنا مناسب معلوم ہوتا ہے۔ مرشد تھانویؒ تحریر فرماتے ہیں۔

"طرزِ تعلیم ہر شیخ کا جدا ہے اس کی تفصیل اس رسالہ میں لکھنا ضروری نہیں لیکن ایک مختصر دستور العمل جو کہ غایت نافع ہونے کے اعتبار سے میرے نزدیک عطر تصوف کہنے کے قابل ہے جو بہت سی خاک بیزی کے بعد ہاتھ آیا ہے۔ عام طالبین کے لئے عموماً اپنے شیخ کی خدمت میں پہنچنے تک کے واسطے اور اپنے دوستوں کیلئے خصوصاً ہمیشہ کیلئے عمل کرنے کے واسطے ضبط کئے دیتا ہوں اور اللہ تعالیٰ سے قوی امید کرتا ہوں کہ اس کے موافق عمل کرنے والا محروم نہیں رہے گا۔ پھر اگر کسی کا شیخ اسی کو منظور و جائز رکھے تب تو قصہ سہل ہوا۔ اور اگر اوراد و اذکار اور اشغال کے متعلق کچھ اور تجویز کرے تو اسکے موافق کرنا چاہئے البتہ اس میں جتنے امور شرعاً ضروری ہیں۔ ان میں تغیر و تبدل کی ضرورت نہیں ہے۔ وہ بحالہ رہیں گے۔ پس خلاصہ اس دستور العمل کا یہ ہے کہ طالب یا عامی ہے یا عالم اور ہر ایک ان میں سے فکر معاش و حقوق عباد سے فارغ ہے یا مشغول، یہ چار قسمیں طالب کی ہوئیں۔ ایک عامی فارغ، دوسرا عامی مشغول، تیسرا عالم فارغ، چوتھا عالم مشغول ان میں ہر ایک کے لئے ایک ایک دستور العمل خاص ہے ......"

قصد السبیل ص۱۲، ص۱۶۔ دستور العمل کی تفصیلات کیلئے رسالہ مذکور ملاحظہ ہو۔ م۔ ا)

Marfat.com

"آپ اسی میں اپنے کو شامل سمجھیں" حضرت سیدی قدس سرہٗ کی مراد یہ تھی کہ معمولات و اذکار کا جو دستور العمل حضرت تھانویؒ نے 'عالم مشغول' کے لئے مقرر کیا ہے اس کے مطابق عمل کیا جائے۔

مولوی صاحب نے لکھا۔ دیگر اوراد مفیدہ بھی معمول بہ ہیں "

لے شیخ الکل حضرت تھانویؒ نے "عالم مشغول" کا دستور العمل متعین فرمایا ہے:

" اوقات فارغہ میں کوئی وقت ایسا جس میں قلب افکار و تشویشات سے کسی قدر خالی ہو اور معدہ نہ پُر ہو۔ نہ بھوک کا تقاضا ہو متعین کر کے اس میں بارہ ہزار ۱۲۰۰۰ سے چوبیس ہزار تک جس قدر ممکن ہو خلوت میں بیٹھ کر اسم ذات یعنی اللہ اللہ باوضو خفیف جہر و ضرب کے ساتھ قلب کو متوجہ کر کے پڑھا کریں ...... اور تہجد کی پابندی کریں۔ اور کسی وقت قرآن شریف کی تلاوت اور مناجات مقبول کی اصل عربی کی ایک منزل کا التزام رکھیں۔ اور اگر .... ہیں فبہا ورنہ ایک معتد بہ وقت تدریس طلبہ علم دین میں ضرور صرف کیا کریں اور گاہ گاہ جب ضرورت دیکھی جاوے ضروری احکام کا وعظ کہہ دیا کریں ..... احیاء العلوم وغیرہ مطالعہ میں رکھیں، لیکن شیخ سے دور رہ کر شغل نہ کریں۔ البتہ جنہوں نے شیخ کے حضور میں اگر یہ کام کیا ہو۔ اور وہ اب بھی تجویز کرے تو مضائقہ نہیں " قصد السبیل صلا) صلا)

حضرت والا رحمہ اللہ تعالیٰ نے اس کا جو جواب لکھا، وہ ہر سالکِ ذاکر کے لئے سرمۂ بصیرت ہے۔ کلکِ سلیمانیؒ گوہر افشاں ہوتا ہے۔

"نفس اوراد کی کثرت غیر ضروری ہے۔ آہستہ چلئے مگر دوام چلئے۔ فائدہ کثرت میں نہیں دوام میں ہے وَ إن قلّ۔ مگر اخلاص اور یکسوئی ضروری ہے۔ تاکہ نفع جلد ہو" ......

ان ہی کو مزید تاکید ہوتی ہے

"آپ کیلئے" عالم مشغول" کے اعمال کی تجویز تھی۔ اس سے آگے بڑھنے میں جلدی نہ کیجئے۔ اس میں جو کچھ لکھا ہے۔ اسی کی تقلید کیجئے اس کتاب قصد السبیل کے آخر میں منہیات و اوامر کی تصریح ہے وہ پیش نظر رہے، مقصود حصولِ تقویٰ ہے۔ کہ قرآن پاک ہُدًى لِّلْمُتَّقِيْنَ ہے۔ اور عبادت کا منشا بجاآوری بعد حصول تقویٰ ہے لَعَلَّكُمْ تَتَّقُوْنَ"

ایک اور گرامی نامہ میں انہیں توجہ دلائی کہ:۔

"آپ نے شاید قصد السبیل کو غور سے نہیں پڑھا۔ اس میں عالم مشغول کا جو شغل و ذکر اور کام بتایا گیا ہے۔ اس کی پوری تقلید کیجئے اور کتاب مذکور کو بار بار پڑھئے۔ تاکہ سلوک کی حقیقت آپ پوری طرح سمجھ جائیں"

ایک دوسرے خط میں ارقام فرماتے ہیں:

"ذکر اللہ اللہ آپ کس وقت اور کس قدر کرتے ہیں۔ جو تعداد ہو۔ اس پر مداومت کی جائے اور یکسوئی کے ساتھ یہ تصور کیا جائے کہ نور

Marfat.com

کا نزول ہو رہا ہے۔ اور یہ بھی لکھیں کہ دل پر کیا احوال وارد ہوتے ہیں۔
ورود واحوال ضروری نہیں، مگر اگر وارد ہو تو لکھیں۔ لیکن نہ اس ورود واحوال کی کوشش کریں کہ یہ مقصود نہیں اور نہ اس غرض سے اس کی طرف توجہ کریں۔ کہ یہ فساد نیت کا باعث ہو گا.....
نفی واثبات کا ذکر قبل از وقت ہے۔ قصد السبیل میں اس کی ہدایت آپ دیکھیں۔"

ان کا جواب آیا کہ "اسم ذات کا ذکر قلیل تعداد میں گا ہے کیا کرتا ہوں...."
حضرت والا رحمہ اللہ نے جواباً تحریر فرمایا:

"اس کی ضرورت ہے کہ وقت معین کرکے پوری توجہ کے ساتھ اسم ذات کی معین مقدار کا ایک نشست میں یا متعدد نشستوں میں حسب سہولت ایسی آواز سے جو سنی جاسکے بغیر ضرب کے ذکر کریں۔ اس کی زیادہ سے زیادہ تعداد ۲۴ ہزار اور کم سے کم تین ہزار ہے۔ آپ کم سے کم شروع کرکے حسب ذوق و توفیق جس قدر پہنچا سکیں۔"

مولوی صاحب نے حضرت والاؒ کے ارشاد گرامی کے مطابق ذکر کرنے کے کچھ عرصہ بعد لکھا کہ:

"ارشاداتِ عالیہ پر بدستور سابق عمل پیرا ہوں۔ لیکن ہفتہ عشرہ سے رقت وگریہ اس شدت سے طاری ہے کہ مسجد میں مقتدیوں کے سامنے اور امامت کے دوران میں اپنے پر قابو نہیں رکھ سکتا۔ بعض اوقات بے اختیار دوران امامت میں "اللہ اللہ" جاری ہو گیا....

Marfat.com

اب رمضان کی وجہ سے کثرت تلاوت کے باعث گاہے ذکر کا ناغہ
کرنا پڑے گا۔"
مشفق وحکیم شیخؒ نے جواباً ارقام فرمایا ،
" آپ نے جو حال لکھا ہے۔ مبارک ہے۔ اضطراب بھی انشاء اللہ مبدل بہ
سکون ہوجائے گا۔ خاکسار نے کبھی کہا تھا ؎

دیکھئے ملتی ہے کب دولت سکون عشق کی
ہائے ہوئے جوش تو ہنگامہ آغاز ہے

اگر آپ کی حالت نماز میں ایسی ہو جو ضبط سے باہر تو چندے امامت سے
باز رہیں، ....بے شبہ رمضان المبارک میں آپ کو امامت تراویح کے
لئے تلاوت میں زیادہ مصروفیت ہوگی تو ذکر کم کر دیں مگر ترک نہ کریں،
ذکر بالقلب نماز میں حارج نہیں باللسان سے احتیاط کرنی چاہیئے اصل
شے نماز میں حضور اور خشوع ظاہری و باطنی ہے ....
اِس (نام حق میں حلاوت ملنے) پر خدا کا شکر ادا کیجئے ،
یہ بڑی نعمت ہے۔

تیرے نام ہی میں جو حلاوت ملے تو سارے غموں سے فراغت ملے"

ایک دوسرے گرامی نامہ میں ان ہی کو ارقام فرماتے ہیں۔
"...... اب اس (اولاد و معاش کی طرف سے) طمانیت کو ذکر و
طاعت میں صرف کیجئے، کہ اسکا شکر یہی ہے۔ جوش و خروش کی کمی کی
فکر نہ کیجئے کام میں لگے رہیئے اور اپنی اصلاح و تربیت کی دھن میں

Marfat.com

لگے رہیئے تا آنکہ اللہ کے سوا دل سے ہر چیز کی محبت فنا ہو جائے اور لا الہ الا اللہ کی تکمیل ہو جائے ..... (اس لئے) اذکار کی تعداد میں اضافہ فرما لیجئے۔ نوعیت میں تبدیلی کی ضرورت نہیں"

دوسرے مکتوبات میں ان ہی کو تحریر فرماتے ہیں ؛

"وظائف کی کثرت کا شوق بیکار ہے۔ غرض صحت ہے نہ کہ نسخوں کی کثرت اور یاد وہ ایک نسخہ سے بھی حاصل ہو جاتی ہے .... کسی نئی چیز کی حاجت نہیں، سبق کا بار بار رٹنا ہی کامیابی کا موجب ہے (اس لئے) ہر حال میں ذکر لساناً و قلباً جاری رہے اور اللہ تعالیٰ کی رضا کے سوا عمل کا دوسرا محرک نہ ہو"

ما سوا سے بے نیازی کیلئے لا الہ الا اللہ کا ذکر و مراقبہ اس کے معنیٰ کے استحضار کے ساتھ کافی ہے (غیر اللہ سے بے خوفی) کیلئے بھی یہی ذکر کافی ہے اس کے معنیٰ کا استحضار چاہیئے .... اس کی کثرت غفلت کو دور کر دیتی ہے (اسلئے دوام ذکر اور عدم غفلت کیلئے) بھی یہی ذکر ہے"

مولوی صاحب مذکور نے لکھا کہ "خدا کا شکر ہے کہ باہمہ مشغولی معمولات شبانہ روز میں کوئی فرق نہیں ہوا۔"

حضرت الشیخ قدس سرہ نے ہمت بڑھاتے ہوئے حکیمانہ جواب دیا ؛

"بحمد اللہ تعالیٰ آپ کو استقامت پر مبارکباد دیتا ہوں۔ اب تو زندگی کے آخیر لمحہ تک یہ استقامت قائم رکھنا ہے توفیق

Marfat.com

مُسْلِماً وَّ اَلْحِقْنِیْ بِالصّٰلِحِیْنَ کی دعا چاہیئے ....

اپنی تکمیل اور اصلاح سے کبھی غفلت نہ برتیں۔ ہم ہر حالت میں ناقص ہیں۔ یادِ الٰہی سے غفلت نہ ہو۔ ذکر کا مقصود یہی ہے بدعات و رسوم سے احتراز رہے "

آخری مکتوب میں حضرت والا رحمہ اللہ تعالیٰ مولوی صاحب موصوف کو ارقام فرماتے ہیں :-

" آپ کا لفافہ ملا۔ حالات سے واقفیت ہوئی، سن کر خوشی ہوئی کہ معمولات پر استقامت نصیب ہے۔ مبارک م

الاستقامۃ فوق الکرامۃ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں قل ربی اللہ ثم استقم، استقامت سلوک کی اصل کلید ہے۔

عوارض کی وجہ سے کمی باعث افسوس نہیں، وہ کمی افسوس کے قابل ہے۔ جو غفلت اپنی ارادی کوتاہی کے باعث ہو،

ابتدائی جوش و شوق میں کمی ہے (یہ) فطری ہے۔ یہ مرحلۂ زندگی میں پیش آتا ہے، یہ کوئی افسوس کی چیز نہیں، جوش و شوق ہو یا نہ ہو، عمل میں کوتاہی نہ ہونے پائے۔ جس طرح آغاز شباب میں عروس نو کے ساتھ جوشوق و جوشِ طبع کا مظاہرہ ہوتا ہے۔ وہ تمکین سے بدل جاتا ہے اور بجائے بوالہوسی کے دیرینہ محبت و باہمی وفاداری اس کی جگہ لے لیتی ہے۔

میرا ایک شعر ہے :-

Marfat.com

دیکھیے ملتی ہے کب دولت سکون عشق کی
ہائے مسہوئے جوش تو ہنگامہ آغاز ہے

مولوی صاحب موصوف کے نام حضرت الشیخ قدس سرہٗ کی ان تحریروں کے بنظر غائر مطالعہ سے حضرت والاؒ کا تلقین اذکار، میں مسلک، تدریجی تربیت، طالبین پر شفقت اور حذاقت فن اور مہارت طریق کا اندازہ ہو سکتا ہے۔

Marfat.com

کثرت و تعدد

اوراد و وظائف میں نہیں

بعض حضرات اوراد و وظائف کی کثرت کے شوق میں 'مجموعۂ وظائف' بن جاتے ہیں، اس بارے میں مسلکِ سلیمانیؒ انتہائی معتدل، واضح اور درمیانہ روی کا حامل تھا

ایک ندوی فاضل نے (جو اوراد و اذکار کے دلدادہ تھے) حضرت والا رحمہ اللہ تعالیٰ سے رجوع کیا۔ حضرت الشیخؒ نے ان کے معمولات معلوم کرنے کے بعد ان میں جو حذف و ترمیم کی وہ 'اوراد و وظائف' کا مجموعہ بن جانیوالے ذاکرین کیلئے سامانِ بصیرت ہے۔ وضاحت کیلئے حضرت والاؒ اور فاضل مذکور کے خط کا متعلقہ حصہ بعینہٖ نقل کرتا ہوں۔

مکتوبِ فاضل مذکور

....

معمولات

جواب حضرت الشیخ نور اللہ مرقدہٗ

....

....

بن جاتے ہیں یا بنائے جاتے ہیں اس بارے میں مسلکِ سلیمانیؒ

Marfat.com

مکتوبِ فاضل مذکور

معمولات

(۱) تہجد کی نماز کے لئے عموماً ۲ بجے اٹھتا ہوں

(۲) تہجد کے بعد ۱۲ تسبیح پڑھتا ہوں۔ پھر مناجات مقبول کی ایک منزل، سورۂ یٰسین، الرحمٰن، المزمل، الکہف، الملک، صلوٰۃ وسلام، درود تاج، اسمائے حسنیٰ، دعائے گنج العرش، حضور مقبول صلی اللہ علیہ وسلم کے اسماء کی تلاوت اور چند آیات کو حفظ کر لیتا ہوں، اتنے میں صبح کی نماز کا وقت ہو جاتا ہے۔

جواب حضرت الشیخ نور اللہ مرقدہٗ

. . . .

(۱) صبح صادق سے گھنٹہ دو گھنٹہ پہلے اٹھنا کافی ہے آپ اپنے یہاں کے اوقات سے اندازہ لگالیں، صبح اٹھنے کے لئے رات کو سویرے بعد عشا سونا لازم ہے، تاکہ صحت پر اثر نہ پڑے۔

(۲) یہ بہت زیادہ ہے، تہجد کے بعد بارہ تسبیح کافی ہے۔ وقت اس سے زیادہ نہیں مل سکتا، وقت ملے تو درود وسلام مختصر پڑھیں، درود تاج اور دعائے گنج العرش اور اسمائے نبویؐ کی تلاوت معمول سے خارج کر دیجئے۔

ان سورتوں کی اس طرح تلاوت سے بہتر یہ ہے کہ روزانہ نماز صبح کے بعد ایک پارہ قرآن پاک بترتیب پڑھیں اور اس کے بعد مناجات مقبول کا آخر

Marfat.com

(۳) ہر فرض کے بعد فَکَشَفْنَا عَنْكَ غِطَاءَكَ فَبَصَرُكَ الْيَوْمَ حَدِيْدٌ تین بار پڑھ کر انگشت شہادت پر دم کرنے کے بعد آنکھوں میں اپنی انگلیوں کو پھیر لیتا ہوں صرف صبح کی نماز کے بعد سینہ پر دونوں ہاتھ رکھکر انفتاح ۷۱ بار پڑھتا ہوں اَللّٰهُ لَطِيْفٌۢ بِعِبَادِهٖ يَرْزُقُ مَنْ يَّشَاءُ بِغَيْرِ حِسَابٍ ۷ بار، قُلِ اللّٰهُمَّ مَالِكَ الْمُلْكِ ...... بِغَيْرِ حِسَابٍ اسکے بعد سات بار

(۴) ہر فرض نماز کے بعد الولی، النور، القوی، الودود، الوھاب، الرحمان، الرحیم، الرزاق۔ ۷، ۷ بار یا عزیز یا مجیب ۴۱، ۴۱ بار پڑھنے کا معمول ہے پھر سبحان اللہ، الحمد للہ ۳۳، ۳۳ بار اور اللہ اکبر ۳۴ بار پڑھتا ہوں

(۵) پانچوں وقتوں کی نماز کی فراغت کے بعد لا الٰہ الا اللّٰہ، سبحان اللّٰہ الحمد للّٰہ، اللّٰہ اکبر سو سو مرتبہ

(۳) عـہ اگر تبرکاً نور بصر کے قیام و افزائش کے لئے کرتے ہیں تو خیر ورنہ اوراد مسنونہ میں یہ نہیں ہے۔

اسی طرح صبح کی نماز کے بعد انفتاح کا پڑھنا کس غرض سے ہے یہ بھی خارج کریں۔ اللہ لطیف الخ تک پڑھ سکتے ہیں

(۴) ان سب کو موقوف کریں، تحمل کے مطابق کام کرنا چاہیئے

البتہ عصر و صبح کے بعد سبحان اللہ ۳۳ الحمد للہ ۳۳، اللہ اکبر ۳۴ بار پڑھا کریں

(۵) اس کو روزانہ ہر نماز کے وقت تسبیح پر پڑھ لیا کریں۔

Marfat.com

پڑھتا ہوں۔	
اس کے بعد اپنے گھر والوں کو قرآن پاک ناظرہ صحت و تجوید کے ساتھ مشق کراتا ہوں۔	مناسب ہے
اس کے بعد اشراق کی نماز پڑھتا ہوں۔	اشراق ضرور پڑھیں
ایک یا ڈیڑھ گھنٹہ پھر سو رہتا ہوں۔	نیند کا غلبہ ہو تو سو سکتے ہیں۔ مگر بہتر وقت اس کے لئے قیلولہ کا وقت ہے
اٹھنے کے بعد چاشت کی نماز پڑھتا ہوں۔	چاشت کی نماز پڑھا کریں۔
اس کے بعد مولوی انوار احمد صاحب سلمہٗ تعالیٰ کے یہاں چلا جاتا ہوں۔	صالحین کی صحبت مفید ہے۔
کچھ دیر دینی باتیں سن کر پریس آتا ہوں۔ پریس کے کاموں میں مشغول رہتا ہوں۔ پاس انفاس صلی اللہ علیہ وسلم جاری رکھتا ہوں۔	پریس کے کاموں کو پوری مستعدی سے انجام دیا کریں۔ کیونکہ طلب رزق حلال واجب ہے۔ پاس انفاس صلی اللہ علیہ وسلم نہیں جانتا کیا چیز ہے۔ بہرحال یہ ہمارے ہاں مروج نہیں اسکو موقوف کریں۔ پاسِ انفاس یہ ہے کہ کوئی

Marfat.com

ظہر کے بعد وہی وظائف ہیں
جو اوپر لکھ چکا ہوں۔ البتہ ظہر کی نماز
کے بعد کلام مجید کا ناظرہ پاؤ پارہ،
نصف پارہ یا ایک پارہ پڑھ لیتا ہوں
عصر کی نماز کے بعد بھی وہی
وظائف ہیں۔

مغرب کی نماز کے بعد ان
وظائف و اوراد کے علاوہ اول
و آخر گیارہ مرتبہ درود شریف اور
لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَکَ اِنِّیْ
کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ ایک سو
مرتبہ پڑھتا ہوں۔ الباعث (۱۰۰)
البدیع (۱۰۰) الخافض (۱۰۰)
یا مغنی (۱۰۰) اور اوابین بھی
پڑھتا ہوں۔
(اوابین کے بعد اپنے گھر والوں

سانس اللہ کے ذکر سے خالی نہ ہو
اور اس کے لئے اللہ کافی ہے۔
ظہر کے بعد تلاوت کا مضائقہ نہیں
اگر صبح کو نہ ہو سکے۔ وظائف کی کثرت
کوئی مفید چیز نہیں۔ اعتدال سے کام
کرنا چاہیئے
عصر کے بعد تسبیح سبحان اللہ و
الحمد للہ۔ اللہ اکبر۔ پر
کفایت کیجئے۔
مغرب کے بعد اوابین پر قناعت
کیجئے۔
...... یہ اوراد کی کثرت کس غرض
سے ہے۔ اور یہ مختلف اسمائے
حسنیٰ کا انتخاب کس اصول پر کیا
گیا ہے۔ تشتت اسماء سے
انتشار پیدا ہوتا ہے۔ ایک اللہ
کا نام کافی ہے۔ اور سب
چھوڑ دیں

Marfat.com

کو بٹھا کر حضرت تھانویؒ کے مواعظ پڑھکر سناتا ہوں اور ان دنوں بیان القرآن پڑھکر سناتا ہوں یہ سلسلہ عشا تک رہتا ہے۔

یہ بہت مناسب ہے۔

عشا کی نماز میں بھی وہی وظائف رہتے ہیں۔ صرف ان وظائف کا مزید اضافہ کر دیتا ہوں، درود شریف اول و آخر سو سو مرتبہ اور لاحول ولاقوۃ الا باللہ پانسو مرتبہ اور استغفر اللہ ربی من کل ذنب و اتوب الیہ سو مرتبہ الخالق سو مرتبہ

عشاء کی نماز کے بعد سو دفعہ استغفار کر کے سونے کے وقت کی دُعائے مسنون پڑھ کر سو رہیئے۔

اس کے بعد کھانا کھا کر سو رہتا ہوں یا کبھی کبھار دین کی باتیں اپنے گھر والوں سے کرتا ہوں۔ یا کبھی مولوی انوار احمد صاحب کے پاس آدھ گھنٹہ کے لئے دین کی باتیں سننے چلا جاتا ہوں ......"

عشاء کے بعد کھانے اور سونے کے علاوہ [illegible] تو بہتر ہے۔

مندرجہ بالا طویل اقتباس اور حضرت والا رحمہ اللہ تعالیٰ کے ارشادات سے یہ اندازہ ہوگیا ہوگا کہ متعدد وظائف کی بے طریقہ کثرت، مفید نہیں۔ بلکہ بسا اوقات انتشار ذہنی، تشتت قلبی، پراگندگی فکر کا سبب بن جاتی ہے۔ اور اگر کوئی شیخ کامل میسر نہ آئے تو یہی کثرت دل و دماغ پر اثر انداز ہوجاتی ہے۔ اس لئے بقول حضرت والا قدس سرہٗ

Marfat.com

"نفس اوراد کی کثرت غیر ضروری ہے۔ آہستہ چلئے مگر دواماً چلئے"
فائدہ کثرت میں نہیں دوام میں ہے۔ واِن قل مگر اخلاص و
یکسوئی ضروری ہے تاکہ نفع جلد ہو"

Marfat.com

مراتبِ ذکر

گذرچکا۔ کہ 'یادِ قلبی' اصل ذکر ہے، اور رفتہ رفتہ وہ اپنی وسعت میں پوری زندگی کو گھیرلیتی ہے۔ 'حقیقتِ ذکر' کی سچی یافت و تحقق' اور اس کے زندگی کے ریشے ریشے میں سرایت کرجانے کیلئے ایک مدت چاہیئے' ؎

اک عمر چاہیئے کہ گوارا ہو نیشِ عشق
رکھی ہے آج لذتِ دردِ جگر کہاں

'بدایتِ ذکر' اور 'نہایتِ ذکر' کے درمیان بے شمار مدارج و مراتب ہیں۔ ؎

اے برادر بے نہایت درگہیست
آنچہ بروے می رسی بروے مالیست

آسانی و قربِ فہم کے لئے ذاکرین کی عموماً تین درجوں میں تقسیم کردی

لے اقبال مرحوم کا شعر ہے:۔ آدمی کے ریشے ریشے میں سما جاتا ہے عشق
جیسے شاخِ گل میں بادِ سحر گاہی کا نم

Marfat.com

جاتی ہے۔

(۱) مبتدی۔ (۲) متوسط (۳) منتہی

ورنہ ہر درجہ اپنے اندر "مدارج" رکھتا ہے۔ خصوصاً منتہی تو "متعارف وصول" کے بعد بھی ذکر کے لامتناہی منازل میں سیر کناں رہتا ہے، ؎

ہر لحظہ شانِ حسن بدلتی رہی جگر
ہر آن اک جہاں دگر دیکھتے رہے

نگردد قطع ہرگز جادۂ عشق از دویدنہا
کہ مے بالد بخود ایں راہ چوں تاک از بریدنہا

مبتدی کیلئے "اسم" کی یاد و تکرار ہی "ذکر" ہے۔ متوسط عموماً قلبی دھیان سے الفاظ ذکر اور اس کے معانی کی طرف متوجہ رہتا ہے۔ منتہی ذات بحت میں ایک "خاص لطافت" کے ساتھ قلباً مشغول رہتا ہے جس کا ادراک بھی "چون و چگون" اور گفتنی حدود سے وراء الورا ہے۔ کہ اصل تنزیہہ محض ہے۔

حضرت سیدی الشیخ نوراللہ مرقدہ کا شعر ہے ؎

آتے ہو تصور میں بھر بھر کے نئے روپ
ان سب سے سوا سمجھیں تم کو تو یہ ایمان ہے

عارف رومی نے خوب کہا ہے۔ ؎

اے بروں از وہم و قال و قیل من — خاک بر فرقِ من و تمثیل من

Marfat.com

شیخ شیرازؒ نے کیا عارفانہ بات کہی ہے ؎

اے برتر از خیال و قیاس و گمان و وہم

وز ہرچہ گفتہ اند و شنیدیم و خواندہ ایم

خسروؒ کہتے ہیں:

اے بازکن در معانی برما بکلید آسمانی

ہرچہ از تو گمان برم بجوئی آن من بوم و تو زاں بروئی

حقیقت یہی ہے کہ وہ ذات بے ہمتا ہر کیف و تصور سے بالا ہے بقول سیدی رحمہ اللہ تعالیٰ۔

ادب سے دیکھ لیں مشتاق دور سے ان کو

مجال ہے جو انہیں کوئی ہمکنار کرے

اب منتہی حضرات کے دھیان و توجہ حق کے متعلق یہی کہا جائیگا۔ کہ یہ 'وجدانی و ذوقی' کیفیت ہے۔ اور ذوقی کیفیات کا قلم متحمل بھی نہیں ہو سکتا۔ اور بقول شیخ الکل مرشد تھانوی نور اللہ مرقدہٗ

"امور وجدانیہ وجدان سے ہی سمجھ میں آتے ہیں۔ اور وجدان محض سننے یا پڑھنے سے پیدا نہیں ہوتا۔ اسی لئے کسی نے کہا ہے ؎

پرسید یکے کہ عاشقی چیست گفتم چوں ماشوی بدانی

حضرت والاؒ ذکر میں اس توجہ مذکور کی طرف قرار دیتے ہیں۔

یہ نہ ہو تو ذکر میں انتشار ذہنی کے دور کرنے کیلئے' ذاکر یعنی 'قلب' کی طرف اور یہ بھی نہ ہو تو ذکر کی طرف متوجہ ہونے کی تلقین فرماتے تھے۔ ایک مکتوب میں تحریر

Marfat.com

فرماتے ہیں۔

" ذات کی طرف توجہ اصل ہے۔ اگر اس حالت میں معانیٔ الفاظ کا استحضار نہ رہے۔ تو کوئی حرج نہیں۔ اصل توجہ مذکور کیطرف ہونی چاہیئے۔ یہ نہ ہو تو ذکر کی طرف"

ایک دوسرے گرامی نامہ میں مزید وضاحت فرماتے ہیں:

" ذکر سے اصل مقصود تو مذکور یعنی 'اللہ' کا استحضار ہے۔ یہ نہ ہو تو ذاکر یعنی قلب کا، یہ بھی نہ ہو تو ذکر کا "

ایک اور طالب کو تحریر فرماتے ہیں:

" نور کے تصور کا استحضار نہیں ہوتا تو کوئی حرج نہیں، یہ مقصود خود نہیں، مقصود تو یکسوئی ہے؛ توجہ ذکر کے وقت دراصل مذکور یعنی اللہ تعالیٰ کی طرف ہو، ورنہ ذاکر یعنی قلب کی طرف ہو، ورنہ ذکر کی طرف ہو"

ایک مسترشد نے اپنی حالت کا تذکرہ کرتے ہوئے لکھا، " ذکر کے وقت اکثر حضور حاصل نہیں ہوتا۔ اس لئے بعض مرتبہ گمان ہوتا ہے۔ کہ اس طرح زبان سے اللہ اللہ کہے جانے سے کیا حاصل ہے .... لیکن جب کبھی صبح کسی وجہ سے ذکر ناغہ ہو جاتا ہے۔ تو اس وقت تک چین نہیں آتا جب تک ذکر پورا نہ کر لیا جائے ...... اس کا رنج ہے کہ ذکر میں جو استغراق پیدا ہونا چاہیئے بالکل حاصل نہیں (ملخصاً)

حضرۃ الشیخ قدس سرہ نے جواب باصواب رقم فرمایا:

Marfat.com

"ابھی تک آپکی سمجھ میں ذکر کی حقیقت نہیں آئی، اس سے مقصود محبّتِ الٰہی کی ترقی ہے۔ "استغراق" اور "حضور" دو الگ الگ چیزیں ہیں۔ "استغراق" تو اسکا نام ہے۔ کہ انسان کا شعور باطل ہوجائے بوجہ شدت انہماک کے تو یہ مطلوب و ممدوح نہیں، البتہ "حضور" مطلوب اور ممدوح ہے وہ اسکا نام ہے کہ فی الجملہ ذکر میں مذکور یعنی اللہ تعالیٰ کا استحضار ہو یا قلب کی طرف توجہ ہو یا خود ذکر کی طرف دھیان ہو۔ ان میں جو بات جس وقت اور جتنی حاصل ہوجائے وہ شکر کے قابل ہے۔ کیونکہ وہ عطائے الٰہی ہے۔ اختیاری نہیں" (تذکرہ سلیمان ص۴۲۹)

ان ہی نے ایک دوسرے عریضہ میں بعض صورتوں میں لفظ 'اللہ' کے 'الف' کی ادائیگی میں دقت اور بعض دیگر مشکلات کا تذکرہ کیا۔

حضرتِ والا رحمۃ اللہ نے جواباً تحریر فرمایا:

"آپ ان مشکلات اور دقتوں کی پرواہ نہ کیجئے۔ نہ ذکر کے اندر ان لفظوں پر دھیان دیجئے۔ آپ مذکور یعنی اللہ تعالیٰ کا تصور کریں بشکل نور، خواہ قلب میں لفظ "اللہ" کا نورانی تصور، تلفظ اپنی کوشش بھر صحیح ہو، پھر جو کچھ ادا ہوتا ہے وہ صحیح ہے"۔ (تذکرہ ص۴۳۷)

مسترشد موصوف نے استفسار کیا۔ "حق تعالیٰ کی ذات تو وراء الوراء ہے پھر ذکر کے وقت ذات کا تصور کس طرح کیا جائے"۔ حضرت والا نے ارشاد فرمایا،

"تصور ذات کا نہیں ہوتا، اس کی صفات کا ہوتا ہے۔ اللہ تعالیٰ

Marfat.com

سے کہ اسمائے حسنیٰ کا تصور کیجئے۔ نورانیت کا تصور بھی اس کی صفت ہی کا تصور ہے"

اگر کسی سالک کو یہ کیفیت میسر آجائے کہ زبان و دل کے اشتراک کیساتھ متوجہ بحق ہو کر ذکر کر سکے تو "نور علیٰ نور" ہے۔ کہ اسطرح جملہ افراد ذکر، ذکر لسانی توجہ قلبی اور استحضار ربانی مجتمع ہو جائیں گے۔

مراد یہ ہے کہ زبان الفاظ ذکر معانی کے استحضار کے ساتھ اسطرح ادا کرے کہ جس وقت لفظ ذکر زبان سے ادا ہو، اسی وقت زبان و قلب کا اشتراک "یکجائی" ایسی ہو، کہ وہی لفظ "دل" سے بھی سن رہا ہو۔ اور ادائیگی کے وقت دھیان ذات الٰہی کی طرف ہو، ایک ہی وقت میں ان مختلف باتوں کا "اجتماع" ایک مثال سے سمجھ میں آسکتا ہے۔ استاد کی فرمائش پر جب کوئی متعلم قرآن کریم کا ترجمہ الفاظ کی ادائیگی کے ساتھ سنا رہا ہو تو ایک ہی وقت میں اسے چند باتوں کا خیال ہوتا ہے۔ معلم کی موجودگی اور اس کی رویت و سماعت کا استحضار، تلفظ کا صحیح ادا کرنا، اور معنی کیطرف دھیان کہ ترجمہ میں غلطی نہ ہو جائے۔ اس کے علاوہ یہ بھی ذہن میں ہوتا ہے کہ اگر قرأت و ترجمہ درست ہوا۔ تو استاد خوش ہو کر انعام سے نوازے گا، اور غلطی ہو جانے پر استاد کی ناراضگی اور سزا کا ڈر ہوتا ہے۔ اسی طرح اگر سالک قربت و معیت اور رویت و سماعت رحمانی کے استحضار، اجابت و قبولیت الٰہی کے یقین و اذعان اور رضاء و عطائے ربانی کی طلب و امید میں محبت و شوق میں ڈوب کر اللہ تبارک و تعالیٰ کا حق اور

Marfat.com

وظیفہ عبدیت سمجھ کر رغبۃً و رہبۃً ، ایماناً و احتساباً ذکرِ لسانی قلب کے اشتراک و دھیان کے ساتھ کرتا رہیگا۔ تو یقیناً اللہ تعالیٰ اس ذکر کی برکات سے اس کے سینہ و قلب کو پرانوار اور اس کے اعضاء و جوارح کو احکامِ الٰہیہ کا تابع و منقاد بنا دے گا۔ آخرت میں انعامات و رضوانِ الٰہیہ کا حصول تو یقیناً ہو کر رہے گا کہ مقصود اصلاً وہی ہے۔ اس دنیا میں بھی اللہ چاہے تو عطائے ربانی کا نظارہ اپنے اندر کا لعین مشاہد ہو جائیگا۔ توحیدِ خالص، اتباعِ نبوتِ عظمیٰ، عبدیت و عبودیتِ کاملہ، مقاماتِ عالیہ، اخلاقِ فاضلہ، حیاتِ طیبہ، استقامت علی الحق، فراستِ ایمانی، بصیرتِ قلبی، عقائدِ دینیہ کی حلاوت و یقین اور اعمالِ صالحہ کیساتھ دلی و طبعی مناسبت و محبت و خشیت وغیرہا، انعاماتِ الٰہیہ کی ایسی دولت نصیب ہو گی جس کے سامنے ہفت اقلیم کی سلطنت گرد کی حیثیت نہیں رکھتی۔ انہیں باطنی انعامات سے مالا مال ایک مردِ درویش (سیدنا حضرت عبد القادر جیلانی نور اللہ مرقدہٗ) نے اپنی کیفیت باطنی کا ایک ہلکا سا نقشہ پیش کرتے ہوئے کہا تھا:

چوں چترِ سنجری رخِ بختم سیاہ باد ‌ ‌ ‌ در دل بود اگر ہوس ملکِ سنجری
زانگہ کہ یافتم خبر از ملکِ نیم شب ‌ ‌ ‌ من ملکِ نیم روز بیک جو نمی خرم

اس کے علاوہ حکمتِ الٰہیہ نے اگر مناسب سمجھا۔ تو علوم و معارف احسانیہ، دقائقِ تشریعیہ، حقائقِ کونیہ کا قلب پر ایسا ورود و القا ہو گا۔ جس کے متعلق حضرت عارف رومی نے کہا ہے۔

بینی اندر خود علوم انبیاء
بے کتاب و بے معید و اوستا

Marfat.com

حضرت والا نور اللہ مرقدہٗ ایک طالب کو انہی انعامات الٰہیہ کے متعلق تحریر فرماتے ہیں ؛

" جو کچھ اللہ تعالیٰ سے ملا۔ اس کا شکر ادا کیا جائے اور جو اب تک نہیں ملا اللہ تعالیٰ سے امید رکھنی چاہیئے کہ وہ مناسب موقع پر اپنے فضل و کرم سے عطا فرمائیں گے ۔۔ جسقدر حضور بھی نصیب ہو۔ وہ شکر کے قابل ہے ۔۔ یہ علوم و اسرار کتاب و سنت کے مطابق ہوں تو بہتر ہیں اور اگر مطابق نہوں تو قابل رد ہیں۔"

ان ہی کو ایک دوسرے خط میں لکھتے ہیں ؛

" دائم حضوری بھی انشاء اللہ کبھی حاصل ہو گی لیکن اسوقت بھی جو کچھ حاصل ہو جاتی ہے شکریہ کے قابل ہے شکریہ سے نعمت کی زیادتی ہوتی ہے "!

ایک اور طالب کو ہدایت فرماتے ہیں ؛

ان کی طرف زیادہ توجہ کی ضرورت نہیں اور اس کیلئے تشویش خاطر کی ضرورت ہے ہر چیز اپنے وقت پر حسب استعداد اللہ تعالیٰ عطا فرمائینگے[1] ۔۔۔ ایک اصول نہایت اہم سمجھ لیجئے امور اختیاریہ میں بندہ کمی نہ کرے اور غیر اختیاریہ کے درپے نہو، تمنا ہو، تو صاحب تمنا کے سامنے پیش کیجئے[2] ۔ وہ جو چاہیں اور جب چاہیں گے دینگے[3] ۔ اور اگر مدت تک نہ بھی ملے تو اس کیلئے تشویش نہ کیجئے کہ ؎ " خواجہ خود روش بندہ پروری داند "

---

[1] آہی جائیگا کبھی اس تک بھی ساقی دور جام منتظر بیٹھا ہوا جو بھی تیری محفل میں ہے (سید صاحب)

[2] سنا تو دے اسے افسانہ غم ہجراں وہ اعتبار کرے یا نہ اعتبار کرے (" " ")

[3] انہیں کے دینے سے ملتا ہے جسکو ملتا ہے وہی نہ چاہیں تو کوشش کوئی ہزار کرے (" " ")

Marfat.com

ذکرِ قلبی

ذاکر جب "زبان وقلب کے اشتراک سے کثرت کیساتھ ذکر الٰہی کرتا رہتا ہے تو "قلب" میں "حدیثِ نفس" کے طور پر ذکر الٰہی کی کیفیت پیدا ہوجاتی ہے۔ اور توجہ سے "ذکر" محسوس ہوتا ہے۔ اصطلاحاً اسے "ذکر قلبی" کہتے ہیں۔ دعائے ماثورہ ہے: اللھم اجعل وساوس قلبی خشیتك وذکرك

"یعنی اے اللہ میرے دل کے وسوسوں کو بھی اپنا ڈر اور یاد بنا دے"

گویا جیسا عامۃ الناس کے وساوس "غفلت الٰہی" سے ناشی ہوتے اسی طرح ایسے قلوب بھی ہیں۔ جن کے "قلب کے وساوس" ذکر و خشیت رب" بن جاتے ہیں۔ "وسوسۂ قلبی" کی اس یاد و خشیت بن جانے کی کیفیت کو ہم "ذکر قلبی" کے نام سے موسوم کر سکتے ہیں اور کیونکہ خشیت[1] مطلوبہ وہی ہے جو معاصی سے روک دے تو مطلوب ذکر قلبی بھی وہی ہوگا۔ جو معاصی سے اجتناب کا سبب بن جائے

---

[1] دعائے ماثورہ ہے: اللھم اقسم لنا من خشیتك ما تحول بہ بیننا و بین معاصیك (مشکوٰۃ صد ۲۱۹ بحوالہ الترمذی) (اے اللہ ہمارے لئے اپنی وہ خشیت مقدر فرما جو ہمارے اور ہمارے گناہوں کے درمیان حائل ہوجائے۔

Marfat.com

ایک مسترشد نے حضرۃ الشیخؒ سے استفسار کیا کہ قلب کے ذاکر ہونے کی کیا تدبیر ہے۔"

حضرت سیدی الامام نور اللہ مرقدہ نے جواب تحریر فرمایا:

"قلب کا ذاکر ہونا کوئی فن کی اصطلاح نہیں۔ کثرت ذکر سے قلب میں ذکر لفظ اللہ ھو: یا لا الہ الا اللہ یا کوئی اور مرکوز ہو کر حدیث نفس کے طور پر جاری ہو جاتا ہے۔ جو ارادہ کے بغیر بھی قائم رہتا ہے۔ بلکہ اسکا استحضار بھی نہیں رہتا کہ ذکر جاری ہے۔ بہر حال اسکا طریق صرف کثرتِ ذکر، توجہ تام ہے۔ اور یہ کوئی مشکل نہیں، ذکر کے اثر کا ظہور یہی ہے۔ کہ طاعات و مرضیات الٰہی کے اتباع کا ذوق بڑھے اور اللہ تعالیٰ کی یاد ہر حال میں ہو۔"

ایک مکتوب میں ارشاد فرماتے ہیں،

"اس (ذکر قلبی) کا طریقہ یہی ہے کہ کثرتِ ذکر کی کوشش کیجائے۔"

ایک اور طالب کو ارقام فرمایا،

"ذکر لسانی کی کثرت سے ذکر قلبی کی کیفیت پیدا ہو جاتی ہے۔"

انہی کو تحریر فرمایا:

"یہی (اسم ذات کا ..... ہزار دفعہ ذکر) کافی ہے۔ اس سے ذکر قلبی کی کشائش ہو جاتی ہے۔"

"جذرِ قلوب" میں ایک لطیفہ ہے۔ جو امانتِ الٰہی[1] کا مورد اور فطرتاً مشتاق ربانی اور جویائے "قرب و یادِ الٰہی" ہے۔ اس کی تسکین و تسلی صرف ذکر حق سے

[1] ان الامانۃ نزلت فی جذر قلوب الرجال (الحدیث بخاری و مسلم)

Marfat.com

ہوتی ہے۔ جب توجہ باطنی سے ذکر کثرت سے کیا جاتا ہے۔ تو یہ لطیفہ زندہ ہو کر مشغول بیادِ الٰہی ہو جاتا ہے۔ اسی "لطیفہ" کی یہ "مشغولیت بذکرِ خاص" ذکرِ قلبی، کہلاتی ہے۔ اور یہ 'ذکرِ خاص' عادتاً وہی ہوتا ہے جسے ذاکر کثرت سے کرتا رہتا ہے۔ یہاں تک کہ وہ اصلِ قلب میں جڑ پکڑ جاتا ہے۔ یہ 'لطیفہ' قرآن و حدیث سے بھی ثابت ہے۔ حضرت والا رحمہ اللہ تعالیٰ ارقام فرماتے ہیں:۔

" (لطائف ستہ) حدیث و قرآن سے ثابت نہیں۔ حدیث و قرآن سے صرف لطیفۂ قلب ثابت ہے، قرآن پاک میں "قلب منیب" اور 'قلب سلیم' کا ذکر آتا ہے۔ حدیث میں ہے۔ کہ انسان کے جسم میں گوشت کا ایک لوتھڑا ہے وہ ٹھیک ہو جائے تو سب ٹھیک ہو جائے گا۔ 'الا وھی القلب' اس لئے حاجی صاحب رحمہ اللہ کے سلسلے میں سارا زور قلب کے تزکیہ پر ہے"

یہ ذکرِ قلبی، گو مامور بہ اور موجبِ تسکینِ قلب ہے لیکن اشتغال اور ذہنی مشغولیت میں 'ذہول' کا بھی اندیشہ ہے۔ اسلئے 'ذکرِ قلبی' کے ساتھ "ذکرِ لسانی کا اقتران بھی ضروری ہے۔ کہ اگر بالفرض 'ذکرِ قلبی' کا ذہول ہو جائے تو 'ذکرِ لسانی' کی برکت سے تو انسان محروم نہ رہے۔

حضرت والا رحمہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے:

" اصل ارادہ اور زبان سے ذکر کرنا ہے۔ تاکہ ذاکر اس خیال سے کہ ذکرِ قلبی جاری ہے۔ ذہول میں مبتلا نہ ہو جائے۔ اس کے علاوہ نئے ارادہ کے ثواب سے محروم نہ رہے"

Marfat.com

"ذکرِ قلبی" کیونکہ بغیر حرکتِ لسان ہوتا ہے۔ اس لئے نماز میں بھی حاج نہیں'
حضرت والا ایک سالک کو جس پر "غلبۂ ذکر" کا حال طاری تھا۔ ارقام فرماتے ہیں،
"ذکر بالقلب نماز میں حارج نہیں باللسان سے احتیاط کرنی چاہیئے'

دوام ذکر ایک طالب کو جنہیں حق تعالیٰ نے بفضلہٖ دوامِ ذکر کی نعمت عطا فرمائی۔ حضرت والا مختلف مکتوبات میں ارقام فرماتے ہیں:۔

"ہر وقت ذکر کی مصروفیت یعنی دوامِ ذکرِ قلب بڑی نعمت ہے۔ جو آپ کو مل رہی ہے۔ اس کو جاری رکھئے۔"

"یہ بھی ذہن میں رہے کہ کشف والہام وغیرہ محض محمود ہیں۔ مقصود نہیں۔ ان باتوں کو قربِ الٰہی میں کوئی دخل نہیں — قربِ الٰہی صرف ایمان اور عمل صالحہ کا نتیجہ ہے۔ اس لئے دوامِ ذکر اور کثرتِ اعمالِ صالحہ کی فکر میں رہنا چاہیئے۔"

ان ہی کو تاکید کرتے ہیں،

"کیفیات و احوال کی طرف توجہ نہ کیجئے۔ اور صرف حسن عمل اور کثرتِ ذکر کی طرف توجہ رکھیئے۔"

پاسِ انفاس دوامِ ذکر کی ایک نوعیت پاس انفاس ہے۔ کہ کوئی سانس یادِ الٰہی سے خالی نہ جائے یہ بھی 'کثرتِ ذکر' کی مخصوص صورت سے میسر آتا ہے۔ اس کا طریق یہ ہے کہ سالک "ہر سانس" کو اس توجہ سے لے کہ اس سانس کے ساتھ "اللہ اللہ" یا 'اللہ ھو' یا 'لاالٰہ الا اللہ' جاری ہے۔ زبان کا تلفظ نہ ہو' ذکر قلبی ہو

Marfat.com

اور دھیان یہ ہو کہ ہر "تارِ نفس" کے ساتھ 'ذکر' کی آمد و رفت ہے۔
کسی نے کیا خوب کہا ہے۔

نوائے صبحگاہی نے جگر خون کر دیا میرا
خدایا جس خطا کی یہ سزا ہے وہ خطا کیا ہے
اگر میں کیمیاگر ہوں تو میری کیمیا کیا ہے
یہی تارِ نفس ہے اور میری کیمیا کیا ہے

ایک سالک نے حضرت والا سے "پاس انفاس" اور اس کے فائدہ کے متعلق پوچھا
حضرت الشیخ نور اللہ مرقدہ نے جواباً لکھا ،
"پاسِ انفاس یہ ہے۔ کہ کوئی سانس ذکر الٰہی سے خالی نہ جائے۔ اس کی صورت یہ ہے۔ جو آسانی سے ہو سکتی ہے۔ ہر سانس کے ساتھ اللہ۔اللہ جاری رہے۔ بغیر تلفظِ لسانی، محض ذکر قلبی کے ساتھ —— اِس کا ذکر ہے۔ جو حسب استطاعت مامور ہے۔"
ایک دوسرے طالب کو تحریر فرمایا۔ "پاس انفاس یہ ہے کہ کوئی سانس اللہ کے ذکر سے خالی نہ ہو۔ اور اس کیلئے اللہ کافی ہے"

Marfat.com

ذکرِ سرّی

حقیقتِ ذکر، کے ضمن میں یہ بات گذر چکی ہے۔ کہ 'قلبی یاد' ہی حقیقتاً ذکر ہے' پس 'ذکر' کا اصل مدعا اسی 'قلبی یاد' کی دائمًا 'یافت' ہے کہ دل ذکر سے اتنا "زندہ و بیدار" ہو جائے۔ کہ 'یادِ الٰہی اور استحضار ربانی' کا ذاکر اپنے دل میں ہر آن و ہر حال میں عیاناً و حالاً ادراک کر سکے، 'یادِ قلبی' دل کا 'ملکۂ راسخہ' مزاج اور فطرتِ ثانیہ بن کر 'حقیقتِ ثابتہ' کی صورت میں "حاسۂ قلبی' (یا جذبۂ قلب) میں پیوست و مرغم ہو جائے۔ اور "ذکرِ حق" کی یہ

سلہ 'قلب ذاکر' ہی دل زندہ ہے۔ حدیث نبوی ہے

مثل الذی یذکر ربہ والذی لا یذکر ربہ مثل الحی و المیّت (مشکوۃ ص۱۹۷ بحوالہ	اس شخص کی مثال جو اپنے پروردگار کو یاد کرتا ہے اور جو نہیں یاد کرتا زندہ مردہ جیسی ہے یاد کرنیوالا زندہ اور نہ کرنیوالا مردہ ہے۔

کسی نے کیا خوب کہا ہے ؎

مجھے یہ غم ہے دل زندہ تو نہ مر جائیے
کہ زندگی عبارت ہے تیرے جینے سے

Marfat.com

یافت قلب ذاکر کا شغلِ دائم بن جائے۔ جو اسے ہر وقت ذاتِ حق میں مشغول اور اس کے دھیان سے خرم و مسرور رکھے۔

اسی ملکہ یاد داشت، کے حصول کیلئے مختلف سلاسلِ سلوک نے مختلف طرقِ اذکار اختیار کیئے ہیں۔ مقصود سب کا ایک ہی ہے۔ کہ ذکرِ حقیقی کا دوام و استمرار شریعت مطہرہ کے ظاہری و باطنی اتباع کے ساتھ میسر آجائے ہے

عبارا تنا شتی وحسنک واحدٌ وکل الی ذاک الجمال یشیر

ان ہی طُرقِ اذکار میں ایک 'ذکر سری' بھی ہے۔ کہ ذاکر اپنے جملہ حواس ظاہری و باطنی کو مجتمع کر کے "قلب" کی طرف پوری بیداری سے متوجہ ہوکر یوں تصور کرتا ہے۔ کہ 'دل' سے 'اللہ' 'اللہ' کی آواز نکل رہی ہے زبان میں حرکت نہیں ہوتی' اور 'دل' سے یہ آواز 'مسموع' سمجھ کر 'کان' گوش بر آواز' رہتے ہیں۔ اس ذکر میں 'تعداد' کی بجائے 'اوقات' کا اعتبار ہوتا ہے۔ ایک معتدبہ وقت کی مشق و ممارست سے 'باطنِ قلب' میں اللہ کا لفظ مرتکز ہوکر "لطیفۂ قلبی" کی زندگی اور اس میں 'ذکر کے احیاء' کا سبب بن جاتا ہے۔ اور سمع' اسی 'آواز' کو قلب سے سنتا ہے۔ "تصور جاناں" اور "سماعتِ نامِ محبوب" کی یہ مشق 'در جاناں' تک رسائی کا محض ایک 'ذریعہ' ہے۔ جس سے حواس پر "تصورِ جاناں" کو مستولی کیا جاتا ہے۔ اور دیگر 'خیالات' سے بچاکر 'مذکور' پر 'دل و دماغ' کو

Marfat.com

مرکوز کر دیا جاتا ہے۔ جب حواس 'غیر حق' کے احساس اور دھیان و خیال سے فارغ ہو جاتے ہیں، تو 'مستور ازل' کا 'چہرہ بانقاب تجلیات و انوار کے حجابات'[1] میں بھی سالک کیلئے 'نورِ دیدہ و دل' بن جاتا ہے' عارف رومی کا شعر ہے

لب ببند و چشم بند و گوش بند ، گر نہ بینی روئے حق بر من بخند

بہر حال یہ 'تصوراتِ شیخ یادِ محبوب اور دھیانِ حبیب بھی زینۂ قرب ربانی ہے جو سالک کے مراتب و حسنِ باطنی کو بڑھاتا ہے یہ شعر

یزیدك وجهه حسناً اذا ما زدته نظرا

'مجاز' میں مبالغہ ہو تو ہو، لیکن 'حقیقت' میں عین حقیقت ہے عرب شاعر نے سچ کہا ہے۔

اری اثر امنه بعينك بيناً لقد اخذت عينك من عينه حسنا

سالک کی کیفیت کا نقشہ اس بارے میں کسی عارف نے خوب کھینچا ہے

جمالت آفتاب ہر نظر باد زخوبی روئے خوبت خوبتر باد

مرا از تست ہر دم تازہ عشقے ترا ہر ساعتی حسن دگر باد

غرض تصور کے ذریعہ 'ذکر حقیقی' کی یافت 'ذکر سری' کا مقصد و منشاء ہے 'ذکر سری' خصوصاً خانوادۂ نقشبندیہ میں معمول بہ رہے۔ ہمارے حضرت والا قدس سرہٗ چاروں سلسلوں میں مجاز تھے۔ اس لئے طالب کی مناسبت و مصلحت کے مطابق جس سلسلہ کے ذکر میں کشائش کار دکھائی دیتی تھی وہی تلقین فرماتے تھے کہ اصل مقصود "حقیقت ذکر" کی یافت ہے نہ طرق حصول ذکر

---

[1] حجابه النور الحدیث کی طرف اشارہ ہے۔ (محمد اشرف)

Marfat.com

حضرت والاؒ کے ایک مسترشد خاص جسمانی کمزوری کی بنا پر ذکر جہری کا تحمل نہ فرما سکتے تھے۔ انہوں نے اپنے اس ضعف کا تذکرہ حضرۃ الشیخ رحمہ اللہ تعالیٰ سے کرتے ہوئے لکھا۔ "اس لئے باوجود شوق و ذوق کے ذکر و شغل کی زیادہ تاب بھی نہیں پاتا اور حضرت والا سے خاطر خواہ استفادہ سے محروم ہوں..... "

حکیم و محقق شیخ شفیق نے جواب باصواب عنایت فرمایا:

"جسمانی صلاحیت کے مطابق ہی کام کیجئے۔ یاد ہوگا۔ کہ ذکر کی تعداد بڑھانے میں میں نے سہولت کی قید لگائی تھی۔ ایک مرتبہ بہت زیادہ بڑھا لینے کا مشورہ نہیں دیا تھا اب بھی یہی مشورہ ہے۔ اگر ذکر جہری[1] سے مشقت ہوتی ہے تو سری کیجئے جو نقشبندی طریقہ میں رائج ہے۔ یعنی یہ کہ زبان بالکل بند تالو سے لگی ہوئی اور تصور کیجئے۔ کہ قلب سے اللہ اللہ کی آواز نکل رہی ہے۔ اس میں تعداد کی قید نہیں۔ وقت کا معیار ہے یعنی پندرہ منٹ، بیس منٹ، آدھ گھنٹہ، ایک گھنٹہ جیسی فرصت ہو" (تذکرہ سلیمانؒ حصہ ۲، ص ۵۲۸)

سالک مذکور نے ایک خط میں تحریر کیا "بحمد اللہ معمولات پر پابندی ہے۔ ذکر سری کر رہا ہوں۔ قیام توجہ کے لئے تسبیح بھی رکھ لیتا ہوں اس میں حرج تو نہیں"

---

[1] جہری سے یہاں مراد جہر مفرط ہے۔ م

Marfat.com

حضرت والا رحمہ اللہ تعالیٰ نے ارقام فرمایا:

" الحمد للہ بارک اللہ

ذکرِ سری میں زبان کو حرکت نہیں ہوتی، صرف قلب سے تصور میں ذکر ہوتا ہے۔ اسلئے اس کیلئے قلب کی توجہ اور بیداری کی ضرورت زیادہ ہوتی ہے۔ تسبیح سے اس توجہ میں کمی آجاتی ہے۔ کیونکہ توجہ تسبیح کے دانوں اور مقدار پر ہو جاتی ہے۔ مگر آپ کو اگر اسی میں آسانی ہے۔ تو کیجئے، مقصود ذکر سے ہے،...... (ذکر میں) مقصود کمیت نہیں کیفیت ہے " (تذکرہ سلیمان صفحہ ۵۵۔ ۵۵۱)

ایک دوسرے مکتوب میں ان ہی کے ایک استفسار کے جواب میں تحریر فرماتے ہیں:

" ذکرِ جہری اور سری دونوں مشروع ہیں۔ اب جس کو جس سے مناسبت ہو، جہری کے معنیٰ یہ ہیں: کہ جس کی آواز اپنے کانوں کو سنائی دے، جس کو قرآن پاک میں: دُونَ الْجَهْرِ مِنَ الْقَوْلِ، کہا گیا ہے۔ اس کی تفسیر میں حضرت ابو بکرؓ اور حضرت عمرؓ کا واقعہ ہے کہ حضرت عمرؓ جہراً اور حضرت ابو بکرؓ سراً تہجد پڑھتے تھے۔ تو حضرت عمرؓ کو فرمایا۔ کہ ذرا آہستہ پڑھو اور حضرت ابو بکرؓ کو کہا گیا کہ ذرا زور سے پڑھو۔ " (تذکرہ صفحہ ۵۹۲)

Marfat.com

جیسا کہ معلوم ہوا۔ ذکر سری کا مدار قوت تصور کے استعمال و استمرار پر ہے۔ اور اسی کے ذریعہ یکسوئی اور حقیقت ذکر تک رفتہ رفتہ رسائی حاصل کی جاتی ہے۔"تصور" کی ان کارفرمائیوں' اور ان سے حواس کی یکجائی' یادِ حق کے حصول کی کوشش اور "دھیان ربانی" کی مشق کا تذکرہ حضرت سیدی الامام قدس سرہ نے اپنے اشعار میں بھی فرمایا ہے' ارشاد ہوتا ہے:

دیکر تجھے حواس اقریب نوید دید اجزائے منتشر کو بہم کر رہا ہوں میں
سجدہ میں رکھ کے سر ترے پائے خیال میں
تعمیر اک بہشت ارم کر رہا ہوں میں
سر ہے زمین پر تو تصور ہے عرش پر
تعمیر اک اور حرم کر رہا ہوں میں

بات یہ ہے کہ باری تعالیٰ نے انسان کو مختلف قوائے ظاہری و باطنی اور طرح طرح کی استعدادیں مرحمت فرمائیں ہیں۔ اور جس طرح خلقت بشری اس ابتلا کی گھاٹی (یعنی عالم ناسوت) میں نری 'عبدیت' اور 'فرائض عبودیت' کی بجا آوری کے لئے ہوئی ہے۔ اسی طرح جملہ انسانی ظاہری و باطنی، جسمانی و روحانی استعدادیں و قوی اسی "بندگی کے کمال" کے حصول کے لئے عطا فرمائے گئے ہیں۔ کہ بندہ اس عالم میں جس کام کیلئے آیا ہے یعنی بندگی و سرافگندی' اطاعت و معرفت' اس کے حاصل کرنے کیلئے اپنی پوری مایہ ظاہری و جسمانی استعداد باطنی و روحانی جواہر کو

Marfat.com

لگا دے ۔ قوت متخیلہ و تصور کی طاقت بھی خزائنِ الٰہیہ میں سے بندے
کو اس لئے ہی دی گئی ہے کہ اس کا استعمال بھی اسی "مقصدِ عالی" کے
حصول کیلئے کیا جائے اور اس کا جزو کل رضائے الٰہی، معرفتِ حق، فرائضِ
عبدیت کی ادائیگی کے لئے صرف ہو، 'صوفیہ صافیہ' جنہیں اللہ تعالیٰ
نے بصیرتِ باطنی سے نوازا ہوتا ہے۔ اور جو اپنی موت وحیات، ظاہر باطن
غرض اپنی جملہ کائنات کو اللہ تعالیٰ کے سپرد کر کے ان گھاٹیوں سے گذر
چکے ہوتے ہیں۔ ہر استعداد کا صحیح محلِ استعمال بفضلہ وعونہ تعالیٰ ان کی فراست
ایمانی پر کھول دیا جاتا ہے وہ تصور کے اس خزینہ قوت، کو بھی معرفتِ
حق، یادِ الٰہی اور استحضار وحضورِ ربانی کا ذریعہ بنا دیتے ہیں اور جس طرح
علمائے نفسیات، نفسیاتی علاج' (psychological treatment) سے
نفسیاتی اور بعض جسمانی بیماریوں کا علاج کرتے ہیں۔ "حکمائے باطنی" قلبی
اور روحانی امراض کا علاج' اسی 'نفسیاتی و تصوراتی طریقہ علاج سے کرتے
ہیں۔ لیکن دونوں میں فرق کے سمجھنے کیلئے 'حکمتِ ایمانی' کا جاننا ضروری
ہے "جو محقق اہلِ ایمان' کی صحبت ہی سے میسّر آتی ہے مولانا فرماتے ہیں۔

چند خوانی حکمتِ یونانیاں   حکمتِ ایمانیاں را ہم بخواں؟

صوفیہ کے اس طریقہ علاج کے متعلق حضرت الشیخ قدس رحمہ اپنے
ایک مرید باختصاص کو ارقام فرماتے ہیں:

"یہ شبہ (کہ ذکر و فکر میں تجلیات و کیفیات کا ورود سب تصوری
و ذہنی معلوم ہوتا ہے ۲-۱) بالکل صحیح ہے۔ اسی لئے

Marfat.com

یہ انوار و تجلیات جن کو عام طور پر انوار و تجلیات کا نام دیا جاتا ہے وہ نفسانی افکار ہیں۔ اور ان کی مثال ایسی ہے جیسے اسی عملِ نفسیاتی کے ذریعہ بعض علمائے نفسیات بیماری کا ازالہ اور صحت کا حصول کرتے ہیں۔ اور اسی نفسیاتی اصول سے صوفیہ امراضِ باطنی کا علاج کرتے ہیں۔ اور حق تعالیٰ سے رابطہ پیدا کرتے ہیں۔ اب جسطرح پہلے یہ طے کیا جا چکا ہے کہ صحت اچھی چیز ہے۔ اور بیماری بری چیز ہے۔ اور بیماری کو دور اور صحت کا حصول اس تدبیر نفسیاتی سے کیا جاتا ہے۔ اور اس میں کامیابی ہوتی ہے۔ اسی سے مشاہدہ اور استحضارِ ربانی کی کیفیت جس کے حصول کا مطلوب ہونا الگ دلیل سے ثابت ہے! اس کے حصول کیلئے یہ نفسیاتی طریق کار اختیار کیا جاتا ہے۔ اور اس میں کامیابی ہوتی ہے۔ اس طریق میں عموماً جو مشاہدات ہوتے ہیں۔ وہ ذہنی افکار ہوتے ہیں۔ جیسا کہ امام نقشبند (خواجہ بہاؤالدین نقشبند قدس سرہ) کا یہ فقرہ اس پر دلالت کرتا ہے

"آنچہ دیدہ شود و دانستہ شود ہمہ غیر خدا است"

بحمد اللہ کہ یہ حقیقت آپ پر ظاہر ہوگئی۔ غرض اصلاً یہ مشاہدات و تصورات مطلوب نہیں۔ یہ تو بطور تدبیر ہیں اصل ان کے نتائج ہیں" مقصود مقصد تک رسائی ہے جس کیلئے ہر جائز ذریعہ کا استعمال ہے۔ ذکر سری میں بھی یہی صورت ہے۔ اور مشاہدہ اس کے خاطر خواہ نتائج پر شاہد ہے۔

اس لئے عام طور اور عموماً کے الفاظ قابل توجہ ہیں

Marfat.com

لطائفِ ستّہ

اسی (ذکر سری) کے ضمن میں لطائف کا ذکر بھی مناسب معلوم ہوتا ہے کہ ان 'لطائف' میں بھی ذکر، تصور کی قوت متحرکہ سے ہی زندہ ہو کر محسوس ہوتا ہے۔ 'لطائف' کی تعداد اور ان کے مقامات میں اختلاف ہے کہ سوائے لطیفہ قلبی کے (جو قرآن وحدیث سے ثابت ہے) باقی کشف سے معلوم ہوئے ہیں۔ اس لئے اختلافِ اہل کشف کی بنا پر ان کی تعداد اور تعین مقامات میں اختلاف ہے۔ عام طور پر حضرات نقشبندیہ کے ہاں جو 'لطائف' مذکور ہیں۔ ان کا نام اور مقام بیان کیا جاتا ہے

نام لطیفہ	مقام
۱۔ نفس	زیر ناف
۲۔ قلب	بائیں پستان کے نیچے
۳۔ روح	دائیں پستان کے نیچے
۴: سر	قلب و روح کے لطائف کے درمیان
۵۔ خفی	دونوں ابرو کے درمیان
۶:۔ اخفیٰ	سر کا تالو (ام الدماغ)

Marfat.com

ان لطائف کے زندہ، صاف اور جاری یعنی ذاکر کرنے کیلئے بھی 'لطیفہ قلبی' کی طرح ایک ایک لطیفہ کی طرف متوجہ ہوکر 'اللہ اللہ' کی آواز تصور سے اسی طرح سنی جاتی ہے۔ جیسے 'لطیفہ قلبی' سے مسموع ہوتی ہے اور جس کا تذکرہ 'ذکر سری' کے ضمن میں گذر چکا ہے۔ مشق و ممارست سے بعض اوقات علیحدہ علیحدہ لطیفہ 'ذاکر و زندہ' ہو جاتا ہے۔ اور بعض اوقات 'فوقانی لطیفہ' کے 'احیاء' سے دوسرے لطائف بھی جاری (ذاکر) اور زندہ ہو جاتے ہیں۔ بہر حال اگر ایک ایک لطیفہ' کو صاف کر لیا جائے تو قیام رسوخ و اجراء ذکر میں سہولت رہتی ہے۔ بہر حال شیخ کی صوابدید پر ہے۔ ہمارے ہاں 'لطیفہ قلبی' کے علاوہ دگر لطائف عموماً معمول بہا نہیں حضرت والا لطائف کے متعلق مختلف مکتوبات میں اپنے ایک عزیز خاص کو ارقام فرماتے ہیں:-

"نقشبندیہ سلسلہ میں لطائفِ ستہ کا جو ذکر آتا ہے وہ) حدیث قرآن سے ثابت نہیں۔ حدیث و قرآن سے صرف لطیفہ قلب ثابت ہے قرآن پاک میں "قلب منیب" اور قلب سلیم کا ذکر آتا ہے حدیث میں ہے کہ انسان کے جسم میں گوشت کا ایک لوتھڑا ہے۔ وہ ٹھیک ہو جائے تو سب ٹھیک ہو جائے گا۔ الا وھی القلب۔ اسلئے حاجی صاحب کے سلسلہ میں سارا زور قلب کے تزکیہ پر ہے ....

لے اگر استعداد ہو تو احیاناً بیک وقت بھی جملہ لطائف سے اسی اللہ اللہ کی آواز کو سنا اور محسوس کیا جا سکتا ہے۔ ابتدائے سلوک میں مشق و ممارست کیلئے شیخ کی اجازت سے یہ صورت اختیار کی جا سکتی ہے۔ لیکن ادنیٰ بالیں ہے ... م کتا

Marfat.com

(لطائف جاری ہونے کا) منشا یہی ہے کہ اللہ اللہ کی آواز ہر جگہ سے موہوم ہوتی ہے ...... ہمارے سلسلہ میں دوائر اور لطائف اور تنزلات وغیرہ کے مسائل معمول بہا نہیں۔

(تذکرہ سلیمان ص۵۱۹، ص۵۲۰ و ص۵۲۹)

غرض خانوادۂ نقشبندیہ میں ذکر کو "رگ و پے" میں بسانے کے لئے جملہ لطائف کو بھی ذکرِ سرّی کے ذریعہ پر انوار کیا جاتا ہے۔ اور جو حضرات اس راہ سے گذر چکے ہیں۔ وہ جانتے ہیں۔ کہ 'لطائف' کے اجرا سے ذکر کی نورانیت کیسے چھا جاتی ہے اور انسان کیسے آلہ ذکر بن جاتا ہے۔

Marfat.com

ذکر جہری و خفی
اور
ذکر دون الجہر

حضرت الشیخ الامام نور اللہ مرقدہ ذکر لسانی میں جہر مفرط کو ناپسند فرماتے۔ حدیث شریف میں بھی ہے۔

اربعوا علی انفسکم انکم	کہ تم بہرے اور غائب کو نہیں پکار
لا تدعون اصم ولا غائبا انکم	رہے۔ اپنے نفسوں پر نرمی کرو جسے
الذی تدعون سمیع قریب۔	تم پکارتے ہو۔ وہ سننے والا اور
(ابن کثیر صفحہ ۲۲۱ ج ۲ بحوالہ الصحیحین)	قریب ہے۔

ایک مرتبہ حضرت سیدی رحمہ اللہ تعالیٰ نے اپنے ایک مرید (جس سے بے اختیار بہت اونچی آواز سے اللہ اللہ کا ذکر نکل جاتے تھے) تحریراً فرمایا۔
"اللہ تعالیٰ کا ذکر بہت کچھ بلند آواز سے کیا جاتا ہے۔ انسان نے گویا ... اور کچھ کلفت نہیں۔ لیکن آپ اتنے زور سے کہتے تو زیادہ کوشش ہے"
ذکر میں کیفیت قلبی مقصود ہے۔ نہ آواز کی بلندی رہتی اسی سبب سے ایک طالب کے استفسار پر ذکر خفی پر فرمایا تھا کہ

Marfat.com

نالہ پابندِ نے نہیں ہے

پھر مزید ارشاد ہوا تھا، میرے دو شعر ہیں ؎

جو آج لذتِ دردِ نہاں کا جویا ہے — وہ پہلے سوز سے سینہ تو داغدار کرے
وہ اپنے کانوں سے سنتے ہیں میرے نالوں کو — وہ طرزِ نالہ ہو جوان کو بے قرار کرے

شیخ کی مراد یہ تھی، کہ ذکر کچھ اس درد و سوز، اخلاص و یقین اور تاثیرِ قلبی میں ڈوب کر کیا جائے کہ رحمتِ الٰہیہ کو جوش آجائے اور وہ "انجذابی" صورت میں متوجہ ہو جائے، کہ بقول عارفِ رومی

گر نہ گرید کودکے کہ جوشد لبن — گر نہ گرید ابر کے خندد چمن

ایسا ذکر، جس میں 'خونِ جگر' اور پارہ ہائے دل، کی آمیزش ہو تو عنایاتِ الٰہیہ کا خاص مورد ہے۔ غرض ذکر کی کیفیت قلبی میں جس قدر طلب، سوز، والہیت اور توجہ تام ہوگی۔ اسی قدر ذکر مؤثر ہوگا۔ اور یہ تمام 'کیفیات' میانِ عاشق و معشوق رمزیست" کی مصداق ہیں۔ جن کا اظہار و اعلان 'طریقِ عاشقی' و آئینِ درویشی' کے خلاف ہے۔ کہ بقول سلطان الہند امام خانوادۂ چشتیہ حضرت شاہ معین الدین اجمیری رحمہ اللہ تعالیٰ،

"وہ شخص دوستی کے قابل نہیں۔ جو دوست کے راز کو فاش کرے۔"

حضرت والا رحمہ اللہ تعالیٰ کا شعر ہے۔

المدد توفیقِ ضبط و المدد تابِ سکوت — لب پہ لے آئے نہ جوشِ دل کبھی اسرارِ دل

ؔ حضرت سیدی قدس سرہٗ کا شعر ہے۔

قطرۂ اشک میں ہوں دل کے بھی ٹکڑے شامل — فطرتِ دیدۂ خونبار کہاں سے لاؤں

Marfat.com

سچی بات ہے کہ ہر ایک کا کلیجہ نہیں، کہ دل پر آرے چلیں اور زبان پر اف تک نہ ہوے

تو اے مردہ دل زاہد یکے در بزم رنداں شو
کہ بینی خندہ بر لبہا و آتش پارہ در دلہا

خصوصاً حضرات چشتیہ جن کا شعار ہی اس شعر کا مصداق ہے

سوختن وافروختن و جامہ دریدن   پروانہ زمن شمع زمن گل زمن آموخت

غرض 'ذکر' 'مذکور' سے تعلق کیلئے ہے اور 'مستور راز' سے تعلق قلبی اور اسکی یاد جس قدر 'مستور' ہو بہتر ہی ہے۔ خصوصاً مبتدی حضرات کا اکثر حالات میں 'سمع و ریا' سے بچاؤ ذکر خفی یا جہر غیر مفرط ہی سے ہو سکتا ہے۔ اسلئے شریعت مطہرہ میں جہاں جہر کا حکم ہے وہاں تو بقدر امر الٰہی جہر ما مور ہے۔ ورنہ عام حالت میں 'ذکر خفی' ہی مناسب ہے۔ الا یہ ہے کہ شیخ علاج یا کسی اور حکمت کی بنا پر جہر کی تلقین کرے اور وہ جہر بھی ایسا ہو، جس سے حقوق العباد ضائع نہ ہوں اور کسی کو اذیت نہ پہنچے، کہ جہر مقصود بالذات نہیں بلکہ حدود و قیود کے ساتھ جائز ہے۔ اسی وجہ سے ہمارے سلسلہ میں 'ذکر بالجماعۃ' کا بھی دستور نہیں۔ یہ اور بات ہے کہ بعض شیوخ و سلاسل "تربیتی مصلحتوں و حکمتوں" کی بنا پر اسے اجتہاداً بہتر سمجھتے ہوں۔ اس لئے اعتراض کی گنجائش نہیں ؎

وللناس فیما یعشقون مذاہب

ورنہ مسلک سلیمانی حضرت الشیخ قدس سرہ کی تحریر سے ظاہر ہے۔

" ذکر بالجماعۃ کا دستور ہمارے ہاں نہیں۔ اس میں ریا اور دوسری خرابیاں

Marfat.com

ہوتی ہیں۔ (تذکرہ سلیمان ص ۲۷۴)

بہر حال حضرت والا رحمہ اللہ تعالیٰ طالبین کو ذکر خفی، ذکر سری یا ذکر جہر غیر مفرط (جسے قرآن میں "دُوْنَ الْجَهْرِ مِنَ الْقَوْلِ" کے لفظوں سے یاد کیا گیا) کی تلقین فرماتے تھے۔ ایک طالب کو ارقام فرماتے ہیں،

"آپ جو پندرہ منٹ مراقبہ کیلئے وقت نکالتے ہیں اگر کچھ وقت اور ملے جیسے صبح کی نماز کے وقت یا تہجد میں یا کسی اور وقت تو ایک ہزار دفعہ اللہ اللہ ذرا ہلکے نغمہ سے آہستہ آہستہ اس حد تک کہ آپ کے کان میں آواز آئے تسبیح پر گن کر ذکر کر لیا کیجئے۔ آنکھیں بند ہوں، اور یہ تصور ہو کہ اللہ کہ کلمہ نورانی حروف سے آپ کے سینہ پر لکھا ہے۔ اگر آپ تعلیم یا کسی اور کام میں مصروف ہوں تو اس میں نقصان نہ ہو، ہر کام میں خدا کی رضا کی نیت رہے۔ انشاءاللہ آپ کیلئے دین کا راستہ کھلے گا"

اپنے ایک مسترشد خاص کو رقم فرماتے ہیں۔

"ذکر جہری اور سری دونوں مشروع ہیں، اب جس کو جس سے مناسبت ہو، جہری کے معنی یہ ہیں۔ کہ جس کی آواز اپنے کانوں کو سنائی دے، جس کو قرآن پاک میں "دُوْنَ الْجَهْرِ مِنَ الْقَوْلِ" کہا گیا ہے۔۔۔۔"

ایک اور سالک کو تحریر فرمایا:۔

"۔۔۔۔ پھر ڈھائی ہزار مرتبہ ذرا ہلکی آواز سے پڑھیں، ضرب کے ساتھ یا بلا ضرب کے، مگر سمجھیں کہ ضرب کوئی دینی امر نہیں"

ایک اور مرید کو تلقین فرماتے ہیں۔

Marfat.com

"اس کی ضرورت ہے۔ کہ وقت معین کر کے پوری توجہ کے ساتھ اسم ذات کی معین مقدار کا ایک نشست میں یا متعدد نشستوں میں حسب سہولت ایسی آواز سے جو سنی جا سکے بغیر ضرب کے ذکر کریں اسکی زیادہ سے زیادہ تعداد ۲۴ ہزار اور کم سے کم ۳ ہزار ہے۔ آپ کم سے کم شروع کر کے حسب توفیق جس قدر پہنچا سکیں۔

ذکر جہر میں مستی ہے ذکر بالجہر کیونکہ نسبتاً اونچی آواز سے ہوتا ہے اس سے طبعاً قلب میں رقت، یا جوش اور بعض اوقات مستی کی کیفیت پیدا ہو جاتی ہے۔

ایک طالب نے لکھا:-

"پچھلے کچھ دنوں قلب میں اک سوز کی کیفیت پیدا ہو گئی ہے۔ کچھ مستی محسوس کرتا ہوں، عشقیہ شعر پڑھنے کو جی چاہتا ہے۔ اور ان سے تسکین ہوتی ہے۔ ذکر بھی جو کہ ہمیشہ خفی کرتا ہوں (الا ماشاء اللہ) جہری کرنے کو جی چاہتا ہے۔"

حضرت والا رحمۃ اللہ تعالیٰ نے جواباً ارقام فرمایا ــــ "یہ بھی ایک کیفیت ہے جو مستحسن و محمود ہے۔ ذکر جہری کرنے یا عشقیہ اشعار پڑھنے کو جی چاہے تو پڑھیں۔ خواجہ مجذوب صاحبؒ کے اشعار اس کیلئے مفید ہیں۔"

ایک اور مسترشد نے لکھا ــــ "ذکر خفی کی بجائے پھر جہری کی طرف طبیعت کا میلان ہے مگر اس میں ضعف دماغی کا قوی امکان ہے۔"

حضرۃ الشیخ نور اللہ مرقدہ نے تحریر فرمایا ــــ "ذکر جہری ہی تو ہے۔ اسلئے جی چاہتا ہوگا۔ اپنی طبیعت کا اندازہ کر لیں پھر فیصلہ کریں۔"

Marfat.com

ذکر اسماء اللہ تعالیٰ
اور
ذکر اسمِ جلالہ

اے نام تو دافع بلاہا بیماری قلب را شفا ہا

اللہ تبارک و تعالیٰ کو اس کے جملہ مفرد ناموں سے یاد کیا اور پکارا جا سکتا ہے۔ قرآن کریم میں ہے۔

قُلِ ادْعُوا اللّٰہَ اَوِ ادْعُوا الرَّحْمٰنَ اَیًّا مَّا تَدْعُوْا فَلَہُ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰی ط (اسرائیل۔ ۱۲)

آپ فرما دیجیے کہ (اللہ تعالیٰ کو) خواہ اللہ کہہ کر پکارو یا رحمٰن کہہ کر پکارو جس نام سے بھی پکارو گے۔ اس کیلئے سب اچھے نام ہیں۔

سورۃ اعراف (۲۲) میں ہے۔

وَلِلّٰہِ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰی فَادْعُوْہُ بِھَا ص وَذَرُوا الَّذِیْنَ یُلْحِدُوْنَ فِیْ اَسْمَآئِہٖ ط

اور اللہ ہی کیلئے ہیں سب اچھے نام اس کو ان ناموں سے پکارو، اور ان لوگوں سے علٰحدہ رہو۔ جو اس کے ناموں میں کجی کرتے ہیں۔

Marfat.com

محبِ صادق کیلئے محبوب کی ہر صفت میں کشش و دلستانی کا پیام ہے اور اس سے منسوب ہر چیز میں جذب و شوق کا سامان ہے۔ نام محبوب (وہ ذاتی ہو یا صفاتی) چونکہ ذاتِ محبوب پر دلالت کرتا ہے۔ اس لئے عشاق کیلئے اس کا تذکرہ سرمایۂ سکون و طمانیت ہے اور یاد ازدیادِ محبت و تعلق کا سبب ہے عارف رومیؒ نے مجنونِ عامری کی ایک حکایت نقل کی ہے۔ کہ صحرا میں بیٹھا انگلیوں سے ریت پر کچھ لکھ رہا تھا۔ کسی نے پوچھا کیا کر رہے ہو۔ فراق زدہ قیس (مجنون) رمز محبت کا شناسا تھا پکار اٹھا ؎

گفت مشقِ نامِ لیلیٰ میکنم　　　خاطرِ خود را تسلی می دہم

مجنونِ لیلیٰ کیلئے نامِ لیلیٰ میں جس قدر تسلی کا سامان ہے۔ ایک عاشقِ ربانی کیلئے نام باری تعالیٰ عزاسمہ میں اس سے بڑھ کر راحت و تسکین ہے کہ ؎

عشقِ مولیٰ کہ کمتر از لیلیٰ بود　　　گوئے گشتن بہر او اولیٰ بود

اسماء الٰہیہ چونکہ محبوبِ حقیقی کی ذات و صفات پر دلالت کرتے ہیں۔ اس لئے ہر اسم کا تذکرہ و یاد سالک کیلئے حلاوتِ روحانی، ترقی باطنی اور اور قربِ ربانی کا ذریعہ ہے کہ بقول عارف رومیؒ

از صفت وز نام چہ زاید خیال　　　و آن خیالش ہست دلّالِ وصال

اسمائے الٰہیہ سے شغف و محبت حُبِّ الٰہی کا ثمرہ و نتیجہ ہوتا ہے کہ بقول حضرۃ الشیخ قدس سرہ۔

"—— اسم میں خود محبوبیت نہیں ہوتی۔ اسم میں محبوبیت محبوب کی ذات پر دال ہونے کے سبب سے ہی ہوتی ہے۔ پس اسم کی

Marfat.com

محبوبیت ذات کی محبوبیت کا نتیجہ و ظل ہے۔"

ایک طالب علم کو ارقام فرمایا۔ اس نام حق میں لذت ملنے پر خدا کا شکر کیجئے۔ یہ بڑی نعمت ہے

تیرے نام ہی میں جو حلاوت ملے تو سارے غموں سے فراغت ملے

ایک جگہ تحریر فرماتے ہیں :۔

"تعلیم محمدی کا صحیفہ وحی اللہ تعالیٰ کے تمام اوصاف حمیدہ اور اسمائے حسنیٰ سے بھرا ہوا ہے۔ بلکہ اس کا صفحہ صفحہ خدا کے اسماء صفات کی جلوہ گریوں سے معمور ہے۔ قرآن پاک کا کم کوئی ایسا رکوع ہوگا جس کا خاتمہ خدا کی توصیف اور حمد پر نہ ہو۔ اور یہ تمام اوصاف اور نام اُس عشق و محبت کو نمایاں کرتے ہیں۔ جو اس محبوب ازل اور نور عالم کیساتھ قرآن کے ہر پیرو کے دل میں ہونا چاہیئے (سیرۃ النبی ج: ۴ صفحہ ۵۹۶)

غرض اللہ تعالیٰ کا ہر اسم پاک بندۂ مومن کے قلب کی جلا اور نور ہے اور اسکی پیہم یاد و تکرار محبت الٰہی کی دلیل اور اس کے تعلق باطنی کا نشان ہے۔ جو بارگاہِ کردگار میں بار پانے کا بڑا سبب ہے۔ 'اسم' مسمیٰ تک رسائی کیلئے موصل کا کام کرتا ہے اور اگر صدق و صفا اور اخلاص تمام شامل حال ہو، تو 'ذکر اسمی' 'فراغت قلبی' اور 'تبتل الی اللہ' کا ذریعہ بن جاتا ہے۔ قول ربانی ہے

وَاذْكُرِ اسْمَ رَبِّكَ وَتَبَتَّلْ إِلَيْهِ تَبْتِيلًا (المزمل ۱۰) اور پڑھے جا نام اپنے رب کا اور چھوٹ کر چلا آ اسکی طرف سب سے الگ ہو کر۔

Marfat.com

عرض ہر نام الٰہی کی رٹ نام والے تک پہنچا دیتی ہے۔ اور اس اسم کی تجلی ذاکر کے قلب و روح اور جسم و جان کو منور کر دیتی ہے۔ لیکن جملہ اسمائے الٰہیہ میں سے جو جامعیت و عظمت، برکت و وسعت گہراؤ اور گیرائی اسم جلالہٗ "اللہ" میں ہے۔ کسی سے پوشیدہ نہیں۔ اس لئے قرآن کریم میں ہر جگہ یہی نام خداوند قدوس کیلئے اسم "علم" کے طور پر استعمال ہوا ہے اور علماء نے اسے اللہ تعالیٰ کا سب سے بڑا نام اور اسم ذات قرار دیا ہے۔ اور جملہ اسمائے الٰہیہ کی معنویت و حقیقت کو اسی "نام پاک" میں منطوی و مندمج سمجھا ہے۔ اس لئے اسم ذات کا ذکر جملہ اسمائے حسنیٰ کی تجلیات و برکات کا جامع ہے۔ ہمارے حضرت والا قدس اللہ روحہٗ کا ملفوظ ہے

"اللہ تعالیٰ اس ذات کا نام ہے۔ جو تمام صفات حسنہ کی جامع ہے۔ "اللہ" کہتے ہوئے اللہ تعالیٰ کا دھیان اس کی تمام صفات حسنہ کے ساتھ ہونا چاہیئے۔ وہ نافع بھی ہیں۔ ضار بھی ہیں، معطی بھی ہیں مانع بھی، خالق بھی وہی ہیں، رازق بھی وہی ہیں" اللہ تعالیٰ کہتے ہوئے ان کی تمام صفات کا استحضار ہونا چاہیئے

... اللہ تبارک و تعالیٰ کے سوا ہر چیز سے ان صفات کی نفی ہو۔ اور اللہ ہی میں تمام صفات کو سمجھا جائے۔"

حضرت سید الملتؒ سیرۃ النبیؐ (جلد چہارم) میں اسم "اللہ" کی تشریح کرتے ہوئے ارقام فرماتے ہیں:۔

"اللہ"۔ یہ خدا کا وہ نام ہے۔ جو قرآن پاک میں بطور علم ہر جگہ استعمال

Marfat.com

ہوتا ہے۔ اسلام سے پہلے بھی یہ عرب میں خدائے برحق کیلئے استعمال ہوتا تھا۔ اس لفظ کی معنوی تحقیق میں بہت کچھ اختلاف کیا گیا ہے کسی نے کہا ہے۔ کہ اس کے معنی اس ہستی کے ہیں جس کی پرستش کیجائے، بعضوں نے کہا ہے کہ وہ جس کی حقیقت و معرفت میں عقل انسانی حیران و سرگردان ہو، دوسروں کی تحقیق ہے کہ اس کے معنی ہیں۔ وہ اپنی مخلوقات کے ساتھ ایسی شفقت و محبت رکھے جو ماں کو اپنے بچوں کے ساتھ ہوتی ہے۔ اس اخیر تعبیر کی بنا پر اللہ کے معنی پیار کرنے والے یا پیارے کے ہیں۔ (سیرۃ النبی ﷺ صفحہ ۲)

اسی کتاب میں آگے چل کر لکھتے ہیں:

"ہر زبان میں اس خالق ہستی کی ذات کی تعبیر کیلئے کچھ نہ کچھ الفاظ ہیں جن کو کسی خاص تمثیل اور نصب العین کی بنا پر مختلف قوموں نے اختیار کیا ہے۔ تاہم وہ درحقیقت پہلے پہل کسی نہ کسی وصف کو پیش نظر رکھ کر استعمال کئے گئے تھے۔ ہر قوم نے اس علم اور نام کیلئے اسی وصف کو پسند کیا ہے۔ جو اس کے نزدیک اس خالقِ ہستی کی سب سے ممتاز صفت ہو سکتی ہے۔

اسلام نے خالق کیلئے جو نام اور علم اختیار کیا ہے۔ وہ لفظ اللہ ہے۔ اللہ کا لفظ اصل میں کس لفظ سے نکلا ہے۔ اس میں اہل لغت کا یقیناً اختلاف ہے۔ مگر ایک گروہ کثیر کا یہ خیال ہے کہ یہ "ولاہ" سے نکلا ہے اور "ولاہ" کے اصلی معنی عربی میں اس "غم"

محبت، اور تعلق خاطر کے ہیں۔ جو ماں کو اپنی اولاد کے ساتھ ہوتا ہے۔ اسی سے بعد کو مطلق "عشق و محبت" کے معنی پیدا ہو گئے اور اسی سے ہماری زبان میں لفظ والہ (شیدا) مستعمل ہے۔ اس لئے اللہ کے معنی "محبوب اور پیارے" کے ہیں۔ جن کے عشق و محبت میں نہ صرف انسان بلکہ ساری کائنات کے دل سرگرداں، متحیر اور پریشان ہیں، حضرت مولینا شاہ فضل رحمٰن گنج مرادآبادیؒ قرآن مجید کی آیتوں کے ترجمے اکثر ہندی میں فرمایا کرتے تھے۔ اللہ کا ترجمہ وہ ہندی میں "من موہن" یعنی "دلوں کا محبوب" کیا کرتے تھے (سیرۃ ص ۵۳۲)

یہ تو لفظ اللہ کی لغوی تحقیق تھی۔ دوسری جگہ اسی پاک نام کی عظمت و اہمیت کے متعلق تحریر فرماتے ہیں۔

"نبی ... محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی زبانی تعلیمات سے انسانوں کو اللہ تعالیٰ کی حقیقی عظمت سے آشنا کیا۔ اسکی وحدت اور بے مثالی سے باخبر کیا، اسکی مشیت و ارادہ اور قدرت و وسعت سے آگاہ کیا ایک ایسی ہستی کے اعتقاد کی اُن کو تعلیم دی۔ جس کی قدرت بے انتہا، جس کی وسعت غیر محدود ہے۔ جسکی مشیت کائنات کے ہر ذرہ میں نافذ ہے جسکے علم کے احاطہ میں اندھیرے اور اجالے کی ہر چیز داخل ہے دلوں کے اسرار، زبانوں کے الفاظ اور ہاتھ پاؤں سے کئے اعمال سب ہر لحظہ

لہ اصل میں ان ہے۔ یعنی عربوں کی

اور ہر لمحہ اسکے روبرو ہیں۔ اسکے سامنے انسان اپنے ہر عمل کا جوابدہ اور ذمہ دار ہے۔ اس کے مواخذہ کا خوف اور اسکی رحمت کی امید ہے۔ وہ محبوب ازل ہے۔ اس کی محبت کا نشہ ہمارے دلوں کی ہشیاری ہے۔ اس کے فضل وکرم اور لطف ومحبت کی نیرنگیاں اوپر سے نیچے تک پھیلی ہیں۔ اس کی قوت ہر قوت پر غالب، اسکا ارادہ ہر ارادہ میں نافذ اور اُس کا حکم ہر حکم سے بالاتر ہے اسکی عبادت ہر مخلوق پر فرض اور اسکی اطاعت ہر مکلف پر واجب ہے۔ وہ ہر عیب سے پاک ومنزہ اور ہر وصف کا مستحق اور اس سے متصف ہے۔ انسانوں کو اپنی یاد دلانے اور ان کے تزکیہ واصلاح کیلئے رسولوں اور پیغمبروں کو بھیجتا رہا۔ اور ان سے ہمکلام ہوتا رہا۔ اسکے کچھ احکام اور بندھے ہوئے قوانین ہیں۔ جن کی اطاعت نیکی اور نافرمانی گناہ ہے۔ وہ اندھیرے کی روشنی، بھوکوں کی سیری، مایوسوں کی امید، زخمیوں کا مرہم، بے قراروں کی تسلی اور بے کسوں کا سہارا ہے۔ وہ ہم سے ہماری رگِ گردن سے بھی قریب تر ہے۔ ہم اسکو جب پکاریں وہ سنتا ہے۔ وہ وہ نیکیوں کو پسند اور گناہوں سے نفرت کرتا ہے۔ وہ جب چاہے آسمان وزمین کو فنا کر دے۔ اور جب چاہے ان کو پھر رچا دے۔ اسکی محبت دنیا کا حاصل اسکی عبادت ہماری زندگی کا مقصود اور اسکی یاد ہمارے دلوں کی راحت ہے۔

اَلَا بِذِكْرِ اللّٰهِ تَطْمَئِنُّ — ہاں خدا کی یاد سے دلوں کو اطمینان

Marfat.com

حاصل ہوتا ہے۔ الْقُلُوْبُ (رعد-۴)

(سیرت النبیؐ ص۴۸۸ تا ۴۸۹ ج ۴)

علامہ ابن قیمؒ نے "مدارج السالکین" میں اسم جلالہ "اللہ" کی عظمت و اہمیت پر قابلِ قدر بحث کی ہے۔ ارقام فرماتے ہیں:

"اسم "اللہ" باری تعالیٰ کے جملہ اسمائے حسنیٰ اور صفاتِ عالیہ پر دلالت کرتا ہے۔ یہ اسم مبارک اس خدائی (الالوہیت) کو ثابت کرتا ہے۔ جس میں جملہ صفاتِ الوہیت موجود ہوں اور انکی اضداد کی نفی ہو۔

چونکہ صفات الٰہیہ ایسی صفات کمال ہیں۔ جو تشبیہ و تمثال اور عیوب و نقائص سے منزہ ہیں اور ذات پر دلالت کرتی ہیں یہ نام اللہ ہے، اس وجہ سے اللہ تعالیٰ نے تمام اسمائے حسنیٰ کو اس اسم عظیم کی طرف منسوب کیا ہے۔ جیسے ارشاد باری تعالیٰ ہے۔

وَلِلّٰهِ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰى (ر-۱۸۰) اور اللہ ہی کیلئے ہیں سارے اچھے نام

اسی بنا پر الرحمٰن الرحیم، القدوس، السلام، العزیز، الحکیم کو اللہ کے نام کہا جائیگا۔ اور اللہ کو الرحیم یا العزیز وغیرہ کا نام نہیں کہا جائے گا۔ (گویا اسم علم و ذاتی اللہ ہے)۔

اللہ کا اسم جملہ اسمائے حسنیٰ کے معانی کو مستلزم ہے۔ اور ان تمام اسمائے حسنیٰ پر اجمالاً دلالت کرتا ہے۔ (نیز جملہ اسمائے حسنیٰ ان صفاتِ الٰہیہ کی تفصیل و وضاحت ہیں جو اسم اللہ سے مشتق ہیں۔

م اللہ ان جملہ اسماء پر ان ... دلالت کرتا ہے۔ کہ اللہ

ایسا ملجا، ماویٰ اور محتاج الیہ (محبوب)[1] اور معبود ہے۔ جسکی طرف پوری مخلوق تمام حوائج و مصائب میں محبت و تعظیم، عاجزی و ہیبت کے ساتھ سرافگندہ و متوجہ ہے۔ اور حاجت براری اور معبودیت کی ان صفات کا لازمہ کمال ربوبیت و رحمت ہے۔ اور یہ کمالِ ملک و حمد، الٰہیت و ربوبیت رحمانیت و فرمانروائی کی جملہ صفات کمال کو مستلزم ہیں.... اور جلالی اور جمالی صفات تو اسم 'اللہ' کے ساتھ خصوصاً متعلق ہیں۔

(مدارج السالکین ص۲۲-۲۳ ج:۱)

ابن قیم کی بحث کا حاصل یہ ہے۔ کہ اسم 'اللہ' جملہ اسمائے حسنیٰ کا جامع اور تمام صفاتِ جمال و کمال و جلال پر حاوی ہے۔ اور یہی اسم علم و ذات ہے۔ جسکی طرف باقی اسماء کی نسبت ہو سکتی ہے۔

علامہ آلوسی بغدادی روح المعانی میں حجۃ الاسلام امام غزالی سے 'اللہ' کے بارے میں نقل کرتے ہیں:

" 'اللہ' کا نام اللہ تبارک و تعالیٰ کے ننانوے ناموں میں سب سے بڑا ہے کہ یہ اس ذات (عالی) پر دلالت کرتا ہے۔ جو جملہ صفاتِ الٰہیہ کی جامع ہے۔ اور باقی تمام اسماء مفرد مفرد معنیٰ پر دلالت کرتے ہیں مثلاً علم یا قدرت یا فعل وغیرہ پر۔ اور یہ اللہ تعالیٰ کا خاص نام ہے۔ جسکا اطلاق کسی غیر پر حقیقتاً یا مجازاً نہیں کیا جا سکتا۔ اور دیگر تمام اسماء

---

[1] اصل لفظ 'مألوہ' ہے۔ جس میں یہ تمام معنیٰ آجاتے ہیں۔

Marfat.com

کے ساتھ دوسروں کو بھی موسوم کیا جاسکتا ہے جیسے قادر، حلیم رحیم وغیرہ اور الرحمٰن بھی 'غیر اللہ' نام نہیں رکھا جا سکتا۔ اور اس وجہ سے الرحمٰن کا نام 'اللہ' کے نام کے قریب ہے ...... " (روح المعانی ص۶۱ ج ۱)

امام نووی حدیث :-

اِنَّ لِلّٰہِ تسعۃ وتسعین اسما — اللہ تعالیٰ کے ننانوے نام ہیں۔

کی شرح میں لکھتے ہیں :

" امام خطابی وغیرہ نے کہا ہے کہ یہ حدیث اس بات کی دلیل ہے کہ اللہ تعالیٰ کا مشہور ترین نام 'اللہ' ہے کہ باقی اسماء کی اضافت اس کی طرف کی گئی ہے۔ اور یہ بھی روایت کیا گیا ہے کہ 'اللہ' (خدا تعالیٰ کا) سب سے بڑا نام ہے۔

اور ابوالقاسم الطبری نے کہا ہے کہ اسی نام مبارک کی طرف باری تعالیٰ کے تمام نام منسوب کیے جائیں گے (مثلاً یوں کہا جائے گا۔ کہ الرؤف والکریم، اللہ تعالیٰ کے ناموں میں سے ہیں، اور یوں نہیں کہا جائے گا کہ 'اللہ' الرؤف یا الکریم کا نام ہے (مراد یہ ہے۔ کہ اللہ تعالیٰ اسم علم ہے باقی اسماء صفاتی ہیں)۔ (النووی بر شرح صحیح مسلم ص۳۴۲ ج ۲)

ان اقتباسات سے اسم 'اللہ' کی اہمیت وعظمت وجامعیت کا کچھ اندازہ ہوگیا ہوگا۔ اسلئے بعض حضرات کا مجرد ذکر 'اللہ' پر اعتراض ان کا تفرد ہے۔ جو جمہور علماء وصوفیہ کے مسلک کے خلاف ہے۔ گذر چکا۔ کہ نصوصِ قرآنی

Marfat.com

قُلِ ادْعُوا اللّٰهَ اَوِ ادْعُوا الرَّحْمٰنَ اَيًّا مَّا تَدْعُوْا فَلَهُ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰى (بنی اسرائیل-۱۲)

آپ فرما دیجئے۔ (باری تعالیٰ کو) خواہ اللہ کہہ کر پکارو۔ یا رحمٰن کہہ کر پکارو جس نام سے بھی اسے پکارو گے۔ اسکے اچھے نام ہیں۔

وَلِلّٰهِ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰى فَادْعُوْهُ بِهَا (سورہ اعراف-۲۲)

اور اللہ ہی کیلئے سب اچھے نام ہیں۔ اسکو ان ناموں سے پکارو

سے ثابت ہے۔ کہ اللہ تعالیٰ کو اُس کے مفرد ناموں سے پکارا اور یاد کیا جا سکتا ہے۔ ظاہر ہے کہ جب جملہ ناموں سے اللہ تعالیٰ کو پکارا جا سکتا ہے تو اسکا اسم علم جو اپنی جامعیت و معنویت میں جملہ صفات عالیہ اور اسمائے حُسنیٰ کو اپنے میں لئے ہوئے ہے۔ بطریق اولیٰ پکارے جانے اور یاد کئے جانے کے لائق ہے۔ مزید براں۔

وَاذْكُرِ اسْمَ رَبِّكَ (المزمل-۱۰) اپنے رب کو اسکے نام سے پکارو۔

'اسم' عام ہے۔ جو ذکر 'اسمی' پر وضاحۃً دلالت کرتا ہے۔

اسی طرح وہ احادیث مبارکہ جن میں ذکرِ عمومی کی ترغیب دی گئی ہے ان میں کسی خاص ذکر کو معین نہیں کیا۔ بلکہ صحیح مسلم کی حدیث میں صاف وارد ہے

عن انسؓ ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال لا تقوم الساعۃ حتی لا یقال فی الارض اللہ اللہ وفی روایۃ لا تقوم

حضرت انسؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ قیامت قائم نہ ہوگی۔ یہاں تک کہ ایسی حالت ہو جاوے کہ دنیا میں اللہ اللہ نہ کہا جائے اور ایک

Marfat.com

روایت میں ہے کہ قیامت کسی ایسے شخص پر قائم نہیں ہوگی جو اللہ اللہ کہتا ہو الساعة علی احد یقول اللہ اللہ۔ (مشکوٰۃ صفحہ ۴۸ بحوالہ مسلم)

یہاں اسم مفرد "اللہ" کا ذکر مکرر آیا ہے۔ شیخ الکل حضرت تھانوی رحمۃ اللہ تعالیٰ اس حدیث کو نقل کرنے کے بعد تحریر فرماتے ہیں۔

"بعض کا اس طریق ذکر (یعنی ذکر مجرد باسم اللہ الشریف) پر اعتراض ہے کہ صرف اللہ اللہ مفرد ہے۔ اس لئے نہ کسی معنی جزی کو مفید ہے۔ نہ معنی انشائی کو، پھر اس ذکر بے معنی سے کیا فائدہ، مگر اس حدیث میں خود اسی افراد کو مقول بنایا گیا ہے۔ جس سے معلوم ہوتا ہے۔ کہ محض اسی کا تکرار بھی مشروع ہے۔ اور معنی کچھ جزا اور انشاء میں منحصر نہیں۔ اگر اس سے تبرک و استحضار محض ہی مقصود ہو تو بے معنی اور غیر مفید کیوں ہوگا۔ ارشاد خداوندی وَاذْكُرِ اسْمَ رَبِّكَ ظاہر الفاظ سے محض اسم کے ذکر کو بھی عام ہے (نیز یہ بھی توجیہ ہو سکتی ہے۔ کہ حرف ندا محذوف ہو، اور اسکا حذف نام کے شوق و لذت میں عموماً شائع ہے)۔" (التکشف عن مہمات التصوف صفحہ ۴۷۹)

ایک دوسری حدیث سے بھی "مجرد اسم" کے ذکر و تکرار کا جواز معلوم ہوتا ہے۔ علامہ ابن کثیرؒ نے ابن مسعود کی ایک طویل حدیث نقل کی ہے۔ جس میں حضرت بلالؓ کے متعلق ہے،

کہ حضرت بلالؓ کو لڑکوں کے حوالے کر دیا جاتا تھا۔ اور وہ انہیں مکہ

ؔ آخری عبارت جو قوسین میں لکھی گئی ہے۔ التکشف کے حاشیہ پر عربی میں ہے فقیر نے اس کا بامحاورہ ترجمہ کر دیا ہے۔ (م - و)

Marfat.com

کی گھاٹیوں میں پھراتے رہتے تھے۔ اس اثنا میں حضرت بلال پیہم ' احد احد ' کا ذکر کرتے رہتے تھے۔ حدیث کے الفاظ ہیں

وھو یقول اَحد احد ۔ اور حضرت بلال اس اثنا میں احد احد پکارتے رہتے تھے (البدایۃ والنہایۃ ص۵۸ ج ۱)

ابن اسحاق کی دوسری روایت سے معلوم ہوتا ہے۔ کہ جب بلالؓ کی چھاتی پر پتھر کی سل رکھ دی جاتی تھی۔ اور انہیں دھمکایا جاتا تھا کہ حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم سے اگر انکار نہیں کرو گے۔ اور لات وعزیٰ کی عبادت نہیں کرو گے تو تمہیں اسی طرح اذیتیں دے کر ختم کر دیا جائے گا۔ اس وقت بھی وہ پیہم ' اُحد احد ' کا ذکر کرتے رہتے تھے۔ (البدایۃ والنہایۃ ص۵۷، ۵۸ ج ۱ سیرۃ ابن ھشام ص۳۱۸ ج ۱)

اس روایت سے صاف ظاہر ہے کہ ' احد احد ' بلال کا دائمی ذکر تھا جسے وہ وظیفہ کے طور پر ہر وقت پڑھتے رہتے تھے۔ اس سے ' احد احد ' کے ذکر کی مشروعیت ثابت ہوتی ہے۔ پس جب ' احد احد ' کا ذکر جائز ہے۔ تو اللہ اللہ کا ذکر بھی ناجائز نہیں ہو سکتا۔ چنانچہ علامہ ابن عابدینؒ شامی تحریر فرماتے ہیں۔

" ہشام نے محمد سے اور انہوں نے ابو حنیفہ سے روایت کیا ہے۔ کہ ' اللہ ' اللہ کا سب سے بڑا نام ہے۔ اور یہی امام طحاوی اور علماء اور عارفین کے کثیر طبقہ کا قول ہے۔ یہاں تک کہ انکے نزدیک ' اللہ ' کے ذکر سے بڑھ کر کوئی دوسرا ذکر نہیں۔ جیسا ابن امیر حاج کی کتاب " التحریر " میں ہے رد المحتار علی در المختار ص۶

علامہ بدر الدین العینی حدیث شریف للہ تسعۃ وتسعون اسماً الخ کی شرح کے ضمن میں لکھتے ہیں :-

المراد بالحفظ القرأة بظهر القلب فيكون كناية عن التكرار لان الحفظ يستلزم التكرار (عمدة القاری ص۲۹ ج: ۲۲)

(اس حدیث میں اللہ تعالیٰ کے ننانویں ناموں کے یاد کرنے اور) حفظ سے مراد ان کا دل (کی یاداشت) سے پڑھنا ہے۔ پس یہ (حفظ کا لفظ) تکرار سے کنایہ ہے کہ حفظ کیلئے تکرار لازم ہے

خلاصہ مذکور کی اس تشریح سے یہ بات ثابت ہوتی ہے کہ حدیث مذکور میں اسمائے الٰہیہ کی تکرار کی طرف رغبت دلائی گئی ہے اور ذکر اسما یا ذکر اسم ذات کا بھی یہی منشا ہے

غرض "ذکر مجرد اسمی" کی مشروعیت نصوص سے ثابت ہے۔ اور یہی جمہور علماء اور صوفیہ کا مسلک ہے۔ اسم (پروردگار) کے بابرکت ہونے پر نص صریح وارد ہے

تَبَارَكَ اسْمُ رَبِّكَ ذِي الْجَلَالِ وَالْإِكْرَامِ (الرحمٰن۔ ۳) آپکے عظمت واحسان والے پروردگار کا نام بڑا بابرکت ہے۔

جب اس نام کو بار بار لیا جائے گا۔ تو اسکی برکات سے قلب و روح منور ہو جائیگا۔ اور اسکی تکرار اندرون قلب میں متمکن ہو کر اسے بہار بنا دیگی اور حقیقت ذکر آجائیگی۔

حضرت والا رحمہ اللہ تعالیٰ ایک طالب کو ارقام فرماتے ہیں۔

"اللہ اللہ آپ زبان ہی سے کئے جائیے۔ انشاء اللہ تعالیٰ دل

Marfat.com

تک اثر کرے گا۔"

حضرت تھانوی قدس سرہٗ کا ملفوظ ہے ؛

"صاحبو غضب یہ ہے کہ کھٹائی مٹھائی کا نام لینے سے تو اثر ہو. کہ نام لیتے سے منہ میں پانی بھر آئے۔ اور خدا کے نام میں اثر نہ ہو"

حضرت والاؒ فرماتے ہیں ؛

تیرے یاد آنے سے ہر غم مٹ گیا
داروئے ہر درد تیرا نام ہے
نام لیتے ہی نشہ سا چھا گیا
ذکر میں تاثیر دور جام ہے

ذکر حق سے صیقل کامل ہوا
محو دل سے نقش ہر باطل ہوا

Marfat.com

حضرت شیخ کی کیفیت ذکر

حضرت شیخؒ کی صحبت میں جنہیں بیٹھنے کی سعادت نصیب ہوئی ہے وہ جانتے ہیں کہ ان پر ذکر کا کس قدر غلبہ تھا۔ اور حضرت والا رحمہ اللہ تعالیٰ پر کیفیت ذکر کس طرح چھائی ہوئی تھی۔ ذکر کی تاثیر مجلس میں کھلی محسوس ہوجاتی تھی۔ سیدی قدس سرہٗ کو دیکھتے ہی مجلس کا وہ حال ہوجاتا تھا۔ جیسے مجذوبؒ نے اپنے ایک شعر میں بیان کیا ہے

یہ کون آیا کہ مدہم پڑ گئی لو شمع محفل کی
پتنگوں کے عوض اڑنے لگی چنگاریاں دل کی

انوارِ ذکر قلوب کو مائل بذکر کردیتے تھے۔ تھوڑی دیر کے بعد حضرت والا نور اللہ مرقدہٗ کی زبان اقدس سے بے ساختہ لا الٰہ الا اللہ یا اللہ اللہ کی صدا نکل جاتی تھی۔ خود فرماتے ہیں۔

کس نے بھر دی یہ صدائے دلنواز ہر رگِ جاں ساز الا اللہ ہے
کوئی ہو آواز میرے کان میں ہر صدا آواز الا اللہ ہے
ہے اسی کی سانس انفاس حیات جو کوئی دم ساز الا اللہ ہے

Marfat.com

دل سے ہوتا ہے ترانہ خود بلند
قلبِ ذاکر سازِ الا اللہ ہے

وجد میں جان ہے تو اعضا رقص میں
جام مے آواز الا اللہ ہے

"ذاکر" کا ذکر جب اس کے قلب و روح میں رچ جاتا ہے۔ اور رسوخ حاصل کرلیتا ہے۔ تو اس کی 'صورت دحال' ہی سالکین کے لئے ازدیادِ ذکر اور تقویتِ نسبت کا سبب بن جاتا ہے۔ جن حضرات نے حضرت والا رحمہ اللہ تعالیٰ کو دیکھا ہے۔ اور جانا ہے۔ وہ جانتے ہیں: کہ نہ صرف قلبِ سلیمانیؒ بلکہ قالبِ سلیمانیؒ بھی مفتاح الذکر بن چکا تھا۔

ایک مرتبہ ایک طالب سے جس کے قلب سے بے اختیار "اللہ اللہ" کی صدا نکل جاتی تھی۔ ارشاد فرمایا:۔

"گو یہ کیفیت مجھے بھی پیش آتی ہے۔ لیکن اصل ارادہ اور زبان سے ذکر کرنا ہے۔ تاکہ ذاکر اس خیال سے کہ ذکر قلبی جاری ہے ذہول میں مبتلا نہ ہو جائے، اس کے علاوہ نیز ارادہ کے ثواب سے محروم نہ رہے۔"

حضرت شیخ نے تواضعاً اپنی کیفیت کو طالب کی حالت کے مشابہ قرار دے دیا۔ ورنہ جس تاثیر میں ڈوب کر حضرت والاؒ کے اندرون قلب سے یہ آواز نکلتی تھی۔ اسکا اندازہ حضرت والاؒ کی اپنی اس تحریر سے ہو جاتا ہے۔ جو انہوں نے اپنے مرشد حضرت تھانوی نور اللہ مرقدہٗ کو ایک خط میں لکھی ہے۔ ارقام فرماتے ہیں:۔

Marfat.com

ذکر میں کبھی کبھی آواز ایسی دردمند ہو کر نکلتی ہے۔ جیسے کسی دُکھے ہوتے دل کے اندر سے نکلتی ہو۔ دو دفعہ تو ایسا نظر آیا کہ میں حالت نزع میں ہوں اور آواز آرہی ہے۔ اور ایک دفعہ دیکھا کہ میں شہید ہو گیا ہوں۔ اور آواز گلے سے نکل رہی ہے۔ اور دونوں میں عجیب لذت روحانی پائی۔

ایک دوسرے احوال نامہ میں اپنے شیخ کامل کو لکھتے ہیں:

"...... اس کے بعد ذکر میں ایسی کیفیت ہوئی کہ اللہ لفظ زبان سے محبت میں ڈوبا ہوا نکلنے لگا اور نکلتا رہا اور جسم میں ایسا رقص پیدا ہوا کہ بیٹھے بیٹھے عند الذکر جھومنے لگا۔ اور معلوم ہوتا تھا کہ بڑی بوئی تازی میں ہے۔ اور اگر خلاف شرع ہونے کا خیال نہ ہوتا تو شاید میں اٹھ کر ناچنے تھرکنے لگتا۔ استغفراللہ"

اِن احوال کا اشارہ حضرت والاؒ نے اپنے اشعار میں بھی فرمایا ہے:

نام انکا ہر نفس میں لب پہ یوں آیا کیا ۔۔۔ تن سے جیسے روح نکلی جا رہی ہو آواز سے

وجد میں جاں ہے تو اعضا رقص میں ۔۔۔ جسم سے آواز الا اللہ ہے

گویہ "احوال" حضرتؒ کے ابتدائے سلوک کے ہیں لیکن "تمکین" و "نہایت سلوک (معرفت)" کے بعد بھی 'اللہ' یا لا الہ الا اللہ کی صدا اس سوز و گداز و درد و کرب سے نکلتی تھی۔ کہ صاف "آغشتہ بخون" اور "دل و جگر" کے ٹکڑوں

ل حکیم الامتؒ مرشد تھانویؒ کا عارفانہ جواب سنئے۔ "ذاکرین کو ایسے حالات پیش آتے ہیں یہ علامت تاثیر ذکر کی اور یہ سب محمود ہیں مگر مقصود نہیں مقصود وراء الوراء ہے جس میں لطافت محض ہے۔ جس کا ادراک بھی بعض اوقات نہیں ہوتا۔ الا بعد العلم المستفاد من علوم الانبیاء۔

کی حامل معلوم ہوتی تھی

برادر معظم مولوی غلام محمد صاحب دام فیضہ شہادت دیتے ہیں۔

"...... دوران گفتگو میں کبھی کبھی زبان مبارک سے بیساختہ 'اللہ'

یا 'لا الہ الا اللہ' یا 'استغفر اللہ' کے کلمات آہستہ مگر اس قدر پرسوز

نکلتے تھے کہ سننے والے کے دل پر بجلی سی گر جاتی تھی۔ بلکہ بعض

اہل جذبہ افراد تو بے خود ہو جاتے تھے۔ (تذکرہ سلیمان ص۳۰)

ایک مرتبہ فقیر نے عرض کیا کہ "حضرت ذکر کو کسطرح کرنا چاہیئے" ارشاد ہوا

" نالہ پابند نے نہیں ہے"

پھر فرمایا۔ ع ــــ 'وہ طرز نالہ ہو جوان کو بے قرار کرے'

میرا ایک شعر ہے۔

وہ اپنے کانوں سے سنتے ہیں میرے نالوں کو

وہ طرز نالہ ہو جو ان کو بے قرار کرے

ایک مرتبہ سفر میں حضرت قدس سرہ اور فقیر کا ایک ہی کمرہ میں قیام تھا، پچھلی رات

میں نطقِ سلیمانی نے جب واوٴدی لے میں 'الا اللہ' کا نغمہ ملکوتی ساز

میں چھیڑا تو در و دیوار پر وجد کی کیفیت تھی۔ اور سننے والا اپنی ہستی نغمات

قدس میں گم کر چکا تھا ۔

کیا بھری تاثیر میں مطرب تیری آواز ہے   جو تری محفل میں بیٹھا وہ سراپا ساز ہے

حضرت والاؒ کے بعض دیگر اشعار سے بھی حضرت کی کیفیت ذکر کا

اندازہ ہو سکتا ہے ۔ ارشاد فرماتے ہیں۔

Marfat.com

لذتِ خلوت بیاں کیا کیجئے ۔۔۔ ایک میں ہوں اور ان کا نام ہے
تیرے یاد آنے سے ہر غم مٹ گیا ۔۔۔ دارو ئے ہر درد تیرا نام ہے
نام لیتے ہی نشہ سا چھا گیا ۔۔۔ ذکر میں تاثیر دورِ جام ہے
دیکھنا ہو تو نگاہ شوق بن ۔۔۔ اسکی ہر سو بارگاہ عام ہے
بزم میں تنہا نظر آتا ہوں میں ۔۔۔ ایک میں ہوں اور خدا کا نام ہے

استحضار:-

لفظ بیگانہ بھلا کیا ترجمانی کر سکیں ۔۔۔ شوقِ بے انداز پیچیدہ وہ میرے دل میں ہے
واکرے مجنوں تو اپنے دیدہ مشتاق کو ۔۔۔ لیلیٰ پردہ نشین ہر پردۂ محمل میں ہے
ذکر حق سے صیقل کامل ہوا ۔۔۔ محو دل سے نقش ہر باطل ہوا
چار جانب بارش انوار ہے ۔۔۔ جلوہ فرما وہ ہر کامل ہوا
رٹتا ہوں تیرا نام کرتا ہوں تیرا کام[1] ۔۔۔ آتا ہے نظر جب کچھ اپنے میں ذرا ہوش
معلوم نہیں کس دم فرمائیں مجھے وہ یاد ۔۔۔ نام انکا نہ ہو اے دل اک لمحہ فراموش
سجدہ میں جہاں سر ہے گویا وہ تیرا در ہے ۔۔۔ کیا کیا نہ کہا تجھ سے پایا جو سراپا گوش
حاصل ہے تصور میں کیفیت معراج ۔۔۔ کیا کیا نہ مزا پایا، پایا جو ہم آغوش

---

[1] حاصل سلوک ذکرِ دائم اور ہر حال میں طاعت الٰہی ہی ہے۔ (م۔ ا)

Marfat.com

حصول حقیقت ذکر کی معالجاتی تدابیر
اور
اُنکی حیثیت

اللہ تبارک و تعالٰی کی یاد میں دل کی کامل بیداری اور دھیان کے ساتھ مشغولیت ہی اصلِ ذکر ہے۔ اور "قلب" ہی حقیقتاً ذاکر ہے۔ اس لئے شرطِ اخلاص تیقظِ قلبی جس قدر کامل ہوگا، اور توجہ جتنی تام ہوگی۔ اس قدر ذکر مقبول و مؤثر نورانی اور طمانیت قلبی کا سبب ہوگا۔ دل کی توجہ کو کلیتہً ذکر میں شاغل رکھنے کیلئے ضروری ہے کہ "دل" "غیر اللہ" سے فارغ اور پریشان خیالی سے مامون ہو۔ کہ جب تک فراغتِ قلبی اور یکسوئی خاطر میسر نہ آئے سالک کو انتشار و تشتت پریشان رکھتا ہے۔ اور وہ ذکر کی کما حقہ "یافت" سے محروم رہتا ہے۔ پریشان خیالی، اشتغالِ غیر اور وساوس انتشارِ قلبی کا عموماً سبب ہوتے ہیں۔ اس لئے محقق صوفیہ سالکین کی توجہ افرادِ ذکر (یعنی مذکور، ذاکر یا ذکر) پر مرتکز کرنے اور یکسوئی کیلئے مختلف تدابیر اختیار کرتے ہیں۔ یہ تدابیر محض معالجہ کے طور پر ہوتی ہیں۔ انکی حیثیت محض ذرائع کی ہے۔ اس لئے

Marfat.com

یہ کسی درجہ میں مقصود نہیں ہوتی۔ یہ تدابیر نہ تو بذاتہ عبادت ہوتی ہے اور نہ موجب ثواب و ترقی، اسلئے ان کا قرب ربانی میں بھی کوئی دخل نہیں ہوتا ان کا بڑا فائدہ صرف اتنا ہے کہ پراگندہ خاطر ذاکر کو ان کے اختیار کرنے سے یکسوئی نصیب ہو جاتی ہے۔ اور اسکی توجہ افراد ذکر پر مرکوز ہو جاتی ہے اور وہ وساوسِ قلبی اور انتشار ذہنی سے بچ جاتا ہے۔ اس لئے اگر کوئی 'سلیم الطبع' طالب 'حقیقت ذکر کو ان 'معالجانہ تدابیر' کے بغیر ہی حاصل کر سکے تو اسے ان 'تدابیر' کے اختیار کرنے کی کوئی ضرورت نہیں۔

بعض سالکین 'ذریعہ' کو 'مقصد' سمجھنے کی غلطی میں ایسے مبتلا ہو جاتے ہیں کہ مقاصد کو گم کر کے ذرائع ہی کے درپے ہو جاتے ہیں ضرورت ہے کہ تدابیر و ذرائع کو ان کا اپنا مقام دیا جائے۔ اور مقاصد کو پہچان کر ان کے حصول کی کوشش کی جائے۔ حضرت والا رحمہ اللہ تعالیٰ فرماتے تھے کہ:-

"سالکین ذرائع کو مقاصد کا درجہ دے دیتے ہیں۔ اور مصیبت میں مبتلا ہو جاتے ہیں۔"

اس لئے ضروری ہے۔ کہ سالک 'مقاصد' و 'ذرائع' 'غایات' اور 'تدابیر' میں تمیز و تفریق کر سکے۔ تدابیر و ذرائع میں غلو یا انہیں مقاصد و غایات سمجھ لینا اس راہ کا بڑا پتھر ہے۔ بلکہ بعض اوقات دائمی محرومی اور ناکامی کا سبب بن جاتا ہے۔ کہ سالک غیر مقصود کو مقصد قرار دے کر اس کا ایسے درپے ہوتا ہے۔ کہ منزل ہی کو بھول جاتا ہے۔ شیخ حاذق کا کمال یہ ہوتا ہے۔ کہ وہ طالب کو اس پرخار وادی سے بچا کر لے جاتا ہے۔ اور اسے راہ کے

Marfat.com

کانٹوں سے الجھنے نہیں دیتا۔ اور مقاصد و ذرائع غایات و تدابیر اور حق و باطل میں بے محابا تفریق کی لکیر کھینچتا چلا جاتا ہے۔ اور طالب سلوک کی واضح راہ کو بغیر کسی رکاوٹ علی وجہ البصیرۃ کے طے کرتا چلا جاتا ہے

ہمارے حضرت والا نور اللہ مرقدہٗ اس راہ کی گھاٹیوں کے ماہر راہ بین و رہنما تھے۔ اس لئے سالکین کو ابتدا ہی میں ان مراحل و 'عقبات' سے آگاہ فرما دیتے تھے۔ چنانچہ مختلف طالبین کے نام مکتوبات میں اسکی وضاحت ملتی ہے۔ ایک طالب کو 'ضرب' اور "نور" کے تصور کے متعلق تحریر فرماتے ہیں:

"..... سپہر ڈھائی ہزار دفعہ 'اللہ' ذرا ہلکی آواز سے پڑھیں۔ ضرب کے ساتھ یا بلا ضرب (مگر یہ سمجھیں کہ یہ ضرب کوئی دینی امر نہیں ہے۔ بلکہ محض علاج کے طور پر ہے کہ موثر ہو)

..... ذکر کے وقت یہ تصور کریں کہ عرش سے نور آپ کے قلب پر پڑ رہا ہے۔ (یہ تصور بھی دینی امر نہیں ہے۔ بلکہ بطور معالجہ کے ہے۔ تاکہ یکسوئی ہو)"

انہیں کو ایک دوسرے خط میں لکھتے ہیں:

"نور کے تصور کا استحضار نہیں ہوتا۔ تو کوئی حرج نہیں۔ یہ مقصود خود نہیں ہے۔ مقصود تو یکسوئی ہے۔ توجہ ذکر کے وقت دراصل مذکور یعنی اللہ تعالیٰ کی طرف ہو۔ ورنہ ذاکر یعنی قلب کیطرف ہو۔ ورنہ ذکر

Marfat.com

کی طرف ہو۔"

ایک طالب نے لکھا:

"قلب پر نقش اللہ کا برنگ نقرہ وسفید تصور کرتا ہوں مگر رنگ کا تصور دیرپا نہیں ہوتا"

حضرت والا رحمہ اللہ تعالیٰ نے جواباً ارقام فرمایا:

" زیادہ توجہ کی ضرورت نہیں۔ اور نہ اس کے لئے تشویش خاطر کی ضرورت ہے .... (یہ امور) غیر مقصودہ ہیں "

ایک مسترشد خاص نے لکھا،

' دورانِ ذکر لفظ ' اللہ' کا قلب پر تصور قائم نہیں رہتا ... اسکے قیام کی صورت سے ایما فرمائیں۔" ۔ حضرت الشیخ قدس سرہ نے ارقام فرمایا:

"جتنی دیر ہوتا ہے۔ وہ غنیمت ہے۔ اس پر مزید کاوش کی ضرورت نہیں۔ یہ مقصود بالذات نہیں۔ اور مزید کاوش سے اور پریشانی بڑھے گی۔" (تذکرہ سلیمان ص۲۲۴)

سالک مذکور نے ذکر میں انتشارِ خیالات کی شکایت کی۔ حضرت والاؒ نے علاجاً تحریر فرمایا:

"ذکر میں انتشار خیال سے پریشان نہ ہونا چاہیئے۔ اللہ تعالیٰ نے قلب و دماغ کو ایسا ہی بنایا ہے کہ اس میں حرکت فطری ہوتی رہے۔ یہ شاہی شاہراہ ہے۔ آپ کون اس کا پہرہ بٹھانے والے کہ اس شاہی شاہراہ پر چوہڑے چمار نہ چلنے پائیں۔ آپ اپنی راہ چلئے وہ اپنی راہ چلیں۔ حسب تجویز اعلیٰ حضرت حاجی (امداد اللہ) صاحب

Marfat.com

آپ یہ خیال کیا کیجیے ۔ کہ "اللہ اکبر! اللہ تعالیٰ کی بھی قدرت ہے ۔ کہ دل
کے ایک قطرہ میں خیالات کا سمندر بھر دیا ہے ۔ اللہ رے اس کی
عظمت وکبریائی" اس تصور سے یہ خیالاتِ پریشان معرفت کے
آیات بن جائیں گے ۔ ایسے وقت یہ شعر پڑھ لیا کیجیے ۔

دور باش افکار باطل دور باش اغیار دل
سج رہا ہے شاہ خوباں کیلئے دربار دل " (تذکرہ ص ۲۲۴)

خیال رہے ۔ یہ تصور بھی تدبیر و معالجہ کے درجہ میں ہے ۔ جسکی حیثیت
غالب مذکور کو پہلے بتائی جا چکی ہے ۔"

یہاں یہ بات واضح کردینی ضروری ہے کہ 'یکسوئی خیال' کی بھی اختیاری حد
تک کوشش کرنی چاہیئے ۔ اپنی کوشش کے باوجود اگر 'یکسوئی' حاصل نہ ہو
تو اسکی پرواہ نہیں کرنی چاہیئے ۔ اپنے کام میں لگے رہنا چاہیئے ۔ بعض اذہان
فطرتاً اتنے سریع الحرکت ہوتے ہیں ۔ کہ ایک بات پر ان کا ارتکاز مشکل ہوتا
ہے ۔ اسلئے عقیدہ و مقصد کی صحت کا اذعان و یقین کافی ہے ۔ اگر یہ حاصل
ہے تو پھر انتشار کی فکر کئے بغیر اپنے معمولات و مشاغل اور اذکار میں مشغول
ہو جانا چاہیئے ۔ یکسوئی کی امکانی و اختیاری کوشش کافی ہے ۔ 'حصول یکسوئی'
کے ہم مکلف نہیں ۔ حضرت والا قدس سرہٗ کو ایک سالک نے لکھا ۔

"بحمد اللہ معمولات پر کاربند ہوں ۔ لیکن خیال میں یکسوئی نہیں رہتی ۔
بلکہ سخت انتشار رہتا ہے ۔"

حضرت الشیخ نور اللہ مرقدہٗ نے جواباً ارقام فرمایا ۔

Marfat.com

یہ شکر کا مقام ہے۔ یکسوئی عقیدہ کی مطلوب ہے۔ اور وہ آپ کو حاصل ہے۔ یعنی یہ کہ صرف خدا تعالیٰ کی رضا کیلئے آپ کام کر رہے ہیں یہی مقصود ہے۔ باقی یکسوئی خیال جس کا دوسرا نام محو ہو جانا یا انہماک ہے۔ نہ مقصود ہے۔ اور نہ ہر ایک کیلئے محمود" (تذکرہ شیبا صفحہ ۵۲)

حضرت والاؒ کا حکیمانہ جواب سالکین کیلئے سرمۂ بصیرت ہے۔ اسی سالک کے ایک دوسرے سوال کا جواب بھی عجب پر حکمت اور نافع ہے سالک نے لکھا:

"بعض مرتبہ عجیب حال رہتا ہے۔ کہ نماز میں تو وہ یکسوئی و رجوع کی کیفیت نہیں رہتی لیکن اس کے بعد ذہن و قلب تمام تر متوجہ بحق محسوس ہوتا ہے۔ . . . شاید یہ دھوکہ ہے۔ کیونکہ اگر یہ کیفیت واقعتاً رجوع کی ہے تو نماز میں کیوں نہیں رہتی۔ حالانکہ نماز میں تو زیادہ قرب حاصل رہتا ہے۔"

حضرت والاؒ نے تحریر فرمایا:

"نماز میں اعمال مختلف ہوتے ہیں۔ جس سے وہ یکسوئی جس کو آپ یکسوئی سمجھتے ہیں نہیں ہوتی۔ کیا خدمتگار خدمات کے انجام دینے میں مالک کی محبت کی یکسوئی کا تصور کرتا ہے؟ مگر یہ خدمت خود ہی محبت کی دلیل ہے اور اطاعت کی۔ تاہم نماز سے فراغت کی حالت میں یکسوئی مستمر ہو کر محسوس ہوتی ہے۔ مگر یہ کوئی چیز نہیں" (تذکرہ صفحہ ۔۔)

ایک دوسرے سالک کے اسی قسم کے سوال کے جواب میں تحریر فرمایا:

"زیادہ توجہ کی ضرورت نہیں۔ اور نہ اس کیلئے تشویش خاطر کی ضرورت سمجھئے۔ ہر چیز اپنے وقت پر حسب استعداد اللہ تعالیٰ عطا فرمائیں گے

Marfat.com

ذکر و وساوس

وساوس والا طائل خیالات ذکرو نماز وتلاوت وغیرہ کی حالت میں خصوصاً سالکین کو تنگ کرتے ہیں اور طالب کو اپنے میں پھنسا کر اللہ تعالیٰ کے دھیان اور اسکی مناجات سے غافل کردیتے ہیں۔ ہمارے حضرت والا قدس سرہٗ کے نزدیک وساوس کا علاج عدمِ التفات ہے۔ وساوس کی طرف جتنا دھیان نفیاً یا اثباتاً کیا جائے گا۔ اتنا ہی بڑھیں گے۔ ان کا علاج صرف یہ ہے کہ وساوس وخیالات سے توجہ ہٹا کر ذات باری تعالیٰ کی طرف یا معانیٔ الفاظ کی طرف کرلیجائے، وساوس آنا بند ہوجائیں گے۔ چونکہ وساوس کا آنا غیر اختیاری امر ہے۔ اس لئے برا نہیں۔ ان کا لانا برا ہے۔ سالک کو چاہیئے کہ ان خیالات سے یکسو ہوکر ایک ذات حق کی طرف متوجہ ہوجائے۔ اور کسی کی طرف عمداً التفات نہ کرے۔ پھر ہزار وسوسے آئیں تو بھی مضر نہیں۔ کہ اپنا کام وساوس سے عدمِ التفات اور افرادِ ذکر میں مشغولیت ہے۔

Marfat.com

حضرت سیدی قدس سرہٗ نے ایک مرتبہ راقم سے فرمایا کہ " مجھے حضرت والاؒ (یعنی مولانا تھانوی) رحمہ اللہ تعالیٰ نے ایک ابتدائی خط میں یہ جملہ لکھا تھا کہ " وساوس کا لانا منع ہے۔ آنا منع نہیں۔"

حضرت الشیخؒ فرماتے تھے کہ :

" وسوسہ تو شیطان ڈالتا ہے۔ اور اس لئے ڈالتا ہے۔ کہ سالک کو تکلیف ہو، حضرت مولانا تھانویؒ نے لکھا ہے کہ اعلیحضرت حاجی امداد اللہ صاحب قدس سرہٗ فرماتے تھے۔ کہ ان وساوس کو مرأۃِ جمال حق بنایا جائے کہ یہ بھی اللہ تبارک و تعالیٰ کی شان ہے کہ اُس نے قلب کو ایسا بنایا۔ کہ اس میں طرح طرح کی چیزیں اور خیالات آتے جاتے ہیں۔ جب ان وساوس کو ذات حق کے دھیان اور قرب کا ذریعہ بنالیا جائے گا۔ تو شیطان وسوسہ ڈالنا چھوڑ دے گا۔ کہ اسکا مقصود تو ذاتِ حق سے ہٹانا تھا۔ اور جب وساوس خود ذات کی طرف توجہ کا ذریعہ بن گئے۔ تو اس کا مقصد کہاں پورا ہوا۔ قلب پر جب حضرتِ حق کا دھیان چھا جاتا ہے تو وساوس خود بخود کافور ہو جاتے ہیں"

اِسی کے متعلق کہا گیا ہے

کشا کشہائے رنگ سے چھوٹوں قرار آئے
مقیم اس گھر میں ہو جائے اگر یہ میہمان دل

حضرت الشیخ قدس سرہٗ ایک خط میں لکھتے ہیں ،

Marfat.com

" وساوس کا واقع ہونا مضر نہیں۔ چور وہاں آتے ہیں جہاں دولت ہوتی ہے۔ شیطانی وساوس کے آنے کو بھی ایسا ہی سمجھا جائے، اور انکی طرف سے ذہن کو پھیر کر اللہ تعالیٰ کی طرف کر لیا جائے۔ عدم التفات ہی اس کا علاج ہے۔"

ایک دوسرے مکتوب میں ہے۔

"بیہودہ اور ناپاک خیالات کا پیدا ہونا اگر اپنی طرف سے نہیں تو انشاء اللہ مضر نہیں۔"

ایک مرتبہ فرمایا:۔

" اگر وسوسہ کفر مضر نہیں تو وسوسہ گناہ کیسے برا ہو سکتا ہے "

ایک سالک کو ارقام فرماتے ہیں:۔

" یہ وساوس کبھی کبھی آتے ہیں۔ اور اسی امر سے کہ آپ اس کو برا سمجھتے ہیں۔ اور اُن کے پیش آنے سے مشوش ہیں، یہ ثابت ہوتا ہے۔ کہ

ملے صحیح مسلم میں حضرت عبداللہ ابن مسعودؓ سے روایت ہے کہ حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم سے وسوسہ کے متعلق سوال کیا گیا۔ اور صحابہؓ نے عرض کیا۔ کہ ہم میں سے کوئی اپنے دل میں ایسے (برے) وسوسے پاتا ہے کہ اسکو زبان پر لانے سے جل کر کوئلہ ہو جانا یا آسمان سے زمین پر گر جانا زیادہ پسند کرتا ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: "یہ عین ایمان کی علامت ہے" ابوداؤد نے ایک دوسری روایت میں ابن مسعودؓ سے ہی نقل کیا ہے۔ کہ آپؐ نے فرمایا، "الحمد للہ الذی ردّ کیدہ الی الوسوسہ"۔ سب تعریف اللہ کیلئے ہے۔ جس نے شیطان کے مکر کو صرف وسوسہ تک ہی رکھا۔ (جمع الفوائد ج ۱ ص ۱۹ بحوالہ مسلم و ابوداؤد) ۔ م۔ د

Marfat.com

بحمد اللہ ایمان محفوظ ہے۔ ایسے موقع پر استغفار اور لاحول ولاقوۃ الاباللہ کی کثرت کیجئے۔ اور ادھر سے دل پھیر کر دوسرے کام میں لگ جائیے التفات بھی نہ کیجئے۔ اور دعا کیجئے۔

یامقلب القلوب ثبت قلبی علی دینک " (تذکرہ صنہ۵۴)

ایک اور مبتدی طالب کو تحریر فرمایا:۔

" شکوک کا علاج توبہ و استغفار ہے۔ اور اپنے کام میں انہماک شکوک بیکاروں کو ہوتے ہیں۔ کام کرنے والوں کو نہیں۔ "

بعض اوقات بُرے خیالات دماغی ضعف یا معدہ کی خرابی سے بھی پیدا ہوتے ہیں۔ انکا علاج دوا وغیرہ کا استعمال اور عدم التفات ہے حضرت والاؒ اس عارضہ میں مبتلا ایک سالک کو تحریر فرماتے ہیں،

" یا تو آپ کے معدے کا فعل خراب ہے۔ یا دماغی ضعف ہے غور کیجئے۔ کہ کوئی خاص ایسی بے اعتدالی تو نہیں ہو رہی ہے جس سے ضعف پیدا ہو۔ اگر یہ دونوں باتیں نہیں تو محض وہم ہے۔"

بعض اوقات سالک اپنے خیالات و اوہام کی بوقلمونیوں اور حجابات نورانی کی دلفریبیوں میں الجھ کر ذکر سے غافل ہو جاتا ہے۔ اس کے متعلق حضرت والا رحمہ اللہ تعالیٰ فرماتے تھے کہ۔

" اصل یہ ہے کہ ان سب کو قلب سے خارج کر کے یوں سمجھے کہ اللہ تعالیٰ کا ذکر کر رہا ہوں۔ وہ سن رہے ہیں۔ دیکھ رہے ہیں جواب دے رہے ہیں۔ جیسا کہ خود ارشاد ہے۔ ادعونی

Marfat.com

اُستجب لکُم اُذکرونی اَذکرُکُم، اس لئے انسان یقین کے کانوں سے کیوں نہیں سنتا کہ جب وہ اللہ اللہ کہتا ہے۔ تو اسکا جواب 'عبدی عبدی' دیا جاتا ہے۔ حضرت اُبی رضی اللہ عنہ سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ذکر کیا۔ کہ تمہارا نام اللہ تعالیٰ نے لیا ہے۔ تو فرط شوق و محبت میں رو پڑے کہ میرا نام اللہ تعالیٰ نے لیا ہے۔ اور ہمیں اللہ تبارک تعالیٰ خود کہتے ہیں کہ ۔" تم مجھے یاد کرو میں تمہیں یاد کرونگا۔ پھر ہمیں کیوں یقین نہیں آتا کہ جب ہم اللہ اللہ کہتے ہیں۔ تو اللہ تعالیٰ 'عبدی عبدی' کہہ کر ہمارا جواب دیتے ہیں۔"

اگر سالک رویت الٰہی، سماعتِ ربانی، قربت رحمانی کے یقین و اذعان کے ساتھ ان کا حق سمجھ کر ذکر کرے۔ تو اس کے اثرات و برکات سے ضرور سینہ و دل سراپا نور ہو جائے گا۔ اور تمام وساوس و اوہام خود بخود کافور ہو جائیں گے۔ ایسے ہی ذکر کے متعلق حضرت شیخ قدس سرہٗ فرماتے ہیں۔

خانہ دل میں جو پھیلیں گے کبھی انوارِ دل — اور ہی مٹ جائیگی تاریکی افکار دل

سونچ کر اے دل لگانا چاہیئے بازار دل — جمع وہ سامان ہو، جسکی خریداری بھی ہو

جلوہ فرما مسندِ دل پر اگر ہو یار دل — قلب عاشق بھی ہے پھر ہمسایہ عرش بریں

محو دل سے نقش ہر باطل ہوا — ذکر حق سے صیقل کامل ہوا

جلوہ فرما وہ مہ کامل ہوا — چار جانب بارش انوار ہے

ذکر میں تاثیر دور جام ہے — نام لیتے ہی نشہ سا چھا گیا

ایک میں ہوں اور خدا کا نام ہے — بزم میں تنہا نظر آتا ہوں میں

Marfat.com

ذکر و طمانیت قلبی و نزول سکینۃ

انسانی 'قلوب و ارواح' فطرتاً مستور ازل کے طالب و شیدائی ہیں۔ کہ انسان کا خمیر عشق و محبت کے آب و گِل سے ہوا ہے۔ 'یوم الست' کی نفی میں 'ربوبیتِ کبریٰ' کی تجلی نے 'ارواح' کے اندر جذب الی اللہ اور اشتیاق ربانی کی تخم ریزی کر دی تھی۔ اسی طرح ازل میں بنی آدم نے تکلیفاتِ شرعیہ کے بارِ امانت کے اٹھانے اور سنبھالنے پر جو آمادگی ظاہر کی وہ بھی اسی جذبۂ عشق کا نتیجہ تھی۔ جو انسانی قلوب کے اندر فطرتاً ودیعت کر دیا گیا تھا۔ جیسا کہ محققین نے تصریح کی ہے۔ حدیث شریف میں ہے :-

ان الامانۃ نزلت فی جذر قلوب الرجال ثم علموا من القران ثم علموا من السنۃ	(ازل میں) امانت کا نزول انسانوں کے دلوں کی جڑ میں ہوا تھا۔ (پھر اس عالم میں اس نورِ امانت کی برکت سے توفیقِ الٰہی)
(مشکوٰۃ بحوالہ بخاری و مسلم عنہ ۲۱ بروایت حذیفہؓ)	انہوں نے قرآن کو جانا پھر سنت کا علم حاصل کیا۔

حافظ نے کیا خوب کہا ہے :-

Marfat.com

دوش دیدم کہ ملائک درِ میخانہ زدند　　گلِ آدم بسرشتند و بہ پیمانہ زدند
آسمان بارِ امانت نتوانست کشید　　قرعہ فال بنامِ من دیوانہ زدند

اِس جذبہ روحانی اور جذبہ عشق نے ارواح و قلوب کے اندر محبوب حقیقی کا اشتیاقِ والہانہ اور اسکی جستجو و طلب، تلاش و یافت کا داعیہ پیدا کر دیا ہے۔ اور ان کا سکون و قرار اسی ذاتِ جلیل و جمیل کا دھیان و اشتغال اور یاد و ذکر کو بنا دیا ہے کہ محبِ صادق کا سرمایہ تسکین و طمانیت، محبوب و یادِ محبوب ہوتا ہے۔ بقول شخصے

در دو عالم از دو عالم ایں ہمیں خوش آید مرا
روئے تو یا بوئے تو یا خوئے تو یا کوئے تو

خصوصاً عشاق ربانی کیلئے تو چین و سکون کی واحد و تنہا جگہ خلوت گاہ حق ہی ہے۔ بقول عارف رومی

گر گریزی بر امید راحتے　　ہم ازاں جا پیشت آید آفتے
ہیچ کنجے بے دد و بے دام نیست　　جز بخلوت گاہ حق آرام نیست

حضرت والاؒ فرماتے ہیں:

پناہ اے دل خدنگ ناز قاتل سے نہیں ملتی
جو مل سکتی ہے تو پھر سایہ دامان قاتل میں
اسے کب غموں سے رہائی ملے　　جو وابستہ ماسوای اللہ ہے۔

حضرت الشیخ قدس سرہٗ ایک گرامی نامہ میں ارقام فرماتے ہیں:

"اختلاط مع الانام بے شبہ تعلق باللہ میں حارج ہے۔ گو اپنی

Marfat.com

نیت صحیح ہو، جس کا ثواب ملے گا۔ مگر نجاستوں کی پلیدی سے تو چارہ نہیں۔ اگر کوئی کوئلہ کے گرد وغبار کو حسنِ نیت سے صاف کرے تو ثواب ملے گا۔ مگر ہاتھوں اور کپڑوں میں سیاہی لگنا ممکن ہے۔ اس دنیا میں سکون صرف تعلق باللہ اور ترک علائق غیر میں ہے۔ ے

"نہیں جمعِ دل جمع اسباب سے ۔۔۔ رہ جمعِ دل ذکر اللہ ہے"

اس لئے اہل قلوب وسالکین کی "کہفِ سکون واطمینان" خلوت گاہ حق جل مجدہٗ ہے۔ جو ذکر حقیقی (یعنی ذکر دائم اور طاعات ربانیہ) کا ثمرہ ہے یہی وجہ ہے کہ "خاصان خدا" کا یہ گروہ مجمع وتنہائی خلوت وجلوت ہر حال میں ہر آن قلباً وقالباً اللہ تعالیٰ میں مشاغل رہتے ہیں۔ انکی زبانیں ذکر ربانی سے تر، ان کے دل اسکی یاد سے روشن اور ان کے اعضاء وجوارح اس کے احکام واوامر کی اطاعت وپیروی سے خنک وشاداں رہتے ہیں۔ کہ خلوت گاہ حق، کا حصول "مشغولیت بحق" اور "فراغت بغیر سے ہی ممکن ہے۔ جو ظاہر وباطن قلب وجوارح کے جملہ احکام کے امتثال واشتغال سے میسر آسکتی ہے۔

فَمَنْ شَآءَ اتَّخَذَ اِلٰی رَبِّهٖ سَبِیْلًا (المزمل-۱)

پس جس کا جی چاہے اپنے پروردگار کی طرف کا راستہ اختیار کرے۔

فَمَنْ شَآءَ اتَّخَذَ اِلٰی رَبِّهٖ مَاٰبًا (النبا-۲)

پس جو چاہے اپنے رب کے پاس اپنا ٹھکانہ بنا رکھے۔

مزید برآں جب بندہ اللہ تعالیٰ کا ذکر کرتا ہے۔ تو اللہ تعالیٰ اس بندہ کو

Marfat.com

ایک خاص 'عنایت والتفات' محبت وعطا 'کے ساتھ یاد فرماتے ہیں۔
ایک عاشق صادق اور طالب مخلص کے لئے اس سے بڑھ کر کیا انعام اور مسرت وچین کا کیا پیغام ہو سکتا ہے۔ کہ اس کا 'ذکر' اسے یاد محبوب جل وعلی میں لے آئے۔ اور اللہ تبارک وتعالیٰ کی توجہات و رحمت کو اسکی طرف مبذول کرا دے۔

حضرت والا رحمہ اللہ تعالیٰ ارقام فرماتے ہیں :

"ذکر کا خلاصہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کے ارشاد کے مطابق۔

اُذْکُرُوْنِیْٓ اَذْکُرْکُمْ — تم مجھے یاد کرو میں تمہیں یاد کرونگا

اس سے بڑھ کر نعمت کیا ہو سکتی ہے کہ ذاکر کو بوقت ذکر خود حق تعالیٰ یاد کرتے ہیں۔ ذرا اس کا تصوّر تو کیجئے۔ اور جب اللہ کہیئے تو تصور کے کان سے سنیئے کہ عبدی کی آواز آتی ہے ؎

اس سے بڑھ کر اور کیا میرے لئے انعام ہے
آپ خود سنتے ہیں آکر جو میرا پیغام ہے (تذکرہ ص ۳۴)

حدیث قدسی میں ہے۔ کہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے

" جو مجھے اپنے دل میں یاد کرتا ہے میں بھی اسے (لطف و محبت' رضا وعطا کے ساتھ) خود یاد کرتا ہوں۔ اور جو شخص مجھے مجمع میں یاد کرتا ہے۔ میں اسے اس سے بہتر (ملاء اعلیٰ و فرشتوں کے) مجمع میں (فخر و محبت وستائش کے ساتھ) یاد کرتا ہوں۔"

(مدارج المعانی بحوالہ صحیحین ص ۲۴۱ ج ۱)

Marfat.com

حضرت ابوہریرہؓ اور ابو سعیدؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ :۔

"جب بھی لوگ اللہ تعالیٰ کے ذکر کرنے کیلئے بیٹھتے ہیں۔ تو (رحمت کے) فرشتے انہیں گھیر لیتے ہیں۔ رحمت انہیں ڈھانپ لیتی ہے۔ اور سکینۂ (اطمینان وچین والی رحمت) اُن پر نازل ہوتی ہے۔ اور اللہ تعالیٰ (فخر وعنایت سے) ان کا تذکرہ ان (فرشتوں وغیرہ) سے کرتے ہیں۔ جو ان کے پاس ہوتے ہیں۔" (مشکوٰۃ ص۱۹۶ بحوالہ مسلم)

غرض اللہ تبارک وتعالیٰ کی بارگاہ قدس میں ذاکر کا لطف و رضا کے ساتھ ذکر ذاکر کیلئے گنجینۂ سعادت بن جاتا ہے۔ فرشتوں میں اسکا تذکرہ 'ملاءِ اعلیٰ' کی توجہات خاصہ کو ذاکر کی طرف ملتفت کرا دیتا ہے۔ اور فرشتے جب رحمت الٰہیہ سے بھر کر ذاکر کو گھیر لیتے ہیں۔ تو اُنکی 'ملکوتی تاثیر' سے 'قلبِ ذاکر' کے 'ملکات قدسیہ' زندہ اور بار آور ہو کر 'خصوصی رحمتوں' اور عنایات خاصہ کے سنبھالنے کے قابل ہو جاتے ہیں۔ ایسی حالت میں بارگاہ الٰہی سے ایک خاص اطمینان و چین والی رحمت کا 'القا' ہوتا ہے۔ جس کا پیہم نزول ذاکر کے قلب میں سکون وراحت والی ایک "نسبت راسخہ" اور 'ذاکر و مذکور' کے درمیان ایک 'رابطۂ قویہ' کے تحقق وثبات کا ذریعہ بن جاتا ہے۔ گویا ذکر کی مداومت و مواظبت پر ذاکر کے قلب پر حسن طمانیت خاصہ' اور پرسکون و پُر نور نسبت الٰہیہ کا فیضان فرمایا جاتا ہے۔ اس کا ایک عنوان 'سکینہ' ہے۔ جس کا کچھ حصہ ذاکر کو [illegible] لیکن دائمی نسبت راسخہ [illegible]

[illegible]

Marfat.com

ہے" حقیقت ذکر" جن کا مقام ہے۔

مانیت بی" سکینہ" اہل اللہ کے دلوں کا سرمایہ ہے۔ یہ وہ عطیہ ربانی ہے۔ جسے تمام عالم کی متاع جمع کر لینے یا خرچ کر دینے سے بھی حاصل نہیں کیا جا سکتا۔ سچ کہا ہے ؎

قیمت خود ہر دو عالم گفتۂ　　　نرخ بالا کن کہ ارزانی ہنوز

اس متاعِ عزیز کی تمنا کرتے ہوئے ایک عاشقِ صادق فرماتے ہیں ؎

می برد بے تابی دل کو بجو　　　بر درت صبر و سکونم آرزوست

بہرحال ذکر کے آثار میں رضائے حق کے بعد "طمانیت و سکینہ" کی دولت سرفہرست ہے۔ جو سالکین کے سینہ کو رشک بہاراں بنا دیتی ہے ؎

سوئے خباں بھی آنکھ اٹھانا ہے بار دل
سر کو جھکائے دیکھ رہا ہوں بہار دل

Marfat.com

نسبتِ باطنی یا
نسبتِ الٰہیّہ و نسبتِ محمدیّہ

سالک کو جب 'ذکرِ تام' میسر آجاتا ہے۔ جس میں جملہ افرادِ ذکر، ظاہری و باطنی کامل اطاعتِ شریعت و اتباعِ نبوی صلی اللہ علیہ وسلم شامل ہے تو اسے عادتاً رضا و قربِ ربانی اور عطاء نوال رحمانی کی ایک 'نسبتِ دائمہ' سے نواز دیا جاتا ہے۔ اس 'نسبت' کا فیضان سالک کیلئے مزید مہمیزِ عمل، محرکِ ذکر، مثمرِ یقین و اذعان، مفیدِ احسان و حضور، سببِ ازدیادِ تقویٰ، ذریعہ استقامت و مداومتِ اعمال اور باعث مواظبتِ سنتِ نبویّہ (علی صاحبہا الصلوۃ والتحیہ) بن جاتا ہے اور اسکی رضا و قربِ حق کی جستجو و کوشش میں اضافہ اور رغبت و رہبت، و شوق و طلب اور ہدایت و تقویٰ میں زیادتی ہوجاتی ہے۔

وَالَّذِيْنَ اهْتَدَوْا زَادَهُمْ	اور جن لوگوں نے راہ پائی۔ اللہ تعالیٰ
هُدًى وَّاٰتٰهُمْ تَقْوٰىهُمْ	ان کو اور زیادہ ہدایت دیتا ہے اور
(محمد - ۳)	انکو تقویٰ کی توفیق دیتا ہے۔

وہ تشریعاً و تکویناً، قلباً و قالباً اللہ تعالیٰ کی رضا ہی کو اپنی رضا اور اسکی خوشنودی کو ہی

Marfat.com

زندگی کا حاصل و مدعا سمجھتا ہے۔ احکام الٰہیہ سے اسے طبعی مناسبت اور کفر و عصیان سے اسے حقیقی نفرت میسر آجاتی ہے۔ اس عالم میں پیش آنیوالے جملہ حوادث و نوازل کو وہ 'شئون و صفات الٰہیہ' کی پُرحکمت تجلیات سمجھتا ہے۔ اور نتیجۃً تفویض تام' صدق توکل' اور تسلیم و رضا کے مقام پر فائز ہوجاتا ہے۔

غرض نسبتِ الٰہیہ اس تعلق کا نام ہے جو اللہ تبارک و تعالیٰ کے محض لطفِ خاص سے بندہ کو نصیب ہوتا ہے۔ اللہ جلّ جلالہ وعمّ نوالہ اپنی رضا' قرب اور ظاہری و باطنی بخششوں سے اسے نوازتے رہتے ہیں اور بندہ ان کی چاہت و قربت، ذکر و فکر، دھیان و دھن، اطاعت و فرمانبرداری کو اپنی مراد قلبی اور مقصودِ زندگی بنالیتا ہے۔ وہ مراد و محبوبِ حق ہوتا ہے۔ اور اسکا وظیفہ عبدیت و عبودیت کے فرائض کی بجاآوری، نعمہائے الٰہیہ کا شکر اور رضائے دوست پر اپنی خواہشات کی قربانی ہوتا ہے۔ وہ بزبان حال پکارتا ہے ؎

زندہ کنی عطائے تو ور بکشی فدائے تو　　دل شدہ مبتلائے تو ہرچہ کنی رضائے تو

گویا اللہ تبارک و تعالیٰ اور سالک میں محبوب حفی[1] و ودی (مہربان و وفاشعار) اور عاشق صادق و مطیع کی نسبت قائم ہوجاتی ہے۔ حضرت سید الملۃ قدس سرہٗ مسعود عالم ندوی مرحوم کو لکھتے ہیں:

.....طلب و رضا اور اپنے ہر عمل میں طلب رضا کا شعور پیدا ہونا ہی

---

[1] قرآن کریم نے ابراہیم خلیل علیہ السلام کا قول نقل کیا ہے:

اِنَّهٗ كَانَ بِيْ حَفِيًّا (مریم-۳۰) بے شک وہ (اللہ) مجھ پر بہت مہربان ہے

اس طریق کا حاصل ہے۔ اور جب خدا اور بندہ کے درمیان یہ علاقہ استوار ہو جاتا ہے تو صوفیہ کی اصطلاح میں اسکو نسبت کہتے ہیں۔ اور قرآن پاک کی زبان میں اسکی تعبیر یُحِبُّھُمْ وَیُحِبُّوْنَہٗ اور رَضِیَ اللّٰہُ عَنْھُمْ وَرَضُوْا عَنْہُ کے لفظوں میں کی گئی ہے۔ یٰاَیَّتُھَا النَّفْسُ الْمُطْمَئِنَّۃُ ارْجِعِیْ اِلٰی رَبِّکِ رَاضِیَۃً مَّرْضِیَّۃً۔ ان ہی کے لئے نوید بشارت ہے۔" (مکاتیب سلیمان ص۱۶۱)

سالک اس نسبت باطنہ کو موہبتِ ربانیہ اور نعمت غیر مترقبہ سمجھتا ہے فریضۂ شکر اور حقوق و واجباتِ نعمت حسب استطاعت بجا لاتا ہے۔ تاہم اللہ تعالیٰ کی خشیت و بے نیازی کا خوف اور اپنے اعمال کے نقص و کمی کے اندیشہ سے " زوال نعمت " کا خدشہ اُسے ہمیشہ خائف و ترساں رکھتا ہے اور آخری سانس تک دغدغہ اور قرب و رضائے حق عز وجل کی کوشش میں منہمک رہتا ہے۔ کہ "عبدیت" کا مجاہدہ آخری سانس تک ختم نہیں ہوتا ؎

اندریں رہ می تراش و می خراش تا دمِ آخر دمے فارغ مباش

یہ نسبت الٰہیہ محض فضلِ صمدانی اور عطیۂ رحمانی ہے۔ عقائد و اعمال کی صحت ذکرِ کامل کا رسوخ، اور اعمال صالحہ (ظاہری و باطنی) پر استقامت اس کیلئے بمنزلہ شرط کے ہے۔ پس سالک کو چاہیئے کہ وہ عقائد کی درستگی، ذکر کی پختگی اعمال کی تحسین، اخلاق کی تزئین، معاملات و معاشرت کی صفائی و پاکیزگی اور اتباع نبوی صلی اللہ علیہ وسلم میں پورے دھن و دھیان اور اخلاص و توجہ سے مصروف رہے۔ کہ اللہ تبارک و تعالیٰ کے اس فضل میں سے اسے حصہ مل سکے۔

Marfat.com

بات یہ ہے کہ سالک کمالِ اخلاص و تحسین سے جب احکام الٰہیہ کی کامل (ظاہری و باطنی) پابندی کرتا ہے۔ اور اتباعِ نبوی صلی اللہ علیہ وسلم کو اپنا شعار بنا لیتا ہے۔ ذکرِ تام' کا رسوخ اس کے دل کو ہر غیر سے فارغ اور ذات جلّ وعلیٰ شانہٗ میں شاغل کر دیتا ہے۔ اور اسے ان اعمال پر مداومت و مواظبت نصیب ہو جاتی ہے۔ تو رحمت الٰہیہ کی ایک خاص تجلی اس کے دل پر وارد ہو کر متمکن ہو جاتی ہے۔ جو اسے ہر آن ذات واحد و متعال میں بطرز خاص شاغل کر دیتی ہے۔ اور اسے اسکے الطاف و عطایا کا محل بنا دیتی ہے

اس نسبت کا ورود و تحقق اکثر انجذاباً ہوتا ہے۔ بندہ کی طاعات پر استقامت اور حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے اتباع پر مواظبت و توجہات الٰہیہ کو اسکی طرف ملتفت کرا دیتی ہے۔ احکام کی اطاعت سے قرب کی منازل طے ہوتی ہیں۔ اتباع نبوتؐ میں جذب کی خاصیت ہے۔ جس سے محبوبیت و مرادیتِ ربانی کا دروازہ کھل جاتا ہے اور ذکر حقیقی کی یافت و دوام بارگاہِ قدس جلّ جلالہٗ و عم نوالہٗ میں سالک کے رضا و محبت کے ساتھ ذکر و تذکرہ کا سبب بن جاتا ہے۔

حدیث قدسی میں ہے :-

"جو مجھے اپنے دل میں یاد کرتا ہے۔ میں بھی اسے (لطف و محبت، رضا و عطاء) کیساتھ خود یاد کرتا ہوں۔ اور جو شخص مجھے مجمع میں یاد کرتا ہے۔ میں اسے اس (ملاءِ اعلیٰ یا فرشتوں کے مجمع) میں (فخر و محبت و ستائش کیساتھ) یاد کرتا ہوں۔ (روح المعانی بحوالہ بخاری مسلم صہ۱۳۲ ج ۱)

Marfat.com

اس نسبت و ارتباط " کی صورت مثالیہ ملاءِ اعلیٰ میں اسطرح ظہور پذیر ہوتی ہے کہ ذاکرِ محب و مطیع ' کا ' ذکرِ خیر ' یاد الٰہی اور اعمال[1] صالحہ کی وجہ سے بارگاہِ قدس جل مجدہٗ میں رضا و محبت و رحمت[2] کیساتھ متواتر ہوتا رہتا ہے۔ اس کا انعکاس ' ملا اعلیٰ ' میں رضامندی و محبت و انس کی صورت میں ظاہر ہوتا ہے۔ اور ملاءِ اعلیٰ کی توجہاتِ خاصہ اس عبدِ صالح و ذاکر ' کی طرف ہوجاتی ہے۔ اور اسکا ترشح ' قلب ذاکر ' پر ایک خاص قسم کی طمانیت، سکون و سکینہ کی صورت میں موسلا دھار بارش کی طرح ہوتا رہتا ہے۔ جسکی وجہ سے اُسکے ملکاتِ باطنی ' ملاءِ اعلیٰ سے ایک خاص قسم کی انسیت و نورانیت کو اپنے اندر پاکر صفاتِ ملکوتیہ کا تشابہ حاصل کر لیتے ہیں۔ اب ان ' ملکات

لہ قرآن کریم میں ہے۔ فَاذْكُرُونِي أَذْكُرْكُمْ (البقرہ ۱۸۰) تم میرا ذکر کرو۔ میں تمہارا ذکر کرونگا۔
علامہ آلوسی بغدادیؒ فاذکرونی کی تفسیر میں لکھتے ہیں۔

والقلب فاذکرونی ای بالطاعة	پس میرا ذکر کرو دل و جسم کی طاعت کیساتھ، پس ذکر
قلباً وقالباً فیعم الذکر باللسان والقلب	زبان، دل اور اعضاء سب کیلئے عام ہے۔ پہلے (زبان کے)
والجوارح فالاول کما فی المنتخب الحمد	ذکر (جیسا کہ المنتخب میں ہے) سے مراد الحمد تسبیح تمجید
والتسبیح والتحمید وقرأة کتاب اللہ والثانی الفکر	اور تلاوت کتاب اللہ ہے۔ اور دوسرے یعنی دل کے ذکر
فی الدلائل الدالة علی التکالیف والوعد	سے مراد ان دلائل میں غور و فکر کرنا ہے۔ جو احکام الٰہی
والوعید وفی الصفات الالٰہیة والاسرار	اور اللہ تعالیٰ کے وعدوں اور وعیدوں کے بارے میں،
الربانیة والثالث الاستغراق الجوارح فی	ہیں۔ اسی طرح صفات الٰہی اور رب تعالیٰ کے اسرار کے متعلق
الاعمال الامور بہا خالیة عن الاعمال المنھی	سوچنا بھی اسی میں شامل ہے۔ اور تیسری بات اعضاء کا
عنھا۔۔ (روح المعانی ج۱ ص۳۱)	ذکر ہے کہ انہیں ماموراتِ الٰہیہ کے مطابق احکام کا پابند رکھا جائے اور منہیات سے روکا جائے۔

(بقیہ حاشیہ صفحہ آئندہ)

Marfat.com

کی غذانے باطنی اوامرِ الٰہیہ کی پابندی، سنت نبویہ کا اتباع کامل، فضائل اخلاق سے آراستگی اور توجہ الی اللہ اور کیفیت احسان وحضور وغیرہ ہوجاتی ہے۔ اس کے سفلی تقاضے دب جاتے ہیں۔ اور ملکوتی صفات اور جواہر باطنی متجلّی ہوجاتے ہیں، ملاءِ اعلیٰ کی ہر آن کی توجہات اس کے باطنی جواہر، کو زندہ بارآور اور مُثمر کر دیتی ہیں۔ اور وہ الٰہی رنگ میں نکھر کر اخلاق الٰہیہ سے متصف ہوجاتا ہے اور یہ بندہ خلیفۂ الٰہی مظہر صفات ربّانی بن کر اور اتباع نبویہؐ سے منور ہوکر کائنات

گویا ذکر انسانی سے مدعا و یاد الٰہیہ کے جملہ اقسام اور اعمال صالحہ کی جملہ انواع ہیں

دوسری آیت ہے

مَنْ كَانَ يُرِيدُ الْعِزَّةَ فَلِلّٰهِ الْعِزَّةُ جَمِيعًا ۚ إِلَيْهِ يَصْعَدُ الْكَلِمُ الطَّيِّبُ وَالْعَمَلُ الصَّالِحُ يَرْفَعُهُ ۚ (فاطر-۲)

جو شخص عزت حاصل کرنا چاہتا ہے تو تمام تر عزت اللہ تعالیٰ ہی کیلئے ہے۔ اللہ تعالیٰ تک اچھا کلام بلند ہوتا ہے اور عمل صالح اسکو بلند کرتا ہے

(پس جو شخص جس درجہ کی عزت چاہتا ہے۔ اسے چاہیئے کہ اس درجہ کی ایمان و اعمال صالحہ میں کوشش کرے حسب ظرف وعمل عزت مل جائیگی۔ (دیکھو ابن کثیر صفحہ ۵۴۹ ج ۳ وتفسیر کبیر زیر آیت مذکورہ)

۲ے مفسر ابن کثیر نے اذکرکم کی تفسیر میں لکھا ہے" میں تمہارا رحمت ومغفرت کیساتھ ذکر کرونگا" (تفسیر ابن کثیر صفحہ ۱۹۶ ج ۱)

۳ے صحیح مسلم کی روایت ہے کہ آپ نے فرمایا جب خدا کسی بندہ کو چاہتا ہے تو فرشتۂ خاص جبرئیل سے کہتا ہے کہ میں فلاں بندہ کو پیار کرتا ہوں۔ تم بھی اسکو پیار کرو، تو جبریل اسکو پیار کرتے ہیں اور آسمان والے بھی اسکو پیار کرتے ہیں۔ اور پھر زمین میں اسکو ہر دلعزیزی اور حسن قبول بخشا جاتا ہے۔

(سیرت النبیؐ صفحہ ۱۲۶ ج ۲ بحوالہ صحیح مسلم کتاب الادب)

۴ے أَلَا بِذِكْرِ اللّٰهِ تَطْمَئِنُّ الْقُلُوبُ۔ (الرعد-۴) خوب سمجھ لو کہ ذکر سے دلوں کو اطمینان ہوجاتا ہے۔

کی زینت بنتا ہے۔ تقدیرِ ربانی اپنی حکمت بالغہ کے مطابق اس پر حقائق و اسرار کو منکشف کر دیتی ہے۔ اور وہ ایسے مقاماتِ خاصہ اور احوال عجیبہ سے نواز دیا جاتا ہے جس کا وہم و گمان بھی عام اذہان نہیں کر سکتے ہے

بینی اندر خود علوم انبیاء بے کتاب و بے معید و اوستا (رومیؒ)

ہر دمے او را یکے معراج خاص بر سرِ فرقش نہد حق تاج خاص

صورتش در خاک و جاں در لامکان لامکانے فوق وہم سالکان

لامکانے نے کہ در وہم آیدت ہر دمے در وے خیالے زایدت

بل مکان و لامکاں در حکم او ہمچو در حکم بہشتی چار جو

Marfat.com

نسبتِ محمدیہ

یہاں اس نکتہ کو واضح کرنا مناسب معلوم ہوتا ہے کہ اللہ تبارک وتعالیٰ کی حکمت بالغہ نے اس عالم میں اپنے تک رسائی اور اپنی قرب و رضا کو انبیاء علیہم السلام کے طریقوں میں منحصر کر دیا ہے۔ اب جبکہ سیدالانبیاء خاتم النبین رحمۃ اللعالمین حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اس عالم میں تا قیام قیامت آخری نبی اور رسول بنکر تشریف لائے ہیں۔ اور آپکا دورۂ نبوت قیامت تک ممتد بستمر کر دیا گیا ہے۔ اور آپکے فیوض و برکات کو بھی قیامت تک جاری وساری رکھا گیا ہے۔ اب تمام انسانوں کیلئے آپ کا اسوہ، آپ کے احوال و سنن اور ظاہری و باطنی انفرادی و اجتماعی اعمال ہی قربت حق کا واحد ذریعہ اور وسیلہ ہیں۔ 'نسبت حقہ' کا حصول اتباع نبویہ (علی صاحبہا الصلوٰۃ والتحیہ) میں مندرج کر دیا گیا ہے۔ اب 'نسبت الٰہیہ' کا ترتب اور عطائے رب کا ظہور اسی قدر ہوگا جسقدر 'نسبت محمدیہ' کامل ہوگی۔ یا یوں کہیئے کہ رحمت الٰہیہ نے رحمۃ للعلمین صلی اللہ علیہ وسلم کو اپنی رحمتوں کا 'قاسم' بنا کر مبعوث فرمایا ہے۔ جیسے ماں کے پیٹ میں بچہ کی غذا صرف ماں کے واسطے سے مقدر فرمائی گئی ہے۔ یا

Marfat.com

جیسے میٹھا پانی جہاں کہیں بھی پایا جاتا ہے۔ اس کا آخری سرا تقدیر الٰہی سے بادلوں پر تھی گیا ہے۔ اسی طرح ہدایت یابی اور وصول الی اللہ کے جملہ طرق حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم کے اتباع اور آپکے لائے ہوئے دین کی تابعداری میں منحصر ہیں اور سینہ نبوت کے نورانی سوتے ہدایت امت کا واحد ذریعہ ہیں۔ گویا نسبت الٰہیہ کا تحقق نسبت محمدیہ کے ساتھ مقرون ہے۔

اس اجمال کی تفصیل یہ ہے۔ کہ نسبت الٰہیہ کے حصول کیلئے حقوق نبویہ کی ادائیگی ضروری ہے۔ اور حقوق نبویہ اجمالاً چار عنوانات میں بیان کئے جاسکتے ہیں

۱۔ عظمت نبوی | یعنی آپ کے مقام رسالت کو کماحقہ مانا جائے۔ اس کا فرد اعظم ختم نبوت کا، قلباً قولاً و عملاً اقرار ہے کہ آپ پر زمانی، مکانی ہر لحاظ سے ظاہراً و باطناً نبوت کو ختم کر دیا گیا۔ اب جس کسی کو بھی جہاں کہیں ملے گا۔ اور جب بھی ملے گا اور جتنا ملے گا وظائف الٰہیہ کا ہر ذرہ اسی شمس النبوۃ والرسالۃ صلی اللہ علیہ وسلم کے دائرہ نبوت میں آکر ملے گا۔ اس 'محیط نبوت' سے باہر ہدایت کی کوئی سبیل نہیں۔ بقول سید الملۃ رحمۃ اللہ تعالیٰ ؎

لے جائیگا منزل سے پرے دور بشر کو
جو جادہ مقرر ترے جادہ کے سوا ہے

۲۔ محبت نبوی | یعنی آپ کی عقلی و شرعی و طبعی محبت جو آپ کے احکام کی تابعداری پر منتج ہو۔

۳۔ اتباع نبوت | آپ کے ظاہری و باطنی احکام میں آپ کے منشاء کے مطابق آپ کی کلی پیروی کا اہتمام۔ کہ فیضان نبوت اور فیوض و برکات

Marfat.com

رسالتؐ کا اتنا ہی حصہ اللہ تعالیٰ عطا فرماتے ہیں جتقدر آپ کے اعمال کو اپنایا جاتا ہے۔ آپکے اتباع اور آپ والے اعمال میں آپ کی ذات بابرکات سے استفادہ کی قوت اور جلب حب رب کی خاصیت ہے۔

۴:۔ نصرت نبویؐ | آپ کے دین کی بقا و حفاظت کیلئے حسب استعداد اور بمطابق احکام شریعت نصرت، یہاں تک کہ اگر جان کی بازی لگانی پڑ جائے۔ تو اس سے بھی دریغ نہ کرے۔

بہرحال مدعا یہ ہے۔ کہ نسبت الٰہیہ کا فیضان حقوق محمدیہ کی ادائیگی کے ساتھ ہوتا ہے اور یہ نسبت اپنے ساتھ ہوتا ہے اور یہ نسبت اپنے مختلف الوان میں مختلف افراد کی صلاحیتوں اور استعدادوں کے مطابق ہر جگہ اور ہر زمانہ میں ظاہر ہوتی رہتی ہے۔ اور افراد متعلقہ کو نسبت الٰہیہ کے ساتھ نسبت محمدیہ سے بھی نواز دیتی ہے کہ دونوں نسبتیں لازم و ملزوم ہیں۔ (ذالک ما عندی واللہ اعلم بالصواب)

Marfat.com

چھٹا باب

Marfat.com

Marfat.com

چھٹا باب

نماز

نماز مومن کا معراج اور بقول حضرت مجدد سرہندیؒ اس عالم میں قرب الٰہی کا انتہائی مقام ہے۔ مومن کی زندگی جس قدر نماز سے متاثر ہوتی ہے۔ کسی دوسرے عمل سے نہیں ہوتی۔ کہ کمال عبدیت اور خصائل عبودیت نماز کی باقاعدہ اور صحیح بجاآوری سے پیدا ہو جاتی ہیں۔ کہ عبدیت کا حاصل خواہشِ نفس کو دبا کر ہر حال میں احکام الٰہی کی بحسن اخلاص تعمیل و تکمیل ہے۔ نماز میں بندہ اپنی مرضیات و خواہشات کو مٹا کر ظاہراً و باطناً، قولاً و عملاً اوامر الٰہیہ کی پابندی کرتا ہے۔ کبھی رضائے الٰہی کے حصول کیلئے اپنے آقا کے سامنے ہاتھ باندھے اسکی پسند کے کلمات پڑھتا ہے۔ اور اسکی کبریائی و صمدیت اور عظمت و جبروت اور اپنی نیستی و پستی، کم مائیگی و ہیچمیرزی کا اعتراف کرتا ہے۔ کبھی اس حسن ازل کے سامنے جھک کر بندگی کا ثبوت دیتا ہے۔ اور کبھی بارگاہ جلال میں اپنی بلند پیشانی کو نیازمندی کی خاک سے عزت بخشتا ہے۔ جو پروردگار کا حکم ہوتا ہے وہی کرتا ہے۔ جو اس کی مرضی ہوتی ہے وہی کہتا ہے۔ نماز وہ عبادت ہے جس میں انسان کا دل، دماغ

Marfat.com

جسد و روح، ظاہر و باطن بیک وقت اللہ تبارک و تعالیٰ کی بندگی اس کے احکام کی تابعداری، اس کے دھیان اور اسکی رضا کے حصول کی کوشش میں مشغول ہوتا ہے۔ نماز کی اس پابندی و ممارست سے بندہ جب بار بار اپنی خواہشات اور اور مرضیات کو مٹا کر اللہ تعالیٰ سے رشتہ جوڑنے کی کوشش کرتا ہے۔ تو راہ عبدیت کا وہ سنگ گراں جسے "ہویٰ" کے نام سے یاد کیا جاتا ہے۔ ان پیہم ضربتوں سے چور ہو جاتا ہے اور انسان منتہائے عبدیت یعنی رضائے مولیٰ سے ہمکنار ہو جاتا ہے۔ کسی عارف کا قول ہے:۔

"اللہ اور بندے میں ایک قدم کا بعد ہے۔ اگر ایک پاؤں اپنی خواہش (ہویٰ) پر رکھو گے تو دوسرا قدم منزل پر ہوگا"

قرآن حکیم کا ارشاد ہے۔

وَ اَمَّا مَنْ خَافَ مَقَامَ رَبِّهٖ	جو شخص اپنے رب کے سامنے کھڑا ہونے
وَنَهَى النَّفْسَ عَنِ الْهَوٰىۙ	سے ڈرا ہوگا۔ اور نفس کو (حرام) خواہشوں
فَاِنَّ الْجَنَّةَ هِیَ الْمَاْوٰىؕ (النازعات ۲۰)	سے روکا ہوگا۔ سو جنت اسکا ٹھکانا ہوگا۔

غرض نماز کی صحیح ادائیگی ترک ہویٰ کا سب سے موثر ذریعہ ہے۔ جس انسان اپنے نفس پر قابو پا کر احکام الٰہیہ پر آسانی سے گامزن ہو جاتا ہے۔ اور اسکے عبدیت و عبودیت کے کمالات و خصائل سے بہرہ وافر پالیتا ہے۔ بلکہ بعض خاصانِ خدا کا قول ہے کہ "نماز مومن کی زندگی کا آئینہ ہے"۔ جس قدر نماز کامل ہوگی اسی قدر زندگی عبدیت کاملہ کے رنگ میں ڈوبی ہوئی ہوگی۔ نماز کا ظاہر و باطن پوری زندگی کے ظاہر و باطن کی عکاسی کرتا ہے۔ نماز میں

Marfat.com

جن پر خشوع طاری ہوتا ہے۔ وہ ہر عمل میں خاشع ہوتے ہیں۔ نماز کی جھکی ہوئی آنکھیں محارم کو بھی دیکھ کر جھک جاتی ہیں۔ لغو باتوں سے بے توجہی ان ہی کانوں کو نصیب ہوگی، جو عالم کے ہنگاموں سے کان بند کر کے مناجات (نماز) میں سراپا گوش ہوتے ہیں۔ جن کے دل ذات حق میں نماز کی حالت میں مشغول ہوتے ہیں۔ وہ مجمع میں بھی اسکی جانب متوجہ رہ کر "باہمہ بے ہمہ" کا منظر پیش کرتے ہیں۔ نماز کا یہ عظیم عمل مومن کی پوری زندگی پر اثر انداز ہوتا ہے چنانچہ مشہور صحابی حضرت سلمان فارسیؓ کا مقولہ ہے۔

الصلوۃ مکیال فمن اوفی	نماز ایک پیمانہ ہے۔ جسنے اس سے
اُوفی بہ ومن طفف فقد	پورا ناپا۔ اسکو پورا ناپ کر دیا جائے گا۔
علمتم ما للمطففین ۔	اور جس نے ناپنے میں کمی کی توتمہیں کم
(کنز العمال صفحہ ۲۳ ج ۴ بحوالہ مصنف عبدالرزاق)	ناپنے والوں کی سزا معلوم ہے

حضرت سید الملۃ رحمۃ اللہ علیہ اس "اثر" کو نقل کرنے کے بعد تحریر فرماتے ہیں:

"اس قول کے جہاں اور مطلب ہو سکتے ہیں، یہ بھی ہو سکتا ہے۔ کہ نماز ہر مسلمان کے کام کا پیمانہ ہے۔ اس سے اسکی ہر چیز ناپی جا سکتی ہے" (سیرت النبی صفحہ ۱۷ ج ۵)

ہم نے اپنے اکابر سے سنا ہے۔ کہ مومن کی پوری زندگی صفت صلوۃ پر گذرتی ہے۔ اور اس میں اسی عبدیت و عبودیت، اسی امتثال اوامر احکام اسی اجماع اور اتباع امیر، اسی خشوع و خضوع اسی تعلق مع اللہ اور قربت

Marfat.com

حق اور اسی احسان وحضور، توبہ وانابت، تبتل ودعا کی کیفیت پیدا ہو جاتی ہے۔ جو نماز کا خاصہ ہے۔ اس لئے تکمیل صلوۃ تکمیل مومن کا سب سے بڑا زینہ ہے۔ اس لئے نماز کو نماز بنانے کی جتنی سعی کی جائے گی۔ اتنی ہی زندگی ایمان وتقویٰ کے نور سے جگمگا اٹھے گی۔

اس لئے حضرت سیدی رحمۃ اللہ علیہ نماز کی اہمیت اور اسکی تکمیل[1] وتحسین کی طرف پیہم متوجہ فرماتے رہتے ہیں۔

سیرۃ النبیؐ میں ارقام فرماتے ہیں:-

"اسلام کی عبادت کا یہ پہلا رکن ہے۔ جو امیر وغریب، بوڑھے جوان، عورت مرد، بیمار وتندرست سب پر یکساں فرض ہے۔ یہی وہ عبادت ہے۔ جو کسی شخص سے کسی حال میں ساقط نہیں ہوتی۔ اگر اس فرض کو کھڑے ہو کر نہیں ادا کر سکتے تو بیٹھ کر ادا کرو، اگر اسکی بھی قدرت نہیں تو لیٹ کر کر سکتے ہو۔ اگر منہ سے نہیں بول سکتے تو اشاروں سے ادا کرو۔ اگر کسی سخت مجبوری میں رک کر نہیں پڑھ سکتے تو چلتے ہوئے پڑھو۔ سخت خوف کی حالت میں اگر کسی سواری پر ہو تو جس طرف موقع ہو اسی رخ پڑھو[2]۔

---

[1] حضرت سید صاحبؒ نے سیرۃ النبی جلد پنجم (ص ۵۹ تا ص ۲۰۰) میں نماز کے احکام حقائق اسرار ورموز پر سیر حاصل اور قابل دید بحث کی ہے تفصیلات وہاں دیکھی جا سکتی ہیں۔ (م - ا)

[2] سید صاحبؒ نے مختلف کتب حدیث کے حوالے دیئے ہیں۔ تفصیل کتب فقہ میں دیکھی جا سکتی ہے (م - ا)

Marfat.com

نماز کیا ہے ؟ مخلوق کا اپنے دل، زبان اور ہاتھ پاؤں سے اپنے خالق کے سامنے بندگی اور عبودیت کا اظہار، اس رحمان ورحیم کی یاد اور اُسکے بے انتہا احسانات کا شکریہ، حسنِ ازل کی حمد وثنا اور اسکی یکتائی اور بڑائی کا اقرار یہ اپنے محبوب سے مہجور روح کا خطاب ہے۔ یہ اپنے آقا کے حضور میں جسم و جان کی بندگی ہے۔ یہ ہمارے اندرونی احساسات کا عرضِ نیاز ہے۔ یہ ہمارے دل کے ساز کا فطری ترانہ ہے۔ یہ خالق و مخلوق کے درمیان تعلق کی گرہ اور وابستگی کا شیرازہ ہے۔ یہ بیقرار روح کی تسکین، مضطرب قلب کی تشفی اور مایوس دل کی دوا ہے۔ یہ فطرت کی آواز ہے۔ یہ حساس و اثر پذیر طبیعت کی اندرونی پکار ہے یہ زندگی کا حاصل اور زندگی کا خلاصہ ہے ...."

"...... انسان کی پیشانی کو خود بخود ایک مسجود کی تلاش رہتی ہے جسکے سامنے وہ جھکے اندرونِ دل سے عرضِ نیاز کرے۔ اور اپنی دلی تمناؤں کو سامنے پیش کرے۔ غرض عبادت روح کے اسی فطری مطالبہ کا جواب ہے۔ اگر یہ نہ ہو تو انسانی روح کے جوشِ جنون کا علاج ممکن نہیں، وحشی، سے وحشی مذہب میں بھی عبادت کے کچھ رسوم اس ندائے فطرت کی تسلی کے لئے موجود ہیں۔ پھر آسمانی مذاہب اس سے کیونکر خالی ہو سکتے ہیں۔" (سیرۃ ص ۵۹-۶۰ ج ۵)

——— دوسرے مقام پر تحریر فرماتے ہیں :-

"یہ (نماز) اسلام کا وہ فریضہ ہے۔ جس سے کوئی مسلمان متنفس جب تک اس میں کچھ بھی ہوش وحواس باقی ہے۔ کسی حالت میں

Marfat.com

بھی سبکدوش نہیں ہو سکتا۔ قرآن پاک میں سو مرتبہ سے زیادہ اسکی تعریف، اسکی بجا آوری کا حکم اور اس کی تاکید آئی ہے۔ اس کے ادا کرنے میں سستی و کاہلی نفاق کی علامت[1] اور اسکا ترک کفر کی نشانی[2] بتائی گئی ہے۔ یہ وہ فرض ہے جو اسلام کے ساتھ ساتھ پیدا ہوا اور اسکی تکمیل اس شبستان قدس میں ہوئی جس کو معراج[3] کہتے ہیں۔.....

..... آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نماز کی اہمیت پر ہمیشہ خاص طور سے زور دیتے اور اسکے تارک کے متعلق شرک اور کفر کا ڈر ظاہر فرماتے رہے۔

آپ نے فرمایا، "نماز دین کا ستون ہے" جسطرح ستون گر جانے سے عمارت گر جاتی ہے۔ اس طرح نماز کے ترک کر دینے سے دل کی دینداری بھی رخصت ہو جاتی ہے..... آپ نے یہ بھی فرمایا، "نماز دل کی روشنی ہے"۔ اپنی نسبت فرمایا ہے: "نماز میری آنکھ کی

---

[1] منافقین کی صفت میں ہے۔ وَإِذَا قَامُوا إِلَى الصَّلٰوةِ قَامُوا كُسَالٰى (نساء - ۲۱) جب وہ نماز کو اٹھتے ہیں تو سست و کاہل ہو کر اٹھتے ہیں۔ فَوَيْلٌ لِّلْمُصَلِّيْنَ الَّذِيْنَ هُمْ عَنْ صَلَاتِهِمْ سَاهُوْنَ (ماعون - ۱) افسوس ہے ان نمازیوں پر جو اپنی نماز سے غفلت کرتے ہیں۔ (حاشیہ سیرۃ النبی)

[2] کفار کے بارے میں ہے: لَمْ نَكُ مِنَ الْمُصَلِّيْنَ (مدثر - ۲) ہم نمازیوں میں نہ تھے" یہ اس وقت کہیں گے جب ان سے پوچھا جائیگا کہ تم دوزخ میں کیوں ہو (حاشیہ سیرۃ النبی)

[3] کتب صحاح واقعات معراج واسرار و صحیح بخاری کتاب الصلوۃ (حاشیہ سیرت النبی)

Marfat.com

ٹھنڈک ہے" ایک تمثیل میں آپ نے فرمایا: "انسان آگ میں جلتا رہتا ہے۔ اور نماز سے وہ آگ بجھ جاتی ہے۔ یہ محبوب ازل کے ہجر و فراق کی آگ ہے۔ اور نماز آب زلال ہے۔ جو آگ کو سرد کر دیتا ہے"

—— آپ نے فرمایا: "کفر و ایمان کے درمیان امتیاز نماز ہی ہے" کیونکہ ایمان اور کفر دونوں انسان کی اندرونی حالت سے تعلق رکھتے ہیں جسکا اظہار اس کے اعمال ہی سے ہو سکتا ہے۔ مسلمان کا وہ عمل جس کے دیکھنے کا دن میں متعدد دفعہ لوگوں کو موقع ملے نماز ہی ہے۔ عین اسوقت جب رسالت پناہ صلی اللہ علیہ وسلم کے آخری لمحے تھے۔ اور فرض نبوی کے آخری حروف زبان مبارک سے ادا ہو رہے تھے آپ فرما رہے تھے "نماز اور غلام"[له] (سیرت ۶۲ تا ۶۳)

حضرت سید الملۃ رحمہ اللہ تعالیٰ نماز کی روحانی غرض و غایت کے متعلق لکھتے ہیں:۔

"نماز کی روحانی غرض و غایت یہ ہے کہ اس خالق کل، رازق عالم، مالک الملک منعم اعظم کی بے غایت بخششوں اور بے پایاں احسانوں کا شکر ہم اپنے دل اور زبان (اور جوارح) سے ادا کریں تاکہ نفس و روح اور دل و دماغ پر اُسکی عظمت و کبریائی اور اپنی عاجزی و بےچارگی کا نقش بیٹھ جائے اسکی محبت کا نشہ رگ رگ میں سرایت کر جائے۔ اسکے حاضر و ناظر ہونے کا تصور ناقابل زوال یقین کی صورت

له یہ تمام حدیثیں کنز العمال کی کتاب الصلوٰۃ (جلد ۴) میں مختلف کتب حدیث کے حوالوں سے درج ہیں۔ (حاشیہ سیرۃ)

Marfat.com

میں اس طرح قائم ہو جائے کہ ہم اپنے ہر دلی ارادہ و نیت اور ہر جسمانی فعل و عمل کے وقت اُس ہوشیار اور بیدار آنکھوں کو اپنی طرف اٹھا ہوا دیکھیں جس سے اپنے برے ارادوں پر شرمائیں۔ اور ناپاک کاموں کو کرتے ہوئے جھجکیں۔ اور بالآخر ان سے بالکل باز آئیں۔

صحیحین کی کتاب الایمان میں ہے کہ ایک روز آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم صحابہؓ کے مجمع میں تشریف فرما تھے۔ ایک شخص نے سائل کی صورت میں آکر نماز کی حقیقت پوچھی۔ آپ نے اسکی تشریح فرمائی پھر پوچھا۔ یا رسول اللہ "احسان کیا ہے؟" فرمایا" یہ کہ تم اپنے پروردگار کی عبادت اس طرح کرو گویا کہ تم اس کو دیکھ رہے ہو۔ کیونکہ اگر تم اسکو نہیں دیکھ رہے ہو، تو وہ تو تم کو دیکھ رہا ہے" اسی طرح ایک اور شخص کو نماز کے آداب کی تعلیم دیتے ہوئے فرمایا کہ "نماز کی حالت میں کوئی شخص سامنے نہ تھوکے کیونکہ اسوقت وہ اپنے رب کے ساتھ راز و نیاز کی باتوں میں مصروف ہوتا ہے (صحیح بخاری باب البزاق فی الصلوۃ)

حضرت ابن عمرؓ سے روایت ہے کہ ایک رات جب آپ اعتکاف میں بیٹھے تھے۔ اور شاید لوگ الگ الگ تراویح کی نماز پڑھ رہے تھے۔ تو آپ نے سر مبارک باہر نکال کر فرمایا۔ "لوگو! نمازی جب نماز پڑھتا ہے۔ تو اپنے رب سے سرگوشی کرتا ہے۔ اسکو جاننا چاہیئے کہ وہ کیا عرض معروض کر رہا ہے۔ نماز میں ایک دوسرے کی آواز مت دباؤ"[1]

ان تعلیمات سے اندازہ ہوگا۔ کہ نماز کی عادت سے ایک مخلص نمازی کے

---

[1] مسند احمد ج ۲، ص ۳۶، ص ۶۷، ص ۱۲۹

Marfat.com

دل و دماغ پر کیسے نفسیاتی اثرات طاری ہو سکتے ہیں۔ اور اس کے اخلاق و عادات پر کتنا گہرا اثر پڑ سکتا ہے۔ اس لئے قرآن پاک میں اس نکتہ کی شرح اس طرح کیگئی۔

وَاَقِمِ الصَّلٰوۃَ ط اِنَّ الصَّلٰوۃَ — اور نماز کھڑی کیا کرو۔ کہ نماز بے حیائی
تَنْھٰی عَنِ الْفَحْشَاءِ وَالْمُنْکَرِ — اور برائی کی باتوں سے روکتی ہے۔ اور
وَلَذِکْرُ اللّٰہِ اَکْبَرُ (عنکبوت۔ ۵) — البتہ خدا کی یاد سب سے بڑی چیز ہے۔

اس آیت میں نماز کی دو حکمتیں بیان کی گئی ہیں۔ ایک تو یہ کہ نماز برائیوں اور اور بے حیائیوں سے روکتی ہے۔ اور دوسری اس سے بڑھ کر یہ کہ نماز خدا کی یاد ہے۔ اور خدا کی یاد سے بڑھکر کوئی بات نہیں۔ بے حیائی اور برائی کی باتوں سے بچنے کا نام تزکیہ اور صفائی ہے۔ یعنی اس سلبی حالت کی یہ ایجابی صورت ہے۔ جس کا حصول انسان کی منزل مقصود اور حقیقی کامیابی ہے۔ چنانچہ فرمایا۔

قَدْ اَفْلَحَ مَنْ تَزَکّٰی وَ ذَکَرَ — کامیاب ہوا وہ جس نے صفائی حاصل کی اور اپنے
اسْمَ رَبِّہٖ فَصَلّٰی (اعلیٰ) — پروردگار کا نام لیا پس نماز پڑھی۔

اس آیت سے معلوم ہوا کہ انسان کی فلاح اور پاکیزگی کے حصول کی تدبیر یہ ہے کہ وہ اپنے پروردگار کا نام لے، یعنی نماز پڑھے۔ اس سے زیادہ واضح یہ آیت پاک ہے۔

اِنَّمَا تُنْذِرُ الَّذِیْنَ یَخْشَوْنَ — تو ان ہی کو ہشیار کرسکتا ہے۔ جو بن دیکھے
رَبَّھُمْ بِالْغَیْبِ وَ اَقَامُوْا — اپنے پروردگار سے ڈرتے ہیں اور

Marfat.com

الصَّلٰوۃَ ؕ وَمَنْ تَزَكّٰى فَاِنَّمَا يَتَزَكّٰى لِنَفْسِهٖ ؕ وَاِلَى اللّٰهِ الْمَصِيْرُ (فاطر - ۳)

نماز کھڑی کیا کرتے ہیں۔ اور جو تزکیہ اور دل کی صفائی حاصل کرتا ہے۔ وہ اپنے ہی لئے حاصل کرتا ہے۔ اور (آخر) خدا ہی کے پاس لوٹ جانا ہے۔

اس سے ظاہر ہوا۔ کہ نماز انسان کو اسکی اخلاقی کمزوریوں سے بچاتی، نفسانی برائیوں سے ہٹاتی اور اسکی روحانی ترقیوں کے درجہ کو بلند کرتی ہے۔ فرمایا:

اِنَّ الْاِنْسَانَ خُلِقَ هَلُوْعًا ۙ اِذَا مَسَّهُ الشَّرُّ جَزُوْعًا ۙ وَّاِذَا مَسَّهُ الْخَيْرُ مَنُوْعًا ۙ اِلَّا الْمُصَلِّيْنَ ۙ الَّذِيْنَ هُمْ عَلٰى صَلَاتِهِمْ دَآئِمُوْنَ ۙ (معارج - ۱)

بے شک انسان بے صبرا بنا ہے جب اس پر مصیبت آئے تو گھبرایا، اور جب کوئی دولت ملے تو بخیل، لیکن وہ نمازی (ان باتوں سے پاک ہیں) جو اپنی نماز ہمیشہ ادا کرتے ہیں۔

آپ نے دیکھا کہ پابندی سے نماز ادا کرنے والے کیلئے قرآن نے کن اخلاقی برکتوں کی بشارت سناتی ہے ......

...... اس تفصیل سے ظاہر ہوگا۔ کہ مذہب اپنے پیرووں میں جس قسم کے جذبات اور محرکات پیدا کرنا چاہتا ہے۔ ان کا اصل سرچشمہ یہی نماز ہے جو اپنے صحیح آداب و شرائط کے ساتھ بجالائی گئی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز کو دین کی عمارت کا اصلی ستون قرار دیا ہے جس کے گر جانے سے پوری عمارت کا گر جانا یقینی ہے (سیرت النبی ج ۵ ص ۵)۔

.... نماز سے مقصود دل کے خضوع و خشوع، توبہ و انابت، پشیمانی و شرمندگی

Marfat.com

اطاعت و بندگی اور خدا کی عظمت و کبریائی اور اپنی عاجزی و درماندگی کا اظہار، نیز دل و دماغ اور نفس و روح میں پاکی، صفائی اور طہارت پیدا کرنا ہے۔ اس بنا پر نماز کیلئے بھی ایسے آداب و شرائط اور ارکان مقرر کیئے گئے جن سے انسان کے اندر اس قسم کے جذبات کو تحریک اور نشو و نما ہو، مثلاً نماز پڑھنے والا یہ سمجھ کر کہ وہ اب شہنشاہ عالم کے دربار میں کھڑا ہے۔ ہاتھ باندھے رہے، نظر نیچے کیئے رہے، طور و طریق اور حرکات و سکنات میں ادب و احترام کا لحاظ رکھے، نماز کی جگہ پاک ہو، بدن پاک ہو، کپڑے پاک ہوں، ادب سے اُسکی بارگاہ میں اپنی دعاؤں اور التجاؤں کو پیش کرے۔ اس ظاہری مجموعی ہیئت کا اثر انسان کی باطنی کیفیت پر پڑتا ہے۔ اور اس میں باطنی فیوض و برکات کی استعداد و صلاحیت پیدا ہوتی ہے۔ فرض کیجئے، کہ ظاہری صفائی اور پاکیزگی کا لحاظ نہ رکھا جائے تو دل کی صفائی اور پاکیزگی کا تصور اس کے اندر مؤثر انداز میں کیونکر پیدا ہوگا۔ یہی نفسی اصول ہے، جو انسان کے ہر نظام و ارادہ میں جاری و ساری ہے۔ اندر کے بنانے کیلئے باہر کا بنانا بھی ایک حد تک ضروری ہے۔

اسی اصول کی بنا پر تنہائی فرض نمازوں سے جماعت کی نماز اور گھر کی نمازوں سے مسجد کی نماز بہتر ہے۔ کہ جماعت کا ماحول اور مسجد کا منظر دلوں کی کیفیت کو دوبالا کر دے گا۔ اسی بنا پر تمام بڑے بڑے کاموں میں اجتماعیت اور نظام کی وحدت کا پورا خیال رکھا جاتا ہے ...... کہ ان ظاہر محرکات کا اثر پوری جماعت کے اندرونی تخیل پر پڑتا ہے، اور یہ بھی ممکن ہے کہ جماعت میں چند شخص ایسے ہوں جو اصلی کیفیت سے متکیف ہوں۔ انکی یہ حقیقی کیفیت اپنے اثر سے دوسروں

Marfat.com

کو پُر کیف بناتی ہے، اور ان سے دوسرا اور دوسرے سے تیسرا متاثر ہو کر کم و بیش پوری جماعت متاثر ہو جاتی ہے ...... (سیرۃ ص۸۲/۸۳ ج ۵)

"...... یہ بار بار دہرایا جا چکا ہے۔ کہ نماز سے مقصود، خضوع و خشوع، ذکر الٰہی، حمد و ثنا اپنے گناہوں پر ندامت و استغفار اور اسی قسم کے دوسرے پاک جذبات کی تحریک ہے۔ یہ تمام باتیں دل سے تعلق رکھتی ہیں۔ جن کیلئے ظاہری ارکان کی ضرورت نہیں ...... (لیکن) انسان کے قلبی افعال و اعمال کے مظاہر اسکے جسمانی اعضاء ہیں۔ کوئی شخص کسی دوسرے شخص کے ارادہ و نیت اور اسکے دلی جذبات و احساسات کے متعلق اسوقت تک کچھ نہیں کہہ سکتا۔ جب تک اسکے ہاتھ پاؤں اور زبان سے اُن کے مطابق کوئی عمل یا حرکت ظاہر نہ ہو۔ اگر ایسا نہ ہو تو ہر انسان اپنی نسبت ولایت اور خیر کل ہونے کا دعویٰ کر سکتا ہے۔ اور سوسائٹی کا کوئی ممبر اسکی تکذیب نہیں کر سکتا۔ لیکن ظاہر ہے کہ اس طرح سوسائٹی کی بنیاد ہی سرے سے تباہ و برباد ہو جاتی ہے۔ اگرچہ انسان کے اندر کی ہر چیز اسی طرح خدا کے سامنے ہے جس طرح باہر کی اور اس لئے خدا کو ظاہری اعمال کی ضرورت نہیں۔ مگر خود بندوں کو ضرورت ہے۔ کہ وہ اپنی ظاہری اور باطنی دونوں حیثیتوں سے عرض و التجا اور تذلل و عاجزی کی تصویر بن جائیں۔

انسان اپنے جسم و روح دونوں کے لحاظ سے خدا کی مخلوق ہے اسکی زندگی کے دونوں جزء خدا کے احسانات و انعامات سے یکساں گراں بار ہیں اس لئے ضرورت ہے کہ خالق و رازق اور اس ارحم الرحمین کے سامنے

نے سیرۃ النبی ص۸۳ ج ۵

Marfat.com

روح و جسم دونوں جھک کر سجدۂ نیاز ادا کریں، غرض یہ وجوہ ہیں جس کی بنا پر شریعت نے جسم و جان دونوں کی رعایت کرتے ہوئے نماز کے ارکان مقرر کئے ہیں۔ (سیرۃ ص۳۳ ج ۵)

"..... قرآن پاک کی مختلف آیتوں میں ہم کو مختلف قسم کے جسمانی، لسانی اور قلبی عبادتوں کا حکم دیا گیا ہے۔ جسم کو ادب سے کھڑا رکھنے پھر جھکانے اور سرنگوں کرنے کا حکم ہے۔ مختلف دعاؤں کے پڑھنے کی تاکید ہے خدا کی تسبیح و تحمید کا ارشاد ہے۔ دعا و استغفار کی تعلیم ہے۔ دل کے خضوع و خشوع کا فرمان ہے رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم) پر درود بھیجنے کا امر ہے اس لئے نماز کی تشکیل اس طرح کی گئی کہ ایک عبادت کے اندر قرآن پاک کی تمام جسمانی، لسانی اور روحانی عبادتوں کے احکام یکجا ہو گئے۔ اس لئے ایک نماز قرآن کے تمام گوناگوں جسمانی، لسانی اور روحانی عبادات کا مجموعہ ہے۔ دوسرے لفظوں میں یوں کہہ سکتے ہیں کہ قرآن پاک میں مسلمانوں کو قیام، رکوع، سجود، تہلیل، تسبیح، تکبیر، قرأت قرآن، ذکر الٰہی اور درود پڑھنے کے جو احکام عطا کئے گئے ہیں۔ انکی مجموعی تعمیل کا نام نماز ہے جسمیں یہ تمام منفرد احکام مجموعی حیثیت سے انجام پاتے ہیں۔ دوسری طرف ان احکام کی بجا آوری میں ایک ترتیب پیدا کی گئی ہے۔ کہ اگر وہ نہ ہوتی اور یہ کام انسانوں کے ذاتی انتخاب پر چھوڑ دیا جاتا کہ جو چاہے سجدہ کیے جو چاہے صرف قیام کرے۔ جو چاہے زبان ہی سے ذکر و قرأت پر اکتفا کرے اور جو چاہے صرف دل سے دھیان کر کے اس فرض سے ادا ہو جائے۔ تو ہر فرد سے فرائض الٰہی کے متعدد ارکان چھوٹ جاتے

Marfat.com

جن پر کبھی عمل نہ ہوتا۔ اور عجب نہیں کہ افراد کی طبعی سستی اور سہل انگاری ان پورے احکام کی تعمیل میں مانع آتی۔ سب سے بڑھکر یہ کہ تمام مسلمانوں کی عبادت کی واحد اور منظم شکل پیدا نہ ہوتی، نہ جماعت ہو سکتی، اور نہ نماز کو ایک مذہب کی عبادتِ خاص کہا جا سکتا، اور نہ جماعتی رمز و شعار کی وحدت کی شان اس سے پیدا ہو کر مسلمانوں کو واحد امت بناتی اور بتاتی" (سیرۃ ۱۹۹، ج ۵)

حضرت سید الملت "سیرۃ النبی صلی اللہ علیہ وسلم، جلد پنجم میں نماز کے آداب باطنی' کی تحت میں لکھتے ہیں:۔

"قرآن پاک اور احادیث نبویہ میں نماز کیلئے متعدد لفظ آئے ہیں۔ مثلاً صلوٰۃ، دعا، تسبیح، اور ذکر الٰہی اور یہ الفاظ خود نماز کی روحانی خصوصیات اور آداب کو ظاہر کرتے ہیں۔ نماز جسم و روح دونوں کی عبادت ہے اگر اسمیں جسم کی حرکت کے ساتھ دل کی جنبش شامل نہ ہو، اور روح میں اہتزاز پیدا نہ ہو جائے۔ تو ایسی نماز گلِ بے رنگ اور شرابِ بے کیف سے زیادہ نہ ہو گی

۱۔ اقامت صلوٰۃ: نماز پڑھنے کیلئے قرآن پاک میں جا بجا اقامت صلوٰۃ (نماز کو قائم کرنا) کا لفظ استعمال ہوا ہے۔ جس کے معنی صرف نماز پڑھنے کے نہیں، بلکہ نماز کو اس کے آداب و ارکان و سنن کے ساتھ ادا کرنے کے ہیں..... اس بنا پر نماز میں اطمینان، ارکان کا اعتدال باطنی خضوع و خشوع ملحوظ رہنا چاہیئے جسکے بغیر نماز ناقص ہو گی۔

۲۔ قنوت: نماز کے آداب باطنی میں دوسری چیز قنوت ہے۔

Marfat.com

اللہ تعالیٰ فرماتا ہے :-

وَقُوْمُوْا لِلّٰہِ قٰنِتِیْنَ (بقرہ-۲۱) اور خدا کے سامنے ادب سے کھڑے ہو۔

صحابہؓ کہتے ہیں۔ کہ ہم لوگ نماز میں پہلے باتیں کر لیا کرتے تھے۔ لیکن جب یہ آیت اتری تو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سے منع فرما دیا۔ کہ یہ یکسوئی اور نماز کے باطنی آداب کے خلاف تھا۔ قرآن پاک میں جس قنوت کا حکم دیا گیا ہے۔ وہ عجیب جامع لفظ ہے۔ لغت میں (دیکھو لسان العرب) اسکے حسب ذیل معنی ہیں۔ چپ رہنا، بندگی کرنا، دعا مانگنا۔ عبادت کرنا کھڑے رہنا، دیر تک کھڑے رہنا، عاجزی کرنا۔ نماز کے جس قنوت کا اس آیت میں ذکر ہے۔ اس کے متعدد معنوں میں ہر معنی نماز میں مقصود ہے۔ کیونکہ نماز میں ذکر، قرأت، تسبیح و استغفار، سلام و تشہد کے سوا تمام انسانی ضرورتوں اور باتوں سے خاموشی ہوتی ہے۔ وہ خدا کی بندگی بھی ہے، دعا بھی ہے۔ عبادت بھی ہے، اس میں دیر تک قیام بھی ہے۔ اور عاجزی کا اظہار بھی ہے۔ اگر ان میں سے کوئی بھی نماز میں کم ہو تو اسی قدر نماز کے اوصاف میں کمی ہو جائے گی۔

۳- خشوع | تیسری چیز خشوع ہے۔ چنانچہ قرآن پاک میں نمازیوں کی یہ صفت آئی ہے

اَلَّذِیْنَ ہُمْ فِیْ صَلَاتِہِمْ خٰشِعُوْنَ (مومنون-۱) (وہ مومنین کامیاب ہیں) جو اپنی نماز میں خشوع و خضوع کرتے ہیں۔

خشوع کے لغوی معنی یہ ہیں۔ بدن جھکا ہونا۔ آواز پست ہونا۔ آنکھیں

Marfat.com

نیچی ہونا۔ یعنی ہر ادا سے مسکنت، عاجزی اور تواضع ظاہر ہونا (لسان العرب)
اس لئے نماز خدا کے سامنے اپنی مسکینی، بیچارگی اور افتادگی کا اظہار ہے
اگر یہ کیفیت پیدا نہ ہو تو گویا نماز کی اصلی غرض فوت ہو گئی۔

تبتّل | تبتّل کے اصلی معنی 'کٹ جانے' کے ہیں' اور اسکے اصطلاحی معنی ہیں۔ خدا کے سوا ہر چیز سے کٹ کر صرف خدا کا ہو جانا، ظاہر ہے کہ یہ ایک مسلمان کی زندگی کا حقیقی نصب العین ہے۔ مگر قرآن پاک میں جہاں اس کا حکم ہے۔ سیاق وسباق سے معلوم ہوتا ہے کہ نماز کی حالت کے متعلق ہے[1]۔ یعنی نماز کی حالت میں خدا کا ذکر کرتے وقت اسکی عظمت اور اپنی عاجزی کے سوا ذہن سے تمام خیالات نکل جانے چاہئیں صحیح مسلم میں حضرت عمرو بن عبسہؓ سلمی سے روایت ہے۔ کہ مجھے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے جو نماز سکھائی اس کے متعلق یہ فرمایا کہ وضو کر کے جب کوئی نماز کیلئے کھڑا ہو، پھر خدا کی حمد کی ثنا کی، اور خدا کی بزرگی کا اظہار کیا۔ جیسا وہ سزاوار ہے۔ اور اپنے دل کو خدا کے لئے ہر چیز سے خالی کر لیا (وفرغ قلبہ للہ) تو وہ نماز کے بعد ایسا ہو جاتا ہے۔ جیسے اسکی ماں نے اسکو اسی وقت پیدا کیا (صحیح مسلم اول باب الاوقات التی نہی عن الصلوٰۃ)
یہ حدیث گویا اسی آیت،

وَاذْكُرِ اسْمَ رَبِّكَ وَتَبَتَّلْ إِلَيْهِ تَبْتِيلًا ۔ (اپنے پروردگار کا نام لے اور ہر چیز سے کٹ کر اسی کا ہو جا) کی تفسیر ہے۔

---

[1] حضرت نے سورہ مزمل کا پہلا رکوع وَاذْكُرِ اسْمَ رَبِّكَ وَتَبَتَّلْ إِلَيْهِ تَبْتِيلًا تک نقل کر دیا ہے۔ م۔ ا

۵۔ **تضرع** | تضرع کے معنی زاری اور عاجزی کے ساتھ درخواست کرنے کے ہیں (لسان العرب) نماز میں بندہ پر عاجزی و زاری اور عجز و الحاح کے ساتھ سوال کرنے کی کیفیت طاری ہونی چاہیئے۔ ورنہ اس حکم پر عمل نہ ہوگا۔

اُدْعُوا رَبَّكُمْ تَضَرُّعًا وَّخُفْيَةً (اعراف ۔۷) — تم اپنے پروردگار کو مسکنت اور زاری کے ساتھ اور دھیمی آواز سے پکارو۔

۶۔ **اخلاص** | نماز کے باطنی سنن و آداب کا اصل جوہر "اخلاص" ہے یعنی یہ کہ نماز سے مقصود خدا کے سوا کوئی اور چیز نہ ہو، کیونکہ اگر ایسا نہیں ہے تو نماز نماز نہیں بلکہ ریا اور نمائش ہوگی۔ اور بعض اہل حق کے نزدیک شرک لازم آئیگا۔ فرمایا:-

وَاَقِيْمُوْا وُجُوْهَكُمْ عِنْدَ كُلِّ مَسْجِدٍ وَّادْعُوْهُ مُخْلِصِيْنَ لَهُ الدِّيْنَ ۔ (اعراف ۔۳) — اور تم ہر نماز کے وقت اپنے رخ کو ٹھیک رکھو اور خدا کو اخلاص کے ساتھ پکارو۔

۷۔ **ذکر** | نماز خدا کی یاد کیلئے ہے۔ اگر دل میں کچھ اور زبان پر کچھ ہو، تو خدا کی حقیقی یاد نہ ہوگی۔ اسی لئے فرمایا:-

اَقِمِ الصَّلٰوةَ لِذِكْرِيْ (طٰہٰ ۔۱) — میری یاد کیلئے نماز کھڑی کرو۔

ظاہر ہے۔ کہ یاد صرف زبان سے الفاظ ادا کرنے کا نام نہیں ہے۔ اس کے ساتھ دل کی معیت اور قلب کا حضور بھی ہونا چاہیئے۔ اور یہی نماز کی بڑی غرض ہے۔

۸۔ **فہم و تدبر** | نماز میں جو کچھ پڑھا جائے۔ اسکے سمجھنے کی کوشش کرنی

Marfat.com

چاہیئے۔ اگر بے پروائی کیوجہ سے معنوں کی طرف دل متوجہ نہ ہوا۔ تو اس سے دل پر کچھ اثر نہ ہوگا۔ اسی لئے نشہ کی حالت میں نماز پڑھنے کی ممانعت کی گئی ہے۔ کہ اس حالت میں سمجھنے والا دل شرابی کے پہلو میں نہیں فرمایا

لَا تَقْرَبُوا الصَّلٰوةَ وَاَنْتُمْ	نماز کے قریب نہ جاؤ۔ جب تم نشہ میں
سُكَارٰى حَتّٰى تَعْلَمُوْا مَا	ہو۔ یہاں تک کہ (اتنا ہوش آجائے کہ)
تَقُوْلُوْنَ ۔ (نساء-۷)	جو تم کہو اسکو سمجھو۔

اس آیت پاک نے واضح کیا کہ نماز میں جو کچھ پڑھا جاتے اسکے سمجھنے کی بھی ضرورت ہے۔ اسی بنا پر آپ نے نیند کے غلبہ کی حالت میں نماز پڑھنے کی ممانعت فرمائی ہے کہ اس میں بھی انسان فہم و تدبر سے عاری ہو جاتا ہے چنانچہ حدیث میں ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ:

"نماز میں جب تم پر نیند غالب آجائے تو سو جاؤ کیونکہ اگر نیند کی حالت میں نماز پڑھو گے۔ تو ممکن ہے کہ دعا کی بجائے اپنے آپ کو برا بھلا کہنے لگو" (مسلم صفحہ ۲۹۳ ج ۱)

دوسری روایت میں ہے کہ فرمایا:

"نمازی کو جب نیند آئے تو سو جانا چاہیئے۔ تاکہ وہ جو کہتا ہے۔ وہ سمجھے۔" (بخاری۔ ابوداؤد، مسند احمد عن انس)

حاکم کی مستدرک میں ہے کہ آپ نے فرمایا:

"جو شخص اچھی طرح وضو کرے۔ پھر اس طرح نماز پڑھے کہ جو وہ کہتا ہے۔ اسکو سمجھتا بھی ہے۔ یہاں تک کہ نماز ختم ہو جائے

Marfat.com

تو وہ ایسا ہو جاتا ہے کہ گویا اسی دن ماں کے پیٹ سے پیدا ہوا" [۱]

یہ نماز کے وہ باطنی آداب ہیں جن کے بغیر نماز کامل نہیں ہوتی جس طرح نماز کے ظاہری شرائط سے غفلت برتنا۔ نماز سے غفلت ہے۔ اسی طرح نماز کے ان باطنی آداب کا لحاظ نہ کرنا بھی نماز سے غفلت ہے اور اس لئے اس آیت ذیل کے مصداق دونوں ہیں۔

فَوَيْلٌ لِّلْمُصَلِّيْنَ الَّذِيْنَ	پس پھٹکار ہو ان نمازیوں پر جو اپنی
هُمْ عَنْ صَلَاتِهِمْ سَاهُوْنَ	نماز سے غفلت برتتے ہیں۔ جو دکھاوے
الَّذِيْنَ هُمْ يُرَآءُوْنَ	کی نماز پڑھتے ہیں (ماعون - ۱)

ذرا ان الفاظ پر غور کیجئے۔ " ان نمازیوں پر جو اپنی نماز سے غافل ہیں پھٹکار ہو " نمازی ہونے کے باوجود نماز سے غافل ہونے کے یہی معنی ہیں کہ نماز کیلئے جو ظاہری آداب، مثلاً وقت کا لحاظ اور ادائے ارکان میں اعتدال وغیرہ اور جو باطنی آداب مثلاً خشوع و خضوع، تفرع و زاری اور فہم و تدبر وغیرہ ضروری ہیں۔ ان سے نماز میں تغافل برتا جائے۔

نماز کے گذشتہ آداب کے مطابق آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی ہدایات، تعلیمات اور عملی مثالیں ہیں جن میں آپ نے نماز کی اصلی حقیقت کو آشکارا کیا ہے

---

[۱] ترغیب و ترہیب منذری ص۲۔ اس سے ان مسلمانوں کو جو عربی نہیں جانتے عبرت حاصل کرنی چاہئے۔ اور چاہیئے کہ نماز میں جو سورتیں اور دعائیں پڑھتے ہیں۔ ان کے معنی ذہن نشین کر لیں۔ اور یہ ہر مسلمان کیلئے بہت آسانی سے ممکن ہے بشرطیکہ وہ تھوڑی سی توجہ کرے۔ (ماخذ سیرۃ النبی جلد ۵)

Marfat.com

ایک دفعہ مسجد نبوی میں ایک شخص نے آکر نہایت عجلت میں نماز پڑھی، آپ نے فرمایا "اے شخص اپنی نماز پھر پڑھ کیونکہ تو نے نماز نہیں پڑھی" اس نے دوبارہ اسی طرح نماز ادا کی آپ نے پھر وہی ارشاد فرمایا۔۔۔ جب تیسری دفعہ بھی ایسا ہی ہوا، تو اس نے عرض کی یا رسول اللہ کیسے نماز پڑھوں؟ فرمایا "اس طرح کھڑے ہو۔ اس طرح قرأت کرو۔ اسی طرح اطمینان و سکون کیساتھ رکوع و سجدہ کرو۔[۱]

نماز میں سر اٹھا کر اوپر دیکھنا خشوع کے خلاف ہے۔ اس سے انسان کی توجہ ہٹتی ہے اور حضور قلب میں خلل پڑتا ہے۔ اس لئے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ؛۔۔۔ "نماز میں سر اوپر اٹھا کر نہ دیکھا کرو۔ کیا تمہیں یہ ڈر نہیں کہ تمہاری نظر پھر واپس نہ آسکے۔"[۲]۔۔۔ آپؐ نے یہ بھی فرمایا کہ، "جب تک بندہ نماز میں دوسری طرف ملتفت نہیں ہوتا خدا اسکی طرف ملتفت رہتا ہے۔ اور جب وہ خدا سے منہ پھیر لیتا ہے۔ تو خدا بھی اپنا منہ اس سے پھیر لیتا ہے[۳] طبرانی میں ہے کہ آپؐ نے ارشاد فرمایا؛ "جب تم میں سے کوئی شخص نماز کیلئے کھڑا ہو۔ تو وہ خدا کی طرف پوری طرح متوجہ رہے۔ یہاں تک کہ نماز سے فارغ ہو جائے، اور نماز میں منہ پھیر کر ادھر ادھر نہ دیکھو۔ کیونکہ جب تک تم نماز میں ہو خدا سے باتیں کر رہے ہو۔[۴]۔۔۔ مسند بزاز میں ہے

---

۱ صحیح بخاری، صحیح مسلم (ابوداؤد کتاب الصلوۃ (حاشیہ سیرۃ)

۲ مسند احمد عن جابر بن سمرہ (حاشیہ سیرۃ)

۳ مسند احمد جلد ۵ ص ۱۷۲ و ابوداؤد (باب الالتفات فی الصلوۃ (حاشیہ سیرۃ)

۴ طبرانی فی الاوسط عن ابوہریرہ بحوالہ کنز العمال ص ۲۰۰ ج ۴ (حاشیہ سیرۃ)

Marfat.com

کہ "جب بندہ نماز میں ادھر ادھر دیکھتا ہے تو خدا فرماتا ہے تو کدھر دیکھتا ہے! کیا تیرے نزدیک مجھ سے بھی بہتر کوئی چیز ہے، تو میری طرف دیکھ دوسری دفعہ بھی یہی فرماتا ہے۔ پھر تیسری دفعہ جب اس سے یہ حرکت صادر ہوتی ہے تو خدا اسکی طرف سے منہ پھیر لیتا ہے[1] ....

...... "نماز میں سکون اور اطمینان پیدا کرنے کی بھی آپ نے ہدایتیں فرمائی ہیں۔ ارشاد فرمایا کہ:۔

"جب نماز ہو رہی ہو (اور تم باہر سے آؤ) تو دوڑ کر مت آؤ بلکہ اس طرح آؤ کہ تم پر سکون اور وقار طاری ہو۔[2]

اس سے اول تو یہ مقصود ہے۔ کہ خود اس شخص پر سکون و اطمینان طاری رہے دوسرے یہ کہ اسکی دوڑ یا چال سے دوسرے نمازیوں کے سکون میں خلل نہ آئے۔ اسطرح بے اطمینانی کے اگر طبعی اسباب ہوں۔ تو نماز سے پہلے ان سے بھی فراغت کر لیجائے ......"

آغازِ اسلام میں لوگ نماز کی حالت میں ہاتھ اٹھا کر سلام کا جواب دیتے تھے۔ لیکن مدینہ آکر یہ اجازت منسوخ ہو گئی، ایک صحابی نے جن کو خبر نہ تھی (انکی) آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو کئی بار نماز میں سلام کیا۔ اور جب آپ نے جواب نہ دیا، تو نماز کے بعد انہوں نے اسکا ذکر کیا۔ فرمایا

اِنَّ فی الصلوٰۃ شغلا — نماز میں اور ہی مصروفیت ہوتی ہے

---

[1] کنز العمال ص۳۰ ج ۴

[2] صحیح مسلم باب استحباب اتیان الصلوۃ بوقار

Marfat.com

...... نماز کی روحانی کیفیت کا سب سے اعلیٰ منظر یہ ہے۔ کہ انسان پر ایسی حالت طاری ہو جائے کہ اسے معلوم ہو۔ کہ وہ اس وقت خدا کے سامنے کھڑا ہے۔ گذر چکا ہے۔ کہ ایک شخص نے آپ سے دریافت کیا تھا۔ کہ احسان کیا ہے؟ فرمایا یہ ہے کہ " جب تم عبادت کرو۔ تو تم کو یہ معلوم ہو کہ تم خدا کو دیکھ رہے ہو۔ کیونکہ اگر تم خدا کو نہیں دیکھ رہے، تو وہ تم کو بہر حال دیکھ رہا ہے۔"[1] کبھی کبھی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم پر نماز میں رقت طاری ہو جاتی تھی، اور چشم مبارک سے آنسو نکلنے لگتے تھے۔ ایک صحابیؓ جنہوں نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی اس کیفیت کو ایک دفعہ دیکھا تھا۔ کہتے ہیں، کہ میں نے دیکھا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نماز میں ہیں۔ آنکھوں سے آنسو جاری ہیں۔ روتے روتے ہچکیاں بندھ گئی ہیں۔ ایسا معلوم ہوتا تھا کہ گویا چکی چل رہی ہے۔ یا ہانڈی اُبل رہی ہے[2]

رات کی نمازوں میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم پر عجیب ذوق و شوق کا عالم طاری ہوتا تھا۔ قرآن پڑھتے چلے جاتے۔ جب خدا کی عظمت و کبریائی کا ذکر آتا پناہ مانگتے، جب رحم و کرم کی آیتیں آتیں تو دعا کرتے[3] ــــــ آپؐ نے فرمایا کہ " نماز دو دو رکعت کر کے ہے۔ اور ہر دوسری رکعت میں تشہد ہے اور تضرع و زاری ہے۔ خشوع و خضوع ہے۔ عاجزی و مسکنت ہے۔ اور ہاتھ اٹھا کر اے رب اے رب کہنا ہے۔ جس نے ایسا نہ کیا تو اسکی نماز

---

[1] صحیح بخاری کتاب الایمان (حاشیہ سیرۃ) [2] ترمذی و ابوداؤد باب البکاء فی الصلوۃ (حاشیہ سیرۃ)

[3] مسند احمد بن حنبل ج ۶ ص ۹۲۔

Marfat.com

ناقص رہی[1]

ایک دفعہ آپؐ اعتکاف میں تھے اور لوگ مسجد میں زور زور سے قرأت کر رہے تھے۔ آپؐ نے فرمایا لوگو تم میں سے ہر ایک خدا سے مناجات کر رہا ہے۔ تو وہ سمجھے کہ وہ کیا کہہ رہا ہے۔ اور ایک دوسرے کی مناجات میں اپنی آواز سے خلل انداز نہ ہو۔[2]

ایک صحابیؓ نے درخواست کی کہ یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! مجھے کچھ ہدایت فرمائیے۔ ارشاد ہوا کہ:۔

"جب تم نماز کیلئے کھڑے ہو، تو تمہاری نماز ایسی ہونی چاہیئے کہ یہ معلوم ہو کہ تم اسی وقت مر رہے ہو اور دنیا کو چھوڑ رہے ہو۔"[3]

اِس پوری تفصیل سے ظاہر ہوگا۔ کہ اسلام کی نماز کیا ہے؛ قرآن کس نماز کو لے کر اترا ہے؛ اور محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کس نماز کی تعلیم دی ہے؛ اور اسکی اصلی کیفیتیں کیا کیا ہیں؛ اور اگر نماز یہ نماز ہو، تو وہ انسان کی روحانی اور اخلاقی اصلاحات کا کتنا مؤثر ذریعہ ہے۔ اس لئے قرآن پاک نے نماز کی محافظت یعنی پابندی اور آداب کے ساتھ ادا کرنے کو ایمان کا نتیجہ بتایا ہے۔

وَالَّذِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ	اور جو لوگ آخرت پر ایمان رکھتے ہیں۔
يُؤْمِنُوْنَ بِهٖ وَهُمْ عَلٰى	وہ قرآن کو مانتے ہیں۔ اور وہ اپنی نماز
صَلَاتِهِمْ يُحَافِظُوْنَ (انعام ۱۱)	کی نگہداشت کرتے ہیں۔

---

[1] ابوداؤد باب صلوۃ النہار، و ترمذی باب ماجاء فی التخشع فی الصلوۃ رحاشیہ سیرۃ)

[2] ابوداؤد صلوۃ اللیل رحاشیہ سیرۃ) [3] مسند احمد ۵ ص ۴۱۲ ج ۵ عن ... ب حاشیہ سیرۃ)

نماز کی اس نگہداشت اور محافظت کے معنی ہیں، اور دونوں یہاں مقصود ہیں. یعنی ایک تو اس کے ظاہری شرائط کی تعمیل اور دوسرے اس کے باطنی آداب کی رعایت۔

(ایسی) نماز تو درحقیقت ایمان کا ذائقہ، روح کی غذا اور دل کی تسکین کا سامان ہے۔ مگر اسی کے ساتھ ساتھ وہ مسلمانوں کے اجتماعی، اخلاقی، تمدنی اور معاشرتی اصلاحات کا بھی کارگر آلہ ہے. آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے ذریعہ سے اخلاق و تمدن و معاشرت کی حقیقی اصلاحیں وجود میں آئیں، انکا بڑا حصہ نماز کی بدولت حاصل ہوا. اسی کا اثر ہے. کہ اسلام نے ایک ایسے بدوی وحشی اور غیر متمدن ملک کو جس کو پہننے اوڑھنے کا بھی سلیقہ نہ تھا. چند سال میں ادب وتہذیب کے اعلیٰ معیار پر پہنچا دیا۔ اور آج بھی اسلام جب افریقہ کے وحشی سے وحشی ملک میں پہنچ جاتا ہے. تو وہ کسی بیرونی تعلیم کے بغیر صرف مذہب کے اثر سے مہذب ومتمدن ہو جاتا ہے اور متمدن قوموں میں جب وہ پہنچ جاتا ہے تو ان کے تخیل کو بلند سے بلند تر، پاکیزہ سے پاکیزہ تر بنا دیتا ہے۔ اور ان کو اخلاص کی وہ تعلیم دیتا ہے. جس کے سبب انکا وہی کام جو پہلے مٹی تھا. اب اکسیر بن جاتا ہے (سیرت پنجم ص۱۶۲)

حضرت سید الملۃ رحمہ اللہ تعالیٰ نے نماز کے اخلاقی وتمدنی اور معاشرتی فوائد[1] پر سیرت پنجم میں سیر حاصل و قابل دید بحث کی ہے. جس کے آخر میں

---

[1] حضرت علامہ قدس سرہٗ نے اسکے بعد نماز کے چند اخلاقی، تمدنی اور معاشرتی فائدے تفصیلاً بتائے ہیں صرف عنوان نقل کرتا ہوں۔ ستر پوشی[1]، طہارت[2]، صفائی[3]، پابندی وقت[4]، صبح خیزی[5]، ہشیاری[6]

Marfat.com

ارقام فرماتے ہیں :۔

" ان تمام امور کو سامنے رکھنے سے یہ بات ثابت ہوتی ہے کہ نماز اسلام کا اولین شعار اور اس کے مذہبی و اجتماعی و تمدنی و سیاسی و اخلاقی مقاصد کی آئینہ دار ہے۔ اسکی شیرازہ بندی سے مسلمانوں کا شیرازہ بندھا تھا۔ اور اسکی گرہ کھل جانے سے اسکی نظم و جماعت کی ہر گرہ کھل گئی ہے۔ مسجد مسلمانوں کے ہر قومی اجتماع کا مرکز اور نماز اسی مرکزی اجتماع کی ضروری رسم تھی۔ جس طرح آج ہر جلسہ کا افتتاح اس کے نصب العین کے اظہار و تعین کیلئے صدارتی خطبات سے ہوتا ہے۔ اسی طرح مسلمان جب زندہ تھے ان کے ہر اجتماع کا افتتاح نماز سے ہوتا تھا۔ ان کی ہر چیز اسکے تابع اور اسی کے زیر نظر ہوتی تھی' ان کے نماز کا گھر ہی ان کا دارالامارۃ تھا۔ وہی دارالشوریٰ تھا۔ وہی بیت المال تھا۔ وہی صیغۂ جنگ کا دفتر تھا۔ وہی درسگاہ اور وہی معبد تھا۔

جماعت کی ہر ترقی کی بنیاد، افراد کے باہمی نظم و ارتباط پر ہے اور جماعت کے فائدہ کیلئے افراد کا اپنے ہر آرام و عیش و فائدہ کو قربان کر دینا۔ اور اختلاف باہمی کو تہ کر کے صرف ایک مرکز پر

---

[۷] خدا کا خوف[۸]، مسلمانوں کا امتیازی نشان[۹]، جنگ کی تصویر[۱۰]، دائمی تنبیہ اور بیداری[۱۱]، الفت و محبت[۱۲]، غمخواری[۱۳]، اجتماعیت[۱۴]، کاموں کا تنوع[۱۵]، تربیت[۱۶]، نظم جماعت[۱۷]، مساوات[۱۸]، مرکزی اطاعت[۱۹]، معیار فضیلت[۲۰]، روزانہ کی مجلس عمومی (تفصیل کیلئے دیکھئے سیرت النبی ج ۵ ص ۱۶۲ تا ص ۱۹۲)

Marfat.com

جمع ہوکر جماعتی ہستی کی وحدت میں فنا ہوجانا اسکے حصول کی لازمی شرط ہے۔ اسکی خاطر کسی ایک کو امام و قائد و سرِ لشکر مان کر اس کی اطاعت و فرمانبرداری کا عہد کرلینا ضروری ہے۔ اسلام کی نماز انہی رموز و اسرار کا گنجینۂ ہے۔ یہ مسلمانوں کو نظم و جماعت، اطاعت پذیری و فرمانبرداری اور وحدتِ قوت کا سبق دن میں پانچ بار سکھاتی ہے اسی لئے اسکے بغیر مسلمان مسلمان نہیں، اور نہ اسکی کوئی اجتماعی وحدت ہے۔ نہ انقیاد امامت ہے۔ نہ زندگی ہے۔ اور نہ زندگی کا نصب العین ہے۔ اسی بنا پر داعی اسلام علیہ السلام نے یہ فرمایا ہے۔

العھد الذی بیننا وبینھم ۔ ہمارے اور ان کے درمیان جو معاہدہ
الصلوٰۃ فمن ترکھا فقد کفر ۔ ہے نماز ہے۔ تو جس نے اسکو چھوڑا
(احمد، ترمذی، نسائی، ابن ماجہ) ۔ اس نے کفر کا کام کیا۔

کہ نماز کو چھوڑ کر مسلمان صرف قالبِ بے جان، شرابِ بے نشہ گل بے رنگ و بو ہو کر رہ جاتا ہے۔ اور رفتہ رفتہ اسلامی جماعت کا ایک ایک شعار اور ایک ایک امتیازی خصوصیت اس سے رخصت ہو جاتی ہے۔ اسی لئے نماز اسلام کا اولین شعار ہے اور اسی کی زندگی سے اسلام کی زندگی ہے۔" (سیرت ص ۱۹۱، ۱۹۲ ج ۵)

نماز کی عبادت کی تاثیر و برکت سے عرب کی جس طرح روحانی کایا پلٹ ہوئی۔ اس کا نقشہ حضرت والا رحمہ اللہ تعالیٰ کھینچتے ہوئے تحریر فرماتے ہیں:۔

Marfat.com

"وہ عرب جو خدا کی عبادت سے بے گانہ تھا۔ وہ جسکی پیشانی خدا کے سامنے کبھی جھکی نہ تھی، وہ جسکی آنکھوں نے شب بیداری کا اضطراب انگیز منظر نہیں دیکھا تھا۔ وہ جسکی روح ربانی تسکین و تسلّی کے احساس سے خالی تھی۔ محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی تعلیم سے دفعتًہ کیا ہوگیا؟ اب عبادت الٰہی اُس کے ہر کام کا مقصد بن گئی۔ اب اسکو اپنے ہر کام میں اخلاص کے سوا اور کوئی چیز مطلوب نہ تھی، اسکی پیشانی خدا کے سامنے جھک کر پھر اٹھنا نہیں چاہتی تھی، اُس کے دل کو اس لذت کے سوا دنیا کی کوئی لذت پسند نہیں آتی تھی۔ اسکی زبان کو اس مزہ کے سوا اور کوئی مزہ اچھا نہ معلوم ہوتا تھا۔ اسکی آنکھیں اس منظر کے سوا کسی اور منظر کی طالب نہ تھیں۔ اسکی روح یاد الٰہی کی تڑپ اور ذکر الٰہی کے بے قراری کے سوا کسی اور چیز سے تسلی نہ پاتی تھی ؎

دل را کہ مردہ بود حیاتے زنو رسید
تا بوئے از نسیم میش در مشام رفت

وہ عرب جن کی حالت یہ تھی۔

وَلَا يَذْكُرُوْنَ اللّٰهَ اِلَّا قَلِيْلًا (نساء-۲۱) اور جو خدا کو بہت کم یاد کرتے ہیں

دعوت حق اور فیض نبوت کے اثر و برکت نے انکی یہ شان نمایاں کی کہ دنیا کی کاروباری مشغولیتیں بھی انکو ذکر الٰہی سے غافل نہ کرسکیں

Marfat.com

رِجَالٌ لَّا تُلْهِيهِمْ تِجَارَةٌ وَّلَا بَيْعٌ عَنْ ذِكْرِ اللّٰهِ (نور-۵)
ایسے لوگ جنکو کاروبار اور خرید و فروخت کا شغل خدا کی یاد سے غافل نہیں کرتا۔

اٹھتے بیٹھتے، چلتے پھرتے، غرض ہر حال میں ان کے اندر خدا کی یاد کیلئے بے قراری تھی۔

يَذْكُرُوْنَ اللّٰهَ قِيَامًا وَّقُعُوْدًا وَّعَلٰى جُنُوْبِهِمْ (آل عمران-۲۰)
جو خدا کو اٹھتے، بیٹھتے اور لیٹتے ہر لحہ یاد کرتے ہیں۔

راتوں کو جب غافل دنیا نیند کے خمار میں ہوتی۔ وہ بستروں سے اٹھ کر خدا کے سامنے سربسجود اور راز و نیاز میں مصروف ہوتے تھے

تَتَجَافٰى جُنُوْبُهُمْ عَنِ الْمَضَاجِعِ يَدْعُوْنَ رَبَّهُمْ خَوْفًا وَّطَمَعًا (سجدہ-۲)
جن کے پہلو (رات کو) خوابگاہوں سے علیحدہ رہتے ہیں۔ وہ خوف اور امید کے ساتھ اپنے پروردگار کو پکارتے ہیں۔

وہ جن کا یہ حال تھا کہ

وَاِذَا قِيْلَ لَهُمُ ارْكَعُوْا لَا يَرْكَعُوْنَ ۔ (مرسلات-۲)
اور جب ان سے کہا جاتا ہے کہ خدا کے آگے جھکو تو نہیں جھکتے

اب ان کی یہ صورت ہوگئی کہ

تَرٰىهُمْ رُكَّعًا سُجَّدًا يَّبْتَغُوْنَ فَضْلًا مِّنَ اللّٰهِ وَرِضْوَانًا (فتح-۴)
تم انکو دیکھوگے۔ کہ رکوع میں جھکے ہوئے اور سجدہ میں پڑے ہوئے خدا کے فضل اور خوشنودی کی تلاش کرتے ہیں

وہ جن کے دلوں کی یہ کیفیت تھی کہ :-

Marfat.com

وَ اِذَا ذُكِرَ اللّٰهُ وَحْدَهُ — اور جب تنہا خدا کا نام لیا جاتا ہے
اشْمَأَزَّتْ قُلُوْبُ الَّذِيْنَ — تو ان کے دل جو آخرت پر ایمان نہیں
لَا يُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ (زمر-۵) — رکھتے مکدر ہو جاتے ہیں۔

آفتاب نبوت کے پرتو نے ان مکدر آئینوں میں خشیت الٰہی کا جوہر پیدا کر دیا،

اَلَّذِيْنَ اِذَا ذُكِرَ اللّٰهُ — وہ لوگ کہ جب خدا کا نام لیا جاتا
وَجِلَتْ قُلُوْبُهُمْ (انفال-۱ ج-۵) — ہے ان کے دل دہل جاتے ہیں۔

یہ خود قرآن پاک کی شہادتیں ہیں۔ جن سے معلوم ہوتا ہے کہ محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے عمل اور تعلیم نے عرب کی روحانی کائنات میں کتنا عظیم الشان انقلاب پیدا کر دیا تھا۔ وہ تمام لوگ جو حلقہ بگوش اسلام ہو چکے تھے۔ خواہ کھیتی کرتے ہوں یا تجارت یا محنت مزدوری، مگر ان میں سے کوئی چیز ان کو خدا کی یاد سے غافل نہیں کرتی تھی۔ قتادہؒ کہتے ہیں۔ کہ یہ لوگ (صحابہؓ) خرید و فروخت اور تجارت کرتے تھے۔ لیکن جب خدا کا کوئی معاملہ پیش آتا تھا۔ تو یہ شغل و عمل ان کو یاد الٰہی سے غافل نہیں کرتا تھا۔ بلکہ وہ اسکو پوری طرح ادا کرتے تھے۔

(صحیح بخاری باب التجارۃ فی البر مرسلاً)

حضرت ابن عمرؓ کہتے ہیں۔ کہ ایک دفعہ وہ بازار میں تھے۔ نماز کی تکبیر ہوئی۔ دیکھا کہ صحابہؓ نے فوراً دکانیں بند کر دیں اور مسجد

Marfat.com

یں داخل ہو گئے (فتح الباری ص۲۵۳ ج ۴ بحوالہ عبدالرزاق)

صحابہ تمام تر راتیں خدا کی یاد میں جاگ جاگ کر بسر کرتے تھے یہاں تک کہ مکہ معظمہ کی غیر مطمئن راتوں میں بھی عبادت الٰہی میں مصروف رہتے تھے۔ خدا نے گواہی دی۔

اِنَّ رَبَّكَ يَعْلَمُ اَنَّكَ تَقُوْمُ اَدْنٰى مِنْ ثُلُثَيِ الَّيْلِ وَنِصْفَهٗ وَثُلُثَهٗ وَطَآئِفَةٌ مِّنَ الَّذِيْنَ مَعَكَ ط (مزمل - ۲)

بے شک تیرا رب جانتا ہے کہ تو دو تہائی رات کے قریب اور آدھی رات اور ایک تہائی رات تک کھڑا رہتا ہے اور تیرے ساتھ کی ایک جماعت بھی اٹھ کر نماز پڑھتی ہے۔

اس زمانہ میں صحابہؓ کو راتوں کے سوا خدا کے یاد کرنے کا موقع کہاں ملتا تھا۔ جلوۂ دیدار کے مشتاق دن بھر کے انتظار کے بعد رات کو کہیں مخفی گوشہ میں جمع ہوتے تھے، ذوق وشوق سے اپنی پیشانی خدا کے سامنے زمین پر رکھ دیتے تھے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان کے اس والہانہ انداز عبادت کو دیکھتے پھرتے تھے۔ قرآن پاک نے اس نظارہ کی کیفیت اپنے الفاظ میں اس طرح ادا کی ہے۔

وَتَوَكَّلْ عَلَى الْعَزِيْزِ الرَّحِيْمِ ۙ الَّذِيْ يَرٰىكَ حِيْنَ تَقُوْمُ ۙ وَتَقَلُّبَكَ فِي السّٰجِدِيْنَ (شعراء - ۱۱)

اور اس غالب رحم والے پر بھروسہ کر جو رات کو جب تو نماز کیلئے اٹھتا ہے اور سجدہ میں پڑے رہنے والوں کے درمیان آتا جاتا تیرا دیکھتا ہے

Marfat.com

مدینہ منورہ میں آکر سب سے پہلا فقرہ جو آپ کی زبان مبارک سے نکلا وہ یہ تھا۔

یاآیھا النّاس اطعموا الطعام	اے لوگو! غریبوں کو کھانا کھلاؤ اور
وافشوا اسلام وصلّوا	سلام کو پھیلاؤ۔ اور نماز پڑھو جب
والنّاس نیام (ترمذی)	لوگ سوتے ہوں۔

بعض صحابہؓ نے اس پر اس شدت سے عمل کیا کہ انہوں نے راتوں کو سونا چھوڑ دیا۔ آخر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو ان لوگوں کو اعتدال اور میانہ روی کا حکم دینا پڑا۔ چنانچہ حضرت عثمانؓ بن مظعون رات بھر نماز میں مصروف رہتے تھے۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے فرمایا کہ "عثمان! تمہارے جسم کا بھی تم پر حق ہے۔ نماز بھی پڑھو اور سوؤ بھی۔" (ابوداؤد باب قصد الصلوٰۃ)

حضرت ابن عباس کہتے ہیں۔ کہ صحابہؓ راتوں کو اٹھ اٹھ کر نماز پڑھتے تھے۔ اور بہت کم سوتے تھے (ابوداؤد کتاب الصلوٰۃ)

حضرت ابوہریرہؓ نے رات کے تین حصے کر دیئے تھے۔ ایک میں خود نماز پڑھتے تھے۔ دوسرے میں انکی بیوی اور تیسرے میں ان کا غلام، اور باری باری سے ایک دوسرے کو جگاتے تھے۔

حضرت عبداللہ بن عمروؓ ساری رات نماز پڑھا کرتے تھے۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو معلوم ہوا تو ان کو جا کر نصیحت فرمائی۔ حضرت ابودرداءؓ صحابی کا بھی یہی حال تھا کہ رات رات بھر نماز میں گزار دیتے

Marfat.com

تھے، حضرت سلمان فارسیؓ ان کے اسلامی بھائی تھے۔ ایک شب وہ انکے ہاں جاکر مہمان ہوئے، جب رات کو ابو درداؓ عبادت کیلئے اٹھنے لگے تو حضرت سلمانؓ نے منع کیا۔ پچھلے پہر جب سناٹا چھایا ہوا تھا، حضرت سلمانؓ نے انکو جگایا کہ اب نماز کا وقت ہے۔ (صحیح بخاری کتاب الصوم)

کوئی صحابیؓ ایسا نہ تھا، جس نے اسلام لانے کے بعد پھر ایک وقت کی نماز بھی عمداً قضا کی ہو، یہاں تک کہ لڑائی اور خطرہ کی حالت میں بھی وہ اس فرض سے غافل نہیں رہتے تھے۔ ایک صحابیؓ کو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک پرخطر کام کے لئے کہیں بھیجا تھا، جب وہ منزل مقصود کے قریب پہنچے تو عصر کا وقت ہوچکا تھا۔ ان کو خوف تھا کہ اگر کہیں ٹھہر کر عصر پڑھنے کا اہتمام کیا جائے گا۔ تو وقت نکل جائے گا۔ اور اگر عصر میں تاخیر کیجائے تو حکم الٰہی کی تعمیل میں دیر ہوجائے گی، اس مشکل کا حل انہوں نے اس طرح کیا، کہ وہ اشاروں میں نماز پڑھتے جاتے اور چلتے جاتے تھے (ابوداؤد)

سخت سے سخت مجبوری کی حالت میں بھی نماز ان سے ترک نہیں ہوتی تھی، چنانچہ بیماری کی حالت میں وہ دوسروں کا سہارا لے کر مسجد میں حاضر ہوتے تھے۔ (نسائی)

پھر وہ جس خضوع وخشوع، محبوبیت اور استغراق کے ساتھ

Marfat.com

نماز ادا کرتے تھے۔ اسکا نظارہ بڑا پُر اثر ہوتا تھا۔ چنانچہ حضرت ابوبکرؓ جب نماز پڑھنے کھڑے ہوتے تو اُن پر اس شدت سے رقت طاری ہوتی کہ کافر عورتوں اور بچوں تک پر بھی اسکا اثر ہوتا تھا (صحیح بخاری)

حضرت عمرؓ نماز میں اس زور سے روتے تھے کہ ان کے رونے کی آواز پچھلی صف تک جاتی تھی۔ (صحیح بخاری)

حضرت تمیم داریؓ ایک رات تہجد کے لئے کھڑے ہوئے تو صرف ایک آیت کی تلاوت میں صبح کر دی' بار بار اسکو دہراتے تھے اور مزے لیتے تھے (اسد الغابہ)

ع

تب شود صبح وہماں محو تماشا باشم

حضرت انسؓ قیام اور سجدہ میں اتنی دیر لگاتے تھے کہ لوگ سمجھتے کہ کچھ بھول گئے ہیں (بخاری)

حضرت عبداللہ بن زبیرؓ جب نماز میں کھڑے ہوتے تھے تو کئی کئی سورتیں پڑھ ڈالتے تھے۔ اور اس طرح کھڑے ہوتے تھے۔ کہ معلوم ہوتا تھا۔ کہ کوئی ستون کھڑا ہے۔ اور جب سجدہ میں جاتے تو اتنی دیر تک سجدہ کرتے تھے کہ حرم محترم کے کبوتر ایک سطح جامد سمجھ کر انکی پیٹھ پر آکر بیٹھ جاتے تھے (ابن ماجہ و اسد الغابہ وغیرہ)

ایک رات میدانِ جنگ میں ایک پہاڑی پر دو صحابیؓ پہرہ دینے کیلئے متعین ہوتے ہیں۔ ایک صاحب سو جاتے ہیں اور دوسرے نماز کیلئے کھڑے ہو جاتے ہیں۔ دشمن ان کو تاک کر تیر مارتا ہے

Marfat.com

جو بدن میں ترازو ہو جاتا ہے۔ کپڑے خون سے تر بتر ہو جاتے ہیں مگر نماز کا استغراق اسی طرح قائم رہتا ہے۔ نماز تمام کر کے اپنے رفیق کو بیدار کرتے اور واقعہ سناتے ہیں۔ ساتھی کہتے ہیں۔ کہ تم نے اس وقت مجھے کیوں نہ جگایا، جواب ملتا ہے۔ میں نے ایک پیاری سورہ شروع کی تھی۔ پسند نہ آیا۔ کہ اس کو ختم کئے بغیر نماز توڑوں۔

اس سے بھی زیادہ پراثر منظر یہ ہے کہ دشمن کی فوجیں مقابل کھڑی ہیں۔ تیروں کا مینہہ برس رہا ہے، نیزوں اور تلواروں کی بجلیاں ہر طرف کوند رہی ہیں۔ سر و گردن، دست و بازو کٹ کٹ کر گر رہے ہیں کہ دفعتہً نماز کا وقت آجاتا ہے۔ فوراً جنگ کی صفیں نماز کی صفیں بن جاتی ہیں۔ اور ایک اللہ اکبر کی آواز کے ساتھ موت و حیات سے بے پروا ہو کر گردنیں جھکنے اور اٹھنے لگتی ہیں۔

نور کا تڑکا ہے : اسلام کے دائرہ کا مرکز فاروق اعظمؓ امام نماز ہے پیچھے صحابہ کی صفیں قائم ہیں۔ دفعتہً ایک شقی خنجر بکف آگے بڑھتا ہے۔ اور خلیفہ پر حملہ آور ہو کر شکم مبارک کو چاک چاک کر دیتا ہے آپ غش کھا کر گر پڑتے ہیں۔ خون کا فوارہ جاری ہو جاتا ہے۔ یہ سب کچھ ہو رہا ہے۔ مگر نماز کی صفیں اپنی جگہ پر قائم ہیں۔ حضرت عبدالرحمٰنؓ ابن عوف نماز پڑھانے کو آگے بڑھتے ہیں، پہلے صبح کا دوگانہ ادا ہو لیتا ہے۔ تب خلیفہ وقت کو اٹھایا جاتا ہے (صحیح بخاری)

Marfat.com

حضرت عمرؓ کو جس صبح کی نماز میں زخم لگا اس کے بعد کی صبح کو لوگوں نے ان کو نماز کیلئے جگایا، تو بولے "ہاں جو شخص نماز چھوڑ دے، اسلام میں اسکا کوئی حصہ نہیں" چنانچہ اسی حالت میں کہ زخم سے خون جاری تھا، آپ نے نماز پڑھی (موطا امام مالکؒ)

حضرت علی مرتضیٰؓ صبح کی نماز کیلئے مسجد میں داخل ہوتے ہیں۔ یا صبح کی نماز میں ہوتے ہیں (اریان انظرہ) کہ ابن ملجم کی تلوار ان کو گھائل کرتی ہے۔ اور کچھ دیر کے بعد وہ داعیٔ اجل کو لبیک کہتے ہیں ۔۔

۔۔"امام مظلوم حسینؓ بن علیؓ کربلا کے میدان میں رونق افروز ہوتے ہیں۔ عزیزوں اور دوستوں کی لاشیں میدان جنگ میں نظر کے سامنے پڑی ہوئی ہیں۔ ہزاروں اشقیاء آپ کو نرغہ میں لئے ہوتے ہیں۔ اتنے میں ظہر کا وقت آجاتا ہے۔ آپ دشمنوں سے اجازت چاہتے ہیں کہ وہ اتنا موقع دیں کہ آپ ظہر کی نماز ادا کرسکیں" (تاریخ طبری کبیر ص۳۲۱)

نماز میں جس خضوع و خشوع کا حکم ہے۔ صحابہ کرام نے اس کے یہ نمونے پیش کئے ہیں کہ عزیز سے عزیز چیز بھی اگر ان کے روحانی ذوق وشوق میں خلل انداز ہوئی، تو انہوں نے اسکو اس ذوق پر نثار کر دیا۔ حضرت ابوطلحہؓ انصاری اپنے باغ میں نماز پڑھ رہے تھے۔ ایک خوش نما چڑیا نے سامنے آکر چہچہانا شروع کیا حضرت ابوطلحہؓ دیر تک ادھر اُدھر دیکھتے رہے۔ پھر جب نماز کا خیال آیا تو رکعت یاد نہ رہی، دل میں کہا۔ اس باغ نے یہ فتنہ برپا کیا یہ

Marfat.com

کہہ کر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں آئے اور واقعہ بیان کیا۔ اور کہا کہ یا رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم) یہ باغ راہ خدا میں نذر ہے۔

اسی طرح ایک اور صحابیؓ اپنے باغ میں نماز میں مشغول تھے باغ اس وقت نہایت سرسبز شاداب اور پھلوں سے لدا ہوا تھا پھلوں کی طرف نظر اُٹھ گئی تو نماز یاد نہ رہی، جب اس کا خیال آیا تو دل میں نادم ہوئے کہ دنیا کے مال و دولت نے اپنی طرف متوجہ کر لیا یہ حضرت عثمانؓ کا دور خلافت کا زمانہ تھا۔ ان کی خدمت میں حاضر ہوتے اور عرض کی یہ باغ جس نے مجھے فتنہ میں مبتلا کر دیا۔ راہ خدا میں دیتا ہوں۔ چنانچہ حضرت عثمانؓ نے اسکو بیت المال کی طرف سے بیچا تو ۵۰ ہزار میں فروخت ہوا۔" (موطا امام مالک)

(سیرت النبی[1] صہ ۱۹۲ تا صہ ۲ ج ۵)

نماز کی کیف انگیزیاں ہی ایسے مافوق العادت واقعات کا سبب بنیں کہ نماز قربتِ حق کے اس مقام پر پہنچا دیتی ہے۔ جہاں پرتوِ جمال کے سوا کسی کا دھیان اور کیفِ حضوری کے سوا کوئی خیال گوارا نہیں ہوتا۔ نمازی ذاتِ حق ہی سے مسرور پاتا ہے۔ اور اسی کا اشتغال اسے شاداں و فرحاں رکھتا ہے۔ کہ نمازی کو اس عالم میں نماز ہی میں اللہ تعالیٰ کا انتہائی قرب نصیب ہوتا ہے

[1] حضرت سیدؒ صاحب نے ہر کتاب (جس کا حوالہ دیا ہے) کے ساتھ اسکے باب یا صفحات کا بھی حوالہ دیا۔ راقم نے اختصار کیلئے صرف کتابوں کے حوالے دیئے ہیں۔ اصل حوالہ جات کیلئے سیرت کی طرف مراجعت کی جا سکتی ہے (م۔ ا)

Marfat.com

امام ربانی مجدد سرہندی رحمۃ اللہ علیہ ارقام فرماتے ہیں

"ونیز بدانند کہ رتبہ نماز در دنیا در رنگ رتبہ رویت است در آخرت، نہایت قرب در دنیا در نماز است و نہایت قرب در آخرت در حین رویت است و بدانند کہ سائر عبادات وسائل اند از برائے نماز و نماز از مقاصد است۔"

اور نیز جان لیں۔ کہ دنیا میں نماز کا رتبہ آخرت میں رویت کے رتبہ کی طرح ہے دنیا میں نہایت قرب نماز میں ہے۔ اور آخرت میں نہایت قرب رویت کے وقت، اور جان لیں کہ باقی تمام عبادات نماز کے لئے وسیلہ ہیں۔ اور نماز اصلی مقصد

(مکتوبات امام ربانی دفتر اول مکتوب ۱۳۷)

حقیقت نماز کے ایک رمز آشنا اور کیفیت صلوٰۃ سے سرشار عارف (مولانا رومیؒ) اپنی نماز کا کیا نقشہ کھینچتے ہیں۔

چو نماز شام ہر کس بنہد چراغ و خوانے | منم و خیال یارے، غم و نوحہ و فغانے

چو وضو ز اشک سازم بود آتشیں نمازم | در مسجدم بسوزد چو در و رسد اذانے

عجبا نماز مستاں تو بگو درست ہست آں | کہ نداند او زمانے نہ شناسد او مکانے

عجبا دو رکعت است ایں عجبا چہارم است ایں | عجبا چہ سورہ خواندم، چو نداشتم زبانے

در حق چگونہ کوبم کہ نہ دست ماند نے دل | دل دوست چوں تو بردی بدہ اے خدا امانے

بخدا خبر ندارم چو نماز می گذارم | کہ تمام شد رکوعے کہ امام شد فلانے

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم، صحابہ کرامؓ و خواص امتؒ کا نماز کے ساتھ جو شغف تھا۔ وہ محتاج بیان نہیں۔ اور حق تو یہ ہے۔ کہ نماز ہی اسلامی زندگی کا وہ

Marfat.com

منبع ہے۔ جس سے حیات اسلامی کا ہر دھارا پھوٹ کر نکلتا ہے۔ حیات اسلامی کا دریا اسی کوزے میں بند اور ایمانی زندگی کا صحرا اسی ذرہ میں پنہاں ہے توحید کے شجر کا پہلا ثمر ہی نماز ہے۔ اور اسلامی زندگی کا ہر گوشہ اسی کے پرتو سے روشن اور اسی کے نور سے منور ہے۔

حضرت شاہ ولی اللہ صاحبؒ دہلوی حجۃ البالغہ میں لکھتے ہیں

اعلم ان الصلوٰۃ اعظم	جاننا چاہیئے۔ کہ نماز تمام عبادتوں سے
العبادات شأنا واوضحها	بڑھکر عظیم الشان، ثبوت کے لحاظ سے سب سے زیادہ
برهانا واشهرها فی الناس	یقینی اور سب سے زیادہ مشہور رکن ہے۔ اور نفس
وانفعها فی النفس	انسانی کی اصلاح میں سب عبادتوں سے
(حجۃ اللہ البالغہ من ابواب الصلوٰۃ)	زیادہ نافع اور موثر ہے۔

دوسری جگہ ارشاد فرماتے ہیں،

اقول الصلوٰۃ من اعظم شعائر	میں کہتا ہوں کہ نماز اسلام کا سب سے بڑا
الاسلام وعلامۃ التی اذا	شعار ہے۔ اور اسلام کی ان علامتوں میں سے
فقدت ینبغی ان یحکم بفقدہ	ہے۔ جسکے جاتے رہنے کے سبب
بقوۃ الملابسۃ بینها وبینہ	اگر اسلام کے فقدان کا حکم کر دیا جائے تو
. . . .	بجا ہوگا کہ اسلام میں اور نماز میں بڑا گہرا اور قوی تعلق ہے
ومن لم یکن لہ حظ منها فانہ	اور جس کو نماز سے کچھ حصہ نہ ملا تو
لہ [illegible] الا [illegible]	اسلام سے سوا اس چیز کے جسکی پرواہ

لا یعبأ بہ — نہیں کیجاتی۔ وہ کچھ حاصل نہ کرسکا۔

(حجۃ اللہ البالغہ جلد اول فصل الصلوٰۃ) (یعنی اسے اسلام کا فائدہ نہ ہوا)

نماز کے سبھی کمالات ہیں۔ جن کی وجہ سے شیخ احمد سرہندی نے فرمایا ہے

"اگر نماز کو کامل طور پر ادا کرلیا۔ تو گویا اسلام کی اصل عظیم حاصل ہوگئی۔ اور خلاصی کے واسطے حبل متین ہاتھ آگئی۔

(مکتوبات امام ربانی دفتر اول حصہ پنجم مکتوب ۳۰۴)

لہ امام ربانی مجدد سرہندی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنے مکتوبات میں نماز کے بارے میں کئی مقامات پر قابل دید گفتگو فرمائی ہے۔ مکتوب دو صد شصت ویکم ۲۶۱ میں تحریر فرماتے ہیں۔

"جان لیں کہ اسلام کے پانچ ارکان میں سے نماز دوسرا رکن ہے۔ نماز تمام عبادات کی جامع ہے۔ اور ایسا جزو ہے جو جامعیت کی وجہ سے کل کے حکم میں ہے۔ اور اللہ تعالیٰ کے نزدیک تمام مقربہ اعمال سے اونچی ہوگئی ہے۔ اور وہ دولت رویت جو سرور عالمیاں صلی اللہ علیہ وسلم کو معراج کی رات بہشت میں میسر آئی تھی۔ اس دنیا میں اتر آنے کے بعد یہاں کے مناسب آپ کو وہ دولت نماز میں حاصل ہوئی۔ اسی واسطے حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

الصلوٰۃ معراج المومنین — نماز ایمان والوں کی معراج ہے

نیز آپ نے فرمایا:

اقرب ما یکون العبد من الرب فی الصلوٰۃ — سب سے زیادہ اعلیٰ قرب جو بندے کو رب سے ہوتا ہے وہ نماز میں ہوتا ہے۔

اور حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم کے کامل تابعداروں کو اس جہان میں اس دولت کا بہت سا حصہ نماز میں حاصل ہے۔ اگرچہ رویت میسر نہیں کیونکہ یہ جہاں اس کی طاقت نہیں رکھتا۔ اگر نماز کا

Marfat.com

(حاشیہ صفحہ گزشتہ) حکم نہ ہوتا تو چہرہ مقصود سے نقاب کون کھولتا، اور طالب کی مطلوب کی طرف کون رہنمائی کرتا۔ نماز ہی غمزدوں کی غمگسار ہے اور نماز ہی (حب الٰہی کے) بیماروں کیلئے سامانِ راحت ہے "ارحنی یا بلال" اسی حقیقت (ماجرا) کی خبر و رمز اور قرۃ عینی فی الصلوۃ (میری آنکھوں کی ٹھنڈک نماز میں ہے) اسی مدعا کی طرف اشارہ ہے۔ وہ تمام اذواق و مواجید اور علوم و معارف اور احوال و مقامات و انوار و الوان تلونیات و تمکینات، تجلیات متکیفہ و غیر متکیفہ اور ظہورات متلونہ و غیر متلونہ اور اس قبیل کی ہر چیز جو نماز سے باہر ملے اور نماز کی حقیقت سے بے خبر ہونے کے سبب ظاہر ہو ان کا منشاء ظلال و امثال بلکہ وہم و خیال ہے۔

نمازی جو نماز کی حقیقت سے آگاہ ہے۔ نماز ادا کرنے کے وقت گویا وہ عالم دنیا سے باہر نکل جاتا ہے اور عالم آخرت میں داخل ہو جاتا ہے۔

اس وقت اس دولت سے جو آخرت سے مخصوص ہے حصہ پا لیتا ہے۔

اور اصل سے ظلیت کے شائبہ کے بغیر بہرہ مند ہو جاتا ہے۔ کیونکہ عالم دنیا کمالات ظلی پر منحصر ہے اور وہ معاملہ جو ظلال سے باہر ہے وہ آخرت سے مخصوص ہے۔ پس (اس طرح عالم دنیوی سے نکل کر عالم آخروی میں پہنچنے والے کیلئے) معراج سے چارہ نہیں۔ اور یہ (معراج) مومنوں کیلئے نماز ہے۔ اور یہ دولت اس امت کے ساتھ مخصوص ہے جو اپنے اس پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم کی تابعداری کے سبب اس کمال کے ساتھ مشرف ہوئی اور اس سعادت سے بہرہ مند ہوئی۔ جو پیغمبر علیہ السلام شب معراج میں دنیا سے آخرت میں چلے گئے تھے اور بہشت میں پہنچ کر حق تعالیٰ کی رویت سے مشرف ہوئے۔

(مکتوبات امام ربانی دفتر اول حصہ چہارم مکتوب بنام میر نعمان صفحہ ۱۹۰۲ تا ۱۹۰۵ مطبوعہ نور کمپنی لاہور)

مکتوب نمبر ۲۴۰ بنام مخدوم زادہ شیخ محمد صادق میں تحریر فرماتے ہیں

"فرائض ہمہ ہر چند قربِ اصل می بخشند — جملہ فرائض اگرچہ سب ہی قرب اصل کے عطا کرتے ہیں

(بقیہ حاشیہ اگلے صفحہ پر)

حضرت سیدی امام ربانی نور اللہ مرقدہ حقیقت و عظمت کے رازداں، اسرار و رموز و حقائق و معارف کے نکتہ رس آشنا اور جامع تھے۔ قرب ربانی کے حصول اور تربیت سالک میں نماز کی اہمیت اور تاثیر و تاثر ان پر پوشیدہ نہ تھا۔ حضرت والا

(بقیہ حاشیہ صفحہ گزشتہ)

اما افضل و اکمل اینہا صلوٰۃ است "الصلوٰۃ معراج المومنین" شنیدہ باشی و "اقرب ما یکون العبد من الرب فی الصلوٰۃ" و وقت خاص کہ حضرت پیغمبر را بودہ علیہ و علی آلہ الصلوٰۃ والسلام کہ تعبیر از آں بہ "لی مع اللہ وقت" فرمودہ نزد فقیر در نماز است کہ مکفر سیئات است، و نماز است کہ نہی از فحشاء و منکر میفرماید و نماز است کہ پیغمبر علیہ الصلوٰۃ والسلام راحت خود را در آں میجوید آنجا کہ میفرماید "ارحنی یا بلال" و نماز است کہ ستون دین آمدہ است و نماز است کہ فارق اسلام و کفر گشتہ"

(مکتوبات امام ربانی دفتر اول حصہ چہارم ص ۱۰ م ۵۱۲)

لیکن ان میں سے افضل و اکمل نماز ہے "نماز مومنین کا معراج ہے" اور "بندے کو زیادہ قرب اپنے پروردگار سے نماز میں ہوتا ہے" آپنے سنا ہوگا۔ وہ وقت خاص جو حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم کو حاصل تھا جسکی تعبیر "میرے اللہ تعالیٰ کیساتھ ایک مخصوص وقت ہے" سے کی ہے فقیر کے نزدیک نماز ہی میں ہے۔ نماز ہی گناہوں کا کفارہ۔ اور نماز ہی بے حیائی کے کاموں اور گناہوں سے روکتی ہے نماز ہی ہے جس میں پیغمبر علیہ السلام اپنی راحت تلاش فرماتے تھے جیسا کہ آپکا ارشاد ہے "اے بلال مجھے (نماز کا بندوبست کر کے) راحت پہنچاؤ" اور نماز ہی دین کا ستون ہے اور نماز ہی کفر و اسلام کے درمیان فرق ہے

مکتوب دو صد شصت و سوم (بنام میاں تاج شیخ) میں ارقام فرماتے ہیں:

"وہ حالت جو نماز کے ادا کرنے کے وقت میسر ہوتی ہے ان تمام احوال سے جو نماز کے باہر میسر آئیں برتر ہے کیونکہ وہ حالات اگرچہ اعلیٰ سے اعلیٰ ہوں۔ دائرہ ظل سے باہر نہیں ہیں۔ اور یہ حالت اصل سے حصہ رکھتی ہے پس جس قدر اصل اور ظل کے درمیان فرق ہے اسی قدر ان حالات اور اس حالت کے درمیان فرق ہے۔ (مکتوبات دفتر اول جلد چہارم ص ۲ م ۲۶۳)

اسی طرح مکتوبات ۲۹۶، ۳۰۲، ۳۰۵ بھی نماز کے متعلق قابل دید فوائد پر مشتمل ہیں (م۔ا)

رحمہ اللہ تعالیٰ کا نماز کے ساتھ جو شغف و اشتغال تھا وہ محتاج بیان نہیں۔ نماز میں خضوع و خشوع انابت و تضرع کی جو کیفیت حضرت الشیخ پر طاری ہوتی تھی دیکھنے والا بھی اس کا اثر محسوس کر لیتا تھا عبدیت و عبودیت کا ایک سراپا عجز مجسم اپنے معبود و خالق میں مشغول تمام دنیا سے غافل راز و نیاز میں مصروف دکھائی دیتا تھا ظاہری ارکان کے اعتدال و تحسین کیساتھ باطنی کیفیات کے اثرات کا لعین مشاہدہ ہوتے تھے "سیماھم فی وجوھھم من اثر السجود"

حضرت والا قدس سرہٗ کے کیف نماز اور ذوق سجود کا ایک ہلکا سا اندازہ آپ کے بعض اشعار سے کیا جا سکتا ہے۔

سجدہ میں جہاں سر ہے گویا وہ تیرا در ہے ‏ ‏ ‏ ‏ کیا کیا نہ کہا تجھ سے پایا جو سراپا گوش [1]
حاصل ہے تصور میں کیفیت معراج ‏ ‏ ‏ ‏ کیا کیا نہ مزہ پایا پایا جو ہم آغوش
سجدے میں رکھ کر سر ترے پلنے خیال پر ‏ ‏ ‏ ‏ تعمیر اک بہشت ارم کر رہا ہوں میں
سجدے زمین پر تو تصور ہے عرش پر ‏ ‏ ‏ ‏ تعمیر اور ایک حرم کر رہا ہوں میں

حضرت والا رحمہ اللہ تعالیٰ کے مرشد خاص مولوی غلام محمد صاحب مدظلہ نے سچ لکھا ہے

"حضرت والا سلوک، نبوت کے راہی اور قرب فرائض سے ممتاز تھے۔ اور فرائض میں ام الفرائض یعنی "نماز" سے خاص شغف تھا۔۔۔ حضرت سیدی قدس سرہٗ کو اصل دولت "معراج المومنین" ہی کی رسوخ کی صورت میں حاصل تھی۔ اور اسی میں وہ اپنے دید و دل کی ٹھنڈک پاتے تھے (تذکرہ ص ۲۸۹)

حضرت الشیخ قدس سرہٗ حقیقت نماز کے جس اعلیٰ مقام سے سرفراز تھے۔ ہیچمیرز اس کا کیا ادراک کر سکتا ہے۔ تاہم ان کی زندگی "فی صلوٰۃ دائمون" کی تصویر تھی۔ حضرت والا کا شعر ہے

قرب ہے غنیمت نماز عاشقان ‏ ‏ ‏ ‏ فی صلوٰۃ دائمون آرزوست

---

[1] ایک مرتبہ تقریر سے فرمایا۔ "سجدہ میں ایسا مزہ آتا ہے گویا بچہ نے اماں کے گود میں سر رکھ دیا ہو" او کما قال (م-ا)

[2] ، الصلوٰۃ معراج المومنین

Marfat.com

ترک نماز کسی حال میں جائز نہیں

گذشتہ مباحث سے نماز کی اہمیت وفضائل کا ایک گونہ اندازہ ہوجاتا ہے ظاہر ہے کہ اتنے مہتم بالشان فریضہ کا ترک کسی حالت میں بھی جائز نہیں۔ لیکن بعض بدعقیدہ وگمراہ متصوفین نے اس بنیادی اور اہم عبادت سے اپنے خود ساختہ نظریات کی بنا پر اغماض واعراض برتنے کی کوشش کی۔ اس طبقہ کے متعلق حضرت والا رحمہ اللہ تعالیٰ نے ایک مستفسر کے جواب میں ارقام فرمایا:۔

"جو لوگ صوفی بن کر اس قسم کی باتیں کرتے ہیں۔ جن سے نماز، روزہ وغیرہ عبادات کا مقصود نہ ہونا ثابت ہو، وہ گمراہ ہیں۔"

حضرت والا قدس سرہٗ کے پاس ہر طبقہ کے طالبین آتے تھے بعض ایسے حضرات بھی اپنی تربیت کو حضرت والا کے سپرد کر دیتے تھے۔ جو اپنی کمزوری کی بنا پر اپنی نمازوں سے غافل رہے تھے۔ ایسے مبتدی طالبین کے تربیتی خطوط میں حضرت والا رحمہ اللہ تعالیٰ گذشتہ نمازوں کی قضا۔ آئندہ نماز کے اہتمام اور اس بارے میں ہر قسم کی سہل انگاری سے بچنے کی فہمائش فرماتے رہتے تھے۔ چنانچہ مختلف مکتوبات میں ارقام فرماتے ہیں:۔

"نماز پنجگانہ ان فرائض میں سے ہے۔ جو کسی حال میں معاف نہیں۔ اگر کسی غایتِ مجبوری سے ایسا پیش آ دے تو فوراً قضا پڑھی جائے

Marfat.com

اور فوراً استغفار کیا جائے۔ ذرا سستی کو راہ نہ دیا جائے۔ اسکے بغیر اس راہ کی ہوس بے کار ہے۔ خواہ دل چاہے نہ چاہے ہر حال میں پڑھی جائے۔ دل چاہنے پر یہ امر موقوف نہیں۔ اگر دل نہ چاہنے پر دل کو مجبور کر کے پڑھا جائے تو مجاہدہ کا ثواب مزید ہوگا۔

...... ایسے نشیب و فراز عمر میں پیش آتے ہیں۔ لیکن بہر حال جادۂ استقامت سے قدم نہ ہٹے۔ کیا دوا مریض کے دل چاہنے پر موقوف ہے۔ پھر تو مرض کا ازالہ ہو چکا۔"

"نماز کسی وقت کسی حال میں سوائے اضطراری مجبوری کے قضا نہیں کیجا سکتی۔ اور قضا نماز تو ایک ساتھ ایک دفعہ یا فرض نمازوں کے پہلے یا پیچھے قضا کی نیت سے ہر وقت کی نماز ادا کر لی جائے

...... صبح تو نماز کیلئے اٹھنا ضروری ہے۔ عادات میں تبدیلی عزمت سے ہوتی ہے۔ جیسے کہیں سویرے ریل سے جانا ہو تو کیسے اُٹھ جاتے ہیں۔ ساتھ ہی توفیق کی دعا مانگیئے .... تراویح کی قضا نہیں۔ اگر جماعت کیساتھ نہ ہو سکے، تو گھر پر پڑھ لیں، مگر معمولی عذرات پر جماعت کی تراویح ترک نہ کریں ... ."

"نماز کا رہ جانا تو کسی حال میں درست نہیں۔ اس کے لئے بلا اضطرار ترک کی اجازت نہیں۔"

"نماز فجر کیلئے اگر عزم کر لیا جائے تو کچھ مشکل نہیں، اگر صبح کی گاڑی سے کہیں جانا ہو تو کیسے اُٹھ جاتے ہیں۔ اگر اس پر بھی وقت پر آنکھ نہ کھلے تو جس وقت آنکھ کھلے اسی وقت پڑھی جائے بشرطیکہ

Marfat.com

عین طلوع کا وقت نہو ....."

"یہ (سفر میں نماز قضا کرنا) درست نہیں۔ نماز سفر ہو یا حضر ہر وقت وقت کی پابندی سے ادا کرنا ضروری ہے۔ سفر میں وقت ضرور ہوتی ہے۔ لیکن بندہ اگر عزم مصمم کرے تو وہ ضرور ہی پوری ہو گی۔ انشاء اللہ تعالیٰ، آپ آزما کر دیکھیں، قصداً بلا معذرتِ حقیقی ترک نماز گناہ ہے اگرچہ بعد کو ادا کر لی جائے۔"

قضا نمازیں: جن حضرات کی ایام بلوغ کے بعد نمازیں قضا ہوئی ہوتی تھیں۔ حضرت والا رحمہ اللہ تعالیٰ ان حضرات کو یہ آسان سا طریقہ بتا دیتے تھے۔ کہ ہر نماز کے ساتھ ایک قضا نماز دہرا لیا کریں۔ مثلاً فجر کے ساتھ فجر کے دو فرض، ظہر کے ساتھ ظہر کے چار فرض، عصر کے ساتھ عصر کے فرض، مغرب کیساتھ مغرب کے فرض اور عشا کے ساتھ فرض اور وتر پڑھ لیا کریں۔ اس طرح آہستہ آہستہ قضا نمازیں آسانی سے ادا ہو جاتی تھیں چنانچہ مختلف طالبین کو تحریر فرماتے ہیں۔

"ایام بلوغ سے جو نمازیں چھوٹی ہوں۔ ان کو ہر نماز کے ساتھ ادا کرنا شروع کیجئے"

"بلوغ کی عمر سے پہلے کی نمازیں چھوڑ کر باقی سالوں کی نمازیں ہر نماز کے ساتھ (ایک ایک کر کے) ادا کر لی جائیں ...... عصر کی نماز کے بعد کوئی نماز نہیں ہے۔ آپ قضا فرض عصر سے پہلے پڑھا کریں"

"جی ہاں! فجر کی فرض نماز کے بعد تا طلوع آفتاب کسی نماز کا وقت نہیں۔ قضائے فجر، فجر کی سنت سے بھی پہلے پڑھ لیں کسی اور

Marfat.com

نماز کے ساتھ بھی پڑھ سکتے ہیں۔"

"قضا نمازیں اور روزے اگر باقی ہوں تو ادا کیجئے۔ تاکہ آئندہ کی راہ صاف ہو"

نماز باجماعت

اسلام میں نماز باجماعت کی جو اہمیت ہے وہ کسی سے پوشیدہ نہیں حضرت عبداللہ ابن مسعودؓ کا ایک اثر صحیح مسلم ونسائی وغیرہ نے نقل کیا ہے کہ،

"حضرت عبداللہؓ فرماتے ہیں کہ جسکی خواہش ہو کہ کل (قیامت میں) وہ اللہ تعالیٰ سے مسلمان ہونے کی حالت میں ملے۔ اسے چاہیے کہ ان نمازوں کو ان مساجد میں پابندی سے ادا کرے۔ جہاں سے ان نمازوں کیلئے اذان دی جاتی ہے۔ اللہ تعالیٰ نے تمہارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کیلئے ہدایت کے طریقے مقرر کئے ہیں۔ اور یہ نمازیں ان ہدایت کے طریقوں میں سے ہیں۔ اور اگر تم اس جماعت سے پیچھے رہ جانے والے کی طرح جو گھر میں نماز پڑھتا ہے۔ گھروں میں نمازیں پڑھو گے۔ تو اپنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی سنت کو چھوڑ دو گے۔ اور اگر تم اپنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی سنت کو چھوڑ دو گے۔ تو گمراہ ہو جاؤ گے جو شخص بھی اچھا وضو کر کے ان مساجد میں سے کسی مسجد کی طرف جاتا ہے اللہ اسکے ہر قدم کے بدلے اسکی ایک نیکی لکھتا ہے۔ ایک درجہ بڑھاتا

Marfat.com

ہے۔ اور ایک گناہ معاف کرتا ہے۔ اور ہم صحابہ دیکھتے تھے۔ کہ باجماعت نماز سے صرف ایسے اشخاص غیر حاضر ہوتے تھے جنکا نفاق معلوم اور مسلّم ہوتا تھا۔ اور یہ حالت بھی ہم نے دیکھی تھی کہ ایک شخص (بیماری کی وجہ) سے دو آدمیوں کے درمیان میں گھسٹا ہوا لایا جاتا تھا۔ یہاں تک کہ صف کے درمیان میں کھڑا کردیا جاتا تھا۔

(صحیح مسلم باب فضل صلوٰۃ الجماعۃ جلد ۱ صفحہ ۲۳۲، سنن نسائی باب محافظۃ علی الصلوٰۃ حیث ینادی بھا صفحہ ۱۲۵ جلد ۱)

کتب احادیث جماعت کی نماز کی فضیلت اور ترکِ جماعت پر تہدید وعید وں سے پرہیں۔ حضرت والا قدس سرہٗ ہمیشہ جماعت کے اہتمام اور پابندی کی تلقین فرماتے تھے۔ چنانچہ مختلف طالبین کو تحریر فرماتے ہیں،

"جماعت کی پابندی ضروری ہے۔ کہ اسکا اہتمام رہے"۔

"نماز باجماعت کا حتی الوسع اہتمام رہے"

"نماز باجماعت کی پابندی پر مبارک، اللہ تعالیٰ استقامت عطا فرمائیں"

"یہ (جماعت کے فوت ہونے پر) تکلیف کا احساس ایمان کی علامت ہے۔"

ایک صاحب کو جو سستی کی وجہ سے جماعت سے رہ جاتے تھے۔ ارقام فرماتے ہیں:۔

"سستی کا علاج تو بقول حضرت تھانوی رحمہ اللہ تعالیٰ چستی ہے جب تک دل میں وہ ہمت و عزیمت پیدا نہ کریں گے جو دنیاوی کاموں کے کرنے میں دیکھی جاتی ہے۔ دین کے کام انجام نہیں پا سکتے، بلاوجہ سستی کوئی شرعی عذر نہیں ہے۔ اس محرومی کی اہمیت کو محسوس کیجئے

Marfat.com

جو جماعت کی محرومی سے ہوتی ہے۔ اگر مجبوری سے جماعت نہ مل سکی تو حرج نہیں اپنی کوشش جاری رہنی چاہیئے۔

حضرت سید الملت نور اللہ مرقدہٗ سیرت النبیؐ میں لکھتے ہیں:

"کسی قوم کی زندگی، اسکی نظمِ جماعت کے بغیر قائم نہیں رہ سکتی یہی گرہ جب کھل جاتی ہے تو قوم کا شیرازہ منتشر و پراگندہ ہو جاتا ہے اسلام میں نماز باجماعت مسلمانوں کی زندگی کی عملی مثال ہے۔ محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اسی عملی مثال کو عربوں کے سامنے پیش کر کے انکی زندگی کا خاکہ کھینچا اور بتایا کہ مسلمانوں کا یہ صف بہ صف کھڑا ہونا ایک کے دوسرے کے شانہ سے شانہ ملانا، اور یکساں حرکت و جنبش کرنا، ان کی قومی زندگی کی مستحکم و مضبوط دیوار کا مسالہ ہے۔ جس طرح نماز کی درستی اس صف اور نظام جماعت کی درستی پر موقوف ہے۔ اسی طرح پوری قوم کی زندگی اسی باہمی تعاون، تضامن، مشارکت، میل جول اور باہمی ہمدردی پر موقوف ہے۔ اسی لیئے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم صفوف کی درستی پر بہت زور دیتے تھے۔ اور فرماتے تھے کہ جب تک تم خوب مل کر کھڑے نہ ہو گے۔ تمہارے دل بھی آپس میں نہ ملیں گے۔"

غرض نماز باجماعت مسلمانوں کی ملّی زندگی کا شعار انکا دینی اجتماع ان کے باہمی نظم و ارتباط کا شیرازہ اور انکی روحانی زندگی کا عملی اور جامع نشان ہے۔ اس لیئے نماز باجماعت کی پابندی ہر مسلمان کے لیئے لازم ہے۔

Marfat.com

جس کے بغیر اسے دین و ایمان کا کمال نصیب نہیں ہو سکتا۔

نوافل

نوافل فرائض کا تکملہ، عبادت کی رونق، عبدیت کی بہار، للّٰہیت کا نشان عبد و معبود کا مکالمہ اور تعلق و معرفت الٰہیہ کا کامیاب ذریعہ و سبب ہے فرائض کا کمال نوافل کے اہتمام سے میسر آتا ہے، نوافل جس قدر جاندار ہوں گے، ان کا اثر فرائض پر مرتب ہوگا۔ قیامت میں بھی فرائض کی کمی نوافل سے پوری کی جائے گی۔ چنانچہ امام ترمذی ابوہریرہؓ سے روایت کرتے ہیں کہ،

"میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے سنا، کہ قیامت میں بندہ کے اعمال میں سب سے پیشتر نماز کا حساب ہوگا۔ اگر نماز صحیح ٹھہری تو فلاح و نجات پا جائے گا۔ اور اگر نماز خراب نکلی، تباہ اور نقصان اٹھانے والوں میں ہو جائے گا۔ اگر فرض نماز میں کمی ہوئی تو اللہ تعالیٰ فرمائیں گے۔ میرے بندے کی نفلی نمازوں کو دیکھو اور فرائض میں جو کمی رہ گئی ہو۔ وہ نوافل سے پوری کرو۔ پھر اس کے باقی اعمال کا فیصلہ بھی اسی اصول پر کیا جائیگا۔" (جامع ترمذی صفحہ ۵۵ ج ۱، باب ما جاء ان اول ما یحاسب بہ العبد الصلوٰۃ)

نوافل کی اسی اہمیت کے پیش نظر سیدی الامام قدس سرہ طالبین کو ہدایتہ نوافل کے اہتمام و پابندی کا حکم فرماتے تھے سنن موکدہ اور مستحبہ کے علاوہ تہجد، اشراق، چاشت اور اوابین کی پیہم تلقین فرماتے تھے چنانچہ مختلف تابعین کو ارقام فرماتے ہیں:۔

Marfat.com

۱ :- " نماز پنجگانہ کے علاوہ حسب ذیل نمازوں پر حتی الامکان مداومت کیجئے۔ نماز تہجد، بعد مغرب چھ رکعات نفل، طلوع آفتاب کے بعد دو یا چار رکعات نفل، چاشت چار رکعت، نماز پنجگانہ کے بعد نوافل مسنونہ، نوافل اگر بعذر کبھی چھوٹ جائیں تو حرج نہیں"

۲ :- " تہجد کی آٹھ سے بارہ رکعتوں تک پڑھا کریں۔ اشراق کی چار اور اوابین کی چھ (رکعات) پڑھیں۔"

۳ :- " آپ تہجد اور نوافل اوابین چھ رکعات بعد سنت مغرب اور چار رکعات اشراق جب آفتاب کچھ نکل کر بلند ہو جائے، تہجد میں چھ رکعات سے بارہ رکعات تک نصف شب کے بعد پڑھا کریں۔"

۴ :- " اشراق ضرور پڑھیں..... چاشت کی نماز (بھی) پڑھا کریں۔ مغرب کے بعد اوابین پر قناعت کیجئے۔ ہو سکے تو تہجد کی مداومت اختیار کیجئے۔"

ایک مکتوب میں تحریر فرماتے ہیں :-

" دو باتوں کا خاص لحاظ رکھا جائے۔ اول فرائض کی ادائیگی کا پورا پورا اہتمام، دوم نوافل مسنونہ اور اذکار کی کثرت، انکے علاوہ ہر قسم کے گناہوں سے احتراز کا اہتمام رکھا جائے کہ دل میں تقوی کی کیفیت پیدا ہو۔"

Marfat.com

نمازتہجد

بندگی وعبدیت اطاعت وفرمانبرداری کے کمال کے ساتھ ذکر دائم وقیام بیل طریق کا ضروری جزء ہے۔ صلوۃ اللیل وتہجد اور پچھلی رات کی عبادت کے فیوض وبرکات انوار د اثرات شب زندہ دار خاصان حق ہی جان سکتے ہیں نفس کی اصلاح اور قربتِ رب کے حصول میں شب بیداری اور صلوۃ اللیل کا خاص حصہ ہے۔ جس پر قرآن کریم کی آیات کریمہ

اِنَّ نَاشِئَۃَ الَّیْلِ ھِیَ اَشَدُّ	بیشک رات کا اٹھنا نفس کے کچلنے کیلئے
وَطْاً وَّاَقْوَمُ قِیْلًا	بہت سخت ہے۔ اور بات خوب
(المزمل - ۱)	سیدھا کرنے والا ہے
اور تَتَجَافٰی جُنُوْبُھُمْ عَنِ	ان کے پہلو خوابگاہوں سے علیحدہ ہوتے
الْمَضَاجِعِ یَدْعُوْنَ رَبَّھُمْ	ہیں۔ اس طور پر کہ وہ لوگ اپنے رب کو
خَوْفًا وَّطَمَعًا وَّمِمَّا رَزَقْنٰھُمْ	امید سے اور خوف سے پکارتے ہیں اور
یُنْفِقُوْنَ فَلَا تَعْلَمُ نَفْسٌ	ہماری دی ہوئی چیزوں میں خرچ کرتے ہیں

Marfat.com

فَلَا تَعْلَمُ نَفْسٌ مَّا اُخْفِیَ لَهُمْ مِّنْ قُرَّةِ اَعْیُنٍ جَزَآءً بِمَا كَانُوْا یَعْمَلُوْنَ (سجدہ - ۲) — سو کسی شخص کو خبر نہیں جو جو آنکھوں کی ٹھنڈک کا سامان ایسے لوگوں کیلئے خزانۂ غیب میں موجود ہے۔ یہ انکے اعمال کا صلہ ملا ہے۔

اور احادیث کثیرہ شاہد ہیں۔ نمونتہً چند احادیث نقل کرتا ہوں۔

امام ترمذی نے جامع میں، ابن ابی الدنیا نے کتاب التہجد، ابن خزیمہ نے صحیح اور حاکم نے مستدرک میں ابوامامہ الباہلیؓ کی روایت سے نقل کیا ہے کہ حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

علیکم بقیام اللیل، فانّه دأب الصالحین قبلکم وقربة الی ربکم ومکفرة للسیّات ومنہاة عن الاثم[1] — رات کے قیام کی پابندی کرو کہ یہ تم سے پہلے صالحین کی عادت وطریقہ ہے۔ اور تمہارے پروردگار کی طرف قربت کا ذریعہ خطاؤں کا محو کرنیوالا اور گناہ سے روکنے والا ہے

طبرانی اور ترمذی کی ایک روایت میں یہ الفاظ مزید آتے ہیں:۔

ومطردة للداء عن الجسد[2] — اور جسم سے بیماری کو دور کرنے والا ہے

حضرت ابوہریرہؓ کہتے ہیں کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:۔

افضل الصلوٰة بعد الفریضة صلاة اللیل[3] — فرائض کے بعد سب سے افضل نماز رات کی نماز (تہجد) ہے

---

[1] الترغیب والترہیب للمنذری ص۴۲۷ ج ۱ حاکم نے اپنی روایت کو بخاری کی شرط پر صحیح لکھا ہے۔

[2] الترغیب والترہیب ص۴۲۸ ج ۱ بحوالہ کبیر طبرانی و جامع ترمذی

[3] الترغیب والترہیب ص۴۲۲ ج ۱ بحوالہ مسلم، ابوداؤد، نسائی، ابن خزیمہ

Marfat.com

عبداللہ ابن سلامؓ کہتے ہیں کہ (حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم کے ہجرت کے وقت مدینہ پہنچنے پر) جو میں نے آپکی پہلی بات سُنی وہ یہ تھی۔

ایھا الناس افشوا السلام واطعموا — اے لوگو! سلام (السلام علیکم) کو لوگوں میں پھیلاؤ

الطعام وصلوا الارحام وصلوا باللیل — اور (اللہ کیلئے) کھانا کھلاؤ اور صلہ رحمی کرو۔

والناس نیام تدخلوا الجنۃ — اور جب لوگ سوتے ہوں اسوقت رات میں (تہجد کی

بسلام[لے] — نماز پڑھو۔ (اور ان اعمال کی وجہ) جنت میں سلامتی کیساتھ داخل ہو جاؤ۔

اسماء بنت یزیدؓ حضور پاک صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتی ہیں کہ قیامت کے دن لوگ ایک ہموار میدان میں اکھٹے کئے جائیں گے۔ اور (اللہ کی طرف سے) ایک منادی پکارے گا،

أین الذین کانوا تتجافی — کہاں ہیں وہ لوگ جو (تہجد کیلئے) اپنے پہلوؤں

جنوبھم عن المضاجع — کو اپنے بستروں سے جدا کرتے تھے۔

پس وہ لوگ کھڑے ہو جائیں گے۔ اور وہ تھوڑے ہوں گے۔ پس وہ بغیر حساب جنت میں داخل کر دیئے جائیں گے۔ اس کے بعد باقی سب لوگوں کیلئے حساب کا حکم دیا جائیگا[ھ]

امام بخاری و مسلم، مالک، ابو داؤد، نسائی اور ابن ماجہ نے ابوہریرہ رضؓ سے

لے رواہ الترمذی وقال حدیث حسن صحیح وابن ماجہ والحاکم وقال صحیح علی شرط الشیخین کذا فی الترغیب والترھیب صفحہ ۴۲۳ ج ۱

ھ الترغیب والترھیب صفحہ ۴۲۵ ج ۱ بحوالہ البیہقی

Marfat.com

روایت کیا ہے [illegible] رت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ :۔
تم میں سے جب کوئی سو جاتا ہے۔ تو شیطان اسکی گردن پر تین گرہیں لگا دیتا ہے۔ اور ہر گرہ لگاتے وقت کہتا ہے:" رات کو دیر تک آرام سے سوتا رہ۔" پس اگر وہ جاگے اور اللہ کا ذکر کرے تو ایک گرہ کھل جاتی ہے۔ اور پھر اگر وضو بھی کرلے تو دوسری گرہ کھل جاتی ہے۔ اور اگر نماز بھی پڑھ لے تو تمام گرہیں کھل جاتی ہیں۔ (اور شیطانی اثرات زائل ہو جاتے ہیں) اور وہ تر و تازہ پاکیزہ نفسی کی حالت میں سویرا کرتا ہے[2]، ورنہ خبیث النفس اور سستی کی حالت میں صبح کرتا ہے[3]"

ابن خزیمہ نے صحیح میں اس کے بعد یہ لفظ نقل کئے ہیں :۔

فحلوا عقد الشیطان ولو بر کعتین[4]	پس شیطان کی ان گرہوں کو کھولو۔ اگر دو رکعت ہی (تہجد کی) نماز پڑھ سکو

حضرت ابو موسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا :۔
"جو شخص رات کو (نماز تہجد کیلئے) اٹھے اور اپنی بیوی کو جگائے اور اگر اس پر نیند کا غلبہ ہو تو اس کے منہ پر پانی کا چھینٹا دے کر اٹھا دے اور دونوں اپنے گھر میں رات کے کچھ حصہ تک (نماز پڑھکر) اللہ تعالیٰ کو یاد کریں۔ تو اللہ تعالیٰ دونوں کو بخشش دے گا۔"

---

[2] ابن ماجہ نے یہاں یہ الفاظ مزید لکھے ہیں "کہ اسے خیر پہنچ چکی ہوتی ہے"۔
[3] اور اسے خیر نہیں پہنچی ہوتی۔
[4] الترغیب والترہیب صفحہ ۲۴۳ ج ۱

ابوہریرہؓ اور ابوسعیدؓ کی ایک روایت میں ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ:

"جب کوئی شخص رات کو اُٹھے اور اپنی بیوی کو بھی اٹھائے اور دونوں دو دو رکعت نماز (تہجد) پڑھیں۔ تو دونوں اللہ تعالیٰ کے کثرت سے ذکر کرنے والوں اور والیوں میں لکھ دیئے جاتے ہیں[1]۔

حضرت والا رحمہ اللہ تعالیٰ نوافل میں نماز تہجد کی اس خصوصی اہمیت کے پیش نظر اس کی پابندی اور اہتمام کی سب سے زیادہ تاکید فرماتے تھے۔ ایک طالب کو ارقام فرماتے ہیں:۔

"تہجد اور ذکر یہ دونوں اس طریق کی ضروری چیزیں ہیں۔ ان پر مداومت رکھیئے"

ایک سالک کو تحریر فرماتے ہیں:۔

"تہجد کا التزام ازبس ضروری ہے۔ یہی مفتاح اسرار ہے۔ اگر رات کو احیاناً ناغہ ہو جائے تو بوقت چاشت بارہ رکعتیں پڑھیں۔"

ایک اور صاحب کو لکھتے ہیں

"نماز پنجگانہ با جماعت اور تلاوت اور تہجد و ذکر کا اہتمام چاہیئے۔ استقامت اور مداومت حصول مقصد کا سب سے کارگر ذریعہ ہے اگر نیند کا غلبہ ہو تو نوافل تہجد کی جگہ پر دن کو (بارہ رکعات) بعد اشراق پڑھیں۔ یا نماز عشا کے بعد وتر سے پہلے پڑھیں۔"

ایک مکتوب میں ہے:۔ "تہجد کا اہتمام جاری رکھیں"

---

[1] الترغیب والترھیب ص ۴۲۹ ج ۱ ابحوالہ ابوداؤد، نسائی ابن ماجہ صحیح ابن حبان اور حاکم میں بھی اس کے ہم لفظ روایات ہیں۔

Marfat.com

ان ہی کے ایک اور خط میں تحریر ہے:

"خوشی کی بات ہے، کہ آپ تہجد پڑھتے ہیں۔ پہلے جب کبھی آپ کو تہجد کا موقع ملتا تھا۔ اس وقت دعا کی طرف جو توجہ اور جو گریہ ہوتا تھا۔ وہ کبھی کبھی پڑھنے کی وجہ سے تھا۔ اب مداومت سے پڑھنے پر جو وہ کیفیت روزانہ نہیں ہوتی تو اسمیں کوئی حرج نہیں یہ ایسے ہی ہے۔ کہ جسکو کبھی کبھی پلاؤ کھانے کو ملتا ہے۔ تو اس میں اسکو بہت مزہ ملتا ہے۔ لیکن جب وہی غذا کسی کو روزانہ ملنے لگے تو وہ مزا نہیں ملتا، مساوات ہو جاتی ہے۔ پھر گریہ سے تہجد کی مداومت ہزار درجہ بہتر اور شکر کے قابل ہے۔"

لے ایک مولوی صاحب نے (جنہیں حضرت والا قدس سرہ سے ارادت کا بھی تعلق تھا) تہجد کے متعلق ایک استفتاء حضرت والا رحمۃ اللہ تعالیٰ کی خدمت میں بھیجا۔ حضرت سیدی نور اللہ مرقدہ کا جواب چونکہ تہجد کی اہمیت پر برہان ساطع ہے۔ اس لئے استفتاء و جواب دونوں کو نقل کرتا ہوں۔

استفتاء

"نماز تہجد کا مرتبہ محدثین و فقہاء کے نزدیک کیا ہے۔ اسپر دوام اور لزوم کرنے والا مثیب ہوگا یا مستی۔ اور یہ نماز نوافل سے ہے یا سنن مؤکدات سے ہے اگر نوافل سے ہے تو حدیث صحیح عن ابی امامۃ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

جواب شیخ

استفتاء مفتی سے لیں اور تعلیم مرشد سے، دونوں کا ایک سے نہیں ہو سکتے۔ یہ حدیث مؤکدیت کے خلاف تو نہیں (علیکم) تو لزوم پر دال ہے۔ بہرحال تہجد عجیب عبادت ہے۔ جس پر خود

(بقیہ حاشیہ صفحہ آئندہ)

Marfat.com

عليكم بقيام الليل فانه داب الصالحين قبلكم وهو قربة لكم الى ربكم ومكفرة للسيأت و منهاة عن الاثم (رواه الترمذی) کا منشاء صحیح کیا ہوگا اور مالا کی اس عبارت کا جواب کیا ہوگا۔

"نماز تہجد سنت مؤکدہ است پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم گاہے ترک نفرمود اگر احیاناً فوت شدہ دوازدہ رکعت در روز قضا فرمود الخ"

کسی مولوی صاحب کا فرمانا کہ یہ نماز امت کے لئے نہیں یہ جناب رسالتمآب صلی اللہ علیہ وسلم کیلئے مخصوص تھی۔ لہذا اگر کوئی شخص اس کو اپنے اوپر لازم کرے گا۔ اور مداومت کے ساتھ ادا کرے گا۔ اور گاہے قصداً ترک نہیں کرے گا تو گنہگار ہوگا۔

مولوی مذکور کا قول ضلالت پر مبنی ہے یا ہدایت پر۔ محدثین وفقہا کی تصریحات کی روشنی میں اس کا جواب مرحمت فرمائیں۔

حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم نے عملاً دوام فرمایا ہے۔ اس لئے سنت مؤکدہ کی تعریف اس پر صادق ہے البتہ قولاً تاکید نہیں فرمائی۔ شفقتہً علی الامت، مگر اپنے عمل سے اس کو مؤکد ثابت کر دیا، اب اہل محبت کے لئے کیا گنجائش ہے۔ فضائل اعمال کے اکتساب کا سبق محدثین سے نہ لیں محبین سے لیں۔

Marfat.com

حضرتِ والا رحمہ اللہ تعالیٰ عجیب مشفقانہ وحکیمانہ انداز میں تہجد کی تاکید فرماتے تھے اور طالبین کے عذرات کو رفع فرماتے تھے۔ ایک مسترشد کو تحریر فرماتے ہیں :-

" خدا کا شکر ہے۔ کہ رمضان میں (تہجد کی) یہ سعادت نصیب ہوئی، اب شوال، ذیقعدہ، ذی الحجہ کو رمضان بنائیے۔ یعنی وہی تہجد پر ملاومت، دُو دُو رکعت کر کے آٹھ رکعتیں عشا کے بعد سے وقت سحری تک کسی وقت ادا کیجئے۔ اور دل میں تصور کیجئے کہ اللہ تعالیٰ سے باتیں ہو رہی ہیں۔" (تذکرہ ص ۲۹۷)

ایک سالک کو لکھتے ہیں :-

" (تہجد کے وقت) اگر گرم پانی کے اہتمام سے آپ عاجز ہیں اور ٹھنڈے پانی سے ضرر ہوتا ہے۔ تو خیر تیمم کر لیں، مگر گرم پانی کا اہتمام چنداں مشکل نہیں۔ عشاء کے وقت ایک لوٹا گرم پانی جو خوب گرم ہو۔ اس کو اوپر کٹورے سے چھپا کر کسی روئی یا روئی کے کپڑے میں یا کمبل میں لپیٹ دیجئے۔ انشاء اللہ تعالیٰ وقت پر پورا گرم ملے گا۔"

ایک اور صاحب کو لکھتے ہیں :

" (تہجد کیلئے) صبح صادق سے گھنٹہ دو گھنٹہ پہلے اٹھنا کافی ہے۔ آپ اپنے یہاں کے اوقات سے اندازہ لگالیں۔ صبح اٹھنے کیلئے رات کو سویرے بعد عشا سونا لازم ہے تاکہ صحت پر اثر نہ پڑے۔"

Marfat.com

ایک اور طالب کے خط میں رقم فرمایا،

" اس (تہجد کے فوت ہونے کے) افسوس پر شکر ادا کیجئے۔ کہ یہ بھی نعمت ہے۔ کتنے ہیں کہ فرائض سے محرومی پر ان کو افسوس نہیں ہوتا۔ اگر تہجد قضا ہو جائے تو طلوعِ آفتاب کے بعد سے دوپہر تک بارہ رکعتیں پڑھ لی جائیں ..... انشاء اللہ (تہجد کی) عادت پختہ ہوجائیگی۔ تو پھر آپ اٹھنا نہ بھی چاہیں گے۔ تو بھی انشاء اللہ اُٹھیں گے۔"

تہجد بالجماعۃ

حضرت والا قدس سرہٗ سے کسی مستفسر نے تہجد با جماعت اور تہجد میں قرأت جہری کے متعلق پوچھا۔ حضرت الشیخؒ نے جواباً تحریر فرمایا:

" تہجد کی نماز باجماعت اتفاقاً ہو جائے تو جائز ہے۔ مگر اہتمام و دعوت کیساتھ مناسب نہیں۔ تہجد کی نماز ذرا جہر سے پڑھنا مستحب ہے"

ایک حافظ صاحب نے تہجد میں قرآن کریم سنانے کے بارے میں استفسار کیا۔ حضرت والاؒ نے ارقام فرمایا:۔

" تہجد بالجماعۃ اگر اتفاقاً ہو جائے تو جائز ہے۔ ورنہ اہتمام و تداعی کے ساتھ نہیں۔ غور کرنا چاہیئے کہ اس میں ریا اور نمود کی خواہش تو پوشیدہ نہیں۔"

Marfat.com

ادعیہ تہجد

تہجد کا وقت اور پچھلی رات عجب برکت و نورانیت، نزول رحمت، اجابتِ دعاء عطائے رب اور قربتِ حق کی ساعتِ سعید ہوتی ہے حضرت ابو ہریرہؓ حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت فرماتے ہیں۔ کہ

"ہمارا رب ہر رات کا جب آخر تہائی حصہ باقی رہ جاتا ہے آسمان دنیا پر نزول فرماتا ہے۔ اور ارشاد فرماتا ہے: کون ہے جو مجھے پکارے تاکہ میں اسکی پکار کو سنوں؟ کون ہے جو مجھ سے سوال کرے پس میں اس کے سوال کو پورا کروں، کون ہے جو مجھ سے مغفرت چاہے تاکہ میں اسے بخش دوں؟"

دوسری روایت میں ہے کہ:-

"جب رات کا پہلا تہائی حصہ گذر جاتا ہے۔ تو اللہ تعالیٰ آسمان دنیا پر نزول فرماتے ہیں اور ارشاد فرماتے رہتے ہیں۔" کیا کوئی مغفرت کا طالب ہے؟ کیا کوئی توبہ کرنے والا ہے کیا کوئی سوال کرنے والا ہے؟ کیا کوئی دعا مانگنے والا ہے؟ اور اللہ تعالیٰ طلوع فجر تک یوں ہی آواز دیتے رہتے ہیں۔" (جمع الفوائد ج۲ ص۶۱۶ بحوالہ بخاری، مسلم، ترمذی، ابوداؤد و ابن ماجہ)

اللہ اکبر کیا نوید جانفزا ہے۔ اور رحمت بیکراں کا کیسا مژدہ عام ہے! خوش نصیب ہیں وہ اشخاص جو ندائے رب پر لبیک کہتے ہیں۔ اور ہر رات اپنی مرادیں اور آرزوئیں کریم و رحیم پروردگار کی بارگاہ قدس میں پیش کر کے عطا ربانی

Marfat.com

اور نفس صمدانی سے مالامال ہوتے ہیں۔ ظاہر ہے کہ اس وقت کی سب سے زیادہ مناسب دعائیں حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم ہی امت کو بتا سکتے تھے۔ اس لئے تہجد اور پچھلی رات میں ماثورہ اور مسنون دعائیں پڑھنا خاص برکت وعطا کا سبب ہے۔ ہمارے حضرت والا قدس سرہٗ طالبین کو تہجد کی دعاؤں کے یاد کرنے اور انہیں اسوقت پڑھنے کی خاص تلقین فرماتے تھے۔ چنانچہ ایک مسترشد خاص کو ارقام فرماتے ہیں،

"تہجد میں وہی تسبیحیں بالفعل پڑھئے۔ جو عام نمازوں میں پڑھتے ہیں مگر احادیث وادعیہ سے وہ تسبیحیں یاد کر لیجئے جو تہجد میں شروع قیام میں رکوع وسجود میں حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم پڑھا کرتے تھے۔"

ایک سالک کو تہجد کی دعائیں خط میں لکھ کر ارسال فرمائیں اور تحریر فرمایا:

تکبیر تحریمہ سے پہلے (یہ دعائیں پڑھیں)

اللھم ربنا لک الحمد انت قیم السموٰت والارض ومن فیھن، ولک الحمد انت نور السموٰت والارض ومن فیھن، (اللھم لک الحمد انت رب السموٰت والارض ومن فیھن) ولک الحمد انت ملک السموٰت والارض ومن فیھن، ولک الحمد انت الحق ووعدک حق ولقاؤک حق وقولک حق، والجنۃ حقٌ والنار حق والنبیون حق ومحمد (صلی اللہ علیہ وسلم) حق والساعۃ حقٌ اللھم لک اسلمت وبک اٰمنت وعلیک توکلت و الیک انبت وبک خاصمت والیک حاکمت باغفرلی

Marfat.com

ما قدمت وما اخرت وما أسررت وما اعلنت وما انت اعلم به منی انت المقدم انت الموخر لا الٰہ الا انت [1] انی وجہت وجہی للذی فطر السمٰوات والارض حنیفا وما انا من المشرکین

اور یہ دعا (جو بندہ نے سنائی تھی)

اَللّٰھُمَّ رَبَّ جِبْرَائِیْلَ وَمِیْکَائِیْلَ وَاِسْرَافِیْلَ فَاطِرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ عَالِمَ الْغَیْبِ وَالشَّھَادَةِ اَنْتَ تَحْکُمُ بَیْنَ عِبَادِكَ فِیْمَا کَانُوْا فِیْهِ یَخْتَلِفُوْنَ اِھْدِنِیْ لِمَا اخْتُلِفَ فِیْهِ مِنَ الْحَقِّ بِاِذْنِكَ اِنَّكَ تَھْدِیْ مَنْ تَشَاءُ اِلٰی صِرَاطٍ مُّسْتَقِیْمٍ [1]۔

تہجد کے لئے اٹھتے ہوئے تکبیر تحریمہ سے پہلے پڑھنے کا ارشاد فرمایا پھر

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ وَجَّھْتُ وَجْھِیَ لِلَّذِیْ فَطَرَ السَّمٰوَاتِ وَالْاَرْضَ حَنِیْفًا مُّسْلِمًا وَّمَا اَنَا مِنَ الْمُشْرِکِیْنَ۔ اِنَّ صَلَاتِیْ وَنُسُکِیْ وَمَحْیَایَ وَمَمَاتِیْ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ لَا شَرِیْكَ لَهٗ وَبِذٰلِكَ اُمِرْتُ وَاَنَا مِنَ الْمُسْلِمِیْنَ [2] کہنے کے بعد تکبیر تحریمہ

تکبیر تحریمہ :- اللّٰہ اکبر کبیرا والحمد للّٰہ کثیرا وسبحان اللّٰہ بکرة و اصیلا [3]

ثنا کے بعد تعوذ سے پہلے :- اَللّٰھُمَّ باعد بینی و بین خطایای کما باعدت بین المشرق والمغرب اللّٰھُمَّ نقنی من الخطایای

---

[1] رواہ مسلم واصحاب السنن من عائشہ (جمع الفوائد ص ۶۲۵ ج ۲) وصحیح مسلم ص ۲۶۳ ج ۱

[2] جمع الفوائد ص ۶۲۶ بحوالہ مسلم، ابوداؤد، نسائی، مشکوٰة بحوالہ مسلم ص ۷۷ ج ۱)

[3] الوابل الصیب ص ۱۳۹ بحوالہ سنن ابوداؤد [4] مشکوٰة بحوالہ بخاری ومسلم ص ۷۷

Marfat.com

كما ينقى الثوب الابيض من الدنس اللّٰهم اغسل خطاياى
بالماء والثلج والبرد

رکوع میں :-

اللّٰهم لك ركعت ولك اسلمت وبك امنت خشع
لك سمعى وبصرى ومخى وعظمى

سجود میں :-

اللّٰهم لك سجدت وبك امنت ولك اسلمت سجد
وجهى للذى خلقه وصوره وشق سمعه وبصره "

فقیر سے نماز و وضو اور تہجد کی مختلف دعاؤں کے متعلق ایک مرتبہ استفسار فرمایا۔ اور فقیر سے تہجد میں اٹھتے وقت، رکوع و قومہ اور سجدہ وغیرہ سن کر خوشی کا اظہار اور تحسین فرماتی۔ افادہ عام کیلئے ان کی دعاؤں کو اور حضرت سیدی قدس سرہٗ کی بتائی ہوئی ترتیب کو نقل کرتا ہوں

تکبیر تحریمہ سے پہلے

مذکورۃ الصدر دعاء : اللّٰهم لك الحمد انت قيم السموٰت
والارض ومن فيهن الى آخره

رکوع میں :- اللّٰهم لك ركعت وبك آمنت ولك اسلمت
خشع سمعى وبصرى ومخى وعظمى وما استقلت به قدمى

ا۔ اس دعاء کو بخاری، مسلم، ابوداؤد، ترمذی، ابن ماجۃ و نسائی نے حضرت ابن عباسؓ کی روایت سے نقل کیا ہے کہ جب آپ تہجد کیلئے رات کو اٹھتے تھے تو یہ دعا پڑھتے تھے (جمع الفوائد ص ۲۳۳ ج ۱) ابن قیم نے صحیحین کے حوالہ سے رب السموٰت والارض الخ کی زیادت نقل کی ہے (الوابل الصیب)

Marfat.com

للہ رب العلمین[1]

قومہ میں:۔ اللّٰھم ربنا لک الحمد ملأ السموات والارض وما بینھما وملاء ماشئت من شیء بعد[2]

سجدہ میں:۔ اللّٰھم لک سجدت وبک امنت ولک اسلمت سجد وجھی للذی خلقہ وصورہ وشق سمعہ وبصرہ تبارک اللہ احسن الخالقین[3]

تشہد ودرود شریف کے بعد:۔

اللّٰھم انت الملک لا الٰہ الا انت انت ربی و انا عبدک ظلمت نفسی و اعترفت بذنبی فاغفرلی ذنوبی جمیعا انہ لا یغفر الذنوب الا انت واھدنی[4] لاحسن الاخلاق انہ لا یھدی لاحسنھا الا انت واصرف عنی سیئھا لا یصرف عنی سیئھا الا انت لبیک وسعدیک والخیر کلہ فی یدیک والشر لیس الیک انابک والیک تبارکت وتعالیت و

---

[1] کتاب الاذکار للامام النووی ص۴۹ بحوالہ صحیح مسلم

[2] صحیح المسلم ص۲۶۳ ج۱؛ [3] صحیح مسلم ص۲۶۳ ج۱؛

[4] علامہ الہیثمی نے مجمع الفوائد میں طبرانی کے حوالے سے ابوایوبؓ، ابن عمرؓ اور ابوامامہؓ سے احادیث نقل کی ہیں جس میں "اللھم اھدنی لصالح الاعمال والاخلاق کے الفاظ آتے ہیں حضرت رحمۃ اللہ علیہ نے بندہ کو فرمایا تھا کہ اس دعا میں اھدنی لصالح الاعمال والاخلاق بھی پڑھ لیا کریں (مجمع الزوائد ص۱۱۱ ج۱۰، ص۱۱۲ ج۱۰، ص۱۷۳ ج۱۰)

Marfat.com

استغفرك واتوب الیك[۱] اللّٰھم اغفر لی ما قدمتُ
وما اخرت وما اسررت وما اعلنت وما اسرفتُ
وما انت اعلم به منی انت المقدم وانت المؤخر
لا الٰه الا انت[۲] اللّٰھم انی ظلمت نفسی ظلماً کثیرا
ولا یغفر الذنوب الا انت فاغفر لی مغفرة من عندك
وارحمنی انك انت الغفور الرحیم[۳]

ختم تہجد پر دُعا

اللّٰھم انی اسئلك رحمةً من عندك تھدی بھا قلبی وتجمع بھا امری وتَلُمّ بھا شعثی وتصلح بھا غائبی وترفع بھا شاھدی وتزکی بھا عملی وتلھمنی بھا رُشدی وتعصمنی بھا من کل سوءٍ اللّٰھم اعطنی ایماناً ویقیناً لیس بعدهٗ کفرٌ ورحمةً انال بھا شرف کرامتك فی الدنیا والاخرة اللّٰھم انی اسئلك الفوز فی القضاءِ ونُزُل الشھداءِ وعیش السعداءِ ومرافقة الانبیاء اللّٰھم انی أُنزل بك حاجتی وان قصر رائی وضعف عملی افتقرت الی رحمتك فاسئلك یا قاضی الامور ویا شافی الصدور کما تجیر بین البحور ان تجیرنی من عذاب السعیر ومن دعوة الثبور ومن فتنة القبور اللّٰھم ما قصر عنه رأیی ولم تبلغه نیتی ولم تبلغه مسألتی من خیرٍ وعدته احداً من خلقك او خیرٍ انت معطیه احداً من عبادك فانی ارغب الیك فیه واسألكه برحمتك رب العالمین اللّٰھم ذا الحبل الشدید والامر الرشید اسئلك الامن یوم الوعید والجنة یوم الخلود مع المقربین الشھود الرکع السجود الموفین بالعھود انك رحیم ودود وانت تفعل ما ترید اللّٰھم اجعلنا ھادین مھتدین غیر ضالین ولا مضلین سلماً لاولیائك وعدواً لاعدائك نحب بحبك من احبك ونعادی بعداوتك من خالفك اللّٰھم ھذا الدعاء وعلیك الاجابة وھذا الجھد وعلیك التکلان اللّٰھم اجعل لی نوراً فی قلبی ونوراً فی قبری ونوراً من بین یدی ونوراً من خلفی ونوراً عن یمینی ونوراً عن شمالی ونوراً من فوقی ونوراً من تحتی ونوراً فی سمعی ونوراً فی بصری ونوراً فی شعری ونوراً فی بشری ونوراً فی لحمی ونوراً فی دمی ونوراً فی عظامی اللّٰھم اعظم لی نوراً واعطنی نوراً واجعل لی نوراً سبحان الذی تعطف العز وقال به سبحان الذی لبس المجد وتکرم به سبحان ذی الجلال والاکرام —— (رواہ الترمذی)

تنبیہ: یہ بات ذہن میں رہے کہ یہ دعائیں پڑھنا مستحب ہے اگر یاد نہ ہوں تو اس کی وجہ سے تہجد پڑھنے میں کوتاہی نہیں کرنی چاہئیے مزید یہ کہ نماز کے اندر دعائیں حنفیہ کے نزدیک صرف نوافل و تہجد کے ساتھ مختص ہیں۔

---

[۱] صحیح مسلم ج ۱ ... [illegible] [۲] ... [illegible] [۳] ریاض الصالحین بحوالہ صحیحین ... [illegible]

نماز توبہ

انسان گناہگار ہے۔ خطاو نسیان اسکا خمیر ہے۔ حدیث شریف میں ہے:

کلُّ بنی آدم خطاء وخیر الخطائین التوابونؔ[1]	تمام بنی آدم خطاکار ہیں لیکن بہتر گنہگار وہ ہیں جو توبہ کرتے ہیں۔

حضرت سیدی قدس سرہ اپنے ایک خادم کو لکھتے ہیں۔

"بندہ ہر حال میں گنہگار ہے۔ اور خدا کی بارگاہ میں اپنے گناہوں کا اعتراف اور اپنی غلط کاری اور تساہل پر ندامت اور آئندہ گناہوں سے بچنے اور احکام الہٰی پر عمل کرنے پر استقامت اور ساری عمر اسی ریاضت میں گذار دینا یہی اپنی بندگی ہے"[2]

---

[1] جمع الفوائد بحوالہ ترمذی ص۲۰۶ ج۲ و رواہ ایضاً احمد وابن ماجہ والحاکم (اطراف الاذکار)

[2] کسی نے کیا خوب کہا ہے۔

انا المذنب الخطاو العفو واسع ۔ ولولم یکن ذنب لما وقع العفو (الاذکار للنووی ص۳۵۵)

(میں انتہائی خطاکار وگناہگار ہوں۔ اور اللہ کی مغفرت وسیع ہے) اگر گناہ نہ ہوتے تو عفو ومعافی کیسے ہوتی۔

عصیان ما و رحمت پروردگار ما ۔ این را نہایتے نہ آں را نہایتے

حضرت والاؒ طالبین کو عموماً اور بیعت ہونے والوں کو خصوصاً گناہوں کی بخشش کیلئے توبہ و استغفار کی کثرت کے ساتھ "صلوٰۃ التوبہ" کی تلقین فرماتے تھے۔ چنانچہ مختلف حضرات کے نام متعدد مکتوبات میں اس قسم کے ارشادات ملتے ہیں:-

۱:- "خوب سوچ سمجھ کر جس وقت اس راہ پر قدم رکھنے کی عزیمت ہو جائے۔ وضو کر کے خضوع و خشوع سے دو رکعت نفل (توبہ) ادا کر کے اللہ تعالیٰ کے حضور میں گڑگڑا کر دعا مانگیے اور استغفار کیجئے اور دل میں اللہ تعالیٰ سے عہد کیجئے۔ کہ اب خدا کے احکام سے حتی الامکان سرتابی نہ ہوگی۔ اور جھوٹ، غیبت، بدنظری اور تمام لغویات سے پرہیز کروں گا۔"

انہیں کو دوسرے خط میں لکھا:-

آپ کا خط پڑھ کر مجھے بہت مسرت ہوئی۔ اللہ تعالیٰ مزید توفیقات سے آپ کو بہرہ ور فرمائیں۔ آپ نے دو رکعت نماز (توبہ) پڑھ کر جو دعا مانگی یہ گذشتہ سے توبہ اور آئندہ کیلئے صحیح راستہ پر چلنے کا ارادہ ہے۔ اللہ تعالیٰ آپ کی دعاء قبول فرمائیں اور آئندہ کی توفیق عنایت فرمائیں ..... تمام گناہوں سے بچنے کا اہتمام رکھیئے اگر غلطی سے کبھی ہو جائے تو یاد آنے پر فوراً استغفار کیجئے اور نیا عہد کیجئے۔ کہ انشاء اللہ اب اپنے قصد سے اس کا ارتکاب نہیں ہوگا۔"

Marfat.com

ایک خادم کو غائبانہ بیعت کرنے پر آمادگی کا اظہار فرماتے ہوئے تحریر فرمایا۔

"میں بیعت میں آپ کو لینے کو تیار ہوں۔ اللہ تعالیٰ اس سے مجھے اور آپ کو فائدہ پہنچائے۔ آپ کو جب یہ خط ملے تو بعد نماز مغرب یا جس وقت آپ کو طمانیت ہو اچھی طرح وضو کر کے دو رکعت نماز تنہائی میں نماز توبہ کی نیت سے پڑھیں۔ اور پھر اللہ تعالیٰ سے اپنے گناہوں کی معافی چاہیں ......"

ایک صاحب نے گذشتہ معاصی پر ندامت کا اظہار کرتے ہوئے تدارک کی صورت پوچھی، اور لکھا کہ:

"طبیعت چاہتی ہے۔ کہ کسی صورت زندگی کا گناہوں والا حصہ الگ ہو کر باقی زندگی بے داغ اور عین اسلامی گذاری جائے۔ بہرحال اب اس کے تدارک کی کیا صورت ہے۔"

حضرت والاؒ نے جواباً تحریر فرمایا،

"یہ کیفیت غلط زدہ بہت اچھی ہے۔ اب آپ ایک روز تہیہ اور عزم کر کے وضو اچھی طرح کیجئے اور خلوص سے نماز توبہ ادا کیجئے اور اس کے بعد اللہ تعالیٰ سے گناہوں کی معافی پورے خضوع اور خشوع سے مانگیں اور عزیمت کریں۔ اور اللہ تعالیٰ سے توفیق مانگیں۔ کہ اب کوئی عصیان کا کام نہ ہونے پائے۔"

ایک دوسرے طالب کو ارقام فرمایا،

"آپ کسی وقت دو رکعت نفل (توبہ) باخلاص پڑھ کر استغفار

Marfat.com

کیجئے۔ اور اسی وقت سے کام شروع کر دیجئے۔ اور پوری توبہ گذشتہ تقصیروں پر کر کے آگے کیلئے اطاعت کامل کا عزم کیجئے اللہ تعالیٰ پورا فرمائیں گے۔ وَمَنْ يَّتَوَكَّلْ عَلَى اللهِ فَهُوَ حَسْبُهٗ۔

ایک مسترشد کو لکھا :

"کسی جمیعت خاطر کے وقت اچھی طرح وضو نیت کے ساتھ بسم اللہ الرحمٰن الرحیمؒ کہکر کریں۔ اور دو رکعت نماز کمال خشوع و خضوع کے ساتھ نماز توبہ کی نیت سے پڑھیں۔ پہلی رکعت میں "قُلْ يَا أَيُّهَا الْكَافِرُوْنَ" اور دوسری رکعت میں "قُلْ هُوَ اللهُ أَحَدٌ" پڑھا جائے۔ اور اس کے بعد کمال استقامت کے ساتھ گذشتہ معاصی سے بدرگاہ الٰہی پوری انابت، عاجزی و مسکینی سے توبہ کی جائے۔ اور آئندہ ان معاصی سے بچنے کا عزم صمیم کیا جائے"

غرض حضرت والا رحمہ اللہ تعالیٰ نماز توبہ کی گناہوں کے معافی کیلئے بہت تاکید فرماتے تھے۔ حدیث میں بھی صلوۃ التوبہ کی بہت فضیلت آئی ہے۔ چنانچہ ترمذی میں ہے کہ حضرت ابوبکرؓ نے فرمایا کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے سنا ہے

ما من رجل يذنب ذنبا ثم	جس شخص سے گناہ صادر ہو جائے پھر
يقوم فيتطهر ثم يصلي ثم	وہ اٹھے اچھی طرح وضو کرے پھر
يستغفر الله الا غفر الله له	نماز پڑھے پھر استغفار پڑھے تو
ثم قرأ هذه الآية والذين	اللہ تعالیٰ (اس عمل کی برکت) سے اسے

Marfat.com

إِذَا فَعَلُوْا فَاحِشَةً اَوْ ظَلَمُوْا اَنْفُسَهُمْ ذَكَرُوا اللّٰهَ۔ الی آخر الاٰیۃ (رواہ الترمذی وقال حدیث حسن)

گناہ بخش دیگا پھر آپ نے تائید میں یہ آیت پڑھی (جس کا ترجمہ یہ ہے)

اور ایسے لوگ جب کوئی ایسا کام کر گذرتے ہیں، جس میں زیادتی ہو۔ یا اپنی ذات پر نقصان اٹھاتے ہیں تو اللہ تعالیٰ کو یاد کر لیتے ہیں۔ پھر اپنے گناہوں کی معافی چاہنے لگتے ہیں۔ اور اللہ تعالیٰ کے سوا اور ہے کون جو گناہوں کو بخشتا ہو۔ اور وہ لوگ اپنے فعل پر اصرار نہیں کرتے اور وہ جانتے ہیں۔"

ابوداؤد ونسائی، ابن ماجہ صحیح ابن حبان اور بیہقی میں بھی یہ روایت ہے ابن حبان اور بیہقی نے " ثم یصلی رکعتین " پھر دو رکعت نماز پڑھے کے لفظ روایت کئے ہیں۔ ابن خزیمہ نے بھی اسی طرح سے روایت بغیر سند کے نقل کی ہے

سلہ، سنے الترغیب والترھیب منذری صـ ۱۶۷

تکمیل و تحسین صلوٰۃ

نماز بقول قاضی بیضاویؒ "ام العبادات، مومنین کا معراج اور رب العٰلمین سے سرگوشی و مناجات ہے"[1]

امام غزالیؒ لکھتے ہیں

فان الصلوٰۃ عماد الدین وعصام الیقین ورأس القربات وغرۃ الطاعات[2]	نماز دین کا ستون، یقین (و ایمان) کا گلوبند (زیور) قربت والے اعمال کی سردار اور طاعات میں سب سے پسندیدہ ہے

نماز روحِ دین، نورِ ایمان، جانِ عبادت اور بہارِ طاعت ہے۔ تکمیل صلوٰۃ مومن کا سب سے بڑا زینہ ہے۔ سیرت سازی اور تربیت نفس، تعمیرِ اخلاق، اصلاحِ باطنی، صفائی قلب اور حصول عبدیت میں نماز کا عظیم حصہ ہے نماز ایک ایسی قوتِ متحرکہ ہے جو نمازی کو احکام الٰہی کا پابند اور معاصی سے مجتنب و نفور بنا دیتی ہے۔ ایمان و تقویٰ کا کمال نماز کے کمال پر منحصر ہے گذشتہ اوراق میں اس مہتم بالشان عبادت کے متعلق جو مباحث گذرے ہیں۔ اس سے بھی نماز کے ظاہری و باطنی آداب کی رعایت اس کے

1۔ التفسیر البیضاوی

2۔ احیاء العلوم الدین صفحہ ۱۴۵ جلد ۱

Marfat.com

احکام کی حفاظت اور تحسین و تکمیل کی ضرورت واضح ہوجاتی ہے۔ حضرت سیدی قدس سرہٗ نماز کی درستگی و کمال، آراستگی و جمال اور اس کی روح و حقیقت کے حصول و بقا اور اسکی ظاہری و باطنی تزئین و آرائش کے لئے طالبین کو ہمیشہ تلقین و فہمائش فرماتے رہتے تھے۔

ایک طالب کو ارقام فرماتے ہیں؛

"اللہ تعالیٰ آپ کی باطنی حالت کو آراستہ کرے اور باطنی احوال میں ترقی عنایت فرمائے۔ ہر بات میں اور ہر حال میں رضائے مولیٰ پر نظر رہے۔ اور نماز کی تحسین اور آراستگی کا پورا خیال رہے .... نماز کی تحسین کے معنٰی یہ ہیں کہ نماز کے سارے آداب مستحسن (طریقے سے ادا کئے جائیں) اور سنن کا لحاظ رکھا جائے ارکان کے ادا کرنے میں تعدیل ہو۔ رکوع و سجود کی تسبیحات تین سے زیادہ پڑھائی جائیں۔ مسنون وقت کا خیال رکھا جائے"

ایک دوسرے طالب کو تحریر فرمایا:۔

"نماز کو اپنی طرف سے پورے ظاہری و باطنی آداب اور خضوع و خشوع کے ساتھ ادا کرنے کی کوشش کیجئے۔ جس قدر حاصل ہو

۱؎ حضرت ابو ہریرہؓ حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد نقل فرماتے ہیں: "اے فلاں تو نماز کو اچھا کیوں نہیں پڑھتا کیا نمازی جب نماز پڑھتا ہے۔ تو وہ یہ نہیں جانتا کہ نماز کیسے پڑھ رہا ہے (اسے خیال ہونا چاہیئے کہ) وہ اپنے نفس کے لئے نماز پڑھ رہا ہے۔ پس اسے تحسین نماز کا اہتمام کرنا چاہیئے) ۔۔۔ کنزالاعمال بحوالہ مسلم و نسائی ص۱۱۲ ج ۴

Marfat.com

اس پر شکر کیجئے۔ اور آئندہ کیلئے ہمت کیجئے اور دعا کیجئے اس کے حصول کا طریقہ جب آپ پوچھیں گے عرض کیا جائیگا ..... (نماز باجماعت کی پابندی پر) مبارک، اللہ تعالیٰ استقامت عطا فرمائیں"......

"قلب کی مشغولی (نماز میں) یہ سہواً واقع ہوتی ہے۔ نماز میں صرف نماز کے ارکان اور قرأت اور ادعیہ کی طرف توجہ رکھی جائے اور قرآن پاک کی تلاوت روزانہ کا معمول کیجئے تاکہ قرأت صحیح ہو"....

ایک خادم سے استفسار فرماتے ہیں:۔

"نماز کا کیا حال ہے۔ اسمیں یکسوئی اور خضوع و خشوع اور نماز میں جماعت کی پابندی اوقات مسنونہ کی پابندی اور اتباع سنت کا شوق کہاں تک ہے۔"

ایک سالک کو لکھتے ہیں:

"نماز میں اعتدال ارکان اور حضور قلب کی کوشش ہو.... (اور نماز میں یہ تصور رہو) کہ بندہ اپنے آقائے حقیقی کے سامنے کھڑا ہے[1] اور وہ اس کو دیکھ رہا ہے۔ اس کا اثر یہ ہو کہ قلب میں سکون اور جسم میں پستی اور تواضع کی شان پیدا ہو۔"

---

[1] کسی کا شعر ہے۔

نگاہ نیچی کئے کھڑا ہوں وہ سامنے میرے جلوہ گر ہیں
زباں مری کلام انکا میں پڑھ رہا ہوں وہ سن رہے ہیں

Marfat.com

نماز کے باطنی آداب
یا
حقیقتِ نماز

نماز کا ظاہر اپنی حقیقتِ باطنی سے جاندار، باوقار اور پرانوار بنتا ہے اس لئے نماز کے ظاہری جمال و تحسین کیلئے بھی اس کے باطنی کمال و تزئین کی ضرورت ہے۔ نماز کی باطنی حقیقت و روح خضوع و خشوع، تبتل و تذلل، حضور و احسان، عبدیت و عبودیت، انکسار و افتقار، فروتنی و تواضع، مسکنت و الحاح، عاجزی و زاری وغیرہ احوال و کوائف جو اللہ تبارک و تعالیٰ کی صفات کے استحضار اور اسکی عظمت و جبروت، جلالت و کبریائی کے دھیان سے ناشی اور اس کی بارگاہ عالی میں حاضری کی ہیبت سے پیدا ہوتے ہیں۔

حضرت والا قدس روحہ ایک خادم (جس نے لکھا تھا کہ نماز میں احیاناً اسرار منکشف ہوجاتے ہیں۔ اور واردات صحیحہ کا نزول ہوتا ہے) کو تحریر فرماتے ہیں،

"نماز کشف اسرار اور واردات صحیحہ کا محل نہیں۔ یہ صرف عبودیت و عبدیت اور تواضع اور کیفیت کا محل ہے۔"

Marfat.com

ایک اور مکتوب میں ہے :-

"اصل شئ نماز میں حضور اور خشوع ظاہری و باطنی ہے۔"

ایک طالب کو ارقام فرماتے ہیں۔

"نماز کو اپنی طرف سے پورے ظاہری و باطنی آداب اور خضوع و خشوع کے ساتھ ادا کرنے کی کوشش کیجئے۔ جس قدر حاصل ہوا اس پر شکر کیجئے اور آئندہ کیلئے ہمت کیجئے۔"

قرآن و حدیث کی نصوص نماز کی اس حقیقتِ (مذکورہ) کے حصول کی ترغیب سے مملو ہیں۔ (جیسا جاننے والوں سے پوشیدہ نہیں اور گذشتہ اوراق میں کچھ نصوص گذر بھی چکے ہیں) تبرکاً چند احادیث نقل کرتا ہوں۔

حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں :-

"نماز دو دو رکعت کر کے ہے۔ اور ہر دوسری رکعت میں تشہد ہے تضرع و زاری ہے، خشوع و خضوع ہے۔ اور عاجزی و مسکنت ہے۔ اور ہاتھ اٹھا کر اے رب اے رب کہنا ہے۔ جس نے ایسا نہ کیا اسکی نماز ناقص رہی۔"[1]

مسند احمد اور سنن بیہقی میں حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد نقل کیا گیا ہے :

---

[1] کنز العمال ص۱۱۳ ج ۴ عن فضل ابن عباس حاشیہ بحوالہ احمد، حکیم ترمذی، ابن جریر، کبیر طبرانی و نیز مسند احمد، ابوداؤد، ترمذی ابن جریر سنن بیہقی عن المطلب ابن ابی وداعہ۔

Marfat.com

ان المصلی یناجی ربہ نمازی اپنے پروردگار سے رازونیاز کی باتیں
فلینظر ما یناجیہ بہ[1] کرتا ہے۔ پس اسے دیکھنا چاہیئے کہ وہ
کیا مناجات کرتا ہے۔ یعنی غفلت سے نماز نہیں پڑھنا چاہیئے۔

ایک دوسری روایت میں ہے کہ آپؐ نے ارشاد فرمایا۔

" جس نے کامل وضو کیا پھر کھڑے ہو کر ایسی نماز پڑھی کہ وہ اس میں جو کہتا تھا۔ اسے جانتا (اور سمجھتا) بھی تھا۔ یہاں تک کہ اسی حالت میں اس نے نماز ختم کر لی۔ تو وہ ایسا پاک ہو جاتا ہے۔ جیسا اسکی ماں نے اسے جنا (کنزالعمال ص۱۱۲ ج ۴ بحوالہ عبدالرزاق عن عقبۃ بن عامر)

احمد، ابوداؤد، نسائی اور ابن حبان نے صحیح میں ابی ذرؓ سے نقل کیا ہے کہ حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا۔

" جب بندہ نماز میں ہوتا ہے۔ تو اللہ تعالیٰ اس وقت تک اسکی طرف متوجہ رہتا ہے۔ جب تک بندہ دوسری طرف التفات نہیں کرتا جب بندہ دوسری طرف دھیان کر لیتا ہے۔ تو اللہ تعالیٰ بھی اس سے اپنی توجہ کو ہٹا لیتے ہیں[2] "

امام بیہقی نے شعب الایمان میں ابوہریرہؓ سے روایت کی ہے

" جب کبھی بندہ نماز میں ادھر ادھر دھیان کرتا ہے تو اسکا پروردگار اس سے کہتا ہے تو کدھر توجہ کر رہا ہے۔ اسلئے

---

[1] کنزالعمال ص۱۱۳ ج ۴ [2] کنزالعمال ص۱۰۷ ج ۴

ابن آدم میں اس سے تیرے لئے بہتر ہوں۔ جس کی طرف تو دھیان کر رہا ہے[1]

ایک حدیث میں ہے:۔

لا صلوۃ للملتفت[2] :۔ نماز میں جو ادھر ادھر دھیان کرتا ہے۔ اس کی نماز کامل ہوتی ہی نہیں۔

دوسری حدیث میں ہے:۔

لا صلوۃ لمن لا یتخشع فی صلوتہ[3] اس شخص کی نماز (کامل) نہیں ہوتی جو نماز میں خشوع نہیں کرتا۔

غرض نماز اپنے باطنی آداب و ارکان کے اہتمام و رعایت کے ساتھ کامل ہوتی ہے۔ ان باطنی اعمال کے بغیر نماز قالب بے روح اور گل بے رنگ و بو ہے کہ بقول حضرت شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی قدس سرہ

"حقیقت نماز مراقبہ حق است بوجہ تعظیم بدل و درکار برداشتن جمیع حواس وقویٰ وجوارح واعضا"[4]

(نماز کی حقیقت اللہ تعالیٰ کی تعظیم وعظمت سے دل کے ساتھ دھیان و مراقبہ اور تمام حواس وقویٰ اور جوارح واعضا کا نماز میں ہمہ تن مشغول کرنا ہے

---

[1] کنز العمال ص۲۳۱ ج ۴

[2] کنز العمال ص۲۰۲ ج ۴ بحوالہ طبرانی معجم کبیر عن عبداللہ ابن سلام

[3] کنز العمال ص۲۰۲ ج ۴

[4] تفسیر فتح العزیز ص۳۷۸

نماز میں خشوع ارشاد باری ہے :-

قَدْ اَفْلَحَ الْمُؤْمِنُوْنَ الَّذِيْنَ هُمْ فِيْ صَلٰوتِهِمْ خَاشِعُوْنَ (المؤمنون - ۱)

تحقیق فلاح پائی ان ایمان والوں نے جو اپنی نماز میں خشوع (زاری و عاجزی) کرنے والے ہیں۔

علامہ الالوسی بغدادیؒ نے 'الخشوع' کے معنی لکھے ہیں۔

التذلل مع خوف و سکون للجوارح (روح المعانی صفحہ ۴۸ ج ۵)

خشوع (اللہ کے) خوف کیساتھ پستی و عاجزی اور جوارح کے سکون کو کہتے ہیں۔

حضرت تھانوی رحمہ اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتے ہیں۔

"لغوی حقیقت خشوع کی سکون ہے۔ اور شرعی حقیقت 'قلب و جوارح کا ارادی سکون' اور سکون مقابل ہوتا ہے۔ حرکت کے' تو جوارح کی حرکت کے مقابل میں ان کا سکون یہی ہے کہ جس حرکت کا شرعاً حکم نہیں وہ حرکت نہ کرے۔ یعنی ارادہ کر کے بیکار ہاتھ پاؤں نہ ہلائے' ادھر ادھر گردن یا نظر کو نہ پھیرے سر اور کپڑے نہ اٹھاوے

۱؎ حضرت علامہ تھانوی قدس سرہٗ بیان القرآن میں تحریر فرماتے ہیں :-

"خشوع کی حقیقت ہے سکون' یعنی قلب کا بھی کہ خیالات غیر کو قلب میں بالقصد حاضر نہ کرے۔ اور جوارح کا بھی کہ عبث حرکتیں نہ کرے اسکی فرضیت میں کلام ہے۔ مگر حق یہ ہے کہ صحت صلاۃ کا موقوف علیہ نہیں اور اس مرتبہ میں فرض نہیں اور قبول صلوۃ کا موقوف علیہ ہے اور اس مرتبہ میں فرض ہے۔ مسائل سلوک میں لکھتے ہیں۔ یہ آیت صراحۃً دال ہے خشوع کے مطلوب ہونے پر اور روح میں ہے کہ حق یہ ہے کہ یہ صحت صلوٰۃ کی شرط نہیں مگر قبول کی شرط ہے۔

Marfat.com

بدون ضرورت نہ کھجلاوے نہ کھنکارے وغیرہ اور قلب کی حرکت فکر ہے۔ اس کا سکون عدم فکر ہے۔ یعنی اپنے ارادے سے کسی بات کو نہ سوچے، سو جیسے جوارح کی حرکت اگر بلا قصد مثلاً رعشہ سے کسی کی گردن ہلتی ہو تو وہ خشوع کے منافی نہیں پس غلطی لوگوں کی یہ ہے، کہ خشوع کے معنٰی یہ سمجھتے ہیں۔

اس بنا کا فاسد ہونا تقریر بالا سے معلوم ہو گیا۔ جس سے متعین ہو گیا کہ خشوع اختیاری فعل ہے۔ اور ہر شخص اس پر قادر ہے اور بہت آسان ہے۔ البتہ ارادہ و توجہ کی ضرورت ہے۔ جیسے سب ارادی افعال کی شان ہے۔ کہ ارادہ کرو تو آسان نہ کرو تو دشوار، حتیٰ کہ اگر منہ میں لقمہ لیکر بیٹھ جاؤ اور نگلنے کا ارادہ نہ کرو تو وہ بھی آسان نہیں۔ پس اگر لقمہ نگلنا آسان ہے تو خشوع بھی اتنا آسان ہے۔ اور سہل طریقہ یہ ہے کہ نماز میں جو کچھ منہ سے نکلے محض یاد سے نہ پڑھے بلکہ ہر ہر لفظ پر مستقل ارادہ کر کے اس کو منہ سے نکالے ..... اس مراقبہ کا اول سے آخر تک التزام رکھے۔ انشاء اللہ اول تو بلا قصد بھی کوئی خیال نہیں آوے گا۔ اور اگر فرضاً آجائے تو پھر سوچ میں نہ پڑے کہ ارے یہ تو پھر خطرات آنے لگے۔ یہ سوچ بھی غیر کا خیال ہے بلکہ وہی مذکورہ بالا طریقہ سے توجہ کی پھر تجدید کر لے تو یہ خطرات رفع ہو جائیں گے۔" (جامع المجددین صفحہ ۳۲۹ بحوالہ اصلاح القلوب صفحہ ۶)

Marfat.com

حضرت تھانوی قدس روحہ کے اس ارشاد سے یہ بات واضح ہوگئی کہ 'مطلوب خشوع' وہ ہے جس میں اعضاء و جوارح سے نماز کی مشروع حرکات کے علاوہ عمداً و ارادۃً کوئی حرکت سرزد نہ ہو۔ اور نہ ہی ارادے سے قلب کوئی ایسی حرکت فکری کرے۔ جو 'نماز' کے مامور بہا اعمال قلبی و ظاہری کے خلاف ہو۔ گویا 'خشوع شرعی' اور 'سکون مطلوب' ارادی طور پر دل و جوارح کو نماز کے مشروع اعمال ہی میں مشغول رکھنا ہے۔

نماز میں وساوس اس سے یہ بات بھی ضمناً ثابت ہوگئی کہ غیر ارادی وساوس و خیالات کا آنا نماز میں حارج نہیں نہ 'خشوع شرعی' کے خلاف ہے۔ حضرت والا رحمہ اللہ تعالیٰ ایک مبتدی طالب کو ارقام فرماتے ہیں:۔

"وسوسے اگر بکثرت آتے ہیں اور عادت ہوگئی ہے۔ تو آپ وسوسوں کا خیال نہ کیجئے اور اُدھر دھیان نہ کیجئے . . . نماز میں وسوسے دور کرنے کیلئے یہ کیجئے کہ نماز کے الفاظ ٹھہر ٹھہر کر ارادہ کے ساتھ پڑھیئے۔"

ایک خادم کو تحریر فرماتے ہیں:

"وساوس کا واقع ہونا مضر نہیں۔ چور وہیں آتے ہیں۔ جہاں دولت ہوتی ہے۔ شیطانی وساوس آنے کو بھی ایسا ہی سمجھا جاوے اور ان کی طرف سے ذہن کو پھیر کر اللہ تعالیٰ کی طرف کر لیا جائے۔ عدم التفات ہی اس کا علاج ہے۔"

ایک صاحب کو لکھتے ہیں:

Marfat.com

"بیہودہ اور ناپاک خیالات کا پیدا ہونا اگر اپنی طرف سے نہیں تو انشاء اللہ مضر نہیں۔"

حضرت والا رحمہ اللہ تعالیٰ نے ایک سالک کو ارشاد فرمایا تھا۔

"اللہ تعالیٰ نے قلب و دماغ کو ایسا ہی بنایا ہے کہ اس میں حرکت فطری ہوتی رہے۔ یہ شاہی شاہراہ ہے۔ آپ کون اس کا پہرہ بٹھانے والے کہ اس شاہی شاہراہ پر چوہڑے چمار نہ چلنے پائیں آپ اپنی راہ چلئے وہ اپنی راہ چلیں۔"

مراد یہ ہے کہ وساوس خود بخود آتے رہیں تو حرج نہیں۔ ان سے عدم التفات برتتے ہوئے اپنے کام میں مصروف رہنا چاہئیے وسوسے کے آنے کی قطعاً پرواہ نہ کیجائے کہ انکی طرف دھیان بھی غیر میں مشغولیت ہے اور یکسو ہو کر ہمت و ارادہ سے اللہ تعالیٰ اور نماز کی طرف دھیان جمانے کی کوشش کیا جاوے۔ ہم کوشش کے مکلف ہیں۔ اگر کوشش کے باوجود وسوسے آئیں تو کوئی حرج نہیں تاہم یہ بات ذہن نشین رہے کہ وساوس کا آنا برا نہیں ارادے سے ان کا لانا اور جمانا برا ہے۔ فافہم

نماز میں یکسوئی

نماز میں چونکہ اعمال مختلف ہیں۔ اس لئے حضور و خشوع کی ایک عمومی کیفیت کے باوجود نماز میں یکساں یکسوئی' اور 'استغراق' کی کیفیت عموماً میسر نہیں آسکتی۔ اور نہ یہ مقصود و محمود ہے۔ ہر رکن کی ایک خاص کیفیت و تجلی' ہوتی ہے۔ جو اپنے 'خصوصی لون' سے قلب کو متاثر کرتی ہے اور

Marfat.com

دل گوناگوں الٰہی تجلیات و الوان کا مورد بنا رہتا ہے۔ نماز کے علاوہ ذکر و مراقبہ وغیرہ کے اوقات میں طالب ایک ہی عمل میں مصروف ہوتا ہے۔ اس لئے دھیان و توجہ کی یکسوئی بعض حضرات کو ان اوقات میں نماز سے زیادہ محسوس ہوتی ہے اس قسم کے ایک استفسار کے جواب میں حضرت والا رحمہ اللہ تعالیٰ ارقام فرماتے ہیں :-

"نماز میں اعمال مختلف ہوتے ہیں۔ جس سے وہ یکسوئی جس کو آپ یکسوئی سمجھتے ہیں نہیں ہوتی۔ کیا خدمتگار خدمات کے انجام دینے میں مالک کی محبت کی یکسوئی کا تصور کرتا ہے؟ مگر یہ خدمت خود ہی محبت کی دلیل ہے اور اطاعت کی فافہم،
نماز سے فراغت کی حالت میں یکسوئی مستمر ہو کر محسوس ہوتی ہے مگر یہ کوئی چیز نہیں"

ایسے نماز کی یکسوئی کا حصول بھی ضروری نہیں۔ صرف اس کے حاصل کرنے کی کوشش لازمی ہے۔ حضرت والا رحمہ اللہ تعالیٰ تحریر فرماتے ہیں :-

"یکسوئی ہونا ضروری نہیں۔ آپ کی طرف سے حصول میں کمی نہ ہو، پھر بھی اگر حاصل نہ ہو، تو انسان مکلف نہیں"

ایک سالک صادق نے نماز میں گاہے انتشار واقع ہونے کا گلہ کیا۔
حضرت والا رحمہ اللہ تعالیٰ نے حکیمانہ و مشفقانہ انداز میں تحریر فرمایا

"ایسا بے شک ہوتا رہتا ہے۔ اگر ایسا پیش نہ آیا کرے تو خضوع و خشوع کی حقیقت کیوں کر ظاہر ہو اور اسکی قدر کیوں کر

Marfat.com

ہو، ولضدہا تبین الاشیاء، صحت کی قدر علیل کو علالت ہی سے ہوسکتی ہے۔ شکم سیری کی قدر بھوک ہی سے ہوسکتی ہے حالت کی یکسانی میں شے کی قدر چلی جاتی ہے۔ اس لئے تغیر احوال بھی اللہ کی نعمت ہے۔ اس پر شکر کیجئے۔ اور سمجھئے کہ یہ امور غیر اختیاریہ میں سے ہے۔ اللہ جل شانہٗ کی عطا ہے۔ جب وہ دے قبول کیجئے۔ نہ دے تو گلہ نہ کیجئے۔ اس پر جو غم ہوتا ہے وہ بھی ثواب کا موجب ہے ؎

بر دلِ سالک ہزاراں غم بود　　گر ز باغِ دل خلالے کم بود

اس احساس کمی اور غم پر مبارک باد قبول کیجئے۔"

غرض مستمر اور نمک کیف دلون، یکسوئی نماز میں حاصل نہیں ہوتی کہ نماز مختلف تجلیات کا محل ہے اور ہر تجلی ہر رکن وفعل کے مناسب کیف حضور کو پیدا کرتی ہے۔ گو اس گوناگوں کیفیت پر بھی ایک خاص لون کا کیف سرمدی چھایا رہتا ہے۔ جو عظمت وجلالتِ حق سے ناشی ہوتا ہے۔

نماز میں کیفیت حضوری اور اسکے اثرات

حقیقتِ نماز کی یافت اور اس کے جملہ باطنی آداب کا حصول اللہ جل جلالہ کی عظمت وجلالت کے تصور، کمال وجمال ربانی وصفات الہیہ کے دھیان اور اپنی محتاجی وافتقار بےکسی وبےچارگی کے استحضار ویقین سے نصیب ہوتا ہے۔ جب بندے پر کیفِ حضوری، چھاتا ہے اور اللہ تبارک تعالیٰ کی کبریائی وہیبت وجلال کی تجلی اس کے قلب پر ہوتی ہے۔ تو

وہ منتاد و پست ہو جاتا ہے اور اس پر خشوع و خضوع کی کیفیت طاری ہو جاتی ہے۔ اس میں تذلل و مسکنت، عاجزی و فروتنی پیدا ہو جاتی ہے اللہ تبارک و تعالیٰ کی صفاتِ جمال و نوال اس میں تبتل و الحاح، ذوق و اشتیاق پیدا کر دیتی ہے۔ وہ جب اپنے پروردگار کو سراپا حمد و عطا، جود و سخا، ہمہ خوبی و محبوبی پاتا ہے تو 'اِیَّاکَ نَعۡبُدُ وَاِیَّاکَ نَسۡتَعِیۡنُ' اس کے دل کی صدا اور اسکی روح کی پکار بن جاتی ہے۔ 'عبدیت و عبودیت' کے جذبات زندہ ہو جاتے ہیں۔ غنی مطلق کے سامنے سرافگندگی اپنے عجز و فقر کا اعتراف اس کا حال ہو جاتا ہے۔ اور ہر ایک سے کٹ کر اسی ذات بے ہمتا میں مشغول ہو جاتا ہے۔ جس سے مناجات بے تاب روح کا قرار اور جس میں اشتغال بے چین دل کا سکون ہے۔ غرض کیفیت حضوری یا حضور قلب کی نعمت نماز کے جملہ باطنی فضائل و مزایا کی کلید ہے۔ جس پر کیفیت احسانی کا دروازہ کھل گیا۔ وہ احسان ربانی کے حصہ وافر سے بہرہ مند ہو گیا۔ نماز عبدیت کی جان کیفیتِ احسان ہے۔ حدیث جبرئیل میں حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت جبرئیلؑ کے استفسار پر کہ احسان کیا ہے۔ ارشاد فرمایا تھا۔

اَن تعبد اللّٰہ کانّک تراہ	اللہ کی عبادت ایسی کرو کہ گویا تم اسے
فان لم تکن تراہ فانہ	دیکھ رہے ہو۔ کیونکہ اگر تم اس کو
یراک (مشکوٰۃ بحوالہ مسلم کتاب الایمان)	نہیں دیکھتے تو وہ تم کو دیکھ رہا ہے۔

حضرت والا رحمہ اللہ تعالیٰ اس حدیث کو نقل فرما کر ایک سالک کو

Marfat.com

ارقام فرماتے ہیں :

اب خواہ ہم بادشاہ کو دیکھ رہے ہیں۔ یا وہ ہم کو دیکھ رہا ہے۔ دونوں کا حاصل ایک ہے کہ ہم اپنی نماز کو پورے خضوع، آداب اور انہماک کے ساتھ ادا کریں۔ نماز کے الفاظ یا معنی پر نظر رہنے سے حضور ہو جاتا ہے۔ اور یوں سمجھنے کہ لفظ اللہ آپ کے قلب پر لکھا ہے۔ اور دھر خیال جمانے رکھنے" (تذکرہ صلا ۱۴۱)

'کیفیت احسانی' کا حصول حقیقت صلوۃ کی یافت کا مؤثر ذریعہ ہے اس لئے جس قدر رویت حق، سماعت حق، معیت حق، اطلاع حق کا یقین و استحضار ہوگا کہ اللہ تبارک و تعالیٰ پر میرا ظاہر و باطن، جسم و روح، قلب و جوارح کلیتہً عیاں اور میرے دل کی نیتیں اور کیفیات اور اعضا کے اعمال و افعال کھلے ہوئے اور نمایاں ہیں۔ حضور و احسان کی کیفیت میسر آکر نماز جاندار اور حقیقت والی بنے گی۔ اس لئے طالبین کو اپنی نماز کی تکمیل و تحسین کے لئے اولاً حضور اور دھیان کے حصول کی کوشش کرنی چاہیئے۔ اور یہ حضور و دھیان سالکین کے مدارج باطنی کے بقدر متفاوت ہوگی۔ اور اس کے حصول کیلئے اندرون صلوٰۃ و بیرون نماز میں مراقبۂ ربانی کی مشق کی ضرورت ہوگی۔

نماز میں حضور و احسان کے حصول کی ترکیب

اللہ تبارک و تعالیٰ کی حکمت اس مشق و کوشش کے نتیجے پر عادتاً ہر شخص کو اس کے ظرف و استعداد و صلاحیت کے مناسب حضور عطا فرما دیتی ہے۔ حضرت والا اقدس سرہٗ تحریر فرماتے ہیں :۔

Marfat.com

"نماز میں استحضار اور خشوع و خضوع کے حصول کیلئے کوشش چاہیئے۔ اور اُس کیلئے دو باتیں ضروری ہیں۔ ایک یہ کہ معانی ادعیہ و سورۂ قرآنی جو پڑھے اُن پر نظر رہے۔ اور ہر لفظ ارادہ سے نکلے۔ دوسری بات یہ ہے کہ بتوجہ کثرت ذکر کا اہتمام رہے اس سے انشاء اللہ تعالیٰ مطلوب حاصل ہوگا" (تذکرہ ص ۲۹۴)

ایک سالک کو ارقام فرماتے ہیں:

"ہر بات میں اور ہر حال میں رضائے مولا پر نظر رہے۔ اور نماز کی تحسین اور آراستگی کا پورا خیال رہے...... نماز کی تحسین کے معنیٰ یہ ہیں۔ کہ نماز کے سارے آداب مستحسن طریقے سے ادا ہوں۔ اور سنن کا لحاظ رکھا جائے۔ ارکان کے ادا کرنے میں تعدیل ہو۔ رکوع و سجود کی تسبیحات تین سے زیادہ بڑھائی جائیں۔ مسنون وقت کا خیال رکھا جائے۔ نماز میں اعتدال اور حضور قلب کی کوشش ہو

ہمارے حضرت (مولانا تھانویؒ) کی تحقیق یہ ہے کہ مبتدی نماز میں یکسوئی کیلئے لفظ کی طرف اور متوسط معنیٰ کی طرف اور منتہی ذات بحت کی طرف توجہ کرے"

ایک مکتوب میں ارشاد فرماتے ہیں:

"(بندہ کا نماز میں) یہ تصور (ہونا چاہیئے) کہ بندہ اپنے آقائے حقیقی کے سامنے کھڑا ہے۔ اور وہ اسکو دیکھ رہا ہے۔ اس

Marfat.com

کا اثر یہ ہو۔ کہ قلب میں سکون اور جسم میں پستی اور تواضع کی شان پیدا ہو۔"

ایک طالب کو لکھتے ہیں :۔

"قلب کی (غیر میں) مشغولی کے سبب (نماز میں) یہ سہو واقع ہوتا ہے۔ نماز میں صرف نماز کے ارکان اور قرأت اور ادعیہ کی طرف توجہ رکھی جائے۔ اور قرآن پاک کی تلاوت روزانہ کا معمول کیجئے۔ تاکہ قرأت صحیح ہو۔"

ایک سالک کو تحریر فرمایا :۔

"حضورِ قلب کا حصول ذکر و شغل کی ترقی کے ساتھ ہوتا جائیگا۔ انشاء اللہ قلب کو افکار سے خالی رکھنا چاہیئے۔ تاکہ اس میں نور الٰہی بھرے۔ (تذکرہ)

ایک مسترشد خاص نے استفسار فرمایا :۔

"اس کی کیا وجہ ہے کہ اللہ و رسول کی باتیں کرنے اور سننے میں جو لطف آتا ہے۔ وہ نماز اور دیگر اعمال میں باقی نہیں رہتا"

حضرت الشیخ نور اللہ مرقدہ نے کیا حکیمانہ جواب مرحمت فرمایا :

"جی ہاں! اس گفتگو میں تھوڑا سا حظ نفس بھی شامل ہوتا ہے۔ ایک کہتا ہے وہ سنتا ہے۔ اور نماز میں یاد رکھنے کی ضرورت نہیں ہوتی مگر اہلِ ذات کو نماز گویا عبد و معبود میں مکالمہ ہوتا ہے حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں :۔

Marfat.com

"وجعلت قرة عینی فی الصلوۃ" میری آنکھ کی ٹھنڈک نماز ہے (تذکرہ ص۲۲۱)

انہیں کو ایک دوسرے خط میں لکھتے ہیں:

"(تہجد کی نماز میں) دل میں تصور کیجئے کہ اللہ تعالیٰ سے باتیں ہو رہی ہیں۔" (تذکرہ ص۳۶)

ایک خادم کو ارقام فرماتے ہیں:

"اس (اللہ تعالیٰ کو حاضر ناظر جاننے کے) مراقبہ سے مقصود یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کے حاضر و ناظر ہونے کا جو ایمان ہے وہ عملاً نمایاں ہو۔ اب آپ آگے بڑھیں۔ اب یہ کوشش کیجئے۔ کہ نمازوں میں یہ خیال قائم ہو کہ آپ خدا تعالیٰ کی بارگاہ میں حاضر ہیں۔ اور وہ آپ کو دیکھ رہے ہیں۔ اس کیلئے ضروری ہے کہ نیت کرتے وقت دل میں یہ توجہ کیجئے کہ بندہ اب بارگاہ الٰہی میں حاضر ہے۔ قرأت قرآن اور تسبیح رکوع و سجود میں ایک ایک لفظ پر ارادہ ہو اور سمجھ کر لفظ ادا ہو۔"

طالب تصحیح ... اور تحسین صلوۃ کی ان ہدایات پر جب طالب کاربند ہوتا ہے۔ تو بتوفیقہ تعالیٰ ہر ایک ... اپنی استعداد و محنت کے بقدر حقیقت صلوٰۃ اور اسکے آداب باطنی سے نواز دیا جاتا ہے۔ جب بندہ پر اللہ تعالیٰ کے حاضر و ناظر ہونے کا حال چھاتا ہے تو نماز کی ہر حرکت کیفیتِ احسانی سے پرنور ہو جاتی ہے۔ اعمال صلوٰۃ اعتدال پر آجاتے ہیں خشوع و خضوع تذلل و ابتہال کی کیفیت خود بخود پیدا ہونے لگتی ہے۔ تکمیل نماز کا داعیہ پیدا ہو جاتا ہے اور نمازی ایک ایک رکن توجہ و دھیان سے سنوار کر ادا کرتا ہے۔ الفاظ کی ادائیگی عادۃً نہیں ہوتی بلکہ ہر لفظ معنی کو سمجھ کر ارادہ سے کرنے کا اہتمام ہونے لگتا ہے۔

ل حضرت والا رحمۃ اللہ تعالیٰ کا شعر ہے۔ حاصل رہے کیفیت ہر وقت حضوری کی
آ دل میں میرے چھپ جا اے صورت جاناں

Marfat.com

رغبت و رہبت تبتّل و مناجاتِ رب کی کیفیت نصیب ہو جاتی ہے اور نمازی 'فراغ قلبی' کے اس مقام پر فائز ہو جاتا ہے۔ جہاں 'مستور ازل' کی جلوہ سامانیوں میں کوئی حائل نہیں ہو پاتا۔ عبدیت و عبودیت 'مکالمہ و مناجاتِ' ربّانی کے اس مقام کو پالیتی ہے۔ جو 'مومن کا معراج' اور اس عالم میں قربِ حق کی غایت قصوئی ہے نماز کی حلاوت راحتِ جان اور سکونِ دل اور آنکھ کی ٹھنڈک بن جاتی ہے۔ سیّدی قدس سرہٗ فرماتے تھے:

"سجدہ میں ایسا لطف و مزا آتا ہے۔ گویا اماں کی گود میں سر رکھ دیا ہے۔"

حضرتؒ ارشاد فرماتے ہیں:

سجدہ میں جہاں سر ہے گویا وہ سرادر ہے — کیا کیا نہ کہا تجھ سے پایا جو سراپا گوش
حاصل ہے تصور میں کیفیت معراج — کیا کیا نہ مزہ پایا، پایا جو ہم آغوش
خوش نمی آید سجودِ بے حضور — فی صلوٰۃِ خاشعونم آرزوست

نماز میں تفاوتِ حضور

اقامتِ نماز کا موضوع یاد الٰہی ہے۔ چنانچہ ارشاد باری ہے

Marfat.com

اقِمِ الصَّلٰوۃَ لِذِکۡرِیۡ (طٰہٰ - ۱)   اور قائم رکھ نماز کو واسطے میری یاد کے

اسلیئے نماز کے جزو کل صورت و حقیقت میں اشتغال ' ذکر ' ہی ہوگا - اس لیئے جو شخص متعلقات نماز اور اس کے ماله وماعلیه کی طرف متوجہ رہنے گا - یہی سمجھا جائیگا - کہ اسے نماز میں حضور حاصل ہے - مثلاً مبتدی اگر الفاظ و ارکان کی طرف متوجہ رہتا ہے اور ان کے سنوارنے کی کوشش کرتا ہے - تو اسے نماز میں شاغل سمجھا جاتے گا اور کہا جائیگا کہ اسے اپنی استعداد کے بقدر نماز میں حضور میسر ہے - اسی طرح متوسط کا حضورِ صلوۃ ' ارکان کے اعتدال کے ساتھ معنیٰ کا دھیان ہے - اور منتہی کیلئے حضور ذات بحت اور صفات باری تعالیٰ کے استحضار قوی کے ساتھ ارکان کی تعدیل و تحسین ہے حضرت والا رحمۃ اللہ تعالیٰ ارقام فرماتے ہیں :

" ہمارے حضرت (مولانا تھانویؒ) کی تحقیق یہ ہے کہ مبتدی نماز میں یکسوئی کے لیئے لفظ کی طرف متوسط معنی کیطرف اور منتہی ذات بحت کی طرف توجہ کرے "

احادیث سے بھی یہ متبادر ہوتا ہے کہ نماز کی طرف توجہ بھی کفایت کرتی ہے - چنانچہ حدیث کے لفظ ہیں ،

ما من مسلم یتوضا فیحسن	جو مسلمان اچھا وضو کرے پھر
وضوءه ثم یقوم فیصلی	اٹھے اور دو رکعت نماز اسطرح
رکعتین یقبل علیھما بقلبه	پڑھے کہ ان دو رکعتوں یعنی نماز

Marfat.com

و وجہہ الا وجبت لہ الجنۃ کی طرف اپنے دل و دھیان سے متوجہ ہو تو
(کنز العمال بحوالہ مسلم و ابوداؤد ج ۲ ص ۸۶ بروایت عقبہ ابن عامر) اسکے لئے جنت واجب ہو جاتی ہے۔

یقبل علیھما سے یہی مستفاد ہوتا ہے کہ اگر کوئی شخص نماز کے مالہ و ماعلیہ میں مشغول و متوجہ ہوگا۔ تو یہ بھی اس کے لئے کافی ہوگا کہ یہ حضورحق کا ہی بدل سمجھا جائے گا۔ گو جیسا کہ دوسری نصوص سے معلوم ہوتا ہے کہ اعلیٰ درجہ نماز میں دھیان رب ہی ہے۔

نماز میں استحضار عطیہ الٰہی ہے جکی طلب و کوشش ضروری ہے حصول و یافت لازم نہیں

یہاں یہ بات ذہن نشین رکھنی چاہیئے کہ کیفیت حضوری دیگر احوال و کیفیات کی طرح غیر اختیاری اور محض عطیہ الٰہی ہے۔ اسکی طلب و کوشش کا تو انسان مکلف ہے۔ لیکن اسکے حصول و یافت کا انسان مکلف نہیں۔ حضرت والا رحمہ اللہ تعالیٰ کیا پر حکمت الفاظ میں اسکی تشریح فرماتے ہیں:-

نماز میں دل لگنا یا نہ لگنا اپنے اختیار کی بات نہیں۔ اور جو چیز بندہ کی اختیاری نہیں۔ وہ اس کا مامور بھی نہیں۔ بندہ پر اپنی طرف سے دل لگانے کی کوشش ہے، جو اختیاری ہے۔ جس طرح مریض کا کام دوا کا پینا ہے۔ جو اس کے اختیار میں ہے شفا کا حصول نہیں جو اس کے اختیار سے باہر ہے۔ نماز میں استحضار اور خشوع و خضوع کے حصول کیلئے کوشش چاہیئے۔ اور اس

Marfat.com

کیلئے دو باتیں ضروری ہیں۔ ایک یہ کہ معانیِ ادعیہ و سُوَرِ قرآنی جو پڑھے۔ ان پر نظر رہے۔ اور ہر لفظ ارادہ سے نکلے دوسری بات یہ ہے کہ بتوجہ کثرتِ ذکر کا اہتمام رہے۔ اس سے انشاء اللہ مطلوب حاصل ہوگا۔ یعنی یہ نسخہ ہے۔ جس سے شفا کی امید ہے مگر شفا کا ہوجانا یہ اللہ تعالیٰ کے اختیار اور بخشش کی بات ہے۔ مگر جس طرح عادت الٰہی یہ جاری ہے۔ کہ عموماً صحیح نسخہ کے استعمال کے بعد شفا عنایت فرماتے ہیں ایسے ہی اس طریقہ سے نماز میں استحضار و خضوع بفضلہ حاصل ہو جاتا ہے، اور وہ اگر کوشش کے بعد بھی حاصل نہ ہو تو بندہ کے لئے یہ محرومی انشاء اللہ مضر نہیں طمانیت رکھیں۔ لَا یُکَلِّفُ اللّٰہُ نَفْسًا اِلَّا وُسْعَھَا " (تذکرہ ص۲۹۲)

بہرحال عادت الٰہی یہی ہے کہ طالب کو محروم نہیں فرماتے اور کوشش کرنے والے کو نوازہی دیا کرتے ہیں ؎

تو مگر مارا بآں شاہ بار نیست
با کریماں کارہا دشوار نیست

گر نشینی بر سر کوئے کسے
عاقبت بینی تو ہم روئے کسے

طلب و کوشش شرط ہے۔ عطائے رب بہانہ چاہتی ہے۔ جو سعی و اہتمام کرے گا پا ہی لے گا۔ تاہم اگر حکمت رحمانی میں یہ بات مقدر نہ ہو۔ تو طالب کو دلگیر نہیں ہونا چاہیئے۔ کہ ایسی حالت میں مجاہدہ کا مزید ثواب ہے۔

نماز میں لذت و سرور

نماز میں لذت و سرور مکالمۂ حق اور 'تصور حضوری' اور 'فرائض عبودیت' کی بجاآوری کا نتیجہ ہوتا ہے۔ ایک حقیر و بے نوا انسان کی اللہ تبارک و تعالیٰ کی بارگاہ قدس و جلال میں حاضری اور عرض نیاز کیف و سرور کا جو عالم اپنے میں رکھتا ہے۔ وہ 'عبدیت[1]' کے امام سید الانبیاءؑ حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کے ان ارشادات سے ظاہر ہے

جعلت قرة عینی فی الصلوٰة — میری آنکھوں کی ٹھنڈک نماز میں ہے

(کنز العمال بحوالہ الطبرانی فی معجم الکبیر ص۲۳ ج۴، کنز العمال بحوالہ ابوداؤد و سنن بیہقی ص۶۶ ج۴)

یا بلال اقم الصلوٰة ارحنابہ — اے بلال نماز کو (اذان دیکر) قائم کرو اور اس سے مجھے راحت پہنچاؤ۔

(کنز العمال ص۲۴ ج۴ مسند احمد، ابوداؤد)

تاہم لذت و سرور مقصود بالذات نہیں، عطیہ الٰہی ہے جملہ غیر اختیاری امور کی طرح اگر حاصل ہو باعث تسلی و برکت اور محمود ہے۔ اور اگر

---

[1] خاصانِ خدا کے ایک فرد فرید مولانا ہارون اپنی کیفیتِ عبدیت کا اظہار کرتے ہوئے یوں ارشاد فرماتے ہیں

بہر قتلم جو کشد تیغ نہم سر بسجود — او بنازے عجبے من بنیازے عجبے

Marfat.com

حاصل نہ ہو۔ تو اس کے درپے نہیں ہونا چاہیئے کہ ثواب و قرب میں اصلاً اسے کوئی دخل نہیں۔

ایک سالک نے لکھا:۔

"تقریباً پندرہ روز سے نماز میں وہ سرور اور کیف نہیں جو اس سے پیشتر تھی (ملخصاً)

حضرت والا رحمہ اللہ تعالیٰ نے جواباً ارقام فرمایا:۔

"اس راہ میں ایسا ہونا رہتا ہے۔ اسکی کچھ فکر نہ کیجئے۔ یہ سرور ولذت ہمارے آپ کے اختیار کی چیز نہیں۔ اور جو امور اختیاری نہیں۔ ان کے درپے نہ ہوئیے۔ ارتکاب معصیت، صحبت ناجنس اور غفلت نہ ہو۔ اس کا علاج استغفار کی کثرت ہے اور بہت نافع ہے۔

ایک طالب نے لکھا:۔

"تہجد میں پہلا سا مزا، گریہ اور دعا کی کیفیت نہیں۔ ایسے بحمداللہ پڑھ لیتا ہوں۔"

حضرت والا رحمہ اللہ تعالیٰ نے تحریر فرمایا:۔

"خوشی کی بات ہے کہ آپ تہجد پڑھتے ہیں۔ پہلے جو کبھی تہجد کا موقع ملتا تھا۔ اس وقت دعاء و گریہ جو ہوتا تھا وہ کبھی کبھی پڑھنے کی وجہ سے تھا۔ اب مداومت سے پڑھنے پر جو وہ کیفیت روزانہ نہیں ہوتی تو اس میں کوئی حرج نہیں۔

Marfat.com

یہ ایسی ہی (بات) ہے کہ جس کو کبھی کبھی پلاؤ کھانے کو ملتا ہے۔ تو اس کو اس میں بہت مزہ ملتا ہے۔ لیکن جب وہی غذا کسی کو روزانہ ملنے لگے تو وہ مزا اس کو نہیں ملتا۔ مساوات ہوجاتی ہے۔ پھر گریہ سے تہجد کی مداومت ہزار درجہ بہتر ہے اور شکر کے قابل ہے۔

ایک سالک کو لکھتے ہیں:۔

"حصول لذت محمود ہے مگر مقصود نہیں۔ اس کے درپے نہ ہونا چاہیے۔ وہ خود سے آئے گی...... سالک کو بڑا دھوکا ذوق وشوق ولذت کا ہوتا ہے۔ سو اس کو پوری طرح سمجھ لیجیے کہ یہ چیزیں آثار محمودہ ضرور ہیں مگر مقصود نہیں۔ ان کا منشاء اسی قدر ہے کہ کام میں جی لگتا ہے۔ اور آسانی ہوجاتی ہے۔ مگر اسکو قرب ورضا اور حصول ثواب میں کوئی دخل نہیں۔ کیونکہ یہ امور غیر اختیاریہ میں ہیں اور امور غیر اختیاریہ نہ مطلوب ہیں اور نہ مقصود۔ دوا کا اعلیٰ مقصود صحت بخشی ہے خوش ذائقگی اور لذت نہیں۔ جب انسان کے بدن میں صحت آتی ہے تو طاقت اور کھانے کی لذت خود آجاتی ہے۔ اس کے لئے الگ دوا کی حاجت نہیں۔ نماز کو اپنی طرف سے بدرستہ ظاہری باطنی آداب اور خشوع وخضوع کے ساتھ ادا کرنے کی کوشش کیجیے۔ جس قدر حاصل ہو اس پر شکر کیجیے۔ اور زیادہ کیلئے

Marfat.com

ہمت کیجئے اور دعا کیجئے۔"

ایک مسترشد کو جس نے لکھا تھا کہ،

" گاہے گاہے (نماز و عبادت وغیرہ میں) لذت محسوس ہونے پر فرحت ہوتی ہے "

حضرت والا رحمہ اللہ نے تحریر فرمایا:۔

" یہ لذت و فرحت مبارک جو گو بالذات مقصود نہیں۔ لیکن محمود ہے۔ فالحمدللہ۔"

Marfat.com

مولانا رومی اور اسرار نماز

حضرت مولانا رومیؒ کی مثنوی' اسرار و رموز' معارف و حکم اسلامیہ کا سدا بہار اور عظیم الشان خزینہ ہے۔ نماز اور ارکان نماز کے بارے میں اپنے خاص رنگ میں دقوقی کے قصہ میں ارشاد فرماتے ہیں:

پیش در شد آن دقوقی در نماز — قوم ہمچوں اطلس آمد او طراز
چونکہ با تکبیرہا مقرون شدند — ہمچو قرباں از جہاں بیروں شدند
معنی تکبیر انیست ای امیم — کہ خدا پیش تو ما قرباں شدیم
وقتِ ذبح اللہ اکبر می کنی — ہمچنیں در ذبح نفس کشتنی
تن چو اسماعیل و جان ہمچوں خلیل — کرد جان تکبیر بر جسم نبیل
گشت کشتہ تن ز شہوت ما و آز — شد بسم اللہ بسمل در نماز
چوں قیامت پیش حق صفہا زدہ — در حساب و در مناجات آمدہ
ایستادہ پیش یزداں اشک ریز — بر مثال راست خیز رستخیز

Marfat.com

حق ہمی گوید چہ آوردی مرا — اندریں مہلت کہ دادم من ترا
عمر خود را چہ پایاں بردۂ — قوت و قوت درچہ فانی کردۂ
گوہر دیدہ کجا فرسودۂ — پنج حس را در کجا پالودۂ
چشم و گوش و ہوش و گوہر ہائے عرش — خرچ کردی چہ خریدی تو ز فرش
ہمچنیں پیغام ہائے دردناک — صد ہزاراں آید از یزدانِ پاک
در قیام ایں گفتہا دارد رجوع — وز خجالت شد دوتا او در رکوع
قوت استادن از خجلت نماند — در رکوع از شرم تسبیحی بخواند
باز فرماں می رسد بردار سر — از رکوع و پاسخ حق برشمر
سر برآرد از رکوع آں شرمسار — باز اندر او فتد آں خامکار
باز فرماں آیدش بردار سر — از سجود و وادہ از کردہ خبر
سر برآرد او دگر رو شرمسار — اندر افتد باز در رو ہمچو مار
باز گوید، سر برآرد باز گو — کہ بخواہم جست از تو مو بمو
قوتِ پا ایستادن نبودش — کہ خطابِ ہیبتے بر جان زدش
پس نشیند قعدہ زاں بارگراں — حضرتش گوید، سخن گو با بیان
نعمت دادم، بگو شکرت چہ بود — دادمت سرمایہ، ہیں بنمائے سود
چوں نہ سرمایہ بود او را نہ سود — شافعے خواہد کہ آرد عذر زود
رو بدستِ راست آرد در سلام — سوئے جانِ انبیاء و آں کرام
یعنی اے شاہاں شفاعت کایں لئیم — سخت در گل ماندش پا و گلیم
انبیاء گویند روز چارہ رفت — چارہ آنجا بود و دست افزار رفت
رو بگرداند بسوئے دستِ چپ — در تبار و خویش گویندش کہ خب

Marfat.com

ہیں جوابِ خویش گر با کردگار　　　ما کہ ایمم اے خواجہ دست از ما بدار
از ہمہ نومید شد مسکین کیا　　　پس برآرد ہر دو دست اندر دعا
کز ہمہ نومید گشتیم اے خدا　　　اول و آخر توئی و منتہا

در نماز ایں خوش اشارتہا ببیں
تا بدانی کایں بخواہد شد یقیں {مثنوی معنوی دفتر سوم ص ۲۸۹، ۲۹۰ مطبوعہ ایران}

غرض نماز کو جب اس کے آداب کی رعایت سے ادا کیا جائے گا تو انشاء اللہ اس کے ثمرات عاجلہ و آجلہ مل کر رہیں گے۔ حدیث شریف ہے۔

الصلوۃ میزان فمن اوفی استوفی۔　　　نماز ترازو ہے جس نے پورا تولا اس کیلئے پورا تولا جائیگا

(کنز العمال ص ۲۲ جلد ۴ بحوالہ شعب الایمان للبیہقی)

نماز پر ان طویل مباحث سے نماز کی اہمیت و حکمت و حقیقت واضح ہے۔ حاصل صرف اتنا ہے کہ اللہ تعالیٰ ہمیں حقیقت نماز سے حصہ عطا فرمائے اور وہ نماز میسر آئے جو معراج المومنین ہے۔ اور جس کے متعلق آتا ہے۔

ان فی الصلوۃ شغلا　　　نماز میں اللہ کی معروفیت ہوتی ہے

(کنز العمال ص ۹۲ جلد ۴ بحوالہ سنن بیہقی، ابو داؤد، ابن ماجہ)

Marfat.com

تلاوت قرآن

قرآن کریم اللہ تبارک وتعالیٰ کا کلام، ہدایت ربانی کا آخری پیام الٰہی
نوامیس و قوانین، اوامر و احکام کا مجموعہ ہے۔ یہ کتاب مبین حضور انور
صلی اللہ علیہ وسلم کا سب سے بڑا معجزہ، خزینۂ معارف وحقائق، گنجینہ علوم و
دقائق، سراپا ہدایت و رحمت، نور و برکت ہے۔ دلوں کی شفا و جلا،
روحوں کی روشنی و پاکی، ذہنوں کی صفائی وتابناکی، عقلوں کی ہشیاری وتابندگی
انسانوں کی رہنمائی وحق رسی اسی ایک کتاب سے وابستہ اور قائم ہے
یہی صحیفہ آسمانی تاقیام قیامت بنی آدم کے جملہ معاش و معاد کے مسائل
ومہمات، مصالح و مفادات کا حامل وکفیل قیم ونگراں ہے۔ جملہ صحف
الٰہیہ اور علوم انبیائی کا موجز و معجز نگہبان، ومجموعہ یہی نوشتہ ہے
اسکی تلاوت مفتاحِ قلوب، سببِ انشراحِ صدور، باعثِ نزول
برکات وہدایت اور افزائشِ نور و سرور وتقویتِ ایمان ویقین ہے
اس میں غور وتدبر معرفت ربانی کا ذریعہ، رضا وقرب حقانی کا وسیلہ

Marfat.com

اور کاشف اسرار و حکم اور رموز و معارف ہے۔ اس پر عمل وصول الی اللہ کا واحد و اقرب طریقہ، انسانیت کی فوز و فلاح، نجات و کامیابی کا تنہا راستہ اور تہذیبِ قلوب و تطہیر نفوس کی کامل راہ ہے۔ حق یہ ہے کہ قرآن و قرآن ہے۔ اور انسانی تعریف و ثنا سے بالا اپنے حسن و جمال، کمال و یکتائی میں اپنی نظیر آپ ہے

خود ثنا گفتن زمن ترکِ ثنا است

زیں دلیل ہستی و ہستی خطا است[۱]

قرآن کریم اپنی علو شان، گوناگوں فضائل و کمالات، جلالت و عظمت کی بنا پر اپنے سے کامل استفادہ اور ہدایت یابی کے لئے شرائط کو چاہتا ہے۔ خود قرآن کریم ان شرائط و آداب کا مختلف مقامات پر بیان فرما دیتا ہے۔ استقصا مقصود نہیں۔ تبرکاً وتفاؤلاً چند آیتیں نقل کی جاتی ہیں۔

۱۔ إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَذِكْرَىٰ لِمَن كَانَ لَهُ قَلْبٌ أَوْ أَلْقَى السَّمْعَ وَهُوَ شَهِيدٌ۔ (ق ۔ ۳۰)

اس میں اس شخص کیلئے بڑی عبرت ہے۔ جس کے پاس فہیم، دل ہو یا وہ اکم از کم، دل سے متوجہ ہو کر بات کی طرف کان ہی لگا دیتا ہو

---

[۱] عارف آلہ آبادی نے کہا ہے

داد قرآن کی نہ دو بھائی عمل اسپر کرد

پیش خدا داد کی حاجت کیا ہے

Marfat.com

۱۲۔ وَاِذَا قُرِئَ الْقُرْاٰنُ فَاسْتَمِعُوْا لَهٗ وَاَنْصِتُوْا لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُوْنَ (اعراف - ۲۴)

اور جب قرآن پڑھا جایا کرے تو اس کی طرف کان لگا دیا کرو۔ اور چپکے رہو تاکہ تم رحم کئے جاؤ۔

۱۳۔ هٰذَا بَصَآئِرُ لِلنَّاسِ وَهُدًى وَّرَحْمَةٌ لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ (اعراف - ۲۴)

یہ دلیلیں ہیں۔ تمہارے رب کی طرف سے اور ہدایت و رحمت ان لوگوں کیلئے جو ایمان رکھتے ہیں۔

۱۴۔ تَبْصِرَةً وَّذِكْرٰى لِكُلِّ عَبْدٍ مُّنِيْبٍ (ق - ۱)

جو ذریعہ ہے بینائی اور دانائی کا ہر رجوع ہونیوالے بندے کیلئے۔

۱۵۔ وَمَا يَتَذَكَّرُ اِلَّا مَنْ يُّنِيْبُ (المومن - ۲)

اور نہیں نصیحت پکڑتا مگر جو رجوع کرتا ہے۔

۱۶۔ هٰذَا بَلٰغٌ لِّلنَّاسِ .... وَلِيَذَّكَّرَ اُولُوا الْاَلْبَابِ (ابراہیم - ۷)

یہ (قرآن) لوگوں کیلئے احکام کا پہنچانا ہے .... اور تاکہ دانشمند لوگ نصیحت حاصل کریں۔

۱۷۔ هٰذَا بَيَانٌ لِّلنَّاسِ وَهُدًى وَّمَوْعِظَةٌ لِّلْمُتَّقِيْنَ (آل عمران - ۱۴)

یہ بیان کافی ہے تمام لوگوں کے لئے اور ہدایت اور نصیحت ہے خاص خدا سے ڈرنیوالوں کیلئے۔

۱۸۔ هُدًى وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ (یونس - ۶)

اور رہنمائی کرنے والی ہے۔ اور رحمت ہے (اور ذریعہ ثواب ہے) ایمان والوں کیلئے۔

Marfat.com

٩۔ تِلْكَ اٰیٰتُ الْكِتٰبِ الْحَكِیْمِ هُدًى وَّ رَحْمَةً لِّلْمُحْسِنِیْنَ

یہ آیتیں ایک پر حکمت کتاب کی ہیں جو کہ ہدایت اور رحمت ہے نیک کاروں کے لئے

١٠۔ اَللّٰهُ نَزَّلَ اَحْسَنَ الْحَدِیْثِ كِتٰبًا مُّتَشَابِهًا مَّثَانِیَ ۖ تَقْشَعِرُّ مِنْهُ جُلُوْدُ الَّذِیْنَ یَخْشَوْنَ رَبَّهُمْ ۚ ثُمَّ تَلِیْنُ جُلُوْدُهُمْ وَ قُلُوْبُهُمْ اِلٰى ذِكْرِ اللّٰهِ (زمر-٢٣)

اللہ تعالیٰ نے بڑا عمدہ کلام نازل فرمایا ہے۔ جو ایسی کتاب ہے کہ باہم ملتی جلتی ہے۔ بار بار دھرائی گئی ہے۔ جس سے ان لوگوں کے جو کہ اپنے رب سے ڈرتے ہیں بدن کانپ اٹھتے ہیں۔ پھر ان کے بدن اور دل نرم (اور منقاد) ہو کر اللہ کے ذکر کی طرف متوجہ ہو جاتے ہیں۔

(یعنی ڈر کر اعمال جوارح و اعمال قلب کو انقیاد و توجہ سے بجا لاتے ہیں۔ تھانوی)

١١۔ اِنَّمَا الْمُؤْمِنُوْنَ الَّذِیْنَ اِذَا ذُكِرَ اللّٰهُ وَجِلَتْ قُلُوْبُهُمْ وَ اِذَا تُلِیَتْ عَلَیْهِمْ اٰیٰتُهٗ زَادَتْهُمْ اِیْمَانًا وَّ عَلٰى رَبِّهِمْ یَتَوَكَّلُوْنَ (انفال-١)

بس ایمان والے تو ایسے ہوتے ہیں کہ جب ان کے سامنے اللہ تعالیٰ کا ذکر آتا ہے تو ان کے قلوب ڈر جاتے ہیں۔ اور جب اللہ کی آیتیں ان کو پڑھ کر سنائی جاتی ہیں تو وہ آیتیں ان کے ایمان کو اور زیادہ (مضبوط) کر دیتی ہیں۔ اور وہ لوگ اپنے رب پر توکل کرتے ہیں

١٢۔ اَفَلَا یَتَدَبَّرُوْنَ الْقُرْاٰنَ اَمْ عَلٰى قُلُوْبٍ اَقْفَالُهَا (محمد-٣)

تو کیا یہ لوگ قرآن میں غور نہیں کرتے یا دلوں پر قفل لگ رہے ہیں۔

Marfat.com

ان آیات پر غور کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ قرآن فہمی اور اس سے اثر پذیری کے مختلف مدارج کے لیے کم از کم مندرجہ ذیل شرائط و اوصاف ضروری ہیں۔

(۱)۔ ایمان و یقین ۲۔ کامل توجہ سے استماع قرآنی ۳۔ دل کا تیقظ و بیداری

۴۔ انابت ۵۔ حواس کی موجودگی اور حضور کی کیفیت ۶۔ عقل و فہم

۷۔ تقویٰ ۸۔ خشیت ۹۔ نیکوکاری ۱۰۔ تاثر و اثر پذیری ۱۱۔ تدبر و غور

قرآن کریم کی تلاوت و استماع میں جس قدر یہ صفات موجود ہوں گی۔ دل متاثر ہوگا۔ ہدایت کی راہیں کھلیں گی۔ احکام پر چلنا آسان ہوگا۔ قرآن کے انوار و برکات سے سینہ روشن ہوگا۔ حقائق و معارف قرآنیہ کا فیضان ہوگا۔ قرآن کی تاثیر رگ و پے میں سرایت کرتی جائیگی اور ظاہر و باطن قرآنی اثرات کو قبول کر کے منقاد، اور اوامر قرآنی کا تابع ہو جائے گا۔ رفتہ رفتہ قرآن ہی ہمارے قلب کا نور، ہماری روح کی قوت متحرکہ، ہمارے اعمال کا کا اساسی نکتہ، ہمارے اخلاق کا مرکز اور ہماری زندگی کا محور بن جائیگا۔ قرأت و تلاوت اور استماع قرآنی کے حقوق کی ادائیگی ہیں

لے یہاں قرآن کریم کے فہم کیلئے ان ظاہری شرائط سے بحث نہیں جن کا بدیہی ہونا ہر فہیم شخص کیلئے مسلمات میں سے ہے مثلاً (۱) عربی زبان و لغت اور اس کے متعلقہ جملہ علوم کا احتواء۔

(۲) حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم کے قرآنی مطالب و تفاسیر کا علم

۳۔ صحابہ و تابعین اور آئمہ تفسیر کے آراء علم وغیرہ

اصول تفسیر کی کتابوں میں ان کی تفصیل دیکھی جا سکتی ہے۔ (اشرف)

Marfat.com

قرآن کریم سے متعلق اور اعمال قرآنیہ سے منور بنا دے گی۔ کہ یہ نورِ مبین، جتنا سرایت کرتا جائیگا، ہمیں سراپا 'انوار' حق و باطل کے لئے امتیاز و 'فرقان' اور اپنی استعداد کے بقدر مجموعہ اعمال و اخلاقِ 'قرآن' بناتا چلا جائیگا

بقول العارف الرومی

ہرچہ کاہ و جو خورد قربان شود   ہر کہ نورِ حق خورد فرقان شود (رومی)

اقبال نے 'مومن' کے متعلق اچھا کہا ہے

یہ راز کسی کو نہیں معلوم کہ مومن   قاری نظر آتا ہے حقیقت میں ہے قرآن

سیدتنا حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم کے اخلاق کے متعلق پوچھا گیا۔ کہ وہ کیسا تھا۔ آپ نے فرمایا۔

کان خلقہ القرآن[1]   آپ کا اخلاق قرآن تھا۔

قرآن کریم کی فہم اور اس سے اثر پذیری کیلئے جن شرائط و اوصاف کا تذکرہ کیا گیا ہے۔ بنیادی طور پر ایمان کے بعد دو صفات سے ناشی ہیں۔

(۱) اخلاص   (۲) احسان

اخلاص تو جانِ عمل ہے۔ اور صفتِ احسان کا کمال انسان میں اللہ تبارک و تعالیٰ کی عظمت و جلالت اور دیگر صفاتِ حسنہ کا دھیان و استحضار پیدا کرتا ہے۔ اس استحضارِ صفاتِ الٰہی سے انسان پر اللہ تعالیٰ کی ہیبت و کبریائی' محبت و خشیت چھا جاتی ہے۔ اور معرفت و عرفانِ رب کے دروازے

---

[1] الدر المنثور ص۲۳۰ ج ۵ بحوالہ البخاری فی الادب المفرد والنسائی و ابن المنذر والحاکم وصححہ و ابن مردویہ والبیہقی فی الدلائل

Marfat.com

کشادہ ہوجاتے ہیں۔ جس کا منطقی لازمہ اللہ تعالیٰ کے کلام کی عظمت و محبت ہے کہ نفسیات کا مسلمہ مسئلہ ہے کہ متکلم کی عظمت کے بقدر اسکے کلام کی بڑائی و تاثیر ہوا کرتی ہے۔ پس متکلم ازل جلّ جلالہ وعمّ نوالہ کے کلام کی وقعت و قیمت بھی اللہ تبارک وتعالیٰ کی معرفت وعظمت اور اسکی صفات کی یافت و استحضار کے بقدر و مطابق ہوگی۔ غرض صفت احسان، کی حقیقت جب سالک کا حال بن جاتی ہے۔ تو محبوب ازل کا کلام سرمدی اسکی روح کی غذا، اسکے دل کا چین، اسکی آنکھ کا نور بن جاتا ہے۔ اور یہ نور الٰہی بندہ کے رگ و پے کو اپنی تاثیر سے روشن و جاندار کردیتا ہے۔ قلب و روح کو کلام الٰہی کے ساتھ ایک خاص مناسبت ہوجاتی ہے۔ اسکی تلاوت وفہم اس میں تدبر و غور، دل و دماغ کا وظیفہ بن جاتا ہے۔ اور اعضاء و جوارح اس پر عمل کیلئے منقاد و تابع ہوجاتے ہیں۔ تلاوت و استماع قرآنی میں کامل توجہ، دل کا تیقظ و بیداری حواس کا اجتماع، تدبر و تفکیر، انابت و خشیت اور دگر صفات مطلوبہ لازماً وجود میں آنے لگتی ہیں۔ اور صفت احسان اور استحضار صفات ربّانی کے گہراؤ اور گیراؤ کے مطابق ان صفات میں عمق و وسعت پیدا ہوتی جاتی ہے[1]

---

[1] قرآن کریم کی متعدد سورتوں کی ابتدا اللہ تبارک وتعالیٰ کی مختلف صفات کے تذکرہ سے ہوتی ہے۔ شاید صفات کا تذکرہ اللہ تبارک وتعالیٰ اور منزلِ قرآن کی استحضار صفات کی تازگی و قوت کیلئے ہو دیکھئے سورہ الزمر، المومن۔ حٰمٓ السجدہ الشوریٰ۔ الجاثیہ، الاحقاف وغیرہ۔

Marfat.com

غرض جس طرح ہر عمل میں جان اخلاص و احسان سے پڑتی ہے اسی طرح قرآن کریم کے برکات و انوار، تاثیر و ہدایت کا کمال بھی اسی وقت حاصل ہوتا ہے۔ جب اخلاص و احسان کی کیفیت کے ساتھ تلاوت کی جاتی ہے۔ تلاوت کے وقت اللہ تبارک و تعالیٰ کے قرب و حضور کا دھیان اس طرح چھایا ہو کہ انہیں انکی جملہ صفات کے استحضار کے ساتھ حاضر و ناظر سمجھا جا رہا ہو اور ان کا کلام ان ہی کو سنایا جا رہا ہو۔ حضرت والا رحمۃ اللہ علیہ کا ارشاد ہے:۔

"قرآن شریف کی تلاوت اس سکون[ا] اور استحضار سے کی جائے (کہ) اللہ تعالیٰ سن رہے ہیں۔ اور آپ ان کو سنا رہے ہیں۔"

ایک صاحب کو تحریر فرماتے ہیں:

"قرآن پاک اس تصور سے پڑھیں۔ کہ اللہ تعالیٰ ہماری تلاوت کو سن رہے ہیں۔ پھر جب اللہ تعالیٰ اسکو سماعت فرما رہے ہیں تو ہم کو کس ذوق و شوق سے پڑھنا چاہیئے۔ اگر یہ تصور ہو کہ ہمارا محبوب ہماری فریاد کو پاس کھڑا اپنے کانوں سے سن رہا ہے تو اس فریاد کی لے کیسی پر لذت ہو گی ؂

اس سے بڑھ کر اور کیا میرے لئے انعام ہے
آپ خود سنتے ہیں اگر جو میرا پیغام ہے

[ا] یہ بات ذہن میں رہے کہ "سکون" قلب و جوارح ہی خشوع کی شرعی حقیقت ہے جس پر نماز کے سلسلے میں گفتگو ہو چکی ہے

Marfat.com

کلامِ الٰہی اپنی تاثیر میں خارجی عوامل کا محتاج نہیں۔ محض اسکی تلاوت کا بھی حق اگر ادا کر دیا جائے تو دلوں کی زندگی بدل جاتی ہے۔ اس لئے حضرت والا رحمہ اللہ تعالیٰ سالکین کے لئے روزانہ کی تلاوت (جس قدر ہو سکے) ضروری سمجھتے تھے۔ چنانچہ مختلف طالبین کے مکتوبات میں اس قسم کی عبارتیں ملتی ہیں:۔

"حصول ثواب کیلئے تلاوت روزانہ کی عادت الگ ڈالیئے اور یہ کم (باترجمہ قرآن کا) مطالعہ بھی جاری رکھیں۔"

"یہ (تلاوت قرآن کا مشغلہ) بھی ضروری ہے۔ جو مقدار طے کر لی جائے"

"ان (مختلف) سورتوں کی اس طرح تلاوت سے بہتر یہ ہے۔ کہ روزانہ صبح نماز کے بعد ایک پارہ قرآن پاک بہ ترتیب پڑھیں۔"

"قرآن پاک کی تلاوت روزانہ کا معمول کیجئے۔"

"قرآن پاک روزانہ پڑھیں.... یہ بھی ضروری ہے مقدار جو طے کر لی جائے[1]
باترجمہ و باتفسیر قرآن کی غور و فکر کے ساتھ تلاوت کی بھی تلقین فرماتے

---

[1] حضرت سید صاحب رحمۃ اللہ علیہ نے سیرِ افغانستان میں علامہ اقبالؒ کا تلاوت کے بارے میں ایک واقعہ نقل کیا ہے۔ تلاوت کی مناسبت سے اسے نقل کرتا ہوں۔ تحریر فرماتے ہیں:
"اثنائے گفتگو میں ڈاکٹر صاحب نے اپنی طالب علمی کے عہد کے ایک قصہ کے اثنا میں اپنے والد مرحوم کا ایک ایسا فقرہ سنایا جس نے میرے دل پر بیحد اثر کیا، فرمایا کہ اپنے وطن سیالکوٹ میں صبح کی نماز کے بعد قرآن پاک کی تلاوت کیا کرتا تھا۔ ایک صبح کہ نماز کے بعد حسبِ دستور میں تلاوت میں معروف تھا۔ کہ والد مرحوم ادھر آئے اور

Marfat.com

تھے۔ اکثر حضرت تھانوی رحمہ اللہ تعالیٰ کی تفسیر بیان القرآن اور جدید طبقوں کو حضرت مولانا عثمانیؒ کے حواشی پڑھنے کیلئے ارشاد فرماتے تھے۔

ایک طالب کو لکھتے ہیں:۔

(تلاوت مع ترجمہ) بہتر ہے۔ اللہ تعالیٰ برکت عطا فرمائیں۔ نیت عمل کی ہو۔

ایک دوسرے صاحب کو ارقام فرمایا:

"کیا باترجمہ تلاوت آپ نہیں کر سکتے۔ یہ موثر ہوگا"

(حاشیہ صفحہ گذشتہ)

دریافت کیا کہ کیا کرتے ہو۔ ڈاکٹر صاحب نے کہا، کہ آپ جانتے ہیں۔ کہ میں اس وقت تلاوت کرتا ہوں۔ فرمایا جب تک تم یہ نہ سمجھو کہ قرآن تمہارے قلب پر بھی اسی طرح اترا ہے جیسے محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے قلب اقدس پر نازل ہوا تھا، تلاوت کا مزہ نہیں۔ ڈاکٹر صاحب نے پوچھا کہ یہ کیسے ہو سکتا ہے۔ فرمایا کہ جب بی۔اے پاس کر لوگے تو بتاؤں گا۔ کچھ دنوں کے بعد جب انہوں نے بی۔اے پاس کر لیا تو اس خوشخبری کے معاوضہ میں اس دن کی گفتگو کا حوالہ دے کر اس مقام کے حصول کی تدبیر پوچھی۔ مرحوم نے ان کو کچھ طریقے اور دعائیں تلقین میں اور نوجوان بیٹے سے عہد لیا کہ وہ ہمیشہ اپنی زبان و قلم سے ملت محمدی کی خدمت بجا لاتا رہیگا۔" (سیر افغانستان ص۱۶۹)

اقبال کا ایک شعر بھی اس مضمون کا ہے۔

تیرے ضمیر پہ جبتک نہ ہو نزولِ کتاب ... گرہ کشا ہے نہ رازی نہ صاحب کشاف

Marfat.com

دُعاء

اللہ تبارک وتعالیٰ نے اپنے جن انعامات خاصہ سے انسان کو نوازا ہے ۔ان میں ایک دعاء بھی ہے۔ دعاء ایمان کا نشان، تعلق الٰہی کی دلیل، مغزِ عبادت، حقیقت عبودیت، جانِ بندگی، روحِ فقر اور رونقِ درویشی ہے۔ دعاء بندہ و رب کا رابطہ قویہ، مومن کا اسلحۂ بے تاب روح کی غذا، جانِ حزیں کا اقرار، زخمی دل کا مرہم، اور سوختہ سامان عشاق کی نامرادیوں کا مداوا ہے۔ دعاء فقراء کا خزانہ مسکینوں کا توشہ، ناداروں کی ڈھارس لاچاروں کی تسکین، بے نواؤں کی تسلی، ضعیفوں کی قوت، راہ حق کے طلب گاروں کی ڈھال اور سالکین طریق کا زادِ راہ ہے۔ دعاء کا شغف و اشتغال، اس میں الحاح و زاری، تفرع و خشوع اور ابتہال و تبتل، توحید و للہیت اور صفات الٰہیہ پر ایمان کامل اور یقین راسخ کا نتیجہ ہے۔ دعاء جامع الاسباب، ام الذرائع، کلید خیر اور مطلب براری کی احسن و اکمل تدبیر ہے۔ دعاء دارین کی حاجات و ضروریات کے انجاح و حصول کا اقویٰ و اجمل سبب ہے۔ دعاء درماندہ

Marfat.com

بندہ کی اپنے رحیم وکریم آقا کے دربار میں مناجات، پکار و عرضداشت ہے۔ جس کا ہر بول بندہ اور آقا کے تعلق کو قوی تر کرتا ہے ایک فقیر بے نوا کا سرمایہ ہی دعاء اور قوتِ دعاء ہے کہ فقر[1] کی حقیقت ہی 'الحمید' میں سب کچھ دیکھ کر اپنی بے مائیگی، ہیچ در ہیچ ہونے کا یقین رکھتے ہوئے دعاء و رضا، تفویض و تسلیم، عبدیت وعبودیت کے وظیفہ میں اپنی زندگی گذار دینا ہے۔ محبوب ازل کا محبِ صادق اور حمید مطلق کا طالبِ حقیقی ہر آن قلباً و حالاً اپنے رب کے سامنے سجدہ ریز اس کے ساتھ مناجات و دعاء میں مشغول رہتا ہے۔ اس لئے فخر الفقراء سید الانبیاء حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی زندگی کا جزو کل دعاء و مناجات سے مملو ملتا ہے، کہ جس قدر حقیقتِ فقر و عبدیت میسر آئے گی۔ انسان میں تبتّل اور التجاء الی اللہ اور احتیاج کی کیفیت بڑھتی جائیگی۔ صحیفہ اسلامی دعاء کی عظمت و برکت پر دال اور قصصِ انبیاء اجابتِ دعاء پر ناطق اور اسوۂ نبویہ اور احادیثِ مبارکہ دعاء کے فضائل و اہمیت پر شاہد ہیں

ارشاد باری تعالیٰ ہے،

---

[1] دیکھو آیت کریمہ:- يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ اَنْتُمُ الْفُقَرَآءُ اِلَى اللّٰهِ ۚ وَاللّٰهُ هُوَ الْغَنِيُّ الْحَمِيْدُ (فاطر۔ ۳)

(اے لوگو! تم سب اللہ کے محتاج ہو اور اللہ تعالیٰ ہی اکیلا بے نیاز اور سراپا ستائش ہے)

Marfat.com

۱۱- وَقَالَ رَبُّكُمُ ادْعُوْنِيْٓ اَسْتَجِبْ لَكُمْ ط اِنَّ الَّذِيْنَ يَسْتَكْبِرُوْنَ عَنْ عِبَادَتِيْ سَيَدْخُلُوْنَ جَهَنَّمَ دَاخِرِيْنَ
(المومن - ۶)

اور کہا پروردگار نے دعا کرو مجھ سے قبول کروں گا۔ واسطے تمہارے تحقیق وہ لوگ کہ تکبر کرتے ہیں عبادت میری سے شتاب داخل ہوں گے دوزخ میں ذلیل ہو کر۔

دوسری آیت ہے

۲- وَاِذَا سَاَلَكَ عِبَادِيْ عَنِّيْ فَاِنِّيْ قَرِيْبٌ ط اُجِيْبُ دَعْوَةَ الدَّاعِ اِذَا دَعَانِ فَلْيَسْتَجِيْبُوْا لِيْ وَلْيُؤْمِنُوْا بِيْ لَعَلَّهُمْ يَرْشُدُوْنَ
(البقرہ - ۲)

اور جب آپ سے میرے بندے میرے متعلق دریافت کریں تو آپ میری طرف سے فرما دیجئے) میں قریب ہوں اور پکارنے والے کی پکار (دعا) کو قبول کر لیتا ہوں جب وہ مجھ کو پکارتا ہے پس ان کو چاہیئے کہ میرے احکام کو قبول کیا کریں۔ اور مجھ پر یقین رکھیں۔ امید ہے کہ وہ لوگ رشد (فلاح) حاصل کر سکیں گے۔

حضرت صالح علیہ السلام کا ارشاد ہے۔

۱۳- اِنَّ رَبِّيْ قَرِيْبٌ مُّجِيْبٌ
(ھود - ۶)

تحقیق میرا پروردگار نزدیک ہے دعا قبول کرنے والا۔

۱۴- اِنَّ رَبِّيْ لَسَمِيْعُ الدُّعَاءِ

بیشک میرا رب سنتا ہے دعاؤں کو

پہلی آیت مبارکہ میں دعاء کو عبادت کے مرادف قرار دیا ہے

Marfat.com

حدیث شریف میں بھی ارشاد نبوی ہے۔

الدعاء ھو العبادۃ   دعا ہی عبادت ہے

پھر آپ نے تائید میں محولہ بالا آیت پڑھی (جمع الفوائد ص۶۱۵ ج ۲، بحوالہ ابوداؤد الترمذی)

دوسری روایت میں ہے

الدعاء مخ العبادۃ   دعاء عبادت کا مغز ہے۔

(جمع الفوائد ص۶۱۵ ج ۲ بحوالہ ترمذی)

دوسری مرفوع روایات میں ہے:-

"اللہ کے نزدیک دعاء سے بڑھ کر کوئی دوسری چیز معزز نہیں"۔ جس کے لئے دعاء کے دروازے کھل گئے۔ اس کیلئے رحمت کے دروازے کھل گئے ...... دعاء نازل شدہ (مصائب) میں اور جو ابھی نازل نہ ہوتے ہوں سب میں فائدہ دیتی ہے۔ قضا کو صرف دعاء ہٹا دیتی ہے۔ پس دعاء کو لازم پکڑو" (جمع الفوائد ص۶۱۵ ج ۲ بحوالہ ترمذی)

شیخ الکل حضرت تھانوی قدس سرہ دعاء کے بارے میں مناجات مقبول[1] کے مقدمہ میں تحریر فرماتے ہیں،

"کوئی شخص ایسا نہ ہوگا جس کو ہر قسم کے صلاح و فلاح کی

---

[1] مسنون دعاؤں کے بے شمار مجموعے قدیم زمانے سے مرتب ہوتے رہے ہیں جن میں اب تک کئی مروج ہیں۔ اور برصغیر ہند و پاک میں الحصن الحصین الجزری اور حزب الاعظم ملا علی قاریؒ کو مقبولیت عام نصیب رہی ہے حضرت تھانویؒ کا یہ مجموعہ مذکورہ کتابوں میں سب سے مؤخر ہے لیکن حسن ترتیب و جامعیت و ایجاز میں اپنی نظیر آپ ہے۔

ضرورت نہ ہو۔ اسی لئے اللہ تعالیٰ نے دارین کے صلاح
وفلاح کے واسطے اسباب متکثرہ و ابواب متعددہ موضوع
فرما دیئے کہ اہلِ حاجت ان سے مدد لیں۔ اور عقبات و مہالک
سے نجات پائیں۔ ان اسباب مذکورہ میں بجز دعاء کے جتنے
اسباب ہیں۔ ان کے مسببات خاص خاص امور ہیں۔ چنانچہ
اسباب طبعیہ کا (مثل زراعت وتجارت وطبابت کے) اصلی مقصود
فلاح دنیوی بنایا گیا ہے۔ گو بواسطہ معین دین بھی ہو۔ اور اسباب
شرعیہ کا (مثل صوم وصلوۃ وحج کے) مقصود بالذات فلاح دینی
ٹھہرایا گیا ہے۔ گو بالعرض نافع دنیا بھی ہو۔ مگر صرف دعاء
ایک ایسی چیز ہے۔ کہ فلاح دین وفلاح دنیا دونوں کے لئے
بالمساواۃ ایک مرتبہ میں مشروع وموضوع ہے۔ جس سے بوجہ
اس جامعیت کے اسکی وقعت وعظمت ظاہر و باہر ہے
اس لئے قرآن مجید وحدیث شریف میں نہایت درجہ اسکی
ترغیب وفضیلت اور تاکید جابجا وارد ہے ..... (ان احادیث)
سے معلوم ہوا کہ دعاء تمام تر تدبیروں اور احتیاطوں سے بڑھ کر
مفید ہے۔ اور یہ بھی معلوم ہوا کہ قبل مصیبت بھی دعاء کرتا
رہے۔ اسکی برکت سے مصیبت نہیں آتی۔ اور یہ بھی معلوم ہوا
کہ کبھی قبولیت کی یہ بھی شکل ہوتی ہے کہ اسکی وجہ سے کوئی

بقیہ حاشیہ: وللناس فیما یعشقون مذاهب
اس کا مقصود ... متعددہ ... نقل کرتا ہوں

Marfat.com

بلا ٹل جاتی ہے۔ پس دعا کر کے خواہ قبول ہونا معلوم ہو یا نہ ہو بدگمان نہ ہونا چاہیئے اور حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ:

"اللہ تعالیٰ کے نزدیک دعاء سے زیادہ کوئی چیز قدر و منزلت کی نہیں۔" —— اور ارشاد فرمایا:

"جس کو یہ بات پسند ہو کہ اللہ تعالیٰ سختیوں کے وقت اسکی دعاء قبول فرمالیا کریں۔ اس کو چاہیئے کہ خوش عیشی کے وقت کثرت سے دعاء مانگا کرے۔"

اس سے معلوم ہوا کہ بلا مصیبت کے دعاء مانگنے کا اثر مصیبت کے وقت مانگنے میں ہوتا ہے۔ اور ارشاد فرمایا کہ:

"دعاء میں ہمت نہ ہارو۔ کیونکہ دعا کرتے ہوئے کوئی ضائع نہیں ہوتا" —— اور ارشاد فرمایا:

"کہ دعاء مسلمان کا ہتھیار ہے۔ اور دین کا ستون ہے۔ اور آسمان اور زمین کا نور ہے۔"

اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا ایک بلا زدہ قوم پر گذر ہوا۔ آپ نے ارشاد فرمایا کہ:

"یہ لوگ اللہ تعالیٰ سے عافیت کیوں نہیں مانگتے؟"

اور فرمایا: —— "کہ کوئی ایسا مسلمان نہیں جو دعاء میں ارجا ۔۔۔ اور پھر اس کو عطا نہ ہو۔ خواہ سردست اس کو دے دیں یا آئندہ کے لئے جمع کر دیں۔"

Marfat.com

اس سے معلوم ہوا۔ کہ دعا قبول تو ضرور ہوتی ہے مگر صورتیں اسکی مختلف ہیں۔ کبھی وہی چیز مل جاتی ہے۔ اور کبھی اس کے لئے جمع ہو جاتا ہے۔ اور اوپر معلوم ہو چکا ہے۔ کہ کبھی اسکی برکت سے بلا ٹل جاتی ہے۔ غرض اس دربار میں ہاتھ پسارنے سے کچھ نہ کچھ مل کر رہتا ہے۔ لیکن باوجود اس کے دیکھا جاتا ہے کہ اکثر لوگوں کو عوام تو کیا بہت سے خواص کو بھی اس سے محض بے رغبتی و بے توجہی ہے۔ حتیٰ کہ جو معمولی اوقات دعا کے ہیں۔ جیسے نماز پنجگانہ ان میں بجز آموختہ سا پڑھ لینے کے اصلا الحاح یا دلچسپی کا اثر تک نہیں پایا جاتا۔ اور یہ سمجھ کر دعا کرنے کا تو ذکر ہی کیا، کہ یہ عرضداشت اللہ تعالیٰ کی جناب پاک میں پیش کر دینا اور بار بار التجا کرنا اپنی مطلب برآری کا قوی ذریعہ سمجھا جاتا ہے۔ اور تکرار عرض و معروض سے روزانہ امیدیں ابھرتی اور تازہ ہوتی ہیں۔ اگر کوئی بڑی ہی مصیبت پڑتی ہے اور ہاتھ پاؤں مارنے سے کام نہیں چلتا تب بمجبوری کسی ایک آدھ کو شاذ و نادر اللہ تعالیٰ کی طرف توجہ ہوتی ہے وہ بھی دعاء کے ساتھ نہیں بلکہ بڑی دوڑ یہ ہوتی ہے، کہ کوئی وظیفہ، عمل عزیمت شروع کر دیا۔ خواہ شرع کے موافق ہو یا مخالف اور اگر کسی نے بڑی احتیاط کی اور موافقتِ شرع کا بھی لحاظ کر لیا تب بھی ان اعمال میں وہ برکت کہاں جو اللہ د

Marfat.com

رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی تعلیم فرمودہ دعاؤں میں ہے۔ غرض مقدمہ دعاء میں چند کوتاہیاں واقع ہو رہی ہیں۔

اول:۔ "بدون آڑے وقت کی دعاء کی طرف توجہ نہ ہونا"

دوم:۔ "ایسے وقت میں بھی اللہ و رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی بتلائی ہوئی دعائیں چھوڑ کر نئے نئے وظائف پڑھنا"

سوم:۔ "بدشوقی و بے رغبتی سے دعا کرنا اور جی نہ لگانا۔"

چہارم:۔ "قبولیت کا یقین اور امنگ نہ ہونا۔"

پنجم:۔ "جلدی اور تقاضا مچانا اور ذرا توقف ہو جائے تو تنگ ہو کر چھوڑ دینا"۔۔۔۔

اِن کوتاہیوں کے تدارک کرنے کیلئے بمقتضائے مصلحت و ضرورتِ وقت مناسب معلوم ہوا۔ کہ جو جامع دعائیں قرآن و حدیث میں وارد ہیں ان کو جمع کر دیا جائے۔ کیونکہ ان کو دوسری دعاؤں پر چند وجوہ ترجیح ہے۔

اوّل یہ کہ جب خود حاکم مضمون عرضی کا بتلا دیتا ہے۔ تو اسکی منظوری میں پھر کوئی تردد نہیں رہتا۔ اس طرح جو دعائیں اللہ تعالیٰ نے بواسطہ وحی جلی یا خفی خود تعلیم فرمائیں تو بلاشک اقرب الی الاجابتہ ہیں۔

دوسرے ان میں جس قدر دینی و دنیوی ضرورتوں کی رعایت کی گئی ہے۔ اگر ہم لوگ قیامت تک بھی سوچیں تو ممکن نہیں کہ ایسے جامع مضامین تجویز کر سکیں۔

Marfat.com

تیسرے بعض اوقات مضمون دعاء میں سوءِ ادب ہوجاتا ہے جس سے وہ اُلٹی وبالِ جان ہوجاتی ہے ......

غرض اپنی رائے اور قیاس سے مضمون معین کرنے سے اس قسم کا احتمال اس میں رہتا ہے۔ اور جو دعائیں منصوص ہیں وہ ان خدشات سے منزہ ومبرا ہیں اور..... افضل واکمل طریقہ یہی ہے کہ وہ دعائیں بعینہٖ انہی الفاظ سے پڑھی جائیں جس طرح منقول ہیں۔"

ہمارے حضرت والا رحمہ اللہ تعالیٰ اپنے شیخ عالی مقام حضرت تھانوی رحمۃ اللہ علیہ کے اس مرتب کردہ مجموعہ ادعیہ "مناجات مقبول" کو بہت پسند فرماتے تھے۔ اور طالبین کو تلاوت کے بعد اس کے پڑھنے کی پیہم تلقین فرماتے تھے۔ چنانچہ مختلف طالبین کو مکتوبات میں اس قسم کی عبارات ارقام فرمائی ہیں۔

"تلاوت کریں، اور مناجات مقبول کا ایک حزب روزانہ پڑھیں"

"مناجات مقبول کی ایک منزل پڑھ لینا مناسب ہے بالکل اسی طرح (یعنی جیسے کتاب میں ہے) پڑھیں۔ ساتھ ہی ساتھ ترجمہ بھی پڑھ لیں"

"قرآن پاک کی تلاوت کے بعد مناجات مقبول روزانہ پڑھیں۔"

"دن میں کسی وقت ہوسکے تو قرآن پاک کی تلاوت اور دعاء مناجات مقبول پڑھا کریں...."

"بہت مبارک مناجات مقبول پڑھتے رہیں۔"

Marfat.com

معمولات نماز وتلاوت و دعاء (مناجات مقبول) میں سستی نہ کریں۔"

حضرت سیدی قدس سرہٗ دعاء کے آداب، الحاح و زاری، تضرع و ابتہال، خضوع وخشوع کی رعایت اور اجابت کے یقین کے ساتھ دعاء مانگنے کی تاکید فرماتے تھے۔ ایک طالب کو لکھتے ہیں۔

"گو ایک مسلمان بھائی کی دعاء دوسرے مسلمان بھائی کے حق میں مستجاب ہے۔ مگر مناسب یہ ہے کہ ضرورتمند خود پورے خضوع وخشوع سے درگاہ الٰہی میں متوجہ ہوکر دعا مانگیں۔ ہوسکے تو تہجد کے بعد دعاء مانگی جائے۔ آپ ملازمت کے امتحان کیلئے جو دعاء کرانا چاہتے ہیں۔ اس کے متعلق دل میں یہ نیت کیجئے کہ طلب رزق کا جو حکم اللہ تعالیٰ نے دیا ہے۔ اس کی تعمیل میں یہ کوشش کر رہا ہوں۔ انشاء اللہ دعاء کامیاب ہوگی۔ خواہ بعینہٖ ہو یا بدلہ ہو، اور ہر ایک پر بخوشی رضامند رہنا چاہیئے

انہی کو دوسرے مکتوب میں ارقام فرماتے ہیں:

"آپکی کامیابی کیلئے بدل بدرگاہ الٰہی میں دعاء ہے۔ اگر قبول ہو تو شکر کیجئے اپنے پروردگار کا۔ اور اگر خدانخواستہ نہ ہو، تو ہمت نہ ہارئیے صبر کیجئے۔ غرض دونوں حالتوں میں بندہ خدا تعالیٰ ہی سے لگا رہے۔ ماں مارتی بھی ہے تو بچہ ماں ہی کی گود سے چمٹا رہتا ہے۔"

"آپ کی کامیابی کی بدل دعاء ہے۔ لیکن دعاء کی مقبولیت کے یہ معنیٰ نہیں کہ مطلوبہ چیز بعینہٖ مل جائے۔ کیا عجب کہ جس

Marfat.com

کو ہم خیر سمجھ کر مانگتے ہوں۔ عالم الغیب کی نگاہ پاک میں وہ ہمارے لئے خیر نہ ہو۔ اس لئے دلگیر نہ ہوں، اور ہر حال میں امیدوار رہیں۔ بندہ کو یہی سمجھنا چاہیئے کہ اس کے ہاتھ میں صرف کوشش ہے نتیجہ اس کے ہاتھ میں نہیں۔ تیمادار اور طبیب دوا تجویز کرنے اور پلانے کے ذمہ دار ہیں دواؤں کا موثر ہونا یا بنا دینا نہ طبیب کے اختیار امکان میں ہے اور نہ تیماردار کے۔ یہ صرف قادر مطلق اور شافی حقیقی کے ہاتھ میں ہے۔ جبر و اختیار کے مسئلہ کیلئے آپ سیرت جلد چہارم میں اس مسئلہ کا باب پڑھیں۔"

ایک سالک کو تحریر فرماتے ہیں:

"اَللّٰھُمَّ اغنني عمن سواك وارزقني عندك" نماز کے بعد ہاتھ اٹھا کر خضوع وخشوع کے ساتھ دعا میں کہا کریں۔ اور بار بار کہا کریں۔" ایک مسترشد کو لکھا:

"تہجد کی نماز کے بعد درد کے ساتھ بارگاہ الٰہی میں ہر شب بالحاح تام اپنے لئے دعا کیجئے۔ دعا میں خضوع ہونا چاہیئے عصر اور صبح کی نمازوں کے بعد بھی دعا خوب کیجئے اور مانگئے۔ جو آپ کے مناسب ہوگا۔ انشاء اللہ ملے گا۔ اس در سے کوئی محروم نہیں ہوا ہے۔" اُدْعُوْنِیْ اَسْتَجِبْ لَکُمْ" اس کا اعلان عام ہے۔

انہیں دوسرے مکتوبات میں ارشاد فرماتے ہیں:

"جو کچھ ملتا ہے اس کو لیجئے۔ اور اس پر منعم حقیقی کا شکر ادا کیجئے۔ اور جو نہیں ملتا ہے۔ اسکی طلب دعا سے کیجئے یہ

Marfat.com

دعا بھی خالق و مخلوق کے درمیان تعلق کی کڑی ہے۔"

"...... طمانیت قلب اور دماغی سکون کے عدم حصول کا باعث تو کوئی دینی یا دنیاوی فکر ہوگی۔ اگر دینی فکر ہے تو مبارک اور اگر دنیاوی فکر ہے تو اس فکر کا حاصل کیا ہے۔

کارساز ما بساز کار ما　　فکر ما در کار ما آزار ما

جو حاصل ہے۔ اس پر شکر کیجئے۔ تاکہ بموجب "لَئِنْ شَکَرْتُمْ لَاَزِیْدَنَّکُمْ" اور زیادہ عطا ہو۔"

"...... طبعی پریشانی بجا ہے۔ اللہ تعالیٰ سے اضطرار کیساتھ دعا کریں ...... میں بھی دعا کرتا ہوں۔

ایک طالب کو تحریر فرمایا :

" جو حاجت اور ضرورت پیش آئے اس کیلئے آپ اللہ پاک سے دعاء مانگا کریں۔ اللہ تعالیٰ کا کوئی کام بے شبہ حکمت سے خالی نہیں ہوتا۔ لیکن بندہ کی سمجھ میں اس حکمت کا آجانا ضروری نہیں۔ مگر یقین رکھنا چاہیئے۔ کہ وہ کام بندہ ہی کے فائدہ کیلئے ہے"

ایک دوسرے طالب کو تحریر فرمایا :

" دعا کیجئے اور قوت بھر تدبیر میں لگے رہیئے۔ آخر وقت تک ناامیدی کی کوئی وجہ نہیں ہے۔ اللہ تعالیٰ پر ہمیشہ بھروسہ رکھیئے اس کے در سے کوئی ناامید نہیں ہوتا۔"

اسمائے حسنیٰ کے ذریعے دعا

حضرت والا رحمہ اللہ تعالیٰ اسمائے الہیہ سے بھی حاجت براری کیلئے

Marfat.com

دعا کی بعض اوقات تلقین فرمایا کرتے تھے۔ ایک صاحب کو لکھا۔
"آپ قرض کی ادائی اور وسعتِ رزق کیلئے اللہ تعالیٰ سے دعا مانگا کریں۔ اور ہو سکے تو نماز عشاء کے بعد سَو سَو دفعہ یا مغنی اور یا باسط کی تسبیح پڑھ کر ادائے قرض اور وسعتِ رزق کی دعاء اللہ تعالیٰ سے گڑگڑا کر مانگا کریں۔"

ایک طالب کو ارقام فرماتے ہیں،

"پانچوں نمازوں کے بعد اپنی پریشانی کے دور ہونے اور وسعت رزق کیلئے خود دعاء کیا کریں۔ اور کوئی خاص وقت مقرر کر کے 'یا رزاق' یا 'وہاب' پانچ سو بار اول و آخر درود کے ساتھ پڑھا کریں۔ اور یقین رکھیں۔ کہ اللہ تعالیٰ موعودہ رزق ضرور عنایت فرمائیں گے۔"

ایک مسترشد خاص نے استفسار کیا کہ،

"احقر کو کشادگی رزق یا دفع بلا وغیرہ کے اوراد و وظائف سے کچھ لگاؤ نہیں۔ البتہ دعاء میں کم و بیش دل لگ جاتا ہے۔ یہ حالت خدانخواستہ محرومی کی تو نہیں۔"

حضرت والا رحمہ اللہ تعالیٰ نے عجب حکیمانہ جواب مرحمت فرماتے ہوئے لکھا،

"ان امور کے لئے عمل یعنی اوراد و وظائف سے دلچسپی نہ ہونا دل کی سلامتی اور فہم کی استقامت کی دلیل ہے مگر دراصل ان کو عمل سمجھ کر کرنے سے یہ کیفیت ہوتی ہے۔ اگر ان کو

Marfat.com

بھی دعا ہی سمجھا جائے تو یہ کیفیت جاتی رہے گی، مثلاً کوئی کشائش رزق کے لئے یہ بتائے کہ 'یا رزاقُ' 'یا وھابُ' 'یا باسطُ' پڑھا کرو۔ تو یہ تینوں اللہ تعالیٰ کے نام ہیں۔ ان ناموں کی نسبت رزق اور وسعت وکشائش سے ہے۔

توگویا یہ اپنے رزق کی وسعت کی دعاء ہے۔ اللہ تعالیٰ کو اس نام سے پکار کر جس نام کو ہماری دعاء سے مناسبت ہے! جیسے کوئی فقیر کسی دروازہ پر کھڑا ہو کر یہ کہے۔ کہ اے سخی داتا، اے سخی داتا، تو یہ بھی درخواست ہے۔ اور اس خاص نام سے پکارنا اس لئے ہے۔ کہ اس نام کے آثار کا اس کے فعل سے ظہور ہے۔"

ایسے اسمائے ربّانی کے وسیلے سے دعاؤں کا مانگنا احادیث سے ثابت اور معروف ہے۔ امام ابن تیمیہ تک نے اسے جائز سمجھا ہے۔ (منہاج السنۃ صـ۱۹۲ ج ۱)

دوسروں کیلئے دعاء

ایک مسلمان کی اپنے دوسرے مسلمان کے حق میں غائبانہ دعاء مقبول ومستجاب ہے۔ اس لئے ایک دوسرے کیلئے دعا کرنی چاہئیے۔ حضرت والا رحمہ اللہ تعالیٰ نے ایک طالب کو جس نے دعاء کی درخواست کی تھی تحریر فرمایا:

Marfat.com

"فقیر نے دعاء کی اللہ تعالیٰ قبول فرماویں. گو خود جیسا ہوں ظاہر ہے. مگر دوسرے مسلمان بھائی کے حق میں اللہ تعالیٰ قبول فرمایا کرتے ہیں. یا اس سے بہتر چیز عطا کرتے ہیں."

ایک دوسرے گرامی نامہ میں ہے:

"جی ہاں! ہر بھائی کی دعاء دوسرے بھائی کے حق میں غائبانہ قبول ہوتی ہے..... الحمدللہ بخیریت ہوں۔ شفا دواؤں سے زیادہ بزرگوں، دوستوں اور عزیزوں کی برکتوں سے اللہ تعالیٰ کے محض فضل و کرم کا نتیجہ ہے۔"

ایک مسترشد خاص کو لکھتے ہیں:

" (اہل تقویٰ سے) ضرور دعاء کرائیں، حاجت اور تکلیف کا ذکر نہ کریں. بلکہ صرف یہ کہیں کہ میری فلاحِ دین و دنیا کے لئے دعاء کریں." (تذکرہ ص۵۶)

مسترشد موصوف نے ایک خط میں اپنی اس کیفیت کا اظہار کیا کہ تواضع دوسرے کیلئے دعاء کرنے میں حائل ہوجاتی ہے۔ حضرت والا رحمہ اللہ تعالیٰ نے جواباً ارقام فرمایا:

"جی ہاں یہ کیفیت ہے. بات تو یہی ہے (کہ ہم دوسرے کیلئے دعاء کرنے کے قابل نہیں. م۔ا) مگر ہم اس پر مامور ہیں. کہ اپنے دوسرے بھائیوں کے حق میں دعائے خیر کریں. ہیں تو ہم ایسے ہی ناقابل مگر رب العلمین نے اپنی غایت کرم سے ہم کو

Marfat.com

یہی حکم دیا ہے۔ کہ تم ہر حال میں جیسے بھی ہو دعاء کرو اور مانگو اس لئے یہ حکم بجالانا ہے۔ وہ اپنی ربوبیت اور رحمت سے قبول فرمائیں گے" (تذکرہ ص۵۶)

مضطر کی دعاء

قرآن مجید میں ہے:

أَمَّنْ يُجِيبُ الْمُضْطَرَّ إِذَا دَعَاهُ وَيَكْشِفُ السُّوءَ (النمل-۵)

آیا کون ہے کہ قبول کرتا ہے دعاء مضطر (بے قرار آدمی) کی جب وہ اسکو پکارتا ہے اور اسکی مصیبت کو دور کر دیتا ہے (سوا اللہ کے)

حضرت والا رحمہ اللہ تعالیٰ فرماتے تھے:

"گو دوسرے سے دعاء کرانا بھی اچھا ہے۔ لیکن سب سے بہتر اضطرار کی حالت میں خود دعاء کرنا ہے۔ کہ اللہ تعالیٰ مضطر کی دعاء کو رد نہیں فرماتے (اوکمال قال)"

دعاء میں توسّل بالذوات

حضرت والا رحمہ اللہ تعالیٰ توسّل اور واسطہ سے دعاء مانگنے کو جائز سمجھتے تھے۔ لیکن اسے بے توسل کی دعاء سے زیادہ مؤثر نہیں سمجھتے تھے۔

ایک مسترشد خاص نے استفسار کیا کہ "کیا دعاء واسطہ سے

Marfat.com

کی جائے تو زیادہ مؤثر ہوتی ہے۔" حضرت والا قدس سرہ نے جواباً ارقام فرمایا:۔

"جی نہیں! ادعیہ ماثورہ بکثرت مروی ہیں۔ مگر ان میں کہیں واسطہ اور توسل ہے؟ شاید ایک آدھ مقام پر ہو۔ اسلئے اگر توسل بالعمل ہو تو جائز ہے۔ اور اشخاص سے توسل بھی ان کے اعمال سے ہوتا ہے ___ جب حق تعالیٰ خود فرماتے ہیں۔ 'ادعونی استجب لکم' مجھ سے مانگو میں دوں گا، مجھے پکارو میں جواب دوں گا۔ تو پھر واسطہ کی کیا ضرورت ہے۔ (تذکرہ ص ۴۳۶)

اس مسئلہ میں مولانا مسعود عالم ندوی مرحوم کے نام آپ کی تحریر قولِ فیصل اور بصیرت انگیز ہے۔ ارشاد فرماتے ہیں:

" توسل بالذوات بے شبہ جائز ہے۔ احیاء میں تو کلام کسی کو نہیں جس طرح حضرت عمرؓ نے حضرت عباسؓ کے توسل سے استسقاء کیا۔ رہ گیا اموات کے ساتھ۔ اموات کے ساتھ توسل کے معنی ہیں کہ ان کے اعمالِ خیر و مقبولہ سے توسل کیا جائے جس طرح اپنے اعمالِ خیر سے توسل جائز ہے۔ جیسا کہ حدیث الغار سے ثابت ہے (کما رواہ البخاری) اسی طرح دوسرے احیاء و اموات کے اعمال خیر سے بھی۔ وَابْتَغُوا إِلَيْهِ الْوَسِيلَةَ الآیۃ کی تفسیر بھی توسل بالاعمال سے کی گئی۔ البتہ اموات سے خطاب کرکے اگر مستقلاً ان سے مانگا جائے تو یہ شرک ہے

Marfat.com

اور ان سے کہا جائے کہ میرے لئے خدا سے دعا کریں۔ تو اہل دیوبند جائز سمجھتے ہیں۔ لیکن میں اس کو بدعت سمجھتا ہوں۔ کہ یہ طریق دعا منقول وثابت نہیں۔ علامہ آلوسی نے روح المعانی آیت کریمہ وَابْتَغُوْا اِلَیْهِ الْوَسِیْلَةَ کی تفسیر میں اس کو بدعت کہا ہے۔ بعد کو شاہ عبد العزیز صاحبؒ کے فتاوی میں بھی یہ ملا۔ مولانا تھانویؒ بھی یہی فرماتے ہیں۔ اور بعد کو ان راویوں کے توافق سے مجھے تسکین ہوئی۔

شرک یہ ہے کہ خدا کی ذات وصفات وعبادات میں کسی کو شریک بنایا جائے۔ توسل بالذوات الی اللہ تعالیٰ شرک فی الذات ہے نہ فی الصفات نہ فی العبادات۔ اصحاب نجدیہ کہتے ہیں تو یہ ان کا غلو ہے۔

ہاں اگر ذوات سے کوئی یہ سمجھ کر توسل کرے کہ اللہ تعالیٰ ان کی درخواست کے سامنے مجبور ومضطر ہے تو بے شبہ یہ شرک ہوگا۔ اور اگر کوئی یہ سمجھ کر کرے۔ کہ جامع اعمال خیر ہیں اور ان کے اعمال بظاہر مقبول ہیں۔ تو ان کی ذات سے خدا کی طرف بہ سبب ان کے اعمال کے توسل کیا جائے۔ کہ شاید ان کی برکت سے اللہ تعالیٰ میری دعا قبول فرمالیں۔ تو جائز ہے۔ مگر حضرت عمرؓ کے فعل سے کہ انہوں نے توسل بالنبی کی بجائے توسل بعم النبیؐ فرمایا۔ یہ شبہ ہوتا ہے کہ یہ عمل

Marfat.com

قابلِ احتراز ہے۔ لیکن سوال یہ ہے کہ آخر انہوں نے عم النبیؐ سے کیوں توسل کیا۔ کسی اور صحابی سے کیوں نہیں کیا۔ بالآخر عم النبیؐ کی مقبولیت عند اللہ میں خود نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی نسبت تھی ملحوظ رہی اور بالآخر بواسطہ توسّل بالنبی ہی ہوا۔

فافہم۔ (مکاتیب سلیمان صـ۱۳۲ بنام مسعود عالم ندوی)

دعاء اور ہمت و توجہ

اہل اللہ کے قلوب مناجات الٰہیہ، توجہ الی اللہ، اور دھیان ربّ کا مرکز ہوتے ہیں۔ حقیقتِ دعاء جب ان قلوب میں رسوخ پاتی ہے۔ اور وہ کیفیتِ دعاء میں ڈوب جاتے ہیں۔ تو ان کے اندر اللہ تعالیٰ سے طلب و دعاء، افتقار و التجاء کا ایک اندرونی جذبہ کارفرما ہو جاتا ہے۔ ان کے دل ہر وقت الحاح و ابتہال کے ساتھ اللہ تعالیٰ کے سامنے سجدہ ریز اور طلبِ خیر کے داعی رہتے ہیں۔

"رَبِّ إِنِّي لِمَا أَنزَلْتَ إِلَيَّ مِنْ خَيْرٍ فَقِيرٌ" (القصص)
(اے میرے پروردگار (اس وقت) جو نعمت آپ مجھ کو بھیج دیں۔ میں اسکا سخت) حاجتمند ہوں)

ان کے دلوں کا حال بن جاتا ہے۔ التجاء و افتقار، الحاح و توجہ کی یہ کیفیت ان کے اندر قوتِ دعاء کا ایک ملکہ راسخہ پیدا کر دیتی ہے۔ اور اللہ تبارک و تعالیٰ کی حکمت و عطا اور صفتِ جود و سخا انہیں مستجاب الدعوات بنا دیتی ہے۔ اور انکی قلبی توجہ و ہمت کو انجاح حاجات کا عادتاً سبب قرار دے دیتی ہے۔ اور بقول عارف رومیؒ

Marfat.com

تو چنیں خواہی خدا خواہد چنیں ۔۔۔ می دہد مولا مراد متقین

ان کا مقام بن جاتا ہے۔

حضرت والا قدس سرہ ایک استفسار کے جواب میں [illegible]

"غوث صوفیہ کی ایک اصطلاح ہے۔ حق تعالیٰ جب اپنے مقبول بندہ کو اپنے عام بندوں کے مقاصد کے پورا [illegible] دعاء وہمت ذریعہ بنالیں۔ وہ غوث کہلاتا ہے [illegible] قطب تکوین ہے جیسے قرآن پاک میں حضرت خضر کا قصہ ہے اس اصطلاح کے مطابق جائز ہے۔"

قوت دعاء کے [illegible] نفوس قدسیہ [illegible] قوت قلبی کا استعمال کسی کی خیر کیلئے کر [illegible] توجہ وہمت کہتے ہیں۔ گویا توجہ [illegible] جو وہ اپنے رب میں مشغول اور ملتجی ہو کر [illegible] کی طرف پلٹا دینے کیلئے کرتا ہے۔ چونکہ اس [illegible] کسی [illegible] شخص یا طبقہ کی طرف اپنی اس قوت کو متوجہ کرتا ہے [illegible] توجہ کو اسی کی طرف منسوب کر دیا جاتا ہے۔ حقیقتاً توجہ [illegible] تعالیٰ کا فعل ہوتا ہے۔ جو اس مقبول بندہ کو ذریعہ بنا کر ظاہر کیا جاتا [illegible] دعا یہ ہے کہ توجہ بھی اصلاً قلبی دعاء کی ایک قسم ہے جس [illegible] کی دعا وہمت توجہ کی [illegible] اپنے قلب کو [illegible] کی طرف متوجہ ہوتے

کا گمان بھی نہیں کر سکتا۔

بلکہ بعض ہمارے اکابر تو معروف توجہ کو جائز سمجھنے کے باوجود اس لئے پسند و مستحسن نہیں فرماتے کہ غیر کی طرف دھیان و توجہ بھی غیرتِ عشق الٰہی کے خلاف ہے۔ بہر حال جس شخص کی ہمت و دعاء کو اللہ تعالیٰ عادتاً خلق کی ہدایت کا سبب قرار دے دیتے ہیں۔ اسے قطب الارشاد کہتے ہیں۔ دگر خاصان خدا اپنے درجہ کے مطابق اس شرف کو پاتے ہیں

زکوٰۃ و صدقات

سلوک، اصلاح نفس، تزکیۂ قلب، حصول فضائل اور ازالہ رذائل کا دوسرا نام ہے۔ نفس کے امراض خبیثہ و قبیحہ میں بخل و امساک اور حرص و آز نہایت مہلک مرض اور بے شمار باطنی بیماریوں کی جڑ اور بنیاد ہے بخل و حرص اصلاً ایک ہی حقیقت کے دو مظہر اور ایک ہی بیماری کی دو صورتیں ہیں۔ اس لئے قرآن کریم نے بخل و حرص کو ایک جامع لفظ 'الشح' سے تعبیر کیا اور انسانی نفوس سے اس کا گہرا تعلق ظاہر کرتے ہوئے ارشاد فرمایا ہے؛

وَأُحْضِرَتِ الْأَنفُسُ الشُّحَّ — اور نفوس کو حرص کے ساتھ اقتران ہوتا ہے

(النساء۔ ۱۹)

'الشح' عربی میں اس رذیلہ کا نام ہے۔ جس کی وجہ سے حرص و بخل

Marfat.com

انسان کے نفوس میں جگہ اور پرورش پاتا ہے۔ امام راغب اصفہانی نے الشح کا معنی "بخل مع حرص" لکھا ہے (مفردات راغب ص۲۵۶)

یہ رذیلہ، انسان کو اپنے مال کے خرچ کرنے میں بخیل اور دوسروں کے مال کا حریص بنا دیتا ہے۔ حرص و بخل ایسا قبیح مرض ہے جو بیشمار امراض قلبی، حب مال، حب جاہ، دنائت، پستی خیانت، چوری، ڈاکہ زنی، لوٹ کھسوٹ، ناجائز نفع اندوزی وغیرہ کو جنم دیتا ہے۔ بقول حضرت مولانا تھانوی رحمہ اللہ تعالیٰ:

"بہرحال حرص تمام پریشانیوں کی جڑ ہے۔ اور ایسا مرض ہے کہ اس کو ام الامراض کہنا چاہیئے کیونکہ اسکی وجہ سے جھگڑے فساد ہوتے ہیں۔ اسکی وجہ سے مقدمہ بازیاں ہوتی ہیں۔ اگر لوگوں میں حرص نہ ہو تو کوئی کسی کا حق نہ دبائے اور پھر ان فسادات کی بھی نوبت نہ آئے۔ بدکاری چوری وغیرہ کا منشا حرص ہی ہے کہیں حرص مال، کہیں حرص لذات۔ نیز اخلاق رذیلہ کی جڑ بھی یہی حرص ہی ہے۔ عارفین کا قول ہے کہ تمام اخلاق رذیلہ کی اصل کبر ہے۔ اور کبر کا منشا بھی ایک گونہ حرص ہے بلکہ یوں کہنا چاہیئے کہ وہ بھی حرص ہی کا ایک فرد ہے تو حرص منشا ہوا تمام معاصی کا یہاں سے اس حدیث کا مطلب واضح ہو گیا

حب الدنیا راس کل خطیئۃ۔ حب دنیا ہی کا نام تو حرص ہے (علاج الحرص ص۱ ص۲۱)

اس قبیح رذیلہ کی انہیں قباحتوں کی بناء پر حضرت شاہ ولی اللہ دہلوی

۱؎ روح المعانی ص۔۔۔ ج ۹ میں تفصیلات دیکھی جا سکتی ہیں۔

Marfat.com

نے تحریر فرما دیا ہے کہ،

الشح اقبح الاخلاق — حرص مع البخل سب سے بدترین خلق ہے۔

(حجۃ اللہ البالغہ ص۲۹ ج ۲)

حضرت سیدی الشیخ قدس اس کے مظاہر کے بارے میں فرماتے تھے،

"حب مال وحب جاہ زہر کے دو لبالب پیالے ہیں جسکے منہہ سے لگ گئے ہلاک ہوگیا۔"

ایک جگہ ارقام فرماتے ہیں:

"حقیقت میں ترقی جسکی اس وقت دم بدم پکار ہے۔ اونچے محلوں، بھرے خزانوں، شاہانہ احتراموں۔ بیش قیمت لباسوں، گراں بہا سامانوں، بڑی بڑی تجارتوں، اعلیٰ ملازمتوں، اونچی تنخواہوں اعزازوں اور خطابوں کا نام نہیں۔ بلکہ اللہ تعالیٰ کے احکام کی تعمیل کے ساتھ بلند اخلاق، شریف عادات اور پاک وصاف قلب کا نام ہے۔ جو آب وگل سے وابستہ اور فانی کا طالب نہ ہو۔ اور حرص و ہوا حب مال وحب جاہ کا گرویدہ نہ ہو۔ جس میں اخلاص کے ساتھ خالق کی رضا کے لئے خلق کی خدمت کا جذبہ ہو۔" (مقدمہ جامع المجددین ص۲۹)

اللہ تبارک وتعالیٰ نے اس بدترین اخلاقی بیماری سے بچنے والوں کی تعریف فرمائی۔ چنانچہ انصار کے بارے میں ارشاد باری ہے۔

وَالَّذِيْنَ تَبَوَّؤُ الدَّارَ — اور نیز ان لوگوں کا (بھی حق ہے) جو

Marfat.com

وَالْاِیْمَانَ مِنْ قَبْلِهِمْ یُحِبُّوْنَ
مَنْ هَاجَرَ اِلَیْهِمْ وَلَا یَجِدُوْنَ
فِیْ صُدُوْرِهِمْ حَاجَةً مِّمَّا
اُوْتُوْا وَیُؤْثِرُوْنَ عَلٰۤی اَنْفُسِهِمْ
وَلَوْ کَانَ بِهِمْ خَصَاصَةٌ ۚ قف
وَمَنْ یُّوْقَ شُحَّ نَفْسِهٖ
فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ

(الحشر - ۲)

حق ہے) جو دارالاسلام (یعنی مدینہ) میں ان (مہاجرین) کے (آنے کے) قبل سے قرار پکڑے ہوئے ہیں اور ایمان والے۔ جو ان کے پاس ہجرت کر کے آتے ہیں۔ اس سے یہ لوگ محبت کرتے ہیں۔ اور مہاجرین کو جو کچھ ملتا ہے اس سے یہ انصار اپنے دلوں میں کوئی رشک نہیں پاتے اور اپنے سے انہیں مقدم رکھتے ہیں (کھانے کھلانے میں) اگرچہ ان پر فاقہ ہی ہو۔ اور واقعی جو شخص اپنی طبیعت کے بخل سے محفوظ رکھا جائے۔ ایسے ہی لوگ فلاح پانے والے ہیں۔

اس آیت کریمہ میں انصار کی جن صفات کی تعریف کی گئی ہے۔ اس میں 'الشح' (حرص و بخل) کے نہ ہونے کی تعریف فرمائی گئی ہے۔

وَلَا یَجِدُوْنَ فِیْ صُدُوْرِهِمْ
حَاجَةً مِّمَّا اُوْتُوْا

اور نہیں پاتے بیچ دلوں اپنے کے خلش (حرص کی وجہ سے) اس چیز سے کہ دیئے جاویں مہاجرین۔

میں حرص کی نفی اور

وَیُؤْثِرُوْنَ عَلٰۤی اَنْفُسِهِمْ

اور اپنی جانوں سے مہاجرین کو مقدم

وَلَوْ كَانَ بِهِمْ خَصَاصَةٌ
رکھتے ہیں (کھانے کھلانے وغیرہ میں) اگرچہ ان پر فاقہ ہی ہو۔

میں عدم بخل کو سراہا گیا ہے۔

گویا انصار کا خاص کمال یہ تھا کہ وہ حرص و بخل سے بری تھے۔ اس لئے وہ اللہ تعالیٰ کی رضا اور حقیقی کامیابی کے مستحق تھے۔

اس آیت سے یہ بھی معلوم ہوا کہ 'الشح' سے بچنے کیلئے حرص و بخل سے بچاؤ اور دوسروں پر انفاق ضروری ہے۔ کہ اس مہلک مرض کا عملی علاج ہی انفاق فی سبیل اللہ ہے۔ چنانچہ دوسری جگہ ارشاد باری ہے:

اِنَّمَآ اَمْوَالُكُمْ وَاَوْلَادُكُمْ	تمہارے اموال اور اولاد بس تمہارے
فِتْنَةٌ ۭ وَاللّٰهُ عِنْدَهٗٓ	لئے ایک آزمائش کی چیز ہیں اور
اَجْرٌ عَظِيْمٌ فَاتَّقُوا اللّٰهَ	(جو شخص ان میں پڑ کر اللہ کو یاد رکھے)
مَا اسْتَطَعْتُمْ وَاسْمَعُوْا وَ	تو اللہ کے پاس (اس کیلئے) بڑا اجر ہے۔
اَطِيْعُوْا وَاَنْفِقُوْا خَيْرًا	تو جہاں تک ہو سکے اللہ تعالیٰ سے
لِّاَنْفُسِكُمْ ۭ وَمَنْ يُّوْقَ	ڈرتے رہو۔ اور اس کے (احکام کو)
شُحَّ نَفْسِهٖ فَاُولٰۗىِٕكَ	سنو اور مانو اور (بالخصوص مواقع
هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ اِنْ تُقْرِضُوا	حکم میں) خرچ کیا کرو۔ یہ تمہارے
اللّٰهَ قَرْضًا حَسَنًا يُّضٰعِفْهُ	لئے بہتر ہوگا اور جو شخص نفسانی حرص سے
لَكُمْ وَيَغْفِرْ لَكُمْ ۭ وَاللّٰهُ	محفوظ رہا ایسے ہی لوگ آخرت میں فلاح

Marfat.com

شَكُوْرٌ حَلِيْمٌ
پانے والے ہیں۔ اگر تم اللہ کو اچھی
طرح (یعنی خلوص کیساتھ) قرض دو گے
تو وہ اسکو تمہارے لئے بڑھاتا چلا جائے
گا۔ اور تمہارے گناہ بخش دے گا۔
(التغابن۔۲)
اور اللہ تعالیٰ بڑا قدر دان ہے (کہ عمل
صالح کو قبول فرماتا ہے) اور بڑا بردبار ہے

ان آیتوں سے یہ بات واضح ہوجاتی ہے کہ حرص و بخل کا علاج 'انفاق' فی سبیل اللہ ہے۔ اور زکوٰۃ و صدقات کے وجوب و حکم کی ایک بڑی وجہ اسی رذیلہ کا علاج ہے۔

حضرت سید الملۃ قدس سرہٗ 'دولت' کے بارے میں اسلامی نقطہ نظر کی وضاحت فرمانے کے بعد تحریر فرماتے ہیں۔

"اس سلسلہ میں دولتمندی کی سب سے بڑی بیماری بخل کو دنیا میں انسانیت کا بدترین مظہر اور آخرت میں بڑی سے بڑی سزا کا مستوجب قرار دیا۔ اور جو اس گناہ سے پاک ہو اسی کو کامیابی کی بشارت دی۔"

وَمَنْ يُّوْقَ شُحَّ نَفْسِهٖ
اور جو اپنے جی کے لالچ سے بچایا
فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ
گیا۔ وہی لوگ ہیں مراد پانیوالے

(الحشر۔۱)

بخل کا مبتلا دوسروں کے ساتھ بخل نہیں کرتا۔ بلکہ درحقیقت وہ خود

Marfat.com

اپنے ساتھ بخل کرتا ہے۔ وہ اسکی بدولت اس دنیا میں اپنے آپ کو ہر دلعزیزی اور نیک نامی بلکہ جائز آرام و راحت تک سے اور آخرت میں ثواب کی نعمت سے محروم رکھتا ہے، فرمایا:

وَمَنْ يَّبْخَلْ فَاِنَّمَا يَبْخَلُ	اور جو بخل کرتا ہے وہ اپنے آپ
عَنْ نَّفْسِهٖ وَاللّٰهُ الْغَنِيُّ وَ	ہی سے بخل کرتا ہے۔ اللہ تو غنی ہے
اَنْتُمُ الْفُقَرَآءُ (محمد-۴)	اور تم ہی محتاج ہو۔

اس آیتِ پاک میں درپردہ یہ بھی واضح کر دیا۔ کہ جس دولت کو تم اپنی سمجھتے ہو وہ درحقیقت تمہاری نہیں۔ اصل مالک خدا ہے۔ اور تم خود اس کے محتاج ہو۔ پھر جو شخص مال کا اصلی مالک نہ ہو۔ بلکہ محض امین ہو، وہ اصلی مالک کے حکم کے مطابق اس کو صرف نہ کرے اور یہ سمجھے کہ یہ خود اس کی ملکیت ہے۔ اور اس کو اپنی ملکیت میں سے کسی کو کچھ دینے نہ دینے کا اختیار ہے۔ خائن اور بے ایمان نہ کہا جائے گا؟ درحقیقت یہی تصور کہ یہ مال میرا ہے۔ اور میری شخصیت اور انانیت کی طرف اسکی نسبت ہے۔ دنیا کی تمام برائیوں اور بدیوں کی جڑ ہے۔ اس آیت پاک کی یہ تعلیم اسی جڑ کو کھودتی ہے۔ اور بیخ و بن سے اکھاڑ کر پھینک دیتی ہے۔

پھر دولت کے ان مجازی ملکوں اور امینوں کو یہ بتا دیا گیا کہ ان کو خدا کی عدالت میں اپنی دولت کے ایک ایک ذرہ کا حساب دینا پڑے گا

ثُمَّ لَتُسْئَلُنَّ يَوْمَئِذٍ	پھر اس دن تم سب سے نعمتوں

Marfat.com

عَنِ النَّعِیْمِ (تکاثر-۱) کا حساب پوچھا جائیگا۔

اس لئے ان کو خوب سمجھ لینا چاہیئے۔ کہ وہ اپنی دولت کو کہاں اور کس طرح صرف کرتے ہیں۔ ان لوگوں کو جو اپنے روپے کی تھیلیوں کو اپنی نجات کا ذریعہ سمجھتے ہیں تنبیہ کی۔

وَیْلٌ لِّکُلِّ ھُمَزَۃٍ	برائی ہو اسکی جو طعنہ دیتا اور عیب
لُّمَزَۃِ نِالَّذِیْ جَمَعَ مَالاً	چنتا ہو، جو مال کو سینت کر رکھتا ہو
وَّعَدَّدَہٗ یَحْسَبُ اَنَّ مَالَہٗ	اور اسکو گن گن کر، وہ خیال کرتا ہے
اَخْلَدَہٗ کَلَّا	کہ اس کا مال اس کے ساتھ سدا
(الھمزۃ-۱)	رہے گا، ہرگز نہیں۔

فرمایا، " رشک کرنا صرف دو آدمیوں پر جائز ہے۔ ایک تو اس پر جس کو خدا نے علم دیا ہے۔ اور وہ اس کے مطابق شب و روز عمل کرتا ہے۔ اور دوسرے اس پر جس کو خدا نے دولت دی ہے اور وہ اس کو دن رات خدا کی راہ میں خرچ کرتا ہے۔" (بخاری کتاب العلم) جو لوگ سونے چاندی کو زمین میں گاڑ کر رکھتے ہوں۔ اور کار خیر میں خرچ نہ کرتے ہوں۔ ان کو خطاب کیا۔

وَالَّذِیْنَ یَکْنِزُوْنَ الذَّھَبَ	وہ لوگ جو سونا چاندی گاڑ کر رکھتے
وَالْفِضَّۃَ وَلَا یُنْفِقُوْنَھَا فِیْ	ہیں۔ اور ان کو خدا کی راہ میں خرچ
سَبِیْلِ اللّٰہِ فَبَشِّرْھُمْ بِعَذَابٍ	نہیں کرتے۔ ان کو دردناک عذاب
اَلِیْمٍ (توبہ-۵)	کی بشارت دے دو۔

Marfat.com

"...... محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی تعلیم موسوئی اور عیسوی دونوں شریعتوں کی جامع ہے۔ اسلام نے خیرات کے درجے مقرر کر دیئے ایک قانونی اور دوسری اخلاقی، قانونی خیرات کی وہی مقدار باقی رکھی جو موسوی شریعت میں ملحوظ تھی یعنی نصف مثقال نقد اور عشر پیداوار میں، یہ وہ کم سے کم خیرات ہے جس کا سالانہ ادا کرنا ہر مستطیع اور صاحب نصاب پر واجب ہے اور اس کا وصول اور خرچ کرنا جماعت کا فرض ہے۔ اور اخلاقی خیرات جس کو ہر انسان کی مرضی اور خوشی پر منحصر رکھا ہے۔ اس کو حضرت عیسیٰؑ کی تعلیم کی طرح بلند سے بلند روحانی تخیل کے مطابق قرار دیا، اور بلند ہمت انسانوں کو اس پر عمل کرنے کی ترغیب دی، صحابہؓ میں دونوں قسم کے لوگ تھے۔ وہ بھی تھے جو کل کے لئے آج اٹھا کر رکھنا حرام سمجھتے تھے جیسے حضرت ابوذرؓ (بخاری باب ما ادی زکوٰۃ فلیس بکنز) اور وہ بھی تھے جو وقت پر اپنی تمام دولت اسلام کے قدموں میں لاکر ڈال دیتے تھے (ترمذی کتاب المناقب فضائل ابی بکرؓ) ــــ اور ایسے بھی تھے جو اپنی تجارت کا تمام سرمایہ خدا کی راہ میں بیک وقت لٹا دیتے تھے جیسے حضرت عبدالرحمٰن بن عوفؓ (اُسد الغابہ جلد ۳ صـ۳۱۶) ــــ اور وہ بھی تھے جو خود بھوکے رہ کر دوسروں کو کھلا دیتے تھے اور خود تکلیف اٹھا کر دوسروں کو آرام پہنچاتے تھے جیسے حضرت علی مرتضیٰؓ اور بعض انصار کرامؓ، خدا نے انکی مدح فرمائی؛

Marfat.com

وَيُطْعِمُوْنَ الطَّعَامَ عَلٰى	اور وہ اپنی ذاتی حاجت کے باوجود
حُبِّهٖ مِسْكِيْنًا وَّيَتِيْمًا وَّاَسِيْرًا	اپنا کھانا مسکین اور یتیم اور قیدی کو
(دھر-۱)	کھلا دیتے ہیں۔
وَيُؤْثِرُوْنَ عَلٰٓى اَنْفُسِهِمْ	اور اپنے آپ پر دوسروں کو ترجیح
وَلَوْ كَانَ بِهِمْ خَصَاصَةٌ	دیتے ہیں۔ اگرچہ وہ خود حاجتمند
(حشر-۱)	ہوں۔

غرض محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی تعلیم مختلف انسانی طبیعتوں کے موافق اور فطرت سلیمہ کے مطابق ہے۔ اور ہر ایک کیلئے اس کی استعداد اور اہلیت کے مطابق نجات کا دروازہ کھولتی ہے۔ اس نے وہ طریقہ سکھایا ہے۔ جس سے اہل حاجت اور نیک کاموں کے لئے عملاً ہر وقت امداد مل سکے، اور ساتھ ہی ساتھ اہل دل اور اہل استعداد کے مرتبۂ کمال کیلئے بلند سے بلند روحانی معیار کی دعوت اور ترغیب بھی پیش کر دی ہے۔ اور اس کی خوبیاں اور برائیاں بھی بیان کر دی ہیں۔ تاکہ امت کے باحوصلہ حضرات ہمت کے شہپروں سے اڑ کر اس سدرۃ المنتہیٰ تک پہنچنے کی کوشش کریں۔

حضرت شیخ شرف الدین یحییٰ منیری رحمۃ اللہ علیہ اپنے مکتوبات میں اسلام کے اس آخری مرتبہ کمال کی تشریح ان الفاظ میں فرماتے ہیں،

و ایں طائفہ جان و مال در	اس فرقہ نے اپنی جان و مال کو
باختہ اند و با ہیچ کس ماسوا اللہ	ہار دیا ہے۔ اور خدا کے سوا کسی

Marfat.com

نہ پرداختہ اند گفتہ ایشاں است
اَلْفَقِیرُ مالُہٗ مباحٌ ودمہٗ
ھدرٌ یعنی درویشِ صادق آن
بود کہ بخون و مال او را دعویٰ
نہ بود..... اگر مالش برند خوش
گردد گوید الحمد للہ کہ حجابے از
پیش من برداشتند تا گفتہ از
زکوۃِ نعمت دنیا نزدیک ایں
طائفہ محمود نہ باشد، از انکہ بخل
ناستودہ است و بخلی تمام باید
تا دویست درم را در بند کند
و یکسال محبوس دارد، آنگاہ پنج درم
ازاں بدہد۔

سے دل نہیں لگایا۔ اسکا مقولہ
ہے کہ درویش وہ ہے جسکا مال
وقف اور جس کا خون معاف ہو
اس کو اپنی جان و مال پر کوئی دعویٰ
نہ ہو..... اگر لوگ اس کا
مال اٹھا لیجائیں تو خوش ہو کہ الحمد للہ
اس کے اور خدا کے درمیان جو ایک
پردہ پڑا تھا وہ اٹھا یہاں تک کہ
ان کا کہنا یہ ہے کہ دنیا کی دولت
کو جمع کر کے زکوٰۃ دینا کچھ اچھا نہیں
ہے کیونکہ بخالت تعریف کے
قابل نہیں۔ اور اس کے لئے
سال میں دوسو درم جمع ہوں اور
پھر وہ ایک سال تک بند پڑے
رہیں۔ تب جا کر ایک سال کے
بعد پانچ درم ان میں سے خدا
کی راہ میں دینا بڑی بخالت کی
ضرورت ہے۔

اس کے بعد حضرت شبلی کا ایک فتویٰ نقل کیا ہے۔

Marfat.com

یکے از فقہا بر سبیل آزمائش شبلی
رحمۃ اللہ علیہ را پرسید کہ زکوٰۃ
در چند لازم آید، گفت جواب
بر مذہب فقہیاں خواہی، یا بر
مذہب فقیراں؟ گفت بر ہر دو
جواب فرما، شبلیؒ گفتہ بر مذہب
فقہیاں از دویست درم بعد از
حولانِ حول پنج درم باید داد و بر
مذہب فقیراں در حال دویست درم
باید داد و جان بشکرانہ بر سر باید
نہاد۔ فقیہ گفت ما ایں مذہب
از ائمہ دین گرفتیم، شبلیؒ گفت
ما ایں مذہب از صادقِ رب
العالمین گرفتیم یعنی ابی بکر صدیق
رضی اللہ عنہ او ہرچہ داشت
پیش سید عالم صلی اللہ علیہ و
وسلم نہاد و جگر گوشہ خویشتن
بشکرانہ داد۔
امکتو [illegible]

کسی فقیہ نے حضرت شبلیؒ سے
امتحاناً پوچھا کہ زکوٰۃ کتنے پر ہوتی ہے
فرمایا فقہا کے مسلک پر جواب
چاہتے ہو یا فقراء کے، کہا دونوں
کے، فرمایا فقہا کے مذہب کے
مطابق ایک سال گزرنے پر دو سو
میں سے پانچ درم اور فقراء کے
مسلک پر فوراً پورے کے پورے
دو سو، اور اس نذرانہ کی خوشی
میں اپنی جان بھی سر پر رکھ کر
پیش کرنی چاہیئے۔ فقیہ نے کہا
ہم نے یہ مذہب ائمہ دین سے
حاصل کیا ہے۔ فرمایا ہم نے یہ
مسلک صدیق اکبرؓ سے حاصل کیا
ہے کہ جو کچھ تھا وہ سب سرور
عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے
رکھ دیا اور اپنی جگر گوشہ احضرت
عائشہ صدیقہؓ کو شکرانہ میں
دیا۔

Marfat.com

محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی ذاتی مثال اسی دوسرے فریق کے مطابق تھی، آپ کے پاس عمر بھر کبھی اتنا مال جمع نہ ہوا، کہ زکوٰۃ کی نوبت آئے، جو کچھ ہوتا وہ اسی دن اہل استحقاق میں تقسیم ہو جاتا، اگر گھر میں رات کو سونے چاندی کے چند خزف ریزے بھی پڑے رہتے تو گھر میں آرام نہ فرماتے۔ مگر عام امت کیلئے اپنے مسلک کو فرض نہیں قرار دیا، بلکہ اتنا ہی ان کے لئے مقرر کیا گیا جو ان کی قوت استطاعت اور ہمت کے مطابق ہو، تاکہ نجات کا دروازہ غریبوں اور دولتمندوں کے ہر طبقہ کیلئے یکساں کھلا رہے۔ اور اس لئے تاکہ بے قیدی اور عدم پابندی لوگوں کی سستی اور عدم عمل کا باعث نہ ہو مقدار معین کے مالک پر ایک رقم قانوناً فرض کی گئی۔ تاکہ جماعت کے مجبور و معذور افراد کی لازمی طور سے دستگیری ہوتی رہے (سیرۃ پنجم ص۲۵۵ تا ص۲۵۹)

اِس طویل اقتباس سے یہ بات واضح ہو جاتی ہے کہ انسان کے ایک عظیم مرض و رذیلہ حرص و بخل (الشح) کا علاج اللہ تبارک و تعالیٰ نے زکوٰۃ کی فرضیت و صدقات کے استحباب کے ذریعہ سے اس حد تک فرما دیا۔ کہ ہر شخص اپنی باطنی استعداد کے بقدر اپنی اس نفسانی آلائش سے پاک ہو کر اللہ تبارک و تعالیٰ کی رضا کا مورد بن سکتا ہے۔ اور انسانوں کی غمگساری، خدمت گذاری اور ہمدردی کا شرف حاصل کر سکتا ہے کہ اقول سیدی قدس سرہٗ:۔

Marfat.com

"زکوٰۃ یا دوسرے لفظوں میں غریبوں کی چارہ گری، مسکینوں کی دست گیری، مسافروں کی امداد، یتیموں کی خبرگیری، بیواؤں کی نصرت، غلاموں اور قیدیوں کی اعانت نماز کے بعد اسلام کا دوسرا رکن ہے (شیرۃ)

حضرت والا رحمہ اللہ تعالیٰ مقاصد زکوٰۃ کے بارے میں مزید ارقام فرماتے ہیں؛

"زکوٰۃ کا اصلی اور مرکزی مقصد وہی ہے جو خود لفظ زکوٰۃ کے اندر ہے۔ زکوٰۃ کے لفظی معنیٰ 'پاکی وصفائی' کے ہیں۔ یعنی گناہ اور دوسری روحانی، قلبی اور اخلاقی برائیوں سے پاک، وصاف ہونا، قرآن پاک میں یہ لفظ اسی معنیٰ میں بار بار آیا ہے۔ سورہ والشمس میں ہے:

قَدْ اَفْلَحَ مَنْ زَكّٰهَا ○ — مراد پایا وہ جس نے اپنے نفس کو
وَقَدْ خَابَ مَنْ دَسّٰهَا — پاک وصاف کیا اور نامراد ہوا وہ
(الشمس-۱) — جس نے اس کو میلا اور گندہ کیا

ایک اور سورہ میں ہے۔

قَدْ اَفْلَحَ مَنْ تَزَكّٰى (اعلیٰ۱) مراد پایا وہ، جو پاک صاف ہوا

یہ تزکیہ اور پاکی وصفائی نبوت کی ان تین عظیم الشان خصوصیتوں میں سے ایک ہے جن کا ذکر قرآن پاک کی تین چار آیتوں میں ہے۔

يَتْلُوْا عَلَيْهِمْ اٰيٰتِهٖ — وہ نبی خدا کی آیتیں پڑھ کر ان کو
وَيُزَكِّيْهِمْ وَيُعَلِّمُهُمْ — سناتا ہے اور ان کو گناہوں سے پاک

Marfat.com

اَلْكِتٰبَ وَالْحِكْمَةَ — صاف کرتا ہے۔ اور ان کو کتاب اور حکمت کی باتیں سکھاتا ہے (بقرہ وجمعہ۔۱)

ان آیتوں سے اندازہ ہوگا کہ زکوٰۃ اور تزکیہ یعنی پاکی وصفائی کی اہمیت اسلام اور شریعت محمدی میں کتنی ہے؟ یہ دل کی پاکی، روح کی صفائی اور نفس کی طہارت مذہب کی اصل غایت اور نبوتوں کا اصل مقصد ہے انسانوں کی روحانی ونفسانی بیماریوں کے بڑے حصہ کا سبب تو خدا سے خوف ورجا اور تعلق ومحبت کا نہ ہونا ہے۔ اور اسکی اصلاح نماز سے ہوتی ہے۔ لیکن دوسرا سبب ماسوی اللہ کی محبت اور مال ودولت اور دیگر اسباب دنیا سے دل کا تعلق ہے۔ زکوٰۃ اسی دوسری بیماری کا علاج ہے۔ غزوہ تبوک کے موقع پر جب بعض صحابہ باغ وبستان کی محبت کے سبب جو ان کی دولت تھی غزوہ میں (شریک نہ ہوسکے) اور پھر ان کی صداقت اور سچائی کے باعث خدا نے ان کو معاف کیا ہے وہاں محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو خطاب کرکے قرآن پاک میں ارشاد فرمایا،

خُذْ مِنْ اَمْوَالِهِمْ — ان کے مالوں میں سے زکوٰۃ لے

صَدَقَةً تُطَهِّرُهُمْ — کہ ان کو صاف وپاک بنا۔

وَتُزَكِّيْهِمْ بِهَا۔ (توبہ۔۱۳)

اس آیت سے ثابت ہوا۔ کہ اپنے محبوب مال میں سے کچھ نہ کچھ خدا کی راہ میں دیتے رہنے سے انسانی نفس کے آئینہ کا سب سے بڑا

Marfat.com

زنگ جس کا نام محبتِ مال ہے دل سے دور ہو جاتا ہے۔ بخل کی بیماری کا اس سے علاج ہو جاتا ہے۔ مال کی حرص بھی کم ہو جاتی ہے۔ دوسروں کے ساتھ ہمدردی کرنے کا جذبہ ابھرتا ہے۔ شخصی خود غرضی کی بجائے جماعتی اغراض کے لئے اپنے اوپر ایثار کرنا انسان سیکھتا ہے اور یہی وہ دیواریں ہیں۔ جن پر تہذیب نفس اور حسن خلق کی عمارت قائم اور جماعتی زندگی کا نظام مبنی ہے۔

"...... ظاہر ہے کہ استغنا اور قناعت ایسی چیز ہے۔ جو تمام اخلاقی محاسن کا سنگ بنیاد ہے۔ بلکہ محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نہایت بلیغ وحکیمانہ طریق سے یہ ارشاد فرمایا۔ کہ:

لیس الغنیٰ من کثرۃ العرض ولکن الغنیٰ غنی النفس۔ (بخاری کتاب الرقاق)

تونگری دولت کی کثرت کا نام نہیں ہے۔ بلکہ دل کی بے نیازی کا نام ہے۔ اسی حدیث کا ترجمہ سعدیؒ نے ان لفظوں میں کیا ہے: "تونگری بدل ست نہ بمال" دوسرے لفظوں میں یوں کہو، کہ دولت آمدنی کی زیادتی کا نام نہیں بلکہ ضروریات کی کمی کا نام ہے۔ لیکن یہ غیر فانی دولت حرص وطمع سے نہیں بلکہ صبر وقناعت کی بدولت حاصل ہوتی ہے۔ اس بنا پر کیا کسی کو زکوٰۃ وصدقہ کے مطہر، مزکی اور مصلح اخلاق ہونے میں شبہہ ہو سکتا ہے ...... جو زکوٰۃ ادا کرتے ہیں وہ ہمیشہ قابلِ ہمدردی اشخاص کی ٹوہ میں لگے رہتے ہیں تاکہ وہ اپنے مال و دولت سے اسکی مدد کرکے اس کے زخمِ دل پر مرہم رکھ سکیں۔

Marfat.com

"زکوٰۃ اور صدقات کے مصارف کا بڑا حصہ غریبوں اور حاجتمندوں کی امداد ہے۔ انسانیت کا یہ وہ طبقہ ہے جس کے ساتھ تمام مذہبوں نے ہمدردی کی ہے لیکن..... محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم دنیا کے پہلے اور وہی پہلے پیغمبر ہیں جنہوں نے اس طبقہ کے ساتھ اپنی عملی ہمدردی کا ثبوت دیا۔ اور اسکی تکلیفوں اور مصیبتوں کو کم کرنے کیلئے عملی تدبیر جاری اور نافذ فرمائی .... اسلام نے.... روحانی تسلیوں اور بشارتوں کے ساتھ جو مزید کام کیا وہ ان کی دنیاوی تکلیفوں اور مصیبتوں کے کم کرنے کی عملی تدبیریں ہیں۔ جن کا نام صدقہ اور زکوٰۃ ہے۔ اسکی تعلیم نے اس عملی ہمدردی اور اعانت کو صرف اخلاقی ترغیب و تشویق تک محدود نہیں رکھا۔ بلکہ اس کے لئے دو قسم کی تدبیریں اختیار کیں۔ ایک یہ کہ ہر مسلمان کو نصیحت کی کہ جس سے جتنا ہو سکے اپنی دولت سے ان کی مدد کرے یہ اخلاقی خیرات ہے جس کا نام قرآن کی اصطلاح میں " انفاق" ہے۔ لیکن چونکہ یہ اخلاقی خیرات ہر شخص کو اس ضروری نیکی پر مجبور نہیں کرتی۔ اسلئے ایک مقدار معین کے مالک پر ایک ایسا قانونی محصول عائد کیا۔ جس کا سالانہ ادا کرنا اس کا مذہبی فرض ہے۔ اور اس مجموعی رقم کا بڑا حصہ غریبوں اور محتاجوں کی امداد و اعانت کے لئے مخصوص کیا۔ اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی اس تعلیم کو ایک ایک ناقابلِ تغیر دستور العمل کے طور پر اپنی امت کو ہمیشہ کیلئے سپرد فرمایا۔ چنانچہ آپ نے معاذ بن جبلؓ کو اپنا نائب بنا کر یمن بھیجا۔ تو توحید اور نماز کے بعد جس چیز کا حکم دیا۔ وہ

Marfat.com

یہی زکوٰۃ ہے۔ پھر اسکی نسبت ان کو ہدایت فرمائی کہ،

توخذ من اغنیاءھم — وہ ان کے دولتمندوں سے لے کر

وترد علی فقراءھم — ان کے غریبوں کو لوٹا دیا جائے

(بخاری صفحہ ۱۰۹۶ جلد ۲)

صحابہؓ نے آپ کی ہدایت کے بموجب ان دونوں قسموں کی خیراتوں پر اس شدت سے عمل کیا کہ جو استطاعت نہ بھی رکھتے تھے، وہ بازار جاکر مزدوری کرتے تھے۔ تاکہ جو رقم ہاتھ آئے وہ غریب اور معذور بھائیوں کی اخلاقی اعانت میں خرچ کریں۔ اور اس معاملہ میں خود آپ نے یہاں تک اس طبقہ کی دلجوئی کی کہ فرمایا،

"اگر کسی کے پاس کچھ اور نہ ہو تو لطف و کرم و مہربانی سے بات ہی کرنا اس کا صدقہ ہے۔"

اس سے زیادہ یہ کہ اس کی ممانعت کی گئی کہ جو تمہارے سامنے ہاتھ پھیلائے اس کو سختی سے واپس نہ کیا کرو، خدا نے تعلیم دی۔

فَاَمَّا الْيَتِيمَ فَلَا تَقْهَرْ — تو یتیم کو دبایا نہ کر اور نہ مانگنے

وَاَمَّا السَّائِلَ فَلَا تَنْهَرْ — والے کو جھڑک (ضحیٰ-۱)

ساتھ ہی یہ بھی حکم دیا کہ اگر تم کسی حاجتمند کی مدد کرو تو اس پر احسان مت دھرو کہ وہ شرمندہ ہو، بلکہ خدا کا شکر ادا کرو کہ اس نے تم کو یہ نعمت دی، اور اس کی توفیق عنایت کی، احسان دھرنے سے وہ نیکی کا پیالہ حباب کی طرح ٹوٹ کر بیٹھ جائے گا۔ فرمایا،

Marfat.com

لَا تُبْطِلُوْا صَدَقٰتِكُمْ ۔ تم اپنی خیرات کو احسان دھر کر یا
بِالْمَنِّ وَالْاَذٰی (بقرہ۔۲۶) طعنہ دیکر برباد نہ کر۔

اس لطف، اس مدارات، اور اس دلجوئی کے ساتھ محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے خدا کے حکم سے انسانیت کے قابل رحم طبقہ کی چارہ نوازی فرمائی۔ اور ہم کو باہمی انسانی محبت اور ایک دوسرے کی مدد کا سبق پڑھایا ...." (سیرت النبی ص۲۴۱-۲۴ ج۵)

یہ حقیقت ہے۔ کہ انسان کی باطنی صفائی اور اس کے جواہر خلافت کا انحصار بڑی حد تک جود وسخا، داد و ستد، انفاق و صدقات اور زکوٰۃ و خیرات پر مبنی ہے۔ حضرت سیدی قدس روحہٗ ارقام فرماتے ہیں؛

" صدقہ و خیرات درحقیقت وہ پانی ہے۔ جو دینے والوں کے قلوب و نفوس کے تمام میل اور گندہ پن کو چھانٹ کر ان کو پاک و صاف بنا دیتا ہے ...... (اور اپنے ساتھ قلب و نفس کی گندگی کو بہالے جاتا ہے۔ اشرف) ..... اسی لئے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا؛

اِنَّ ھٰذِہِ الصدقات یہ صدقہ تو لوگوں کا میل ہے؛
اِنَّمَا ھِیَ اوساخ النَّاس (یعنی رذائل کی گندگی کو اپنے ساتھ بہا
(مسلم کتاب الزکوٰۃ)
لے جانیوالا ہے) (سیرۃ ص۲۶ ج۵)

حقیقتاً یہ میل مال کی محبت ہے۔ جو اس امت کا سب سے بڑا فتنہ ہے حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا؛

اِنَّ لِکُلِّ شَیْءٍ فِتْنَۃً و ہر ایک چیز کیلئے کوئی فتنہ ہوتا

Marfat.com

فتنۃ امتی المال — ہے اور میری امت کا فتنہ مال ہے

(کنز العمال بحوالہ ترمذی و مستدرک حاکم ص۲۳۶ ج ۲)

یہی مال کی محبت نفس و قلب کو ان تمام آلودگیوں اور گندگیوں سے گدلا اور میلا کر دیتی ہے۔ جسے ہم حرص و طمع، بخل و دنائت، خود غرضی و حرام خوری، فریب و دھوکہ، بے غیرتی و بے حیائی کے نام سے پکارتے ہیں۔ اور پھر یہ رذائل چند در چند کبائر اور شنیع افعال کے ارتکاب کا ذریعہ بنتے ہیں۔ جس سے بددیانتی، چوری و ڈاکہ، رشوت و قمار، سود و احتکار اور ظلم و زیادتی کا بازار گرم ہوتا ہے۔ انسان کو مال کی محبت اور دولت کی حرص میں حلال و حرام جائز و ناجائز کی تمیز نہیں رہتی۔ وہ اپنے منافع و مفادات کے حصول میں احکام الٰہیہ سے غافل ہو جاتا ہے۔ بنی نوع انسان قوم و ملت، خویش و اقارب، اپنے اور بیگانے کے نفع و ضرر سے بے نیاز ہو کر ہر طرح سے مال کی لوٹ کھسوٹ میں مشغول ہو جاتا ہے۔ اسی طرح انسانی اقدار کو پامال کر کے وہ معاشرہ کے بگاڑ اور زمین میں فساد کا سبب بنتا ہے۔ مال کی بہتات کی حرص اسے پہلے اپنی ہلاکت کے گڑھے پر کھڑا کر دیتی ہے اور مال کار وہ قومی و ملی معیشت کی بربادی کا سبب بن جاتا ہے۔ ایسے کم نصیبوں کو قرآن نے وعید سناتے ہوئے فرمایا:

اَلْهٰكُمُ التَّكَاثُرُ ۙ حَتّٰى — (دنیا کے مال کی) بہتات کی حرص نے

زُرْتُمُ الْمَقَابِرَ ۝ — تمہیں (اللہ و آخرت سے) غافل کیا

Marfat.com

(التکاثر - ۱) | یہاںتک کہ تم قبرستان میں پہنچ جاتے ہو
وَیْلٌ لِّکُلِّ هُمَزَةٍ لُّمَزَةِ ۝ | برائی ہو، اسکی جو طعنہ دیتا، اور
نِ الَّذِی جَمَعَ مَالًا وَّعَدَّدَهٗ ۝ | عیب چنتا ہو، جو مال کو سنیت
یَحْسَبُ اَنَّ مَالَهٗۤ اَخْلَدَهٗ ۝ | کر رکھتا ہو۔ اور اس کو گن گن کر،
کَلَّا لَیُنْۢبَذَنَّ فِی الْحُطَمَةِ الیٰ آخر | وہ خیال کرتا ہے کہ اس کا مال اس
(الھمزۃ - ۱) | کے ساتھ رہے گا۔ ہرگز نہیں۔
والله وہ شخص ایسی آگ میں ڈالا
جائے گا۔ جس میں جو کچھ پڑے
توڑ پھوڑ ڈالے

غرض مال کی برباد کن محبت اور حرص و آز کا عملی علاج زکوٰۃ اور صدقات کی کثرت ہے۔ جو دل سے رفتہ رفتہ مال کی محبت کم کر دیتی ہے۔ اور انسان ان رذائل سے پاک ہو جاتا ہے۔ جو دنیا و آخرت دونوں میں تباہی و رسوائی کا سامان ہیں۔

زکوٰۃ فریضہ الٰہی اور رکن اسلام ہونے کیساتھ قلب کی پاکی و نفس کی صفائی کا بڑا ذریعہ ہے۔ اس لئے سالکین کو اسکی ادائیگی سے چارہ کار نہیں۔ اسلئے حضرت والا رحمہ اللہ تعالیٰ طالبین کو نماز کے ساتھ ہی زکوٰۃ کی ادائیگی کی برابر تلقین فرماتے تھے۔

ایک مبتدی طالب کو از قام فرماتے ہیں:

" ایام بلوغ سے جو نمازیں چھوٹی ہوں ان کو ہر نماز کے ساتھ

ادا کرنا شروع کیجئے۔ اگر روزے رہ گئے ہوں۔ تو ان کی قضا کیجئے۔ اگر زکوٰۃ واجب ہو۔ زکوٰۃ حساب کر کے دیجئے۔"

دوسرے طالبین کے خطوط میں زکوٰۃ کی تاکید اس قسم کے الفاظ میں ملتی ہے،

"وہ گناہ جن کی تلافی ہو سکتی ہے۔ (انکی تلافی کیجائے) جیسے نمازیں قضا ہوں، یا روزے چھوٹے ہوں، یا زکوٰۃ نہ دی ہو"

"زکوٰۃ کی رقم (ندوہ) ضرور بھیج دیں۔ اور تصریح سے لکھ دیں۔ کہ یہ زکوٰۃ کی رقم ہے مستحقین میں خرچ کیجائے۔"

متعدد مکتوبات میں زکوٰۃ کی ادائیگی کی تلقین مختلف عبارتوں میں ملتی ہے۔ جسے بخوف طوالت نظر انداز کیا جاتا ہے۔ بہر حال گذشتہ مباحث سے زکوٰۃ و صدقات کی سلوک میں اہمیت و مقام کا اندازہ ہو گیا ہوگا۔ جادۂ حبیب کے راہی جان و مال دونوں کی قربانیوں ہی سے منزل تک پہنچنے کی کوشش کرتے ہیں کہ ؎

آں کس کہ ترا شناخت جاں را چہ کند
فرزند و جان و مال و خانماں را چہ کند

ہمارے حضرت والا رحمہ اللہ تعالیٰ کا دل حبِ مال و جاہ کی آلائشوں سے پاک استغنا، سیر چشمی، اور جود و کرم کی دولتوں سے مالا مال تھا۔ حضرت سیدی قدس سرہٗ کی یہ دولت خاندانی ورثہ اور فطری جوہر تھا۔ آپ کا تعلق جس خانوادہ سیادت سے تھا۔ وہ دنیاوی فارغ البالی و وجاہت

Marfat.com

کے ساتھ دینی فرایا اور درویشانہ کمالات کا مجموعہ تھا۔ اس لئے آپ فطرتاً و وراثتاً سیر چشمی، قناعت وسخاوت کی صفات کے حامل تھے حضرت سیدی رحمہ اللہ علیہ کی دنیا سے بے رغبتی وقناعت کے دشمن تک قائل ہیں۔ حضرت والا رحمہ اللہ تعالیٰ کے ایک بڑے ناقد ان کے عیوب گناتے ہوئے لکھتے ہیں

"شبلیؒ کے جانشین سید سلیمان ندوی کو دنیا سے کوئی لگاؤ یا محبت نہیں۔ ان کے والد بہار کے ایک مشہور صوفی تھے۔ اور یہ درویشی طبعی انہیں وراثت میں ملی ہے۔ وہ پہلے درجے کے قانع انسان ہیں....." (رودکوثر ص۱۰۲)

Marfat.com

Marfat.com